۴۔ شروع چاند سے اس نقش کو اکیس مرتبہ روزانہ لکھ کر اکیس دن تک آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈال دینا چاہیے اس کے بعد تعویذ کو جس کام کے لیے استعمال کیا جائے گا پورا پورا فائدہ حاصل ہو گا۔ نہایت مجرب ہے۔


۵۔ نوچندی جمعرات کو بعد نماز صبح پانچ دفعہ یہ نقش لکھے اور پانچوں کی الگ الگ ایک چھٹانک آٹے میں لپیٹ کر گولیاں بنائے اور پھر پانچ دفعہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ پڑھ کر اس گولی پر دم کرے اور دریا میں ڈالدے چالیس دن تک یہی عمل کرے چالیس دن کے بعد اس تعویذ

۷۸۶

۱۱	۶	۱۴
۱۲	۱۰	۸
۷	۱۴	۹


کو جس ضرورت کے واسطے لکھا جائے گا۔ وہ ضرورت پوری ہو جائے گی۔

(۶)



اس نقش کو لکھ کر خوشبو میں بسائے اور پھر ٹوپی میں سی سے انشاء اللہ ہر کام میں اللہ تعالےٰ نصرت و کامیابی مرحمت فرمائے گا۔

۷۔



بیماری کے دور کرنے کے لیے دنیاوی ترقی حاصل کرنے کے لیے تجارت میں کامیابی کے لیے۔ اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھ لینا چاہیے یہ نقش ہر حاجت کے لیے مفید ہے۔

۸۔ چار رکعت نماز حاجت۔ یہ نماز رات کے ۲ بجے پڑھنی چاہیے ترکیب یہ ہے۔ اگر پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد ایک سو مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد ایک سو مرتبہ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ۔ تیسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد ایک سو مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

چوتھی رکعت میں الحمد شریف کے بعد ایک سو مرتبہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ پڑھے۔ سلام کے بعد اپنے سر کو دائیں گھٹنے پر رکھ کر ایک سو مرتبہ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ط کہے۔ پھر سر کو بائیں گھٹنے پر رکھ کر ایک سو مرتبہ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ کہے۔ اس کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر سر کو سجدہ میں لیجا کر عاجزی کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ جو دل کا مقصد ہوگا۔ وہ بہت جلد محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ کے صدقہ سے پورا ہو جائے گا۔

۹۔ اَللّٰہُ صَمَدِیْ خُذْ بِیَدِیْ ایک ہزار ایک سو مرتبہ۔ درود شریف اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگنے سے ہر مقصد بفضلِ ایزدی حاصل ہو جاتا ہے۔

۱۰۔ درود شریف بارہ مرتبہ پھر اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مُوْسٰی رِضَا ایک سو پچیس مرتبہ۔ پھر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ انیس مرتبہ پھر یَا رَءُوْفُ یَا رَحِیْمُ سوا لاکھ مرتبہ۔ چند آدمی مل کر پڑھ لیں اگر تنہا ایک آدمی پڑھنا چاہئے تو ہر روز تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ یَا رَءُوْفُ یَا رَحِیْمُ پڑھنا چاہیے۔ چالیس دن میں سوا لاکھ مرتبہ پورا ہو جائے گا۔

انشاء اللہ یہ ورد ختم ہونے نہ پائے گا۔ کہ جس مطلب سے یہ پڑھا جائے گا اللہ وہ مطلب پورا کر دے گا۔ یہ وظیفہ ہر مطلب کے لیے پڑھا جاتا ہے جس شخص کو کسی قسم کی مصیبت سے سابقہ ہو۔ وہ ضرور اسے پڑھے

۱۱۔ نوچندی جمعرات کا روزہ رکھے روزہ افطار کرنے کے بعد پانچ پیسے یا پانچ آنہ یا پانچ روپیہ کی مٹھائی منگا کر فاتحہ بزرگان کے بعد بچوں میں تقسیم کریں۔

پھر بعد نماز عشاء پہلے درود شریف اکتالیس مرتبہ۔ سورہ الم نشرح تمام ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پھر درود شریف اکیس ۲۱ مرتبہ پھر لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۵ سات مرتبہ سجدہ میں جاکر پڑھے۔ پھر اپنے مطلب کے لیے دعا مانگے۔ انشاء اللہ مقصد حاصل ہو جائے گا۔

۱۲۔ پہلے ایک بار درود شریف، پھر سو بار الم نشرح، پھر ایک بار درود شریف یہ جمعہ تک بعد نماز جمعہ پڑھنا چاہیئے انشاء اللہ جس مقصد کے لیئے پڑھا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اُس میں کامیابی مرحمت فرمائے گا۔ جمعہ کی نماز سے فارغ ہوتے ہی اس کے پڑھنے میں لگ جانا چاہیئے۔ درمیان میں بات نہ کرنی چاہیئے۔

۱۳۔ دو رکعت نماز نفل بعد عشاء پڑھ کر لگے سر نہایت عاجزی کے ساتھ یَا قَدِیْمُ یَا دَائِمُ یَا وِتْرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۵ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۵

دو سو دفعہ پڑھنا چاہیئے۔ یہ وظیفہ تین دن تک متواتر عشاء کی نماز کے بعد پڑھا جاتا ہے۔ پھر اس کے بعد جس مقصد کے لیئے دعا مانگی جائے وہ مستجاب ہوتی ہے۔ یہ وظیفہ خضر علیہ السلام کا بتایا ہوا ہے۔

۱۴۔ یَا رَحِیْمُ کَاشِفَ کُلِّ ضَرِیْحٍ وَ مَکْرُوْبٍ غِیَاثُہٗ وَ مَعَاذُہٗ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ایک ہزار مرتبہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنا ہر مقصد کے لیئے مفید ہے۔ جبتک مطلب حاصل نہ ہوا اسے برابر روزانہ پڑھتے رہنا چاہیئے۔

۱۵۔ پیر یا جمعہ یا جمعرات کے دن سورج نکلنے سے پہلے نہانا چاہیئے۔ پھر صبح کی نماز ادا کرنی چاہیئے۔ پھر گیارہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھنی چاہیئے۔ گیارہ ۵ دن تک یہ عمل برابر کرنا چاہیئے۔ اور ہر روز اپنے مطلب کے واسطے دعا مانگنی چاہیئے۔ گیارہ دن پورے نہ ہونے پائیں گے۔ کہ اللہ تعالےٰ مقصد کو پورا

کر دے گا۔ اگر درمیان میں مقصد پورا ہو جائے۔ جب بھی اس عمل کو گیارہ دن تک پورا کرنا ضروری ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی مشکل پیش آئے تو اکیس دفعہ سورہ مزمل اور سو دفعہ سورہ یٰسین پڑھنے سے وہ مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ یا تو چند آدمی بیٹھکر ایک ہی مجلس میں اس وظیفے کو ختم کریں۔ یا ایک آدمی روزانہ مقررہ تعداد میں پڑھ لیا کرے۔ جب ختم ہو جائے تو ایک مسکین کو کھانا کھلائے۔ اگر کئی دن میں ختم ہو تو روزانہ ایک مسکین کو کھانا کھلائے وظیفہ شروع کرنے کے بعد ناتمام چھوڑنا اچھا نہیں ہے۔

۱۷۔ اوّل ایک مرتبہ درود شریف پھر چالیس مرتبہ سورہ مزمل و تصور مطلوب کے ساتھ پھر ایک مرتبہ درود شریف چالیس دن تک اسی طرح پڑھنا چاہیے اللہ تعالیٰ دل کی مراد پوری کر دے گا۔

۱۸۔ اوّل و آخر درود شریف ۳۱ - دفعہ سورہ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کرے وہ پانی اپنے منہ پر ملے۔ پھر اپنے اوپر دم کرے۔ پھر آنکھیں بند کر کے مراقب ہو کر بیٹھ جائے۔ تھوڑی دیر جمال الٰہی کے تصور کے ساتھ مراقب رہے۔ پھر اپنے مقصد کے لیئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ دعا قبول ہو گی۔

۱۹۔ اوّل اکتالیس مرتبہ درود شریف۔ پھر ایک سو مرتبہ آیۃ الکرسی پھر ایک مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد جس کام کے لیئے دعا مانگی جائے گی۔ وہ کام رحمت ایزدی سے ہو جائے گا۔

۲۰۔ درود شریف ایک دفعہ قل ہو اللہ تین دفعہ آیت الکرسی تین دفعہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ اکیس دفعہ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝ اکیس دفعہ درود شریف ایک مرتبہ پڑھنے کے بعد درگاہ الٰہی میں جس مقصد کے لیئے دعا مانگی جائے گی۔ وہ مقصد حاصل

ہو جائے گا۔

دشمن کے مغلوب ہونے کے وظیفے اور تعویذ

۸۸۶

۸۲۲	۸۲۷	۸۴۰	۸۲۶
۸۲۹	۸۲۷	۸۳۲	۸۴۸
۸۲۸	۸۴۲	۸۳۵	۸۳۱
۸۳۶	۸۳۰	۸۲۹	۸۴۱

فلاں بن فلاں را مغلوب گردان

یہ تعویذ بکری کے شانہ کی ہڈی پر منگل کے دن ٹھیک بارہ بجے لکھنا چاہیے۔ دشمن مغلوب اور عاجز ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا جبرائیل	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	یا میکائیل علیہ السلام	
یَا عَنَّانُ	۲۶۹۶	۲۶۹۱	۲۶۹۸
یَا مَنَّانُ	۲۶۹۷	۲۶۹۵	۲۶۹۳
یَا دَیَّانُ	۲۶۹۲	۲۶۹۹	۲۶۹۶
یَا بُرْهَانُ	عَلِیْقًا	طَلِیْقًا	طَلِیْقًا

یا عزرائیل علیہ السلام یا بدوح یا قدوح یا بدوح یا اسرافیل علیہ السلام

یہ تعویذ زعفران اور کیوڑہ سے لکھا جائے گا۔ پھر لوبان کی دھونی دے کر بائیں بازو پر باندھا جائے گا۔ انشاء اللہ دشمن مقہور ہو جائے گا۔

۲۔ درود شریف ایک مرتبہ کا خَنَّانُ یَا بَدُّوحُ یَا مَنَّانُ یَا سَبُّوحُ یَا دَیَّانُ

یَا مُبَدِّدُ یَا مُبَدِّدُ یَا مُبَدِّدُ اکیس ۲۱ دفعہ پھر درود شریف ایک دفعہ پڑھکر دشمن کے مکان کی سمت دم کر دینا چاہیے۔ انشاء اللہ دشمن عاجز ہو جائے گا۔

۴۔ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ پانچ سو دفعہ سورہ توبہ ایک دفعہ پڑھ کر دشمن کے مغلوب و عاجز ہونے کے لیئے دعا مانگنی چاہیے خدا تعالےٰ اپنی شانِ قہاری کا دشمن کے لیئے ظہور فرمائے گا۔

۵۔ نماز جمعہ کے بعد اکیس دفعہ سورہ مزمل بغیر بسم اللہ کے پڑھے اور سرسوں کے دانوں پر دم کر کے آگ میں جلا دے۔ انشاء اللہ دشمن مغلوب ہو جائے گا۔

۶۔ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ ایک ہڈی پر لکھ کر پرانی قبر میں دفن کر دے۔ دو شخصوں کی آپس میں لڑائی ہو جائے گی دفن کرتے وقت یہ بھی کہنا چاہیے کہ یا اللہ بحق عزرائیل علیہ السلام فلاں بن فلاں اور فلاں بن فلاں میں عداوت ہو جائے

۷۔ پرانی قبر کی مٹی پر بغیر بسم اللہ کے سترہ دفعہ سورہ مزمل پڑھے اور اسے دشمن کے گھر میں ڈال آئے انشاء اللہ دشمن عاجز ہو جائے گا

۸۔ ٹوٹے پھوٹے کنویں کے پاس بیٹھکر بسم اللہ اور درود شریف کے بغیر اکیس دفعہ یٰسین شریف پڑھے اور ہر دفعہ یٰسین ختم ہو جانے کے بعد تھوڑی دیر آنکھیں بند کر کے یہ تصور کرے کہ دشمن میرے سامنے ہاتھ باندھے ہوئے کھڑا ہے۔ جب تک دشمن باندھ کر سامنے نہ آ جائے۔ روزانہ یہ عمل کرنا چاہیے

۹۔ بعد نماز مغرب کسی سے بات چیت نہ کرے اور دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک ایک دفعہ

آیۃ الکرسی پڑھے۔ پھر سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں جاکر خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ وَعَلٰی سَمْعِھِمْ وَعَلٰی اَبْصَارِھِمْ غِشَاوَۃٌ ط۔ تصور دشمن کے ساتھ اکیس مرتبہ پڑھے۔ دشمن عاجز اور مقہور ہو جائے گا۔

۱۰۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ سات دفعہ اور آیۃ الکرسی تین دفعہ جب وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝ پر پہنچے تین دفعہ دشمن کے تصور کے ساتھ اسکی تکرار کرے انشاء اللہ دشمن کے شر سے امن اور محفوظ رہے گا۔ بلکہ دشمن مہربان ہو جائے اور بجائے نقصان کے فائدہ پہنچائے گا۔

ہدایت: دشمن کو مغلوب اور عاجز کرنے کے یہ تمام عمل صرف اسی جگہ کام دے سکتے ہیں۔ جہاں دشمنی جائز صورت میں ہو۔ یہ قرآنی اعمال ہیں۔ خلاف شرع کاموں میں فائدہ نہیں دے سکتے۔ عامل کو اس بارے میں بہت احتیاط سے کام لینا چاہیے۔

نصیبہ کی یاوری کے وظیفے اور تعویذ

۱۔ اَللّٰہُ نَاصِرُ اَللّٰہُ حَافِظٌ اکیس ۲۱ بار اَللّٰہُ الصَّمَدُ سو بار درود شریف اوّل و آخر تین بار پڑھ کر شگفتہ گلاب کے پھول پر دم کرے اور اسے سونگھتا رہے جب سوکھ جائے اسے کھالے۔ ربیع الاوّل کے مہینہ میں ہر جمعرات کو یہی عمل کرے۔ انشاء اللہ نصیبہ کھل جائے گا۔

۲۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ تین ہزار مرتبہ اوّل و آخر درود شریف تین مہینہ روزانہ پڑھنے سے قسمت غلام ہو جاتی ہے۔ یہ عمل پیر کے دن بعد نماز صبح شروع کرے اور اتوار کے دن بعد نماز صبح پڑھ کر ختم کر دے۔

۳:- پچھلی رات کو اٹھ کر وضو کرے۔ پھر دو رکعت تحیۃ الوضو کی پڑھے پہلی رکعت میں الحمد کے بعد آیۃ الکرسی۔ دوسری رکعت میں الحمد کے بعد

آمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ

اس کے بعد بارہ رکعتیں چھ سلام کے ساتھ نماز تہجد کی ادا کرے ہر سلام کے بعد تسبیح اور استغفار پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد تین دفعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اور ایک دفعہ یٰسین شریف پڑھے۔ پھر ایک دفعہ درود شریف پڑھ کر قسمت کی یاوری کی دعا مانگے۔ اللہ تعالےٰ گردش دور کر کے با اقبال اور خوش نصیب بنا دے گا۔ سب دلدور ہو جائیں گے۔

۴ اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں باندھ لے یا تختے میں کندہ کرا کے گلے میں لٹکائے یا انگوٹھی میں کندہ کرا کے کلمہ کی انگلی میں پہن لے۔

۷۸۳	۷۷۸	۷۸۵
۷۸۴	۷۸۲	۷۸۰
۷۷۹	۷۸۶	۷۸۱

بجاہ حبیبک یا اللہ

انشاء اللہ قسمت کی گردش جاتی رہے گی۔ اور اللہ تعالےٰ نصیبہ کھول دیگا۔

یا اللہ ۷۸۶ یا محمد

۴۰۰	۴۰۳	۴۰۶	۳۹۲
۴۰۵	۳۹۴	۳۹۹	۴۰۴
۳۹۵	۴۰۸	۴۰۱	۳۹۸
۴۰۲	۳۹۷	۳۹۶	۴۰۷

بحق میکائیل بحق جبرائیل

اس نقش کو زعفران سے لکھکر ٹوپی میں سی لینا چاہیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نصیبہ کھل جائے گا۔ بدقسمتی کی شکایت جاتی رہے گی۔

قرض کے ادا ہونے کے وظیفے

۱۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰہِ اِلَّآ اِلَیْہِ ۝ سو دفعہ اوّل و آخر درود شریف تین تین مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھ کر ادائے قرض کے لیئے دعا مانگنی چاہیئے۔

۲۔ اوّل درود شریف گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی گیارہ مرتبہ وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَآ اِلَّا ھُوَ۔ تین مرتبہ۔ درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر ادائے قرض کے لئے دربار الٰہی میں عاجزی و تضرع کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ قبول ہو جائے گی۔

۳۔ درود شریف تین مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ تین مرتبہ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ تین مرتبہ۔ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ تین مرتبہ۔ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۝ تین مرتبہ۔ درود شریف تین مرتبہ۔ پڑھ کر سجدہ میں جا کر ادائے قرض کے لیئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ بہت جلد قرض ادا ہو جائے۔

۴۔ اوّل گیارہ مرتبہ درود شریف پھر یٰسین شریف تین مرتبہ۔ پھر درود شریف تین مرتبہ روزانہ پڑھ کر دربار خداوندی میں قرض کے ادا ہونے کے لیئے دعا مانگنی چاہیئے۔ اس وظیفہ کی برکت سے دعا مستجاب ہوگی

۵۔ عِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُ عِلْمُھَآ اِلَّا ھُوَ۔ پانچ سو مرتبہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اَللّٰھُمَّ اغْنِنِیْ بِحَقِّ مُغْنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ

مَنِیعَ الْعِلْمِ وَ الْحِلْمِ وَ الْحِکَمِ۔ تین دفعہ بعد نماز عشاء روزمرہ پڑھنا چاہیے انشاء اللہ اسکی برکت سے قرض کی بلا سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

۶۔ سورۂ مزمل کو چالیس دفعہ بنیت ادائے قرض روزمرہ چالیس دن تک بعد نماز صبح متواتر پڑھنا چاہیے۔ انشاء اللہ قرض بہت جلد ادا ہو جائے گا۔

رزق کی کشائش کے وظیفے اور تعویز

۱۔ یَا وَھَّابُ گیارہ سو مرتبہ روزانہ پڑھنے سے رزق میں کشائش ہوتی ہے۔

۲۔ یَا دَائِمَ الْعِزِّ وَالْبَقَاءِ وَیَا وَاھِبَ الْجُوْدِ وَالْعَطَاءِ یَا وَدُوْدُ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَائِدَۃً مِّنَ السَّمَاءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ۝ یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ یَا صَمَدُ الْغَفَّارُ الْغَفَّارُ وَاْمُنْ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ یَا صَمَدُ۔

پانچ سو ایک دفعہ اوّل و آخر درود شریف تین تین دفعہ ایک وقت مقرر کر کے ۲۱ دن تک روزانہ پڑھنا چاہیے۔ انشاء اللہ رزق میں بے انتہا کشائش ہوگی

۳۔ یَا رَزَّاقُ ذُوالْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ۔ کشائش رزق کے لیے روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

۴۔ سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ شریف ستر مرتبہ۔ اتوار کے دن ساٹھ مرتبہ پیر کے دن۔ پچاس مرتبہ منگل کے دن۔ چالیس مرتبہ

بدھ کے دن تیس مرتبہ جمعرات کے دن بیس مرتبہ جمعہ کے دن دس مرتبہ ہفتہ کے دن پڑھنا چاہیئے۔ یہ عمل مہینہ کے پہلے اتوار سے شروع کرے

اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف مزید پڑھنا چاہیئے۔ جب رزق کی تنگی ہو۔ اس وظیفہ کو پڑھ لینا چاہیئے۔ انشاء اللہ رزق میں کشائش ہو جائے گی۔

۵۔ اوّل درود شریف گیارہ مرتبہ پھر سورہ واقعہ تین مرتبہ۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھنا کشائش رزق کے لیئے بہت مفید ہے۔ کم از کم تین دن تک روزانہ پڑھنا چاہیئے

۶۔ درود شریف تین مرتبہ۔ سورہ یٰسین ایک مرتبہ۔ سورہ مزمّل ایک مرتبہ سورہ محمّد ایک مرتبہ۔ پھر درود شریف تین مرتبہ روزانہ بعد نماز صبح پڑھنا۔ کشائش رزق کے لیئے مفید ہے۔

۷۔ اس نقش کو ایسی سکوری پر جسے پانی نہ لگا ہو لکھ کر آفتاب کے نیچے رکھ دے۔ انشاء اللہ غیب سے کھانا پہنچے گا۔

۷۸۶

۶۸	۶۲	۷۰
۶۹	۶۷	۶۵
۶۴		۶۶

۸۔ آیت وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ اس آیت کے اعداد کے موافق ۶۲۵۹ چھ ہزار تین سو انسٹھ دفعہ روزانہ اس آیت کو پڑھے۔ چالیس دن تک۔ اس نماز میں اس آیت

سے نقش کو اپنے پاس رکھے اور خلوت میں بیٹھ کر اس عمل کو پڑھے گا اور مچھلی کے گوشت اور تیل سے پرہیز کرے۔ جب چالیس دن پورے ہو جائیں۔ تو پھر روزانہ تین سو اکیس دفعہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ کبھی فقیر نہ ہوگا۔ اور غیب سے اللہ تعالےٰ روزی مرحمت فرمائے گا۔ اگر اس عمل کی زکوٰۃ ادا کرنے کا خیال نہ ہو۔ تو صرف بارہ دن تک چھ ہزار تین سو انسٹھ دفعہ پڑھنا کافی ہے۔ اگر بارہ دن بھی ممکن نہ ہوں تو صرف تین دن پڑھنا کافی ہے۔ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵۸۹	۱۵۹۲	۱۵۹۶	۱۵۸۲
۱۵۹۵	۱۵۹۵	۱۵۸۳	۱۵۸۸
۱۵۸۴	۱۵۹۸	۱۵۹۰	۱۵۸۷
۱۵۹۱	۱۵۸۶	۱۵۸۵	۱۵۹۷

اللہ

۹۔ دو رکعت نماز نفل کی نیت باندھے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ یٰسین اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ مزمل پڑھے۔ پھر سلام پھیرنے کے بعد تین دفعہ سورۃ یٰسین اور تین دفعہ سورہ مزمل پڑھے پھر دربار ایزدی میں عاجزی کے ساتھ وسعت رزق کے لیئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی

۱۰۔ جو شخص سونے سے قبل تین مرتبہ روزانہ یٰسین شریف پڑھ کر سویا کرے وہ انشاء اللہ کبھی مفلس نہ ہوگا۔

۱۱۔ دو رکعت نماز نفل کی نیت باندھے۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ سو دفعہ پڑھنی چاہیئے۔ اور سلام کے

بعد ستر دفعہ۔ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ اور سات سو بار سورہ اِذَا نُزِّلَتِ الْاَرْضُ اور ستر بار یَا فَتَّاحُ یَا وَهَّابُ پڑھے اس کی برکت سے مشکلیں آسانی سے اور فقیری تونگری سے تبدیل ہو جائے گی۔

۱۲۔ سورہ یٰسین اکتالیس بار۔ اوّل و آخر درود شریف تین تین بار گیارہ دن تک پڑھنے سے کایا پلٹ ہو جاتی ہے۔ رزق میں وسعت اور مال میں بے انتہا برکت حاصل ہوتی ہے۔

۱۳۔ جمعہ کی رات میں چار رکعت پڑھے۔ ہر رکعت میں ایک دفعہ آیۃ الکرسی اور سو دفعہ عِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ اور ایک دفعہ لَا يُحَلِّيْهَا لِوَقْتِهَا اِلَّا هُوَ پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد گڑگڑا کے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالےٰ رزق میں بہت کشائش ہوگی۔

۱۴۔ اوّل درود شریف پھر اکتالیس مرتبہ سورہ یٰسین شریف۔ پھر ایک مرتبہ۔ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ رِزْقِيْ فِي السَّمَاءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ كَانَ فِي الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ كَانَ فِي الْبَحْرِ فَاَطْلِعْهُ وَاِنْ كَانَ بَعِيْدًا فَقَرِّبْهُ وَاِنْ كَانَ قَرِيْبًا فَيَسِّرْهُ وَاِنْ كَانَ قَلِيْلًا فَكَثِّرْهُ وَاِنْ كَانَ كَثِيْرًا فَهَوِّنْهُ وَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَارْزُقْنِيْ مِنْ حَيْثُ اَحْتَسِبُ وَمِنْ حَيْثُ لَا اَحْتَسِبُ رِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا غَدَقًا سَمْحًا طَبَقًا مُبَارَكًا فِيْهِ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ لِاَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ عَلٰى فِيْهِ مِنَّةٌ وَجَعَلَ يَدِيَّ عُلْيَا بِالْاِعْطَاءِ وَلَا تَجْعَلْ يَدِيَّ سُفْلٰى بِالْاِسْتِعْطَاءِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ پڑھے۔ پھر دعا مانگے۔ پھر درود شریف پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ تعالےٰ غیب سے روزی کا سامان ہو جائے گا۔ اور تنگدستی دور

ہو جائے گی۔

۱۵۔ مغرب کی نماز کے بعد چھ سلام کے ساتھ بارہ رکعتیں پڑھے۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین سورہ اخلاص پڑھے۔ پھر وسعت رزق کیلئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ قبول ہو گی۔

۱۶۔ دو رکعت نفل بعد نماز عشاء پڑھے۔ ہر رکعت میں سات دفعہ سورہ کوثر سورہ فاتحہ کے بعد پڑھے، پھر سلام کے بعد گیارہ دفعہ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ پڑھے مجرب ہے انشاء اللہ مفلسی دور اور تونگری قریب ہو جائے گی۔

۱۷۔ صبح کی نماز کے بعد روز یَا فَتَّاحُ ایک سو ایک دفعہ یَا رَزَّاقُ ایک سو ایک دفعہ یَا وَہَّابُ ایک سو ایک دفعہ اوّل و آخر درود شریف پڑھنے سے فقیری دور ہوتی ہے۔

اولاد پیدا ہونیکے وظیفے

۱۔ سورہ مزمل ایک سو ایک دفعہ درود شریف اوّل و آخر ایک ایک دفعہ پڑھ کر کسی مٹھائی پر دم کر کے عورت کو کھلا دیا جائے۔ انشاء اللہ وہ عورت بانجھ نہیں رہے گی۔

۲۔ دو رکعت نماز نفل پڑھنی چاہیے۔ ہر رکعت میں سورہ اخلاص اور معوذتین گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ نماز پڑھنے کے بعد اولاد کے پیدا ہونے کی دعا مانگے انشاء اللہ دعا مستجاب ہو گی۔

۳۔ نوچندی جمعرات کو بعد نماز صبح اوّل و آخر ایک ایک دفعہ درود شریف سورہ الحمد شریف معہ بسم اللہ و آمین ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے

زن و شوہر کو کھلائے۔ انشاء اللہ اولاد ہو جائے گی۔

۴۔ کچے سوت کے اکتالیس تار عورت کے قد کے برابر ناپے۔ تین بار بسم اللہ الرحمن الرحیم اور تین بار درود شریف اور گیارہ بار آیت الکرسی پڑھے ہر دفعہ پڑھنے کے بعد اس پر دم کرے۔ پھر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے۔ پھر سورہ رحمٰن کی تلاوت کرے جس جگہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ آئے اس پر دم کرے۔ اور گرہ دیدے۔ اس کے بعد سورہ منزل اکتالیس دفعہ پڑھے اور ہر دفعہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور ایک گرہ لگائے۔ جب گنڈھ تیار ہو جائے تو گیارہ آنے یا گیارہ روپے کی مٹھائی منگا کر حضرت پیران پیر رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ کی نیاز دلائے اور حاضرین مجلس اور غریب غربا میں تقسیم کر دے جب عورت ایام ماہواری سے فارغ ہونے کے بعد نہائے تو گنڈھ عورت کی کمر سے باندھ دے انشاء اللہ تعالےٰ ضرور اولاد پیدا ہوگی۔

۵۔ منگل کے دن آفتاب نکلنے کے بعد دس رکعتیں پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی ایک بار پڑھے۔ سورۂ اخلاص تین دفعہ پڑھے ہر دو رکعتوں کے بعد سلام پھیرے اور اولاد کی دعا مانگے۔ انشاء اللہ دعا مستجاب ہوگی۔

بچوں کی حفاظت اور تندرستی کے وظیفے اور تعویذ

۱۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ نو دفعہ اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھ کر دم کر دیا جائے انشاء اللہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا

۲۔ ایک کاغذ پر سورہ الم نشرح لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ صحت تامہ حاصل ہوگی۔

۳۔ الٰہی تو بگردان ہر بلا را۔ ز افتانگہ داری ہمہ را۔ الٰہی بحرمۃ سورۂ صدر شرح۔ الٰہی بحرمۃ

سورہ ہود۔ الٰہی بحرمت سورۃ مزمل بحرمت سورہ یوسف الٰہی بحرمت سورہ یونس الٰہی بحرمت سورہ یٰسین الٰہی بحرمت سورۃ والشمس الٰہی بحرمت سورہ والضحیٰ الٰہی بحرمت سورہ الم نشرح الٰہی بحرمت سورہ قل یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ۔

این طفل را از ہمہ بلاہا محفوظ دار بحق ہر دو گیسوی محمد محفوظ دار۔ تین دفعہ روزانہ پڑھ کر بچہ پر دم کر دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ اور اُسے صحت و زندگی حاصل ہوگی۔

۴۔ سورۂ یٰسین ایک باریک کاغذ پر لکھ کر بچہ کے سرہانے آویزاں کر دے اور قرآن شریف کی ہوا دے۔ انشاء اللہ بچہ دنیاوی مصیبتوں سے محفوظ رہے گا اور عمر طبعی حاصل کرے گا۔

۵۔ نادعلی کی تختی بنوا کر بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ مامون و محفوظ رہے گا۔

۶۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ تین دفعہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا دَائِمُ۔ تین دفعہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ دفعہ پڑھ کر بچہ پر دم کر دے۔ گیارہ دن تک متواتر یہ عمل کرے انشاء اللہ بچہ ہر رنج و غم اور ہر بیماری سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۷۸۶	بسم اللہ	الرحمٰن الرحیم
بسم	اللہ	الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن	الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۷۔ یہ تعویذ کاغذ پر لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈال دے یا چاندی کی تختی بنا کر گلے میں ڈال دے انشاء اللہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

۸۔ 

ببرکت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ببرکت حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ببرکت حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ببرکت حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ از ہر بلا مامون دار۔ یہ تعویذ لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بیماری اور ہر ناگہانی بلا دور رہے گی۔

بچوں کی بیماریوں کے دور کرنیکے تعویذ اور وظیفے

۱۔ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۝ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ

یہ چھ آیتیں بسلامت دفعہ۔ سورہ فاتحہ ایک دفعہ درود شریف اوّل و آخر ایک ایک مرتبہ پڑھ کر جس بچے پر دم کرے گا۔ انشاء اللہ اسکو خواہ بیماری ہو دور ہو جائے گی۔

اگر کوئی بڑا آدمی بیمار ہو تو چینی کی طشتری پر ان آیتوں کو زعفران سے لکھ کر پلا دیا جائے۔ سات دن تک برابر یہی عمل کرنے سے انشاء اللہ مرض سے صحت ہو جائے گی۔

۲۔ الحمد للہ رب العالمین آخر تک تین مرتبہ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۵ مرتبہ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ ۵ دفعہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر بچہ پر دم کر دے۔ ج

جو مرض ہوگا۔ انشاء اللہ کافور ہو جائے گا۔

۳۔ درود شریف گیارہ مرتبہ اوّل بعدہٗ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یَا اللّٰہُ اَحَدٌ یَا اَحَدُ الْاَحَدُ۔ یَا اللّٰہُ الصَّمَدُ۔ یَا اللّٰہُ الصَّمَدُ الْاَحَدُ۔ یَا اللّٰہُ یَا اَحَدُ۔ یَا صَمَدُ۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ یَا اَللّٰہُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ یَا اَللّٰہُ لَمْ یَلِدْ یَا اَللّٰہُ لَمْ یُوْلَدْ اَللّٰہُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔ یَا اَللّٰہُ لَمْ یَکُنْ کُفُوًا اَحَدٌ۔ تین مرتبہ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر جس مریض پر خواہ وہ بچہ ہو یا بڑا دم کرے گا اُسے شفائے کامل حاصل ہوگی اگر مریض پانی پینے کے قابل ہو تو یہ مبارک عمل کسی پاک برتن پر زعفران سے لکھ کر گیارہ دن تک اُس کا پانی مریض کو پلائے موت کا تو علاج نہیں باقی ہر مرض سے انشاء اللہ شفا ہو جائے گی۔

۴۔ جو شخص روزانہ یا صَمَدُ اکتالیس دفعہ دن بھر میں کسی وقت پڑھ لیا کرے انشاء اللہ ہر ناگہانی آفت اور اچانک مرض سے محفوظ رہے گا۔ جادو بھی اُس پر اثر نہ کر سکے گا۔

۵

۷۸۶

۸	۴۶۷۴	۴۶۷۸	۱
۴۶۷۷	۲	۷	۴۶۷۵
۳	۴۶۸۰	۴۶۷۲	۶
۴۶۷۳	۵	۴	۴۶۷۹

یہ نقش کاغذ پر لکھ کر یا کسی متقی پرہیز گار آدمی سے لکھوا کر گلے میں ڈال لیا جائے۔ یا کسی پاک برتن پر لکھ کر یا کسی متقی پرہیز گار آدمی سے لکھوا کر پانی کے ساتھ پی لیا جائے۔ انشاء اللہ ہر مرض کے لیئے مفید ہے۔

۶۔ یہ نقش زعفران اور کیوڑہ سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے تو انشاء اللہ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا اور اس کا رونا دھونا بھی جاتا رہے گا۔ نقش معظم یہ ہے۔

بسم اللہ	بسم اللہ	الرحمن الرحیم	الحمد للہ	رب العلمین
الرحمن الرحیم	ملک	یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
اہدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیہم
غیر المغضوب	علیہم	و لا	الضالین	آمین

۷۸۶

۷۔ یہ نقش بچوں کے نسیان کی بیماری دور کرنے کے لیے مجرب ہے معطر کر کے کسی پاک کپڑے میں بچہ کے گلے میں باندھ دینا چاہیے

۳۱۵۵	۳۱۵۰	۳۱۵۷
۳۱۵۶	۳۱۵۴	۳۱۵۲
۳۱۵۱	۳۱۵۸	۳۱۵۳

۸۔ یہ نقش بچوں کے پسلی کے مرض کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ اچھی طرح خوشبو لگا کر کسی پاک کپڑے میں لپیٹ کے بچے کے گلے میں باندھ دیا جائے انشاء اللہ صحت ہوگی۔

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

۹ بچوں کو ایک مرض شدید ہو جاتا ہے۔ جس سے وہ سوکھ کر کانٹا ہو جاتے ہیں

یاسلام	یاحفیظ	یامومن	یاشافی
۱۴۰	۴۵۱	۱۴۲	۱۵۵۸
۵۵	۱۲۷	۱۵۱۱	۱۴۴
۵۱۵	۱۴ ع	۲۹۹	۱۴۶

۹

یہ نقش اسی مرض کے دور کرنے کے لیئے ہے دائیں بازو میں باندھ دینا چاہیئے

۱۰۔ ایک بالشت آٹھ انگل کا تنکا لاکر سر سے لے کر ہر تک بچہ کو جھاڑے اور سورہ ناس سات دفعہ پڑھ کر بچہ پر دم کرے یہ عمل تین دن کیا جاتا ہے۔ بچہ کے سوکھے کا مرض اور پسلی کا درد جاتا رہتا ہے نہایت مجرب ہے۔

۷۸۶

یا اللہ — بحق اجل

حے	واحد	وھاب	ولے
ولے	وھاب	ح	ح
واجد	حے	وھاب	ولے
وھاب	ولے	واجد	حے

۱۱

اجم — اجم

بحق حین — ارحم — بحق حسن

پسلی کے مرض کے لیئے یہ نقش معظم بہت مفید ہے تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں ڈال دینا چاہیئے اور پانچ پیسے کے بتاشے منگا کر بچوں میں تقسیم کر دینے چاہیئں۔

۷۸۶

۷۸۶	۹۲	اللہ	۷۸۶
یا	الرحمن	الرحیم	یا شافی
الرحیم	الرحیم		یا الکافی

۱۲۔ یہ نقش معظم بچوں کے ہر مرض کے واسطے مفید ہے خوشبو لگا کر کسی پاک کپڑے میں لپیٹ کر بچے کے گلے میں باندھ دینا چاہیئے

ترجمہ اتی مغلوب نا منتصر

۱۲۔ قل ہو اللہ شریف تین دفعہ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ تین سو ساٹھ دفعہ اوّل و آخر مرتبہ درود شریف روزانہ بعد نماز عشاء پڑھ کر کچھ پردم کر دیا جائے۔ انشاء اللہ ہر مرض سے محفوظ رہے گا۔ اور کبھی کوئی بیماری نہ ستائے گی۔

مخصوص عورتوں کے فائدہ کے تعویذ اور وظیفے


یہ تعویذ نابالغ بچی کے کاتے ہوئے تاگوں میں باندھ کر حاملہ عورت کی کمر میں باندھ دیا جائے۔ انشاء اللہ دردزہ کے لیے بہت مفید ثابت ہوگا اور تکلیف مٹ جائے گی۔ آسانی معلوم ہوگی۔


یا جبرائیل

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

(۱) یا میکائیل — یا عزرائیل

۲۔ اسقاط حمل کے مریضہ کے لیے از بس مفید ہے اسکو پانی میں گھول کر تھوڑا تھوڑا پانی میں بیس منٹ کے بعد پلائے اور جب کم ہو جائے تو صرف صبح شام پلائے۔ قدرت الٰہی کی برکت سے کامل نفع حاصل ہوگا مجرب ہے۔





اگر کسی عورت کا خاوند کہیں چلا گیا ہو بغیر اطلاع کیئے تو اس گردنامہ کو اگر مکان میں کوئی درخت ہو تو لفظ مشرق کے نیچے سوراخ کر کے ایک تاگہ میں باندھ کے اُس درخت میں لٹکا دیا جائے۔ درخت نہ ہو تو صحن مکان میں ایک بانس گاڑ کر یہ گردنامہ اُس میں لٹکا دیا جائے۔ ہوا میں جس قدر اسکو جنبش ہوگی۔ خاوند اُسی قدر جلدی حاضر ہوگا۔ یہ تعویذ ہر گم شدہ شخص کی طلبی کے لیئے مفید ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۶

۴

ہمہ بلا ہا دور شود

۵۔ یَا صَمَدُ یَا اللّٰہ۔ یَا صَمَدُ یَا اللّٰہ۔ اللّٰہُ شَافِی الْکَافِی الْوَافِی یہ کلمات ایام حمل میں اگر عورت کثرت سے تلاوت کرے گی تو [illegible] تکلیف نہ

ہو گی۔

۶۔ سزابو، لرزعی، ہوشامتوعا، عالماً۔ طیوسوفاً، سلیخا سلیخاً۔ ملقوماً یا قبوماً بحق کھیعص، و بحق حمعس، حماتینا۔ کفایتنا سیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم۔ گیارہ مرتبہ۔ درود شریف اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ، صبح کی نماز کے بعد آفتاب نکلنے سے پہلے پڑھ کر پانی پر دم کر دیا جائے۔ عورت کے ہر مرض کے لیئے مفید ہے۔ اگر مناسب ہو تو تھوڑا سا پانی مریضہ کے بدن پر بھی ٹل دیا جائے۔ یہ عمل ہفتہ، یا جمعرات یا پیر سے شروع کرنا چاہیئے عورت کے علاوہ مردوں کے امراض کے لیئے بھی مفید ہے۔

۷۔ یہ تعویذ آسیب زدہ عورت کے لیئے بہت مفید ہے۔ اسے آسیب زدہ عورت کی چوٹی میں باندھنا چاہیئے۔ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۶۶۲	۱۰۶۶۵	۱۰۶۶۸	۱۰۶۵۴
۱۰۶۶۷	۱۶۰۵۵	۱۰۶۶۱	۱۰۶۶۶
۱۰۶۵۶	۱۰۶۷۰	۱۰۶۶۳	۱۰۶۶۰
۱۰۶۶۴	۱۰۶۵۹	۱۰۶۵۷	۱۰۶۶۹

۸۔ جمعرات کے دن۔ چڑھتے چاند سورہ الم نشرح ایک سو ایک دفعہ درود شریف اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پہلے زکوٰۃ ادا کرے۔ پھر جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے بعد سرخ ریشم کے نو تار سے کر عورت کے قد کے برابر ناپے۔ پیشانی کے بالوں سے لے کر ناخن پا تک ناپ ہو۔ پھر ۳۲ بار الم نشرح اور اوّل اور آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس پر دم کرے اور گنڈہ میں گیارہ گرہ لگائے۔ پھر گنڈہ عورت کی کمر میں باندھ دیا جائے اور جب تک بچہ پیدا نہ ہو اس گنڈے کو کھولا جائے۔ گنڈہ کے باندھنے کے بعد تیل

بارہ آنہ یا بارہ روپے کی مٹھائی منگا کر بزرگان دین کی فاتحہ دلا دی جائے۔ فاتحہ دلانا ضروری ہے جب بچہ پیدا ہو جائے تو گھنڈہ ماں کی کمر سے کھول کر کمر سے کھول کر کسی ویران کنوئیں میں ڈال دیا جائے۔

مسان کی بیماری کے دور کرنیکے وظیفے اور تعویذ

۱۔ فَسَهِّلْ یَا اِلٰهِی کُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ تین بار آیت الکرسی سات بار پھر فَسَهِّلْ کُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ تین بار سورہ اِنَّا اَعْطَیْنٰكَ الکوثر تین بار پھر فَسَهِّلْ یَا اِلٰهِی کُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ تین بار پھر درود شریف پڑھ کر بچہ پر دم کر دیا جائے اور بچہ کی ماں کے گلے میں یہ تعویذ باندھ دیئے جائیں انشاء اللہ مسان کا مرض دور ہو جائے گا۔

۷۸۶

۴۹۷	۵۱۱	۵۰۷	۵۰۴
۵۰۸	۵۰۲	۴۹۸	۹۱۰
۵۰۲	۵۰۵	۵۱۳	۴۹۹
۵۱۲	۵۰۰	۵۰۱	۵۰۶

۷۸۶

یَا شَانِیُ	یَا کَافِیُ	یَا مُحْیِیُ
یَا حَافِظُ	یَا نَاصِرُ	یَا بَاقِیُ
یَا حَیُّ		یَا قَیُّوْمُ

۲۔ بِسْمِ اللّٰهِ شَانِیْ بِسْمِ اللّٰهِ کَافِیْ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ تین بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۵ یَا مُحَمَّدُ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ یَا مُحَمَّدُ وَوَضَعْنَا عَنْكَ یَا مُحَمَّدُ وِزْرَكَ الَّذِیْ یَا مُحَمَّدُ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ یَا مُحَمَّدُ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ یَا مُحَمَّدُ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا یَا مُحَمَّدُ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ یَا مُحَمَّدُ وَاِلٰی رَبِّكَ فَارْغَبْ یَا مُحَمَّدُ تین بار درود شریف گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھ

پڑھ کر مریض بچہ اور اُسکی ماں پر دم کر دیا جائے۔ انشاء اللہ مسان کا مرض نیست و نابود ہو جائے گا۔ اور صحت کاملہ حاصل ہو گی۔ صحت کے بعد پانچ پیسے یا پانچ آنے یا پانچ روپیہ کی مٹھائی غریب بچوں میں تقسیم کر دینی چاہیے۔

دردِ سر کے وظیفے

۱۔ جس شخص کے سر میں درد ہو اُس سے کہدیا جائے کہ سر کے بالوں میں ہاتھ سے پکڑ لے پھر ایک چاقو لے کر اُس کی نوک سے دیوار پر ابجد لکھا جائے اور ابجد کے الف کو چاقو سے دبایا جائے اور الحمد شریف چھکے چھکے پڑھی جائے۔ جب تین دفعہ الحمد شریف مع بسم اللہ کے پوری ہو جائے۔ اُس کے سر کی طرف منہ کر کے دم کر دیا جائے اور چاقو اُٹھا لیا جائے۔ انشاء اللہ درد سر جاتا رہے گا۔ اگر نہ جائے تو دوبارہ چاقو کی نوک ابجد کی ب پر رکھے اور ایک دفعہ الحمد شریف مع بسم اللہ کے پڑھے اب بھی اگر درد نہ گیا ہو تو ج پر چاقو رکھ کر الحمد شریف پڑھنے کے بعد مریض کے سر کی طرف منہ کر کے دم کرے اور چاقو اُٹھا لے اگر ج تک عمل کرنے سے درد سر نہ جائے تو ابجد کی د تک اسی طرح عمل کرے انشاء اللہ تعالےٰ فائدہ ہو گا۔

۲۔ درود شریف تین مرتبہ اَللّٰھُمَّ اشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُکَ اَللّٰھُمَّ اشْفِ بِفَضْلِ حَبِیْبِکَ تین دفعہ سورۂ اخلاص تین دفعہ درود شریف تین دفعہ۔ پڑھ کر جس کے نصف سر میں درد ہو دم کر دیا جائے انشاء اللہ درد سر جاتا رہے گا۔ اگر ایک بار عمل کرنے سے کچھ کمی محسوس نہ ہو دوبارہ اسی طرح کیا جائے

۳۔ جس شخص کے آدھے سر میں درد ہو۔ انگوٹھے اور بیچ کی انگلی سے اُس کی دونوں

ان پٹیوں کو اچھی طرح پکڑے اور بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العلمین آخر تک پڑھے اور آہستہ آہستہ دونوں انگلیوں کو سر کا تاہوا بیچ پیشانی پر لے آئے اور پیشانی برابر کر دے تین دفعہ اس طرح عمل کرنے سے آدھے سر کا درد بالکل جاتا رہتا ہے اگر خدانخواستہ پھر بھی سر میں درد اٹھے تو پھر یہی ترکیب کرنی چاہیے۔

بخار اور لرزہ کے دور کرنیکے لیئے وظیفے

۱۔ یا محیط۔ ایک پاک ٹھیکری پر لکھ کر مریض کے بائیں بازو پر باندھ دیجئے جس کسی کو باری کا بخار آتا ہو۔ خواہ وہ دوسرے دن چڑھتا ہو یا تیسرے چوتھے دن انشاء اللہ صحت کامل حاصل ہو جائے گی۔

۲۔ دو پھوئیے روئی کے کر ایک پر سات دفعہ الحمد شریف پڑھ کر دم کر دیں دوسرے پر چھ دفعہ جس پر سات دفعہ دم کیا ہے۔ وہ مریض کے دائیں کان میں اور جس پر چھ دفعہ دم کیا ہے وہ مریض کے بائیں کان میں رکھ دیں انشاء اللہ تیسرے یا چوتھے دن کے بخار کے دور کرنے کے لیئے بہت مفید ثابت ہوگا۔ اگر اس عمل کے بعد بھی بخار نہ جائے۔ تو دوبارہ روئی کے دو پھوئے لے کر یہی عمل کیا جائے۔ صحت حاصل ہو جائے گی۔

۳۔ جسے باری کا بخار آتا ہو اُسے روبقبلہ لٹا کر ایک سو ایک دفعہ قل ہو اللہ شریف پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ بخار جاتا رہے گا۔ بعد صحت اپنی حیثیت کے موافق ایک یا ایک سے زیادہ غریبوں کو کھانا ضرور کھلانا چاہیئے

۴۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ زعفران سے چینی کی قشطری پر لکھے اور اس تشتری کو دھو کر اس کا پانی صراحی میں رکھے۔ پھر اس صراحی پر ایک سو ایک دفعہ اللّٰھُمَّ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَحَبِیْبِنَا وَشَفِیْعِنَا وَنَصِیْرِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۝ پڑھ کر دم کرے اور جب مریض کو پیاس لگے پلائے انشاء اللہ صحت ہوگی۔

۵۔ یَا مُسَبِّبَ سَبَبٍ یَا شَافِیَ اشْفِ یَا کَافِیَ اکْفِ یَا مُفْلِحُ اَفْلِحْ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا سَہْلُ سَہِّلْ یَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا رَحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ارْحَمْ یَا ذَوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

تین دفعہ پڑھ کر جس کو تپ ولرزہ کی شکایت ہو بخار چڑھنے سے ایک گھنٹہ پہلے اُس پر دم کردے۔ روزانہ ایسا ہی کرے انشاء اللہ بہت جلد شفا ہوجائے گی۔

ہر قسم کے درد کے دُور کرنیکے لیئے وظیفے اور تعویذ

۱۔ درود شریف تین دفعہ سورہ مُزمّل سات دفعہ پڑھ کر جسکی کمر میں درد ہو اُس پر دم کردیا جائے۔ انشاء اللہ بہت جلد شفا حاصل ہوجائے گی۔ تا صحت روزانہ اسی عمل کو کرنا چاہیئے۔

۲۔ آیت الکرسی ایک دفعہ پڑھ کر مریض پر روزانہ تا صحت دم کردیا جائے اور چینی کی رکابی پر آیت الکرسی کو لکھ کر روزانہ اُسی کا پانی پلایا کرے۔ جگر کا درد کمر کا درد اور ہر قسم کا درد انشاء اللہ جاتا رہے گا۔ اغلاج قلب کے لیئے آیت الکرسی کا چینی کی تشتری پر زعفران سے لکھ کر پلانا بہت مفید ہوتا ہے۔

۳۔ اَللّٰہُ اَللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ سو دفعہ کسی کاغذ پر لکھ کر مریض کے پانی کے برتن میں ڈالدے ہر قسم کے درد کے واسطے تپ ولرزہ کے واسطے مفید ہے

انشاء اللہ بہت جلد شفا حاصل ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یا شافی کافی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قیوم یا قیوم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یا حی یا دائم گیارہ بار اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھ کر جس کی کمر میں درد ہو اس پر دم کر دیا جائے انشاء اللہ بہت جلد درد کافور ہو جائے گا۔

۷۸۶

(۵)

یا حی	یا نور	یا رحیم
۷۸۶	۹۱	۲۶۷۰
یا کافی	اللہ	یا شافی

یہ نقش معظم ہر قسم کے درد اور بخار کے واسطے مفید ہے۔ یہ تین دفعہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر بہتے پانی میں ڈالنا چاہیے اور ایک تعویذ مریض کے دائیں بازو میں باندھنا چاہیے۔ صحت حاصل ہو جائے گی۔

جو شخص کمر کے درد کے مارے بیمار رہا ہو۔ یہ نقش معظم لکھ کر اور سات دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر اس پر دم کر دے اور مریض کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلد صحت ہو جائے گی۔ بعد صحت اس تعویذ کو آٹے میں لپیٹ کر چاہ ویران میں ڈال دینا چاہیے۔



۷۔ آیت الکرسی کو بہ نیت ازالہ مرض کثرت سے پڑھنا۔ آیت الکرسی پڑھ کر کھانے

پینے کی چیزوں پر دم کرنا۔ ہر مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔ اگر کھانے سے قبل اور کھانا کھانے کے بعد تین چٹکیاں نمک کی کھالی جائیں اور کھانا کھانے سے قبل کا رزاق ۷۰ مرتبہ یا متین ۷ دفعہ پڑھ لیا جائے تو انشاء اللہ کوئی مرض پاس تک نہ پھٹکے گا۔

چیچک کے دور کرنے کے تعویذ

۱۔

محمد

احمد

۷۸۶	۷۰۶	۷۸۶
یا رحیم	یا اللہ	الرحم
یا بصیر	کبیر	اللہ

حامد

حمید

پہلے پانچ دفعہ اس تعویذ کی نقل کر کے آٹے کی گولی میں لپیٹ کر آب رواں میں ڈالدے۔ پھر ایک نقل کر کے مریض کے گلے میں بندھوا دے۔ اس کے بعد جسکو ضرورت ہو دے۔ صرف پانچ پیسے اس کی رکوٰۃ کے مقرر ہیں انشاء اللہ صحت کامل ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲۔

۳۰۱ ۳۷ ۱۴۰ ۱۸۲ ۱۲۲ ۸۲ ۱۱۱

۱۱۲۰۱ ۱۱۷ ۳۰۹ ۱۲۷ ۱۱۳۱۰ ۱۱۲۰ ۳۰۴۰ ۱۱۱ ع

۲۰۳۱ ل ۳۰ ۸۴ ۱۱۶ ۱۹ ۱۱۱ ۱۱۷ ۱۱۲ ۱۱۲۴ ۱۱۷ ۱۱۴ عہ

۱۱۶ ۱۱۴ رم ۲۱ رر ۱۲ رر ۳۰۶ ل ع ۱۴ ۲۷ ۱۱۴ عہ

۱۹۱۸۱ ۲۱ ۱۱۱۳ ۱۱۱۸ عہ

۱۲۱۱ ۱۲۶ رر ۱۴ د ۳۳ د ۳ ہ ۱۱۲ ۱۴۱۴ عہ

۱۱۲۱ ۱۱ ۱۱ ۱۲۴ رر ۱۱ ۱۱۴ عہ ۱۱

نقش معظم چیچک، طاعون، ہیضہ۔ اور تمام وبائی امراض کے دور کرنے کے لیے اکسیر ہے۔ یہ نقش آداب و تعظیم اور پاکی و طہارت کے ساتھ مکان کو خوشبودار کرنے کے بعد لکھنا چاہیئے۔

آنکھوں کی بیماریوں کے دور کرنیکے وظیفے

۱۔ دو رکعت نماز نفل پڑھنے کے بعد سورہ اخلاص گیارہ دفعہ اول و آخر درود شریف گیارہ دفعہ، پھر اللہ الصمد ایک سو ایک دفعہ پڑھے ہاتھوں پر دم کرکے آنکھوں پر پھیرے۔ اگر اس وظیفے کا معمول رکھا جائے گا تو آنکھ کی تمام بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ۔

۲۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ ایک سو ایک مرتبہ سورہ فاتحہ تین مرتبہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ۔ پانچ مرتبہ یا شافی اشف، یا رحیم ارحم، یا بصیر۔ آنکھوں کو اچھا کردے۔ تین مرتبہ کہکر آنکھوں پر دم کرے۔ اگر اس کا معمول کر لیا جائے تو عمر بھر کوئی آنکھوں کی بیماری لاحق نہ ہو یہ وظیفہ اور بیماریوں کے دور کرنے کے لیئے بھی مفید ہے۔

طاعون کی بلا سے محفوظ رہنے کا وظیفہ

۱۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ وَالطَّاعُوْنِ وَمَوْتِ الْفَجَاءَ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝۔

یہ دعا روزانہ تین دفعہ پڑھکر اپنے اوپر دم کرے اور کاغذ پر لکھ کر گھر کے

دروازہ پر چسپاں کر دے ۔ انشاء اللہ طاعون کی بلا سے اور تمام وبائی امراض سے حفاظت رہے گی۔

۲۔ الٰہی بحرمت یملیخا، مکسلمینا، شلینا، برنوش، دبرنوش، شہرنوش، یشبط، یونس۔ واسمر قلبھم قطمیر وعلی اللہ قصد السبیل وھنہ جائز۔ کو لکھ کر گھر میں نمایاں جگہ یا مکان کے دروازہ پر چسپاں کر دے انشاء اللہ طاعون وغیرہ اور اس قسم کی جملہ بلاؤں سے حفاظت رہے گی۔

مرگی کے دور کرنیکے وظیفے

۱۔ جس نابالغ لڑکے یا لڑکی کو یہ عارضہ ہو اُسکی ماں کے قد کے برابر اکتالیس تار نیلے کچے سوت کے لیکر اکتالیس دفعہ سورہ مزمل پڑھے۔ ایک بار سورہ مزمل پڑھے۔ اور اس پر دم کر کے ایک گرہ لگائے۔ جب اکتالیس بار پڑھنے کے بعد یہ گنڈھ تیار ہو جائے تو اُس کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ شفائے کلی حاصل ہو جائے گی۔ اگر لڑکے یا لڑکی کی ماں نہ ہو۔ یا جوان آدمی کو یہ مرض لاحق ہو تو خود مریض یا مریضہ کے قد کے برابر ڈورا ناپنا چاہیئے۔ اگر ماں ہو تو گنڈہ بچے کی ماں کے گلے میں باندھنا چاہیئے۔

۲۔ جو شخص مرگی کے دورہ میں مبتلا ہو گیارہ دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر اُس پر دم کر دیا جائے۔ تو اُس کو ہوش آجائے گا۔

اثر زہر دور کرنیکے لئے وظیفہ

۱۔ اگر کسی شخص کو کسی دشمن نے زہر یا شیر کی مونچھ کا بال کھلا دیا ہو۔ تو اوّل درود

شریف پھر اکتالیس دفعہ سورہ مزمل شریف پھر ایک دفعہ درود شریف پڑھ کر شربتی پر دم کر کے اُسے کھلا دیا جائے۔ انشاء اللہ آرام ہو جائے گا۔

چوہے گیدڑ وغیرہ سے حفاظت کا وظیفہ

اگر کسی کھیت یا مکان میں چوہے، کیڑے مکوڑے یا گیدڑ وغیرہ کی کثرت ہو۔ اور کھیت والے یا مکان والے کو اس سے سخت تکلیف ہو اور کھیت یا مکان کے خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو اس تکلیف سے نجات پانے کی یہ ترکیب ہے کہ گائے کے چار سینگ سے کر ان کو اندر سے صاف کر کے اس میں روئی رکھے اور پھر آہی بحرمۃ یملیخا۔ یکسلینا مشلینا ہر نوش در نوش شہر نوش لشیط یونس، واسم کلہم تطہیر ایک کاغذ پر لکھ کر اُن سینگوں پر رکھے اور پھر اوپر سے روئی رکھے۔ اور ان سینگوں کو کھیت کے چاروں گوشوں پر یا مکان کے چاروں کونوں میں الٹا گاڑ دے۔ انشاء اللہ بہت جلد یہ جانور ہلاک ہو جائیں گے۔ اور اس کھیت یا مکان کو نقصان نہ پہنچا سکیں گے یہ عمل مہینہ کے شروع میں کرنا چاہیے تو بہت زیادہ مفید ہے۔

متفرق اوراد و وظائف

سورۂ مزمل کے وظیفے

جنات کو تابع کرنے کا وظیفہ

۱۔ یٰاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا نِّصْفَہٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْہُ قَلِیْلًا اَوْ زِدْ عَلَیْہِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ۝ اس آیت شریفہ کو اگر کوئی شخص آدھی رات کو جمعہ کی شب میں پڑھے گا خداوند تعالےٰ اس کی برکت سے بادشاہ جنات کو حاضر کرے گا اور جو کچھ اس سے طلب کیا جائے گا۔ وہ اسے جان و دل سے پورا کرے گا۔ یہ عمل نہا دھو کر کرنا چاہیئے۔

بچہ پیدا ہونے کا وظیفہ

۱۔ اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْکَ قَوْلًا ثَقِیْلًا۔ اس آیت شریفہ کو سات روز تک رکابی پر لکھ کر اپنے پانی کے برتن میں ڈالدے۔ سات روز تک اسی عمل کو کیا جائے۔ انشاء اللہ عقیمہ عورت کا مرض زائل ہو جائے گا اور خداوند تعالےٰ اسے اپنی قدرت سے صاحب اولاد کر دے گا۔

دشمن کے مقہور ہونے کا وظیفہ

جو شخص مندرجہ بالا آیت شریفہ کو اتوار کے دن اکتالیس ۴۱ دفعہ پڑھ کر ایک کاغذ پر دشمن کا نام لکھے۔ اور کسی پرانی قبر میں دفن کر دے تو دشمن تباہ

برباد ہو جائے گا۔

لڑکا پیدا ہونیکا وظیفہ

اِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ط۔ اگر کسی عورت کے بچہ نہ پیدا ہوتا ہو تو اس آیت شریفہ کو چاند کے ابتدائی ہفتہ میں سات دن تک روزانہ لکھ کر پانی میں گھول دے اور زنِ عقیمہ یعنی بانجھ عورت کو پلائے انشاء اللہ نرینہ اولاد پیدا ہوگی۔

تنگی رزق کے دور ہونے کا وظیفہ

اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ط۔ اگر کسی کو رزق کی تنگی رہتی ہو چاہیئے کہ اس آیت کو روزانہ دس مرتبہ پڑھے ایک مہینے کے اندر اندر وہ تنگی دور ہو جائے گی۔

نامردی کے دور ہونے کا وظیفہ

جو شخص نامرد ہو یا اس کی قوت رجولیت کم ہو گئی ہو اس آیتہ شریفہ یعنی اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ط کو روزانہ رات کیوقت ایک ہزار دفعہ پڑھے۔ ایک ہفتہ بھی گذرنے نہ پائے گا۔ کہ قدرت الٰہی کا ظہور ہوگا۔ اور اس کا مرض انشاء اللہ دور ہو جائے گا۔

ذہن کی ترقی کا وظیفہ

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ط جسے کند ذہنی کی وجہ سے علم کے حاصل کرنے میں دشواریاں پیش آتی ہوں اسے چاہیئے کہ اس آیت

کو ہر روز گیارہ بار پڑھ لیا کرے ذہن کھل جائے گا۔ علم حاصل ہوگا اور دولت بھی نصیب ہوگی۔ انشاء اللہ۔

مفلسی کے دور ہونے کا وظیفہ

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝ جو شخص اس آیت شریفہ کو تونگری حاصل ہونے اور مفلسی دور کرنے کی غرض سے پڑھے گا اللہ تعالیٰ بادشاہِ جنات کو حکم دے گا کہ عامل کی خدمت میں حاضر ہو جو کچھ اُسے حکم دیا جائے گا وہ اُسکی تعمیل کرے گا۔

قید سے آزاد ہونیکا وظیفہ

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ط۔ جو شخص اس آیت شریفہ کو ایک سو پچاس مرتبہ پڑھے گا۔ اللہ تعالےٰ اُسے قید سے رہائی عطا فرمائے گا۔ یہاں تک کہ اُسکے ہاتھ پیر کی زنجیریں خود بخود کھل جائیں گی۔ اگر قیدی کا کوئی قریبی عزیز دار قیدی کی طرف سے اس آیت کو اسی تعداد میں پڑھے گا۔ جب بھی قیدی کو آزادی حاصل ہو جائے گا۔

بدنصیبی دور ہونے کا وظیفہ

وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ میرا نصیبہ کھل جائے تو اُسے چاہیئے کہ اس آیت کو ہر روز بعد نماز عشاء سو دفعہ پڑھ لیا کرے ایک مہینے بھی نہ گذرنے پائے گا کہ اللہ اُسکی قسمت کھولدے گا۔

کشائش رزق کا وظیفہ

اِنَّ لَدَیْنَآ اَنْکَالًا وَّجَحِیْمًا وَّطَعَامًا ذَا غُصَّۃٍ وَّعَذَابًا اَلِیْمًا ۝

جو شخص روزانہ اس آیت کو سو دفعہ پڑھے گا۔ دنیا میں اس کا رزق فراخ ہو جائے گا۔ قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا۔ اور اسے دوزخ کے عذاب سے نجات حاصل ہو گی۔

کھیتی کی حفاظت کا وظیفہ

یَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَکَانَتِ الْجِبَالُ کَثِیْبًا مَّہِیْلًا ۝

اگر کسی کی زراعت میں نقصان ظہور پذیر ہو یا درختوں کو کیڑا لگ جاتا ہو تو یہ آیت لکھ کر لگا دے جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ درختوں کو کیڑوں کی تباہی سے اور زراعت کو نقصان سے حفاظت حاصل ہو جائے گی۔

جن بھوت کے دور ہونے کا وظیفہ

اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَیْکُمْ رَسُوْلًا شَاہِدًا عَلَیْکُمْ کَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا

اگر کسی شخص پر دیو پری جن بھوت شیطان کا اثر ہو تو اس آیت شریفہ کو پڑھ کر اس پر دم کر دیا جائے۔ اور لکھ کر مریض کے گلے میں باندھ دیا جائے انشاء اللہ ان آفات سے نجات مل جائے گی۔

مصیبتوں سے آزاد ہونے کا وظیفہ

اگر چار سرپاپی اور ایک کاغذ پر فرعون اور ایک کاغذ پر

قارون اور ایک کاغذ پر ابلیس لکھ کر ایک دیگچہ میں ڈال دیا جائے اور دیگچہ کو آگ پر رکھ کر آگ سلگا دی جائے اور ہزار دفعہ اس آیت کو پڑھ کر اس پر دم کیا جائے۔ انشاء اللہ مصیبتوں سے نجات مل جائے گی۔ جنوں کا بادشاہ حاضر ہو کر جو کچھ حکم دیا جائے گا۔ اس کی فرمانبرداری کرے گا۔

دشمن کو برباد کرنے کا وظیفہ

فَكَيْفَ تَتَّقُونَ إِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيبًا ۝ السَّمَاءُ مُنْفَطِرٌ بِهِ كَانَ وَعْدُهُ مَفْعُولًا ۔

جو شخص اپنے دشمن کے گھر کو ویران اور اپنے دشمن کو پریشان کرنا چاہتا ہے اُسے چاہیئے کہ کسی قسم کے سات پھول اپنے ساتھ لے کر اتوار کے دن قبرستان میں جائے اور ہزار بار اس آیت شریفہ کو پڑھ کر اُن پھولوں پر دم کرے۔ ایک پھول اپنے پاس رکھے اور تین دشمن کے مکان کی مشرقی جانب اور تین مغربی جانب ڈال دے۔ انشاء اللہ ستر برس تک وہ گھر ویران اور برباد رہے گا۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ قَهَّارٌ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ جَبَّارٌ وَالسُّلْطَانُ الْمُرْتَضٰى نَصَّارٌ

بھی ایک ہزار دفعہ ضرور پڑھنا چاہیئے۔

گم شدہ کے حاضر ہونے کا وظیفہ

إِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَاءَ اتَّخَذَ إِلٰى رَبِّهٖ سَبِيلًا ۝

اگر کوئی عزیز یا ملاقاتی گم ہو گیا ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو اس آیت کو ایک ہزار دفعہ پڑھ کر چاروں طرف دم کر دینا چاہیئے اور ایک کاغذ پر یہ شریفہ لکھ کر یہ عبارت لکھے یا الٰہی بحرمت مزمل فلاں بن فلاں زود تر حاضر

تردد فلاں بن فلاں کی جگہ گم شدہ کا نام لکھے، انشاء اللہ گم شدہ جہاں کہیں بھی ہوگا۔ اُس کا قدم آگے نہیں اُٹھے گا۔ اور فوراً حاضر ہو جائیگا۔ یہ عمل ہر گم شدہ اور مفرور کے لیے کام دیتا ہے۔

محبت و تسخیر کا وظیفہ

اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَ ثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

جو شخص اس آیت شریفہ کو تین دن تک روزانہ پڑھا کرے گا۔ مخلوقِ خدا اس پر مہربان ہو جائے گی، اگر اس آیۃ شریفہ کو اکتالیس دفعہ پڑھ کر کسی شرنی پر دم کیا جائے اور میاں بیوی کو وہ شرنی کھلا دیجائے تو دونوں میں بے انتہا محبت ہو جائے گی۔

ہر حاجت کے پورا ہونے کا وظیفہ

عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۝

آدھی رات کے بعد پہلے ایک ہزار دفعہ درود شریف پڑھنا چاہیئے۔ پھر اکتالیس دفعہ اس آیۃ شریفہ کو تلاوت کر کے دعا مانگنی چاہیئے۔ انشاء اللہ جو مراد ایزد اقدس مانگی جائے گی۔ وہ پوری ہوگی۔

دشمن کو ہلاک کرنے کا وظیفہ

عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا

حَسَنًا وَمَا تُقَدِّمُوا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

اگر کوئی شخص دشمن کو ہلاک کرنا چاہتا ہے تو اُسے چاہیئے کہ آٹے کا ایک پتلا بنائے اور یہ آیت ایک کاغذ پر لکھ کر اُس پتلے کے پیٹ میں داخل کر دے۔ پھر اُسے کفن پہنائے اور دفن کر دے۔ یہ عمل اتوار کے دن کرنا چاہیئے ایک ہفتہ بھی گذرنے نہیں پائے گا کہ اُس کا دشمن ہلاک ہو جائے گا۔ اس کے بعد پھر اُس پتلے کو جس گڑھی میں دفن کیا ہے وہاں سے نکالے اور اُس کا آلت کاٹ ڈالے اُس کا لڑکا مقہور ہو جائے گا۔ دونوں ہاتھ کاٹ ڈالے اُس کے بھائی مصیبت میں پھنس جائیں گے اُس کے پاؤں کاٹ ڈالے اُسکی بیوی پریشانیوں میں مبتلا ہو جائے گی یہ عمل جائز صورت میں کرنا چاہیئے۔

پانچوں وقتوں کے وظیفے

جو صبح کی نماز کے وقت سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ الحمد للہ رب العلمین۔ آخر تک پڑھے گا اُس کی ہر مراد پوری ہو جائے گی۔ جو شخص فرضوں کے بعد یا عزیز یا اللہ ایک سو ایک دفعہ روزانہ پڑھا کرے گا۔ اُس کی عزت دوستوں اور بزرگوں میں بڑھ جائے گی۔ جو شخص یا فتاح یا کافی یا غنی یا رزاق ۹۹ دفعہ پڑھے گا۔ اُس کے روزگار میں ترقی ہوگی۔

ظہر کی نماز کے وقت یا کریم یا اللہ ایک سو ایک دفعہ روزانہ پڑھنے سے بڑی بڑی برکتیں حاصل ہوتی ہیں۔

یا حی یا قیوم برحمتک استغیث ایک دفعہ پڑھنے سے ہر قسم کی مشکلیں آسان ہوتی ہیں۔ پڑھ کر بیمار پر دم کردے تو انشاء اللہ صحت حاصل ہو جائے گی

عصر کی نماز کے وقت کے یا جبار یا اللہ ایک سو ایک دفعہ پڑھنے سے دشمن مغلوب ہوتا ہے۔ لا الہ الا اللہ خالصاً و مخلصاً ۷۵ مرتبہ تصور مطلوب کر کے ساتھ پڑھنے سے مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہوتی ہے۔

مغرب کی نماز کے وقت یا ستار یا اللہ ایک سو ایک مرتبہ پڑھنے سے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ اور خدا کے غیر منقوطہ اسماء پڑھنے سے مخلوق الٰہی میں ہر دلعزیز بن جاتا ہے۔ غیر منقوطہ اسماء سے مراد جناب باری کے وہ نام ہیں۔ جن میں نقطے نہ ہوں جیسے وَدُوْدٌ صَمَدٌ۔ اَحَدٌ وغیرہ اور لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْوَدُوْد ایک سو دس بار روزانہ بعد مغرب پڑھنے سے رزق میں وسعت ہوتی ہے۔

عشاء کی نماز کے وقت یا غفار یا اللہ ایک سو ایک مرتبہ پڑھنے سے رزق میں تنگی نہیں ہوتی۔ لَا یُجَلِّیْھَا لِوَقْتِھَا اِلَّا ھُوَ ۵ سو دفعہ پڑھنے سے بڑی بڑی برکتیں اور نعمتیں حاصل ہوتی ہیں۔

آگ کے بجھ جانے کا وظیفہ

اگر کسی جگہ آگ لگ جائے تو سات پاک ٹھیکریاں لے اور الٰہی بحرمت یملیخا۔ یکسلینا۔ مشلینا۔ ہرنوش و برنوش۔ اشہرنوش۔ نیشعلط۔ ایلنہ واسلیم گلبہم قطیما سات۔ سات مرتبہ پڑھے۔ اور ایک ایک پر دم کر کے اور آگ کی طرف پھینکے۔ یہ سات ٹھیکریاں پھینکنے بھی نہ پائے گا۔ کہ انشاء اللہ آگ کے بھڑکتے ہوئے شعلے سرد پڑ جائینگے۔

نماز قضائے عمری کی ترکیب

جس شخص کی نماز قضا ہو گئی ہو اور یہ نہ معلوم ہو کہ کتنے دنوں کی نماز قضا ہو گئی ہے اُسے چار رکعت نماز نفل ایک سلام سے پڑھنی چاہیے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی سات دفعہ اور اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ پندرہ مرتبہ پڑھے اور نماز کی نیت اس طرح باندھے نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی اَرْبَعَ رَکْعَاتٍ تَکْفِیْہِ لِلْقَضَاءِ فَاتَ مِنِّیْ فِیْ جَمِیْعِ عُمُرِیْ صَلٰوۃَ النَّفْلِ مُتَوَجِّھًا اِلَی الْقِبْلَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ اگر یہ عربی عبارت یاد نہ رہے تو اس طرح اردو کہہ لے ۔ نیت کرتا ہوں چار رکعت نماز نفل کی جو میری تمام عمر کی فوت نمازوں کے بدلے کفایت کرے منہ میرا قبلہ کی طرف اللہ اکبر سلام کے بعد سو دفعہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس پر درود شریف پڑھے ۔ پھر یہ دعا پڑھے ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰھُمَّ یَا سَابِقَ الْمَوْتِ وَیَا سَامِعَ الصَّوْتِ یَا مُحْیِیَ الْعِظَامِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا مِّمَّا اَنَا فِیْہِ فَاِنَّکَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ۔ یَا وَاھِبَ الْعَطَاءِ یَا غَافِرَ الْخَطَایَا سُبُّوْحٌ یَا قُدُّوْسُ رَبَّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ ۔ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ وَاِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیُّ الْاَعْظَمُ یَا سَتَّارَ الْعُیُوْبِ وَیَا غَافِرَ الذُّنُوْبِ وَیَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ

قضائے عمری ادا کرنے کی دوسری نماز

جب آفتاب نکل آئے۔ دو رکعت نماز ادا کرنی چاہیے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد قل اعوذ برب الفلق۔ اور دوسری رکعت میں قل اعوذ برب الناس پڑھے اور سلام کے بعد آیت الکرسی سات دفعہ پڑھے پھر دوبارہ چار رکعت نماز کی نیت باندھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد اذا جاء نصر اللہ ایک دفعہ قل ہو اللہ احد پچیس دفعہ جب نماز سے فراغت ہو تو لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ستر دفعہ اور اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولنا محمد صلوۃ تنجینا بھا من جمیع الاھوال والافات وتقضی لنا بھا من جمیع الحاجات وتطھرنا بھا من جمیع السیآت وترفعنا بھا عندک اعلی الدرجات وتبلغنا بھا اقصی الغایات من جمیع الخیرات فی الحیات وبعد الممات انک علی کل شیء قدیر اکتالیس دفعہ پڑھے۔

محبت کا وظیفہ

وہ بادام جسمیں دو گریاں ہوں لیا جائے۔ اور تصور مطلوب کے ساتھ اس پر گیارہ مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھی جائے اور بعد میں بادام کی دونوں گریوں کو ملا دیا جائے۔ پھر دونوں گریوں کو ایک ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر انار کی ٹہنی میں باندھ دیا جائے۔ اور اس ٹہنی کے نیچے روزانہ تین دن تک سورہ یٰسین کی تلاوت کی جائے۔ پھر اس کے بعد محبوب کے محب اور دوست ہونے کے لیے دعا مانگی جائے۔ انشاء اللہ دعا مستجاب ہوگی۔

مصیبتوں کے دُور ہونے کا وظیفہ

یَا شَفِیقُ یَا رَفِیقُ نَجِّنِی مِنْ کُلِّ ضِیْقٍ بِحُرْمَةِ اَبِی بَکْرِنِ الصِّدِّیْقِ

بعد نماز عشاء تین سو ساٹھ مرتبہ درود شریف اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر عاجزی کے ساتھ دربار الٰہی میں دعا مانگی جائے۔ انشاء اللہ رنج و مصیبت کے پنجوں سے نجات حاصل ہو جائے۔

جان و مال کی حفاظت کا وظیفہ

اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ۔ مال کی حفاظت اور دشمنوں کے مکر و فریب سے محفوظ رہنے کے لیئے تین سو ساٹھ دفعہ روزانہ بعد نماز عشاء پڑھنا چاہیئے۔ انشاء اللہ دشمن اور چور عاجز ہو جائیں گے۔

ادائے قرض کا وظیفہ

یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْدِی الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ یَا کَبِیْرُ

جس قرض کے ادا ہونے سے ناامیدی ہو گئی ہو۔ اور دن رات اس کا فکر کھائے جاتا ہو۔ اس کی ادائے گی کے لیئے اس عمل کو عشاء کی نماز کے بعد سنت و وتر کے درمیان ایک سو ساٹھ بار پڑھنا چاہیئے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھنا چاہیئے۔ لیکن یہ عمل شروع کرنے سے پہلے وتروں سے قبل اور فرضوں کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھنی چاہیئے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ

تُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ پانچ دفعہ پڑھنا چاہئے۔ اس کے بعد وتر پڑھنے چاہئیں۔ اور پھر عاجزی کے ساتھ دعا مانگنی چاہیئے۔ انشاء اللہ بہت جلد قرض ادا ہو جائے گا۔

ختم خواجگانِ نقشبند رضوان اللہ تعالیٰ
برائے ہر حاجت

اللہ تعالیٰ نے عجیب و غریب صفات اس سورۃ میں مخفی رکھی ہیں۔ جس قدر تعداد بڑھا کر پڑھے گا اسی قدر فائدہ زیادہ بہتر حاصل ہو گا۔ نہایت خلوص کے ساتھ روزانہ پڑھتے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ قدم قدم پر کامیابی حاصل ہو گی۔

معطلی سے بحالی اور روزگار کے لیے :

جسے روزگار نہ ملتا ہو یا اپنے روزگار سے معطل ہو گیا ہو تو چند ہی جمعرات و جمعہ کو روزے رکھے اور شب جمعہ میں بستر پر لیٹتے وقت یہ سورۃ پڑھے وَقَالَ الْمَلَكُ ائْتُونِي بِهِ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي سے الْخَٰسِرِينَ (پارہ ۱۳ رکوع ۱) تک۔ پھر جمعہ کے دن مابین ظہر اور عصر سے اس سورۃ کو ۱۱ بار رکوع ۱) تک۔ پھر جمعہ کے دن مابین ظہر اور عصر سے اس سورۃ کو کہے پھر افطار کرے اس سورۃ کو پڑھے۔ پھر نماز عشاء سے بعد اس سورۃ کو پڑھے پھر بستر پر جاکر اس سورۃ کو پڑھے اور سو بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہے اور سو بار اللّٰهُ اَكْبَرُ اور سو بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور سو بار سبحان اللہ اور سو بار استغفار اور سو بار درود شریف پڑھے یہ سورۃ ہے۔ جب صبح ہو گھر سے نکل کر لکھی ہوئی سورت کو خود بنا کر باندھ لے اور پختہ عہد اور نیت کرے کہ کبھی کسی پر ظلم نہ کروں گا اور اپنے حق سے زیادتی نہ کروں گا۔

انشاءاللہ اسی ہفتہ میں یا کچھ زیادہ میں برسر روزگار ہو جائے گا۔ جو شخص پڑھنا نہ جانتا ہو وہ اس لکھے ہوئے کو سرہانے رکھے باقی لا الہ الا اللہ وغیرہ حسب ہدایت کہے۔

تنگی کسطرح رفع ہو

جسکی روزی تنگ ہو گناہ سے توبہ کرے اور نیک کاموں کا ارادہ کرے پھر شب جمعہ کی نصف کو اٹھ کر استغفار سو مرتبہ اور درود شریف سو مرتبہ اور آیت ومن قدر علیہ رزقہ سے لیسرا (پارہ ۲۸ رکوع ۱۷) تک سو مرتبہ۔ پھر درود شریف سو مرتبہ پڑھ کر سو رہے تو خواب میں معلوم ہو جائے گا کہ کیا تدبیر کرے جو تنگی دفع ہو

وسعت عیش کے لیئے

سورۃ انا انزلناہ اور قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ گیارہ گیارہ بار پانی پر دم کر کے نئے کپڑے پر چھڑک دے تو اس کے استعمال تک عیش میں رہے۔

کشائش رزق اور دست غیب کے لیئے

جو شخص یا بدیع العجائب یا الخلیل اللہ الصمد بسم اللہ الرحمن الرحیم یا حافظ یا رزاق بعد نماز صبح ایک سو بار آسمان کے نیچے (بلا وساطت کسی چھت یا سایہ دار درخت وغیرہ کے) ہمیشہ بلاناغہ پڑھتا رہے اور اول و آخر اس درود شریف کو پڑھتا رہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مَعْدِنِ الرِّزْقِ وَالْفُتُوحَاتِ

دست غیب و کشائش رزق کے لیئے مجرب ہے۔

رزق و روزگار کے لیئے

چالیس روز بلاناغہ آیت قطب تین بجے رات کو ستر مرتبہ پڑھے۔ اگر ترک حیوانات ہو سکے تو بہتر ورنہ مکروہات سے پرہیز رکھے۔ آیت قطب یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اِلٰی قَوْلِہٖ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

کشائش امور دینوی کے لیے

درود تنجینا ستر بار پڑھ لیا کرے انشاء اللہ کسی حاجت میں درماندہ درگاہ نہ رہے گا۔ شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

ترقی رزق اور جاہ و حشمت کیلئے

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ نماز فجر کی سنت و فرض کے مابین اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ بحضور قلب ایک سو ایک بار تسبیح پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ چند روز میں تنگدستی دور بیکاری کا نور اور جاہ منصب میں حسب خواہش ترقی ہو جائے گی۔

فلاح دینوی کے لیے

اَللّٰھُمَّ اَقْذِفْ فِیْ قَلْبِیْ رَجَاءَکَ وَاقْطَعْ رَجَائِیْ عَمَّنْ سِوَاکَ حَتّٰی لَا اَرْجُوْ اَحَدًا غَیْرَکَ اَللّٰھُمَّ وَمَا ضَعُفَتْ عَنْہُ قُوَّتِیْ وَقَصُرَ عَنْہُ عَمَلِیْ

تونگری کے لیئے

سلطان المشائخ شیخ الہند حضرت شیخ فرید الدین گنج شکرے منقول ہے کہ اگر بعد نماز فجر پچیس بار سورہ اذا جاء پڑھا کرے تو تونگر رہا جائے

ادائیگی قرض وغیرہ کیلئے

حضرت معروف کرخی قدس سرہ نے بعض دوستوں کو قضائے دین اور وسعت رزق کے لیئے سحر کے وقت لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ واللّٰہ اکبر وسبحان اللّٰہ والحمد کثیراً سبحان اللّٰہ بکرۃً واصیلاً پچیس بار پڑھتے رہنے کی تعلیم کی تھوڑے عرصے میں ان کا مقصد ولی پورا ہو گیا۔

روزی و روزگار کے لیئے

نماز فجر سے پہلے یا بعد آیت مبارک اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ۔ ہزار مرتبہ پڑھنا نہایت مفید ہے اور بعض اسی کو پانسو پڑھنے کے لیئے بھی کہتے ہیں اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ حصول رزق و روزگار کے لیئے بلند ہے۔

فلاح دارین کے لیئے

آنحضرتؐ نے اپنی صاحبزادی کو یہ تسبیح تعلیم فرمائی تھی۔ کشائش امور دینی و دنیوی کے لیئے بہت مفید ہے اور وہ یہ ہے سبحان اللّٰہ ۳۳ بار الحمد للّٰہ ۳۳ بار اللّٰہ اکبر ۳۴ بار درود تاج بھی پانچ بار پڑھنا چاہیئے۔

اسرار عجیب

حضرت شیخ پیر عبدالقادر جیلانی قدس سرہ نے غنیۃ الطالبین میں لکھا ہے کہ کسی شخص نے حضرت حسن بصری رضؓ سے ادائے قرض کے لیئے اسم اعظم طلب کیا آپ نے فرمایا کہ پہلے وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھ کر اس کے بعد اس طرح کہہ یا اَللّٰہُ یا اللّٰہُ اَنْتَ اللّٰہ اَنْتَ اللّٰہ بلیٰ واللّٰہ اَنْتَ اللّٰہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اللّٰہ ۔ اَللّٰہ اَللّٰہُ اللّٰہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اقْضِ عَنِّیَ الدَّیْنَ وَاَنْتَ غَنِیٌّ نَعْبُدُیْن

اس مرد سائل نے رات کے وقت یہ عمل کیا اور صبح کے وقت دو لاکھ درہم ایک ہمیانی میں نماز کی جگہ پائے اس پر لکھا تھا کہ اگر اس سے زیادہ طلب کرتا ہم دیتے ۔ پس کس واسطے تو نے بہت نہ مانگے ۔ اس مرد نے یہ کیفیت حسن بصری رضؓ سے بیان کی تو آپ نے اس راز کو پوشیدہ رکھنے کی ہدایت فرمائی ۔

رفع محتاجی کے لیئے

جو شخص روزانہ سو بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ کو اپنا ورد رکھے تو دنیا میں بحالتِ زندگی اسکو محتاجی سے امن ملے اور بعد مرگ وحشتِ قبر سے دل نہ گھبرائے ۔

اگر یہی کلمہ عقیق کے نگینہ پر کندہ کرکے نگینہ کو انگشتری نقرہ میں نصب کرا کے داہنے ہاتھ کی انگلی میں پہن لے ۔ انشاء اللہ جب تک انگشتری ہاتھ میں رہے گی کبھی ہاتھ روپیہ سے خالی نہ رہے گا ۔ زبان سے بھی اس کا ورد رکھے تو بہتر ہے ۔

وَلَمْ تَكِلْنِي إِلَيْهِ رَغْبَتِي وَلَمْ تَبْلُغْهُ مَسْئَلَتِي وَلَمْ تَجُرْ عَلَيَّ
فِيمَا أَعْطَيْتَ أَحَدًا مِنَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ مِنَ
الْيَقِينِ فَحَبِّبْنِي بِهِ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ

تینا حضرت امام حسن رضؓ فرماتے ہیں کہ بخدا اس دعا کو سات روز بھی نہ
پڑھنے پایا تھا کہ معاویہ رضؓ نے مجھ کو پانچ لاکھ چند ہزار روپے بھیج دیئے
اسی وقت میں نے کہا اس خدا کا شکر ہے جو اپنے یاد کرنے والے کو نہیں بھولتا
اور اپنے پکارنے والے کو محروم و مایوس نہیں کرتا اور اس کے بعد پھر میں نے رسولؐ
کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں حسن رضؓ اب کیا حال ہے۔ میں نے عرض کیا اچھا ہے
یا رسول اللہ اور سارا قصہ بیان کیا۔ فرمایا جانِ پدر جو خالق سے امید رکھے اور
مخلوق سے ناامید ہو وہ ایسا ہی کامیاب ہوتا ہے۔

کشائش رزق کیلئے

ثُمَّ بَعَثْنَاكُمْ مِنْ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ
الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَى كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ

چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کر اس انگوٹھی کو پہنے رہے۔ ایسی جگہ
سے رزق ملے کہ وہم و گمان بھی نہ پہنچ سکے۔

کثرت مال کیلئے

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ ایک ہزار بار اور یا وہابُ ایک ہزار بار ہمیشہ پڑھا
کرے مرتبہ اس کا بلند ہو اور بے شمار مال و دولت ہاتھ آئے۔

قضائے حاجات کیلئے مجرب اعمال

قبولیت دعا کیلئے

نماز تہجد کے بعد اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ تک پڑھ کر جو مانگے انشاء اللہ قبول ہو۔ رسولِ مقبول بعد نماز تہجد یہ رکوع پڑھا کرتے تھے۔ (پارہ لن تنالو رکوع آخر آل عمران)

ایضاً۔ وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ" قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِىَ رُسُلُ اللّٰهِ ، اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ط ان آیات میں اسم ذات اللہ دو جگہ واقع ہے جو شخص ان دونوں لفظ اللہ کے درمیان کوئی دعا مانگے انشاء اللہ قبول ہو۔

ادائے قرض کے لیے

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ۔ جو صبح و شام سات بار پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ قرض ادا ہو جائے گا۔

دفع مصیبت کیلئے

کسی مصیبت و ابتلاء میں گرفتار ہو تو حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کا ورد

رکے انشاء اللہ مصیبت رفع ہو جائے گی۔
ایضاً: بلاء مصیبت کے وقت اِنِّی مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ پڑھنے سے نجات ہو۔

اسم اعظم ہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط میں اسم اعظم مخفی ہے (اسم اعظم لیلۃ القدر کی طرح پوشیدہ رکھا گیا ہے۔ تاکہ طالب اسرار الٰہی کا شاہرہ کرے اور رضائے حق کا جویاں رہے۔ چنانچہ صوفیاء کرام و اولیائے عظام اس بارے میں اختلاف رکھتے ہیں۔ بعض نے ملک الملک کو بعض نے یا حیّ یا قیوم وغیرہ کو اسم اعظم مانا ہے۔ لیکن بقول ابوالربیع یقینی طور پر اسم اعظم یہ ہے اطیعی لیطیعک اللہ کی فرماں برداری کر) یعنی اللہ کی اطاعت و فرماں برداری کر) واللہ اعلم بالصواب (مولف) جس بلاء مصیبت میں بکثرت پڑھے گا۔ انشاء اللہ رفع ہو گی۔

ہر مہم میں آسانی کے لیئے

جو شخص کسی مہم اور غرض کے لیئے سورہ انعام کا ورد رکھے تو انشاء اللہ وہ پوری ہو جائے گی۔

انجاح حاجات کے لیئے

ن اور جتنے فرد مقطعات قرآن شریف میں ہیں ان سب کو انگشتری پر کندہ کرا کر جو شخص اپنے پاس رکھے۔ خدا اسکی سب حاجتیں برلائے اور خوبی سے بسر ہو۔

ایک مجرّب دُعا

حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ جس شخص کو کوئی حاجت ہو اسے ایک رقعہ پر یہ عبارت لکھنی چاہیے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط مِنْ عَبْدِ الذَّلِیْلِ اِلٰی رَبِّ الْجَلِیْلِ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ پھر اس رقعہ کو دریا میں ڈال دے اور کہے اَللّٰھُمَّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَصَحْبِہِ الْمُرْضَیْنَ اقْضِ حَاجَتِیْ یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ اور اپنی حاجت کا نام لے انشاء اللہ اسکی حاجت پوری ہوگی۔

عمل بسم اللہ شریف

جو شخص ایک ہزار بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے اور دو رکعت نماز ادا کرکے اپنی حاجت کے لیئے دعا مانگے۔ پھر ایک ہزار بار پڑھے اور اسی طرح دو رکعت پڑھ کر دعا مانگے۔ اسی طرح بارہ ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ختم کرکے دو رکعت پڑھ کر اپنی حاجت کے لیئے دعا مانگے تو خدا اسکی حاجت پوری فرما دے گا۔


ایضاً۔ بعض صالحین سے منقول ہے کہ جو شخص ۶۲۵ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ کر اپنے پاس رکھے تو لوگوں کے دلوں میں اسکی ہیبت پیدا ہو اور کوئی شخص اسے ضرر نہ پہنچا سکے۔

ایضاً۔ اوائل ماہ میں جس کام کے لیئے بسم اللہ کا وظیفہ مقرر کرے بے شک وہ مطلب بر آئے۔ اوّل دو رکعت نماز ادا کرے۔ پھر اوّل و آخر درود شریف پڑھ

کر ایک ہی مجلس میں بارہ ہزار بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے۔ انشاءاللہ مجھی جا کسی کا مطلب برآئے گا۔ اگر ایک روز میں مطلب پورا نہ ہو تو ایک ہفتہ تک کرے اگر اس قدر نہ پڑھ سکے تو ہر روز دو رکعت پڑھ کر پندرہ سو مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے۔ سات روز میں مطلب برآئے گا۔

بست در بست کا نقش

اکیس روز تک دریا کے کنارے جا کر بیٹھے اور ہر روز خوشبو رکھ کر اکیس نقش لکھے۔ پھر گولیاں بنائے اور بیس گولیاں دریا میں ڈال کر ایک اپنے بازو پر باندھے دوسرے روز بازو والے نقش کو کھول کر دریا میں ڈالے اور ایک کو بازو پر باندھے اسی طرح اکیس روز تک کرے۔ بعد ختم عمل یعنی آخر روز ایک نقش بازو پر بندھا رہ جائے گا۔ اس کے بعد انشاء اللہ بہت روپے اس کے ہاتھ آئیں گے اور ہر کام میں فتح و کامیابی حاصل ہوگی اور جس کام کے لیے لکھے گا اثر ہوگا۔



ختم قرآن کا عمل

حسب ذیل ترتیب سے قرآن مجید ختم کرے جس حاجت کے لیئے دعا مانگے قبول ہوگی۔ جمعہ سے روز سورہ بقرہ سے آخر مائدۃ تک اور شنبہ سے روز انعام سے آخر توبہ تک یکشنبہ کو سورہ یونس سے آخر مریم تک دوشنبہ کو طٰہٰ سے آخر قصص تک۔ سہ شنبہ کو سورہ عنکبوت سے سورہ صٓ تک۔ چہار شنبہ کو سورہ زمر سے آخر سورہ رحمٰن تک پنجشنبہ کو سورہ واقعہ سے آخر قرآن تک بعد ختم سجدے میں جاکر دعا مانگے۔

کفایت مہمات کیلیئے

ایک مربع کاغذ کے چاروں گوشوں میں الحق لکھ کر اس کو ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی جانب بلند کرے تو مہمات میں کفایت ہو۔

۲۔ جو شخص ہزار بار اسم اَلْبَدِیْعُ پڑھے تو حاجت پوری ہو اور ضرر سے محفوظ رہے۔

۳۔ دعا کے ساتھ اسم اَلْمُجِیْبُ کا ذکر کرنا قبولیت دعا کے لیئے مجرب ہے

۴۔ ہر حاجت کے لیئے اسم اَلْوَکِیْلُ کی کثرت رکھنا مفید ہے۔

نماز حاجت

مشکل حاجات کے برآنے کے واسطے چار رکعت ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ سو بار پڑھے۔ اور دوسری رکعت میں بعد فاتحہ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ سو بار پڑھے اور تیسری رکعت میں بعد فاتحہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ ۝ سو بار پڑھے اور چوتھی رکعت میں فاتحہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ سو بار پڑھے۔ پھر سلام پھیرے رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو بار اس کے بعد جو حاجت درپیش ہو اس کے لیے خدا سے دعا مانگے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ چاروں آیتیں اسم اعظم ہیں کہ جن کے دسیلے سے دعا مانگے قبول ہو۔ اور میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر جو بواسطہ ان کے دعا کرے اور قبول نہ ہو۔

قبولیت دعا کے لیے:

یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِيْمُ یَا حَيُّ یَا قَيُّوْمُ۔ بعد نماز فجر تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے آٹھ دن نہ گزرنے پائیں گے جو مراد مانی ہوگی۔ انشاء اللہ بر آئیگی۔ ہر مسلمان مومن کو اس کے پڑھنے کی اجازت ہے۔

ختم خواجگان چشت

پہلے سورہ فاتحہ سات بار پھر الم نشرح اتنی ہی بار پھر درود شریف سو بار اس کے بعد ایک ہزار بار سورہ اخلاص پھر سورہ فاتحہ سات بار اور درود شریف سو بار پھر سو سو بار یہ اسمائے معظم یَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ وَيَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ وَيَا دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ وَيَا حَلَّالَ الْمُشْكِلَاتِ وَيَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ وَيَا شَافِيَ الْاَسْقَامِ وَيَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ وَيَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

کی مشکل کے لیے ختم خواجگان چشت کا طریقہ یہ ہے کہ عشر کے قبل وضو کر
کے پہلے دو سو بار درود شریف پھر تین سو ساٹھ بار یہ پڑھے لا مفتاح الا
الا مفتاح الا اللہ الا الیسر اس کے بعد تین سو ساٹھ بار الم نشرح۔ پھر
مذکور پڑھ کر اس کے بعد درود شریف پڑھ کے ختم کرے اور اپنی حاجت
اپنے تعالے سے بیان کرے

ختم خواجگان قادریہ:

اول دو رکعت نفل پڑھے پھر سو سے زیادہ الم نشرح پڑھے۔ اس
کے بعد کو تجید گیارہ بار سورہ یٰسین ایک بار
ختم کرنے کا ارادہ ہو تو سورہ الم نشرح ایک ہزار گیارہ بار ورنہ ایک سو اکتالیس
بار پڑھے اور ہر تقدیر کے درمیان ایک سو گیارہ بار درود شریف پڑھ کر خدا کے تعالے
سے اپنا مطلب عرض کرے ہر قسم کی مہمات آسان ہوں گی۔

رنج و غم اور مصیبت دفع ہو:

عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ جب کسی قسم کا رنج و مصیبت پہنچے تو تین
مرتبہ کہے اللہ ربی لا اشرک بہ شیئا اور حضرت عبداللہ بن عباس سات
بار اسی کو پڑھنے کو روایت کرتے ہیں۔ بی بی اسماء بنت عمیس کہتی ہیں کہ آنحضرت نے
اولاد عبدالمطلب کو خطاب کر کے فرمایا کہ جب تم پر کسی کی سختی یا مصیبت یا بیماری
آئے تو کہو اللہ ربی لا اشرک بہ شیئا۔

ناانوے بلاؤں کا علاج

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

ناقصے بلاؤں کا علاج یہ ہے۔ جن میں سخت غم سب سے سہل بلا ہے۔ یعنی ان
میں سب سے کم سخت غم اور آسمان سی بلا ہے۔

مطلب برآری کے لیے

نماز فجر سے پہلے دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں سات بار سورہ فاتحہ
اور ایک بار کافرون اور دوسری میں سات بار سورہ فاتحہ اور ایک بار سورہ اخلاص
بعد سلام دس بار کلمہ تمجید اور دس بار غیاث المستغیثین اغثنا۔ یہ نماز
حضرت خضر نے امام زاہد کو تعلیم فرمائی تھی۔ ہر مطلب کے لیے مجرب ہے

تسخیر و محبت کیلئے تیر بہدف اور مجرب اعمال

درود تاج

ہر مقصد و مطلوب اور مواصلت محبوب کے لیئے آدھی رات کے بعد باوضو باعتقاد کامل چالیس بار پڑھے۔ انشاء اللہ مطلب دلی حاصل ہوگا۔

الرحمٰن، اول سوا لاکھ بار پڑھ کر زکوٰۃ ادا کریں تاکہ عامل کامل ہو جائیں اس کے بعد ایک سو پانچ بار صبح اور ایک سو ایک مرتبہ شام ہمیشہ انپاور رکھیں جب تسخیر وغیرہ جس بارے میں کسی شے پر دم کریں پورا پورا اثر ہو اور اس کا عامل ہمیشہ مال دار رہے کبھی محتاج نہ ہو۔

حب حلال کیلئے:

جس کا شوہر ناراض ہو اس آیت کو شیرینی پر پڑھ کر کھلائے۔ انشاء اللہ مہربان ہو جائے گا۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ۔

۲۔ اس آیت کو شیرینی پر دم کر کے کھلائے تو موجب محبت ہو یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۔

۲۔ يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ

وَقَالَ مَسُوْةُ فِی الْمَدِیْنَۃِ اِمْرَاۃُ الْعَزِیْزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَّفْسِهٖ
قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا اِنَّا لَنَرٰهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۵ آیات مبارکہ
سے ایک ایک صدر عمل کرے

۴۔ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا
آیات حب میں سے ہے حسب ہدایت صدر عمل کرے

۵ اِنِّیْ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَیْرِ عَنْ ذِکْرِ رَبِّیْ حَتّٰی تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ وُدُّهَا
عَلَیَّ فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ۵ آیات حب میں سے ہے
حسب ترکیب مندرجہ صدر عمل کرے

۶۔ شب جمعہ میں آدھی رات کے وقت تین بار یہ آیت پڑھے فَاِنْ تَوَلَّوْا
فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۵
اس کے بعد پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ حَسْبِیْ مِنْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَۃَ اَوْ
فُلَانَۃَ بِنْتِ اُعْطِفْ قَلْبَهٗ اَوْ قَلْبَهَا اِلَیَّ وَذَلِّلْهُ اَوْ ذَلِّلْهَا اِلَیَّ فلان بن
فلانہ کی بجائے مطلوب اور اس کی ماں کا نام ہے۔ فلانہ بنت فلانہ عورت
کے لیے ہے اسی طرح قلبہ وذللہ، مرد کے لیے ہے اگر مطلوب عورت ہو
تو قلبہا وذللہا کہا جائے گا۔ اگر ماں کا نام معلوم نہ ہو تو ابن حوا یا بنت حوا
کہہ دے۔

۷۔ اللہ اکبر۔ پانسو بار۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم دس بار۔ آیۃ الکرسی۔ سورہ اخلاص
معوذتین اور یہ دعا ایک کاغذ پر لکھے۔
اَللّٰهُمَّ اعْطِفْ قَلْبَ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَۃَ اَوْ فُلَانَۃَ بِنْتِ فُلَانَۃَ عَلٰی
اِبْنِ فُلَانٍ اَوْ بِنْتِ فُلَانَۃَ اپنے داہنے بازو پر باندھے تو مطلب حاصل
ہو۔

۹۔ یا فتاح ؛ ایک حلوے کے ٹکڑے پر لکھ کر جسے کھلائے وہ اس سے بہت محبت کرنے لگے۔

۱۰۔ یا فتاح ؛ چھری پر لکھے تو جو چیز اس چھری سے کاٹ کر کسی کو کھلائے وہ اس سے محبت کرنے لگے۔

۱۱۔ اگر چند اشخاص میں باہم نفاق ہو۔ یہ آیات معظم چینی کی رکابی میں لکھے اور شہد سے دھو کر کھانے میں ڈال دے اور جن میں باہم اتفاق کرانا ہو ان سے سب کو کھلائے۔



۱۲۔ دوشنبہ کے روز درخت ازنڈ کی لکڑی کے ٹکڑے لائے اور لاتے وقت جب کے واسطے لے جانے کی نیت کرے۔ ان ٹکڑوں کو درخت سے توڑ کر سایہ میں خشک کرے۔ جب خشک ہو جائے تو اتوار یا جمعرات کے دن مٹی کے برتن میں رکھ کر ٹکڑے ٹکڑے کرے اور ایک سو ایک بار یہ آیت اس پر دم کرے اور اسے جلا کر راکھ بنالے۔ پھر اس راکھ کو اپنے سامنے رکھ کر ایک سو ایک بار یہ آیت باوضو پڑھ کر دم کرے اور جسے اپنے عشق میں گرفتار کرنا ہو اسے شربتی میں ایک رتی ملا کر اپنے ہاتھ سے کھلائے وہ مطیع و فرماں بردار ہو جائے گا۔ خواہ عورت شوہر کو دے یا شوہر عورت کو آیت یہ ہے۔ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ

۱۳۔ جس سے محبت و الفت کرنا چاہیے۔ اس آیت کو بیلے کے پھول۔ روئی

شکر یا مٹھائی پر سات بار پڑھ کر کھلائے۔ انشاء اللہ بے حد الفت اور کافی محبت ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا

۱۳ شنبہ کے روز سیسہ کی تختی میں ڈال طالب کا نام پھر لفظ محبت پھر مطلوب کے نام کی تکسیر کا نقش کر کے مطلوب کے مکان میں دفن کر دے تو مطلب حاصل ہو۔ بھیڑ اور بکری میں بھی محبت ہو جائے الراح الجواہر میں ہے کہ اگر ذیب محبت غنم کے حروف مزبع شماری میں بطریق تکسیر شنبہ کے دن کندہ کر کے بکریوں کے بندھنے کی جگہ دفن کر دے تو بھیڑ اور بکری میں بھی باہم محبت ہو جائے مثلاً ذیب محبت۔ غنم کے حروف ذ۔ی۔ب۔م ح۔ب۔ت۔غ۔ن۔م۔یں۔ جن کی تکسیر نقش مندرجہ سے ظاہر ہے۔

ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت	غ	ن	م
ی	ب	م	ب	ت	غ	ن	م	م	ذ
ب	م	ح	ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی
م	ح	ب	ت	غ	ن	م	ف	ی	ب
ح	ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب	م
ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب	م	ح
ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب	م	ح	ب
غ	ن	م	د	ی	ب	م	ح	ب	ت
ن	م	ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت	غ
م	ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت	غ	ن

حب کا ایک پراسرار عمل

یہ عمل بہت ہی برکت والا ہے اور عجیب تاثیر رکھتا ہے بالخصوص ان لوگوں کے لیے جو تفریق کے بعد ملاپ چاہیں یا جو علوم و فنون کے جویا اور مقامات اعلیٰ و احوال شریفہ میں تمکن ہونے کے خواہش مند ہوں ان کے لیے ایک لطیف بھید ہے۔
اَللّٰھُمَّ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ ط اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔ اَجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ کَذَا (اے اللہ لوگوں کے جمع کرنے والے ایسے دن کے لیے جس میں کچھ شک نہیں بے شک اللہ تعالیٰ وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔ مجھ میں اور فلاں (یہاں مطلوب کا خیال کرے) میں ملاپ کرا دے تو بے شک اس کو محبوب سے ملا دے گا۔

باندی یا غلام کی تسخیر کے لیے

جسکی لونڈی یا غلام سرکش ہو۔ اسکی پیشانی کے بال پکڑ کر تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تابعدار اور مسخر ہو جائے گا۔ اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ رَبِّیْ وَرَبِّکُمْ مَا مِنْ دَآبَّۃٍ اِلَّا ھُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ

جن و انس کی تسخیر کیلئے

جس قمری مہینہ کی پہلی تاریخ جمعرات کے روز آئے اس دن غسل کر کے روزہ رکھے اور شام کو جو کی روٹی شکر اور کسی قسم کے ساگ سے روزہ افطار کرے

پھر اپنے وقت پر سو جائے۔ جب آدھی رات ہو اٹھ کر وضو کرے اور قبلہ رو ہو کر پارہ اول رکوع ۴ میں سے ۲۲ (بائیس) بار یہ آیت پڑھے وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ سے اَلْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ تک۔ پھر ان ہی آیات کو مشک، زعفران و گلاب سے کسی کانچ کے برتن پر لکھ کر اوتوں کے پانی سے دھو کر پیے اور سورہ سات روز تک یہی عمل کرے۔ مگر آخری روز یہ آیات ۲۲ کی بجائے ستر بار پڑھے۔ جس مکان میں پڑھے وہ کامل تنہائی کا ہو اور اس میں عود کی دھونی دی جائے۔ وظیفہ سے فارغ ہو کر ان ہی کپڑوں میں سو رہے۔ کشف علوم اور تسخیر جن وانس کے لئے مفید ہے۔

تسخیر کے لئے

آب گینہ یعنی کانچ کے آب نار سیدہ برتن میں اس آیت کو زعفران و گلاب سے لکھ کر عود کی دھونی دے اور چنبیلی کے روغن خالص سے اس کو دھو کر سبز شیشے میں رکھ دے۔ جب کسی کے پاس جانے کی ضرورت ہو تھوڑا روغن اپنی دونوں ابروؤں پر مل کر جائے تو اسکی عزت۔ وقبولیت اور محبت وجاہ لوگوں کے دلوں میں پیدا ہو آیت یہ ہے۔

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا سے وَكَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ تک پارہ ۲۸ رکوع ۱۱ اگر اس آیت کو زعفران و گلاب سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر عود الطیب سے دھونی دے کر کوئی شخص داہنے بازو پر باندھے تو بھی یہی تاثیر ہے۔

تسخیر مرد یا عورت کے لئے

جو کسی مرد یا عورت کو مسخر کرنا چاہیے تو نقش کو عرصہ ماہ میں دوشنبہ

سے روز دریا کے کنارے بیٹھ کر غسل و طہارت کے بعد قبلہ رو بیٹھ کر چودہ نقش لکھے اور اسی جگہ آٹے و شکر میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دے اور ہر اک نقش میں طالب و مطلوب کا نام بھی لکھے نیز ان چودہ روز یعنی دوران عمل میں جلالی و جمالی پرہیز رکھے۔ تیرہ روز اسی طرح گولیاں دریا میں ڈال رہنے کے بعد چودہویں روز اپنے گھر غسل کر کے تھوڑے چاول پکا کر مٹی کے نئے برتن میں رکھے اور اس کے برابر گھی و شکر ملائے۔ پھر اسی کے برابر میوہ اور ایک سفید مرغ لے کر کسی سے بات چیت کئے بغیر اسی دریا کے کنارے جائے۔ سب سے پہلے مرغ کو بلند آواز سے شرعی طریق پر تکبیر کہتا ہوا ذبح کرے اور ان تمام چیزوں پر اس نقش کے سوکلوں اور نبی کریم کے نام کا فاتحہ دے کر جب سابق نقش لکھ کر رکھا جائے۔ جب تیرہ گولیاں بن جائیں تو ایک نقش اپنے پاس رکھے اور باقی دریا میں ڈال دے۔ ان نقوش پر طالب و مطلوب کا نام ضرور لکھے جب گولیاں بنا چکے تو باقی سامان یعنی مرغ وغیرہ کو اسی جگہ گہرا دفن کر دے اگر دفن نہ کرے گا یا کوئی شخص اسے کھا لے گا تو دیوانہ ہو جائے گا اور طالب کا کام بھی نہ ہوگا۔ پھر گولیوں کو دریا میں ڈال کر اور ایک نقش ہمراہ لے کر گھر واپس آ جائے اور اس کو طالب اپنے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ مطلوب کے گھنٹے کے بعد حاضر ہو کر اس اطاعت و فرماں برداری کرے گا۔ اگر نہ آئے تو دیوانہ بن جائے گا نقش یہ ہے۔

عزرائیل

۷۸۶

جبرائیل

۱۲۰	۳۲	۴۰	۸۰
۴۸	۷۲۰	۱۲۸	۲۴
۹۶	۵۶	۱۶	۱۰۴
۸	۱۱۲	۸۸	۶۴

اسرافیل

میکائیل

عام قبولیت کیلئے :

پارہ دَمالی ۲۴ کی سورۃ زُمَر کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو خلقت کی نظروں میں محبوب ہو۔

۲۔ اَلْمُحْصِیُ ۔ روٹی کے بیس بار پڑھ کر کھائے تو خلقت مسخر ہو جائے

۳۔ پارہ سَقَر رکوع ۹ کی آیات اَنَا فتحنا سے حکیمانک ہرن کی جھلی پر مشک زعفران و گلاب سے باوضو لکھ کر ٹوپی میں رکھے اور جب تک ٹوپی پہنے باوضو رہے ۔ قبولیت عام حاصل ہوگی ۔

۴۔ اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْم کی کثرت کرے یا لکھ کر باندھے تو مکروہات سے امن میں رہے اگر اس کو لکھ کر پانی سے دھو کر وہ پانی کسی درخت کی جڑ میں ڈال دے تو اس میں پھل بکثرت پیدا ہوں اگر کسی کو گھول کر پلا دے تو اس کے دل میں محبت پیدا ہو ۔

اس کی محبت میں سرگرداں ہو جائے ۔ بشرطیکہ محبت جائز ہو۔

۵۔ شب جمعہ میں روٹی کے بیس ٹکڑوں پر اَلْعَدْل لکھ کر کھائے تو مخلوق کے قلوب مسخر ہو جائیں ۔

۶۔ اَلْوَدُوْد حریر کے کپڑے میں ۳۵ بار لکھ کر پاس رکھے تو لوگوں کے دلوں میں محبوب ہو جائے ۔

پیغام نکاح کی قبولیت وغیرہ کیلئے

جمعرات کے روز کسی طالعمند آدمی کے کرتے کے ٹکڑے پر یہ آیات قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ سے وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم تک پارہ تلک الرسل

رکوع ۱۶ بار ضو مکمل کر دوکان۔ مکان یا خرید و فروخت کی جگہ پر لٹکا دے تو خوب آمدنی ہو۔

اگر کاغذ پر لکھ کر کسی بے کار آدمی کے بازو پر باندھ دے تو باکار ہو جائے جس نے کہیں نکاح کا پیغام بھیجا ہو اس کے بازو پر باندھا جائے تو اس کا پیغام بفضلہ تعالیٰ منظور ہو جائے

مطلوب کو مہربان کرنے کیلئے:

بروج ماہ میں دوشنبہ کے روز توت کے عرق سے ہرن کی جھلی پر یہ آیات وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا سے ھم الْمُفْلِحُوْنَ تک ۱ پارہ لن تنالوا رکوع ۲ لکھ کر آخر میں یا مؤلف القلوب الف بین فلاں و فلاں لکھے اور طالب کے بازو پر باندھے تو مطلوب مہربان ہو جائے

عداوت ہو تو بھی دوستی سے متبدل ہو جائے۔ اگر غضبناک ہو تو مہربان ہو جائے۔ اور اقبال و جاہ میسر ہو۔ اگر واعظ اپنے پاس رکھے تو اس کا وعظ مقبول و موثر ہے۔

ترقی رزق اور زوجہ کا محبوب بننے کے لیئے:

جو شخص پارہ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ سے سورہ یوسف کمل کر پڑھے اس کے رزق میں برکت ہو اور ہر شخص کے نزدیک باقدر ہو۔ اگر تعویذ بنا کر باندھے تو اس کی بیوی سے بہت چاہنے لگے۔

۱۔ جو شخص اسم اَلْوَدُوْدُ کو ایک ہزار بار پڑھ کر کھانے پر دم کر کے بی بی کے ساتھ بیٹھ کر کھائے تو وہ محب اور فرمان بردار ہو جائے

۳۔ اگر نافرماں بیوی یا اولاد کی پیشانی پکڑ کر اسم الشہید پڑھے یا ایک ہزار بار پڑھ کر ان پر دم کرے تو وہ فرماں بردار ہو جائیں۔

۴۔ جو شخص ایک ہزار بار المغنی پڑھے تو نگر ہو جائے اگر مشغولی جماع کے خیال سے پڑھے تو بیوی اس سے بہت محبت کرنے لگے۔

آسانی نکاح وغیرہ کے لئے

جو شخص پارہ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ میں سے سورہ طٰہٰ لکھے اور حریر کے سبز کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھے۔ پھر جہاں پیغام نکاح کا بھیجے کامیابی ہو۔ اگر دو شخصوں یا دو لشکروں میں صلح کرانا چاہئے تو وہ انکار نہ کریں۔ اگر اس کو دھو کر پی لے تو بادشاہ سے مقصد برآری ہو۔ اگر کسی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو۔ اس کے پانی سے اسے غسل دیں تو نکاح میں آسانی ہو۔

۲۔ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ سے لِلتَّقْوٰى تک پارہ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ رکوع کو لکھ کر باندھے۔ اگر شادی نہ ہوتی ہو تو ہو جائے۔ نسیان ہو تو زائل ہو جائے مریض ہو تو تندرست ہو جائے اور فقیر ہو تو تونگر بن جائے۔

مہمات دارین کی آسانی کیلئے

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط۔ ہر روز سات بار یہ آیت پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسکی آخرت اور دنیا کی تمام مہموں کی کفایت کرے گا۔ خواہ صدق دل سے پڑھے خواہ یونہی زبانی پڑھ لے یہ بڑا فائدہ اس آیت کے لئے مخصوص ہے۔

ظالم سے حفاظت اور دشمن کی ہلاکی و بربادی کے مجرب اعمال

عداوت و دشمنی کا انحصار زیادہ تر تعصب و جہل۔ نادانی و غلط فہمی۔ اور قوم حسد و بغض و کینہ پر موقوف ہے۔ غیبت اور چغلی جلتی آگ پر تیل کام دیتے ہیں۔ خدا ان بلاؤں سے محفوظ رکھے۔

وہ مسلمان جو اقوام عالم کے لیے شمع ہدایت بن کر آئے تھے۔ وہ اکثر و بیشتر ان مصائب میں مبتلا پائے جاتے ہیں۔ شب و روز آپس میں جھگڑتے رہنا آج ان کی زندگی کا معمولی مشغلہ ہو چکا ہے۔ گفتگو میں نرمی و اخلاق کی بجائے تلخی و درشتی اور کج بختی ان کا شعار ہے۔ بات بات پر وہ ایک دوسرے کے شدید دشمن بن جاتے ہیں جس کا سلسلہ مدتوں جاری رہتا ہے۔ حالانکہ اس بارے میں حدیث قدسی ہے کہ کسی مسلمان کو دوسرے مسلمان کے ساتھ تین روز سے زیادہ دشمنی نہ رکھنی چاہیئے

بلاشبہ مصلحت بینی اور مآل اندیشی پر مبنی ہونے کے لحاظ سے یہ حکیم صلاح خیر کا مشورہ ہے۔ لیکن آہ! آج ہم ناقص مسلمانوں کی یہ حالت ہو گئی ہے کہ جو شخص اس حکم کے تحت صلح کا قدم بڑھانے پر آمادہ ہو اسکو اپنے مخالف کی جانب سے هٰذَا فَتْحٌ مُّبِيْنٌ کا نعرہ سننے کے لئے بھی تیار ہونا پڑتا ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ ایسے موقع پر اسی نام نہاد مسلمان مخالف کو مدعی اور صلح کی آڑ میں منافقانہ کارروائیوں کا ایسا موقع حاصل ہو جاتا ہے۔ جس کا آماجگاہ بننے کے لیے جلدی سے تیار ہو جانا قیامت سے کم نہیں۔

حاصل کلام یہ کہ مسلمان کو مسلمان سے تین دن سے زائد عداوت رکھنا ہرگز روا نہیں لیکن وہ مسلمان جو ذاتی اغراض پر خدا اور رسول کے احکام کو قربان کرڈالنے کا عادی ہو اُس سے صلح و صفائی کے لیئے ہاتھ بڑھاتے وقت دانائی و تدبر سے کام لینا بھی تعلیم اسلامی کے منافی نہیں۔ لہٰذا بقول خواجہ حافظ جہاں تک ممکن ہو ؎

با مسلمان اللہ اللہ با ہنود واں رام رام

سے کام لینا چاہیئے۔ مگر جیسا کہ عام طور پر دیکھنے میں آتا ہے۔ اکثر اوقات صلح کل اصحاب کو بھی دشمنی اور مخالفت سے محفوظ رہنا ناگزیر ہو جاتا ہے تو پھر حتی المقدور ایسے سفلہ اشخاص کی شرارتوں کو انگیز کرنا لازم ہے ورنہ اکثر شرارت کا جواب شرارت سے دیا جائے۔ اور پھر عملیات کے ذریعہ بھی دشمن کو زک پہنچانے کا خیال ہو تو بہت ممکن ہے کہ جو کنواں مخالف کے لیئے کھودے اس میں خود ہی نہ کے بل جا گرے۔ یعنی عمل کی تاثیر برعکس ثابت ہو۔ بالفاظ دیگر دشمن کے ساتھ انتقام کا ارادہ کرنے سے پہلے اپنے مبنی برحق ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ کر لینا ضروری ہے تاکہ دشمن اور اسکی دشمنی کا صحیح امتیاز ہو سکے۔ اس کے لیئے بڑی وسیع الخیال اور فراخ حوصلہ ہونے کی ضرورت ہے۔

خصوصیت سے اہل اسلام کو معاملات باہمی میں ان امور کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے۔ ورنہ ایسے لوگوں کے حق میں جن کا مقصد وحید فساد فی الارض اور مخلوق خدا کو ایذا رسانی کے سوائے نہیں یا جن کا منتہائے مقصود بیجا دشمنی۔ ناروا تفوق۔ جبر ظلم سے دنیا کمانا اور غضب حقوق کرتے رہنا ہی ہے یا جنہوں نے مسلمانوں کے خلاف جا و بجا جلال کا صحیح نمونہ ثابت ہوں گے۔ انشاء اللہ العزیز۔ وہوندا۔

جن وانس کے ایذا سے حفاظت وغیرہ کے لیئے!

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ سے خَالِدُوْنَ

تک جو شخص ان آیتوں کو ہر نماز کے بعد پڑھتا رہے۔ شیطان کے وسوسہ اور سرکش شیاطین کے مکر و ایذا سے محفوظ رہے۔ فقیر ہو تو غنی ہو جائے۔ اور ایسی جگہ سے رزق ملے جہاں گمان بھی نہ پہنچتا ہو۔ اور جو صبح و شام۔ نیز گھر میں جانے اور بستر پر سونے کے وقت ہمیشہ پڑھا کرے اس کو غرق ہونے جلنے اور چوری و مرض اور ہر قسم کے خوف و اندیشہ سے امن نصیب ہو اگر اس کو ٹھیکریوں پر لکھ کر غلہ میں رکھ دے تو اس میں برکت ہو اور چوری و گھن سے محفوظ رہے۔ اگر اس کو لکھ کر اپنی دکان یا مکان میں کسی اونچی جگہ رکھ دے تو رزق بڑھے۔ کبھی فاقہ نہ ہو۔ نہ وہاں چور آئیں۔ اگر سفر یا کسی خوف ناک جگہ میں رہنے کا اتفاق ہو تو یہ آیات مع سورہ اخلاص و معوذتین اور آیہ قُلْ لَّنْ یُّصِیْبَنَآ اِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰہُ لَنَا سے اَلْمُؤْمِنُوْنَ تک پڑھ کر اپنے گرد ایک دائرہ کھینچ لے انشاء اللہ تعالیٰ کوئی جن وانس یا موذی جانور ایذا نہ پہنچا سکے گا۔

۱۔ المہیمن نگین پر پانچ بار کندہ کرا کے پہنے تو ظالموں شیاطین اور جن وانس کے ظلم سے محفوظ رہے۔

۲۔ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْیَنَ سے ظالمین تک بکثرت پڑھے تو ظالموں کے شر سے محفوظ رہے۔

ظالم کے پنجہ سے رہائی کیلئے


رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ ھٰذِہِ الْقَرْیَۃِ الظَّالِمِ اَھْلُھَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ

لَدُنْكَ وَلِيًّا ج وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝ اگر کسی ظالم و بدکار کے شر یا موضع میں گرفتار ہو اور نجات محال ہو تو اس آیت کو بکثرت پڑھے اور اللہ سے اپنی رہائی کے لیئے دعا مانگے رہا ہو جائے گا۔

برائے بغض و عداوت جائز:

وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

جب دو آدمیوں میں جدائی و دشمنی ڈالنا چاہے تو اس آیت کو بوج تیر پر لکھ کر اس کے نیچے یہ نقش لکھے۔



نقش کے نیچے یہ لکھے کہ فلاں فلاں کے درمیان تفریق واقع ہووے۔ فلاں کی جگہ ان اشخاص کا نام لکھے جن میں جدائی ڈالنی ہو اور تعویذ بنا کر پرانی قبروں کے درمیان دفن کر دے۔ مگر ناحق کے لیئے ہرگز نہ کرے ورنہ گنہگار ہوگا۔

دشمن کا شر دفع کرنے کیلئے

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا ط وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ط۔

جس کو دشمن یا کسی طرح کی مصیبت و بلا کا خوف ہو۔ وہ اس کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ دشواری رفع ہو جائے گی۔

۲۔ دفع دشمن کے لیئے اس عمل کی مداومت نہایت مجرب ہے کہ فجر کی نماز میں پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ الم نشرح اور دوسری میں بعد فاتحہ سورہ فیل بالالتزام

پڑھا کرے تو اس پر کبھی دشمن کا قابو نہ چلے گا۔

۲۔ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ

۳۔ اَنَابَ ، جب کسی شریر ظالم کو شر سے لگانا ہو تو سات سرخ گوبھیوں پر ایک ایک بار سات دن تک پڑھے اور ہر روز پڑھ کر ان گوبھیوں کو کنوئیں میں ڈالتا جائے۔ اس عمل میں ترک حیوانات لازم ہے۔ اور ناجائز طور پر عمل نہ کرے۔ ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

دشمن کو ضرر پہنچانے کے لیے:

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ ۪ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ

یک جس دشمن کو شرعاً ایذا پہنچانا جائز ہو۔ اس کے بدن کا کپڑا لے کر اس پر اس کا اور اس کی ماں کا نام سات مرتبہ لکھیں پھر اس کے گرد ایک دائرہ کھینچ کر اس میں یہ آیات لکھیں پھر اس پر ایک دائرہ کھینچیں اس طرح تین دائرے بناتے جائیں۔ پھر اس کپڑے کو لپیٹ کر مٹی کے کسی کورے برتن میں رکھ کر شنبہ کے روز اس کے گھر میں ایسی جگہ دفن کر دیں جہاں کسی کا پیر نہ پڑے

ظالم کو مسلوب کرنا:

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۭ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ۭ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۪ وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ۭ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۔ جو شخص اپنی ذہانت سے ظلم کے طریقے ایجاد کر کے لوگوں کو ستاتا ہو تو شنبہ کے روز یہ آیت کسی

مٹھائی پر لکھ کر اس کو بنا منہ کھلائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ پھر کوئی بات اس کی سمجھ میں نہ آئے گی۔

۲۔ قُلْ یٰاَھْلَ الْکِتٰبِ ھَلْ تَنْقِمُوْنَ سے سوائے اَنَّ اَکْثَرَکُمْ فٰسِقُوْنَ تک ہر نماز عشاء میں ستانے اور ظلم کرنے کا عادی ہو تو پنجشنبہ کے روز روزہ رکھ کر بعد نماز عشاء یہ آیات کسی وقفی گھر کی ایک مٹھی خاک پر تین بار پڑھ کر دم کرکے اس ظالم کے گھر میں پھینک دو۔ پھر دشمن کی روسیاہی اور کنڈ ذہی کا تماشہ دیکھو۔

دشمن پر فتحیابی وغیرہ کیلئے

اَلَمْ تَرَ اِلَی الْمَلَاِ مِنْ بَنِیْ اِسْرَآءِیْلَ سے ظٰلِمِیْنَ تک امام غزالی فرماتے ہیں کہ قرآن مجید میں یہ چار آیات ہیں جن میں دس دس حرف ہیں تو مجموعہ چل حرف ہوا ان کو آیات حزب بھی کہتے ہیں۔ ایک آیت تو یہی ہے جو اوپر گزری دوسری آلِ عمران میں ہے لَقَدْ سَمِعَ اللّٰہُ قَوْلَ الَّذِیْنَ قَالُوْا سے اَلْحَرِیْقِ تک تیسرا سورہ نساء میں اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ قِیْلَ لَھُمْ سے فَتِیْلًا تک چوتھی سورہ مائدہ میں وَاتْلُ عَلَیْھِمْ نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ سے الْمُتَّقِیْنَ تک۔ ان کی خاصیت جاہ منزلت اور غلبہ بمقابلہ اعداء ہے۔ اگر پرچم پر لکھ لیا جائے تو دشمنوں پر فتح و ظفر حاصل ہو۔ اور اگر کاغذ پر لکھ کر سر میں رکھ کر امراء و حکام کے پاس جائے تو قدر و عظمت بڑھے۔

۲۔ یٰاَیُّھَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْکُمْ بُرْھَانٌ سے صراط مستقیما تک بخت میں دشمن پر غالب آنے کے لیے پنجشنبہ کے روز روزہ رکھے اور ایک چمڑے کے ٹکڑے پر لکھ کر باندھ لے اگر دولہا دلہن گلاب زعفران سے لکھ کر اپنے عمامہ پر یا

یا پیشانی پر باندھے یا لکھ کر پی لے تو وجاہت زیادہ ہو۔

۳۔ ہرن کی جھلی پر سورہ ھو لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے اس کو ایسی قوت و نصرت عطا ہو کہ اگر سو آدمیوں سے بھی مقابلہ ہو تو سب پر ہیبت چھا جائے تو اس کے خلاف کوئی اس سے گفتگو نہ کر سکے۔ اگر زعفران سے لکھ کر تین روز صبح و شام پی لے تو قلب قوی ہو جائے اور کسی کے مقابلے اس کو خوف نہ ہو۔

۴۔ اِنِّی تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ رَبِّی وَرَبُّکُمْ سے حفیظ تک جب کسی ظالم آدمی یا موذی کا اندیشہ ہو اس کو بکثرت سر وقت پڑھتا رہے اگر تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں ڈالے تو امراض سے محفوظ رہے۔

۵۔ ہرن کی جھلی پر سورۃ النجم لکھ کر باندھنے سے سب پر غالب رہے۔

۶۔ مقابلہ دشمن کے وقت سورہ الفیل پڑھے تو بفضلہ اس پر غلبہ نصیب ہو

۷۔ خرگوش کی جھلی پر سورہ اخلاص لکھ کر اپنے پاس رکھے تو کوئی موذی جن و انس یا جانور پاس نہ آ سکے۔

۸۔ سَیُہْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ مٹی پر پڑھ کر دشمن کی طرف پھینکے تو اسکو شکست ہو۔

۹۔ تنہائی میں تین سو بار سورہ اَنَا اَعْطَیْنٰکَ پڑھنے سے دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔

۱۰۔ دشمنوں پر فتح و ظفر پانے کے لئے یہ دعا دن رات بکثرت پڑھتا رہے انشاء اللہ اس پر دشمن غالب ہو سکے گا نہ اس پر تیر و تلوار کا وار چلے گا۔ جب تک اس دعا کا ورد رکھے اسے کوئی دکھ درد نہ پہنچے گا۔ حتی کہ موت بھی نہ آوے گی۔ جب اللہ تعالیٰ اس کی روح قبض کرنا چاہے گا اسے

اس دن یہ دعا پڑھنے کی توفیق عطا ہو گی وہ دعا یہ ہے
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا وَاُحَرِّسُ نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ وَ
اَھْلِیْ وَمَنْ حَضَرَنِیْ وَمَنْ غَابَ حَفِیْ بِالْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَالْجَاءُ ظَھْرِیْ
فِیْ حِفْظِہٖ وَاٰیَاتُہٗ اِلَی الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَاَصْحَبْتُ وَاَمْسَیْتُ فِیْ
جَوَارِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یُرَامُ وَلَا یُسْبَاحُ وَفِیْ ذِمَّتِہٖ وَضَمَانِہِ الَّذِیْ
لَا یُخْفَرُ فَتَانَ عَبْدُہٗ وَاَسْتَمْسِکُ بِعُرْوَۃِ اللّٰہِ الْوُثْقٰی رَبِّیْ وَرَبُّ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَاعْتَصَمْتُ
بِاللّٰہِ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ نِعْمَ الْقَادِرُ الْمُھَیْمِنُ اللّٰہُ خَیْرٌ
حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ
وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ عَدَدَ خَلْقِہٖ وَرِضَآءَ نَفْسِہٖ وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ وَ
مِدَادَ کَلِمَاتِہٖ ۔ اس کے بعد یہ آیات بھی پڑھے تو مناسب ہے۔
لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ
عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ
اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

آنحضرت نے فرمایا کہ جو شخص لَقَدْ جَآءَکُمْ سے آخر سورۃ براۃ تک دو آیتیں پڑھے وہ اس دن میں نہ مرے گا اور ایک روایت میں ہے کہ وہ اس دن قتل نہ کیا جائے گا۔ نہ اس پر لوہے کا دھار ہتھیار چلے گا۔ اور جو شخص کسی رات میں ان دونوں آیتوں کو پڑھے اس کو بھی یہی فائدہ حاصل ہو گا۔

۱۱۔ سورہ نصر کسی ہتھیار پر نقش کر کے دشمن کے مقابلہ کو جائے تو فتح پائے۔ ظالم کے پاس جاتے وقت موذتین پڑھے۔

ظالم کے خانہ ویرانی کے لیے

۱۔ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَعَدُوَّکُمْ سے کَافِرِیْنَ تک۔ جب کسی ظالم یا دشمن کو ویران کرنا منظور ہو تو پہلے کسی عالم یا بزرگ خدا دوست سے اجازت لے کر اس ظالم کو سخت نقصان پہنچانا شرعاً جائز ہے یا نہیں اس کے بعد شنبہ کے دن ایک مٹی کی کچی ٹھیکری بنا کر اسی دن کسی پرانے قبرستان کی پھر کسی ویران گھر کی پھر کسی خالی گھر کی جس کے رہنے والے سب مر چکے ہوں تھوڑی تھوڑی مٹی سے کر آیات صدر کو اس ٹھیکری پر لکھ لو اور خوب باریک پیس کر دوسری مٹیوں کے ساتھ ملا کر اس کے گھر میں شنبہ کے روز پہلی ساعت میں پھینک دو۔

۲۔ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُکِّرُوْا سے رَبِّ الْعَالَمِیْنَ تک۔ جب ظالموں کو خانہ ویران اور ان کی جماعت کو پریشان کرنا مقصود ہو تو ان آیتوں کو کسی ذبح شدہ جانور کی پرانی ہڈی پر لکھ کر پھر اس کو باریک کوٹ کر اس گھر میں ڈال دے

۳۔ دشمن کی بربادی اور خانہ ویرانی کے لیے۔ اتوار کے روز طلوع آفتاب سے پہلے درخت بید کے تین پتے اس طرح سے کہ اس کو کوئی نہ دیکھے اور ہر پتے کے ایک رُخ پر یہ آیات وَلَوْ تَرٰٓی اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ سے تَزْعَمُوْنَ تک لکھے۔ اور دوسرے رُخ پر اُن لوگوں کے نام لکھے۔ مگر لکھتے وقت بھی کوئی نہ دیکھے۔ پھر ہر روز ایک ایک پتہ ان کے پینے کے پانی میں ڈال دے یا ان کے گھر میں جس جگہ موقع ہو رکھ دے

ظالم و دشمن کے شر سے کفایت کیلئے

اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ فِی السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ سے وَنِعْمَ اَجْرُ الْعَامِلِیْنَ تک

یہ آیات تیزی نفس اور غضب کے سکون اور جابر سلطان و جاہل دشمن کے لئے ہیں چاہیے کہ شب جمعہ میں بعد نماز عشاء کاغذ پر لکھ کر باندھ دے اور صبح کو ان لوگوں کے پاس جائے خدا چاہے تو ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

۱۔ جو شخص اَلَّذِیْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ سے ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ تک ایک پرچہ پر لکھ کر نگین انگشتری کے نیچے رکھے اور وہ انگشتری پہن کر کسی جابر حاکم کے پاس جائے تو خدا اس کے شر سے محفوظ رکھے۔

۲۔ فَسَنَدْعُ الزَّبَانِیَةَ سے بِالْعِبَادِ تک ظالم کے سامنے پڑھے تو اس کے شر سے محفوظ رہے۔

۳ سورہ شوریٰ لکھ کر پاس رکھے تو لوگوں کے شر سے محفوظ رہے۔

۴۔ دشمن کے مواجہ میں سورۃ النازعات پڑھے تو اس کے شر سے محفوظ رہے

۵۔ سورۃ النبا کو پڑھ کر یا باندھ کر حاکم کے پاس جائے تو اس کے شر سے محفوظ رہے۔

۶۔ اگر زمین میں پیمائش ہوتے وقت زیادتی محصول کا اندیشہ ہو تو یہ چار آیتیں چار پرچوں پر لکھ کر چاروں گوشوں میں دفن کر دے تو اس عمل سے زمین پیمائش میں گھٹ جائے گی۔

۱۔ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا نَاْتِی الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا۔

۲۔ یَوْمَ نَطْوِی السَّمَاءَ كَطَیِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ۔

۳۔ اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّكَ كَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا

۴۔ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ یُسْرُوْنَ۔ تک دفن کرتے وقت یہ چاروں پرچے کپڑے میں لپٹے ہوئے چاہئیں اور جب کام ہو چکے فوراً نکال لینا چاہئے۔ تاکہ کلام الٰہی کی بے حرمتی نہ ہو۔

انبیاء و صبح و شام ۲۱۶ بار پڑھے تو ظالموں کے شر سے محفوظ رہے۔
۸۔ عمل دشمنوں اور چوروں سے حفاظت اور ہر آفت سے بچے رہنے کے لیے مجرب ہے یعنی جو شخص اسم یا حفیظ مع آیات ذیل کے پڑھا کرے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ کوئی ناگوار امر نہ دیکھے گا۔
فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۔ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ۔ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۔
اَللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ وَمَا اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ وَّمَا اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِمُحَفِّظٍ وَّاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً اَنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ وَّحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ الرَّجِيْمِ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ وَّحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ۔ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۔ ۵
۹۔ اگر آدمی ایسے شخص کے پاس جائے جس سے شر کا خوف ہو تو یہ پڑھے رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۔ خدا کے فضل سے وہ کچھ ضرر نہ پہنچا سکے گا۔
۱۰۔ دشمنوں کا شر دفع کرنے اور ہر بلا سے حفاظت کے لیے یہ تکرار آیات بلحاظ معنی در ہر اوقات دن رات میں اکتالیس دفعہ معوذتین کا پڑھنا مجرب ہے
۱۱۔ شر اعداد کے دفعیہ کے لیے ہر نماز کے بعد پانچ بار آذان کہے اور

بعد سنت فجر ایک سو ایک بار آیتہ کریمہ پڑھے۔ اگر ہو سکے تو روزے کے بھی تین سو ساٹھ بار سجدے میں آیتہ کریمہ پڑھتا رہے۔ ہر حاجت کے لیئے عموماً اور شر اعدا کے لیئے خصوصاً مجرب ہے۔

۱۲۔ جمعہ کے روز بعد نماز عصر آباد مسجد میں نماز ادا کرنے کی نیت سے شام تک بیٹھا ہوا اول و آخر درود شریف پڑھ کر یہ دعا کثرت پڑھتا رہے

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ سات جمعہ تک برابر اسی طرح عمل کرے دشمنوں کا شر رفع کرنے کے لیئے مجرب ہے

دشمنوں کو منتشر کرنے کیلئے

وَقَالَتِ الْیَهُوْدُ یَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ سے لَا یُحِبُّ الْمُفْسِدِیْنَ تک جب کوئی مجمع ناجائز غرض پر متفق ہو جائے اور ان کو منتشر کرنا منظور ہو تو اُن میں سے جو سب سے بڑا عمر والا اور جو سب سے چھوٹی عمر والا آدمی ہو اُن دونوں کے تھوڑے تھوڑے بال لے کر آگ میں خاکستر کر دو پھر یہ آیات کسی بڑے پاک برتن میں لکھو اور اُسے برگ حرمل (اسپند) کے عرق سے دھوکر وہ پانی اور راکھ اُس مقام میں ڈال دو۔ انشاء اللہ پھر ہرگز اجتماع نہ ہوگا۔

۲۔ سورۃ النحل کو لکھ کر جس باغ میں کھدے اُس کے درختوں کا پھل جاتا رہے۔ کسی مجمع کی جگہ رکھدے تو وہ بھی پراگندہ و تباہ ہو جائیں۔ اِسی وجہ سے حد شرعی میں صرف ظالم کے لیئے یہ عمل کرے

۳۔ اگر سورہ فرقان کو تین بار لکھ کر باندھ دے تو کوئی موذی جانور ایذا نہ پہنچا سکے اگر شریروں کے درمیان جا پہنچے تو اُن کا مجمع منتشر ہو جائے اور کوئی مشورہ

ان کا درست نہ ہو۔

ہلاکت ظالم وغیرہ کیلئے

۱۔ اَلْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْقَوِیُّ الْقَاہِرُ۔ بہ نیت ہلاکت ظالم کے جو شخص تواتر ان اسماء کو کامل طہارت سے لکھے انشاء اللہ وہ ہلاک ہو جائے

۲۔ وَالَّذِیْنَ لَمْ یَسْتَجِیْبُوْا لَہٗ سے وَبِئْسَ الْمِہَادُ تک اور اَلَّذِیْنَ یَنْقُضُوْنَ عَہْدَ اللّٰہِ سے سُوْءُ الدَّارِ تک جو شخص اپنے دشمن کو ہلاک کرنا چاہے تو قمری مہینہ کی ۲۸ تاریخ کو روزہ رکھے اگر اتفاق سے وہ تاریخ شنبہ کے روز آپڑے تو خوب ہے پھر جو کی روٹی سے افطار کر کے آدمی رات کو اٹھے اور جنگل میں یا خالی مکان کی چھت پر جا کر کندر اور سندروس کی دھونی سلگائے۔ پھر یہ دونوں آیات سات مرتبہ پڑھے اور اس کے لیئے بددعا کرے۔ مگر حد شرعی سے تجاوز نہ کرے۔ یعنی جس قدر نقصان پہنچانا اس کو شرعاً جائز ہو۔ اس سے زیادہ بددعا نہ کرے۔ انشاء اللہ ذلیل ہوگا۔

۳۔ وَمَثَلُ کَلِمَۃٍ خَبِیْثَۃٍ سے قَرَارٍ تک ظالموں کی خانہ ویرانی اور تباہی کے لیئے بدھ کے روز مٹی کی ایک مربع تختی قبل از طلوع آفتاب تیار کر کے اس کو سایہ میں سکھالے۔ پھر آئندہ بدھ کو چوب بر نوک کے قلم سے اس پر آیات لکھے۔ پھر اس تختی کو باریک پیس کر ظالم کے گھر، کھیت یا باغ میں چھڑک دے۔ اگر شنبہ کے روز ذبیحہ کے دباغت شدہ چمڑے پر نزول ماہ میں لکھ کر وہ چمڑا اس کے پینے کے پانی میں ڈال دے تو وہ بیمار ہو کر ہلاک ہو جائے (حد شرعی کا لحاظ

ضرور رکھنا چاہیئے۔

۴۔ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ سے اَحَدًا تک جو شخص سوزی دشمن کرنا یا کرنا چاہے پنجشنبہ اور جمعہ کو روزہ رکھے اور شنبہ کی نصف شب کو ایک ایسی پرانی کنگھی پر جو گھوڑے کے اوپر سے اٹھائی گئی ہو اس آیت کو لکھے اور کسی راہب کے کرتے کے کپڑے میں لپیٹ کر اس شخص کے رہنے کی جگہ دفن کر دے

حاکم ظالم کی پریشانی کیلئے

شب تاریخ میں کسی بڑی نئی رکابی پر سورۃ الرعد ایسے وقت جب کہ رعد و برق ہو لکھ کر آب باراں سے دھو کر شب تاریک میں ہی اس پانی کو حاکم ظالم کے دروازے پر چھڑک دے۔ انشاء اللہ اسی دن معزول ہو جائیگا بقول امام صاحب جو شخص اس کو عشاء کے بعد اندھیری رات میں آگ کی روشنی میں لکھ کر اسی وقت بادشاہ یا حاکم ظالم کے دروازے پر ڈال آئے اسکی رعایا اور لشکر اس سے برگشتہ ہو جائے۔ کوئی اس کا کہنا نہ مانے اور اس کا دل خوب تنگ ہو۔

۲۔ جو شخص سورۃ الحج کو تمام و کمال لکھ کر ظالم کے جہاز میں ڈال دے تو تباہی میں مبتلا ہو۔ اگر ظالم حاکم کی قیام گاہ میں ڈال دے تو وہ وہاں سے دفع ہو

۳۔ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ سے اَلصَّمَدُ تک ظالم کی ہلاکی اور ویرانی کیلئے چونگی کا محصول وصول کرنے والے شخص کے درخت کے سات پتے اس طرح سے کہ شنبہ کے روز قبل از طلوع آفتاب

پلا پتے کے اور اس کے دونوں طرف یہ آیت لکھ کر اس کو سایہ میں
جہاں دھوپ نہ آتی ہو خشک کرے اسی طرح سات روز تک کرے
پھر سب پتوں کو باریک کوٹے اور کوٹتے کے وقت اس شخص کا نام
بتارہے۔ پھر اس کے گھر میں ڈال دے

بدگو کی زبان بندی کے لیے

وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ سے حَكِيْمٌ تک آیات کو انگور سفید کے
پانی پر پڑھ کر اس میں تھوڑی شکر اور ڈال کر حلوا بنائے اور جس کسی
بدگو یا بدزبان وغیرہ کی زبان بندی مقصود ہو اس کو کھلائے۔ پھر
یہ آیات آتش نارسیدہ شہد سے مٹی کی ٹھیکری پر لکھ کر پانی ڈال کر
اس بدگو کو پلایا جائے۔

1. دشمن کی زبان بندی کے لیے ایسی پاک مٹی پر جس پر کوئی چلا نہ ہو وَاِذَا سَاَلَهُمْ
يُؤْفَكُوْنَ تک پڑھ کر تھوڑی سی مٹی اس کی بے خبری میں اس کے منہ پر ڈلوا دے
2. اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ کے پڑھنے سے
دشمن کی زبان بند ہو۔

اگر پاک وصاف جھلی میں زعفران اور گلاب سے يَرْجِعُوْنَ تک بحالت
طہارت اپنے پاس لکھ کے رکھے تو ہر بدزبان کی زبان اس سے بند رہے
اور جو اسے دیکھے بعاجزی پیش آئے اور مطیع ہو

ظالم کو بیمار کرنے کیلئے

سورۃ الرّوم لکھے اور آب باراں

اس میں ملا کر سٹی کے برتن میں رکھ کر ظالم کو پلائے۔ بیمار ہو جائے گا۔

ظالم کو حیرت زدہ کرنے کے لیئے :

دشمن و ظالم پر دہشت و حیرت غالب کرنے کے لیئے جائز طریقے اس کا کپڑا لے کر یہ آیات لکھے کذالک یطبع اللہ سے آخر تک اور اس کپڑے کو اپنے پاس رکھے

دشمن اور اعدائے دین پر غلبہ کیلئے

اِنَّا جَعَلْنَا فِیْ اَعْنَاقِھِمْ سے لَا یُبْصِرُوْنَ تک اگر ڈھال وغیرہ پر لکھ کر اعدائے دین کا مقابلہ کرے تو غالب آئے اگر بستر پر پیٹ کر پڑھے تو چور اور مفسد سے محفوظ رہے اگر دو شخص جھگڑا کرتے ہوں اس وقت پڑھ دے تو ناحق جھگڑنے والا مغلوب اور نیند ہو جائے۔

۲۔ اَلْقَوِیُّ کم ہمت پڑھے تو باہمت ہو اکمزور پڑھے تو زور آور ہو۔ اگر مظلوم اپنے ظالم کو مغلوب کرنے کو پڑھے تو وہ مغلوب ہو جائے

۳۔ اَلشَّھَادَۃ دو رکعت پڑھ کر اس کو ۱۰۰ بار پڑھے تو فوت نصیب ہو اگر وضو کرتے ہوئے اسکی کثرت رکھے تو دشمنوں پر غالب ہو۔

۴۔ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ بمقابلہ دشمن پڑھے ظفر پائے اور دشمن کی شکست ہو جناب رسول اللہ نے بعض غزوات میں یہ کلمہ فرمایا ہے۔

۵۔ سورہ کوثر تنہائی میں تین سو بار بہ نیت ظفر اعدا پڑھے تو خدا اس کی مدد کرے اور دشمن پر غالب رہے۔

(۱۶) وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى اور اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ سے اَسْتَنْتَا تک پڑھ کر پاک مٹی پر دم کرکے دشمنوں کی فوج پر پھینکے بحکم خدا وہ سب بھاگ جائیں اور کامل شکست پائیں۔

دشمن کی نظر سے غائب ہونے کے لئے

ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ ایک مقام پر لڑائی ہو رہی تھی۔ میں نے اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ پڑھ کر زمین پر ہاتھ مار کر اس طرف کو مٹی پھینکدی۔ پھر کچھ ہاتھ رکھ کر یہ آیات پڑھیں

فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيقًا فِي الْبَحْرِ سے لَا تَحْسَبَنَّ تک وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيهِمْ سَدًّا سے لَا يُبْصِرُونَ تک پڑھ کر ایک درخت کے نیچے بیٹھ رہا۔ مخالفین وہاں پہنچ کر کہنے لگے کہ ابھی تو وہ شخص یہاں تھا کہاں گیا اور ان کو نظر نہ آئے۔

دشمن سے انتقام کے لئے:

جو شخص اپنے ظالم دشمن سے انتقام لے سکتا ہو وہ اَلْمُنْتَقِمُ کی کثرت رکھے اللہ تعالےٰ اس سے خود انتقام لیں گے۔

دفع شرارت جانور کے لئے:

شریر جانور کے کان میں یہ آیت پڑھے اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ دَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝ تو اس جانور کی شرارت جاتی رہے۔

حفاظت از قتل وغیرہ کے لیئے :

اگر کسی کو اپنے قتل کیئے جانے یا سخت تکلیف کا خوف ہو تو ایک سیاہ بکری لے کر (جس میں قربانی کے سب شرائط موجود ہوں۔ یعنی کان کٹی۔ لنگڑی سینگ ٹوٹی وغیرہ نہ ہو) علیحدہ جگہ میں جہاں کوئی نہ دیکھے رو بقبلہ ذبح کرے اور ذبح کرتے وقت یہ کہے۔

اَللّٰھُمَّ ھٰذا لَکَ اَللّٰھُمَّ ھٰذا فِدآئی فَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ اُس کے خون کے لیئے جو گڑھا کھودے۔ بعد ذبح اُسے مٹی سے چھپا دے کہ کوئی اُس کا خون بھی نہ دیکھے اور نہ وہاں کسی کا پاؤں پڑے۔ پھر گوشت کے ساتھ حصے کر کے فقرا اور مساکین کو بانٹ دے۔ آپ اُس میں سے نہ کھائے۔ نہ وہ شخص جس کا خرچ اس میں ہوا ہو تو یہ بکری اُس کا بدلہ ہو جائے گی اور وہ شخص آفت سے محفوظ رہے گا۔

دفعیہ دشمن کے لیئے :

فجر کی نماز فرض و سنت کے درمیان سورہ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ اکتالیس بار اور اللّٰہ القادر المقتدر القاھر کُلَّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ نَاصِرُ الْحَقِّ حَیْثُ کَانَ بِہِ الْحَوْلُ وَالْقُوَّۃُ اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیْحَۃً وَّاحِدَۃً فَاِذَا ھُمْ خَامِدُوْنَ ۝ اکتالیس بار پڑھے دشمن دفع ہو جائے مگر شرعاً جو دفع کرنے کے لائق ہو اسی کے لیئے جب اور کوئی چارہ نہ ہو تو پڑھے

۱۔ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِہٖ یٰقَوْمِ اِنَّکُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَکُمْ

تعاذکم العجل فتوبوا الی بارئکم فاقتلوا انفسکم ۵ تا ہے کی
نقطی پر لکھے اور اس کے ساتھ دشمن اور اس کی ماں کا نام لکھے نیز اس
کو نام لے کے پکارے انشاء اللہ وہ سخت بیماری میں مبتلا ہو جائے گا لیکن
حدود شرعی کا خیال رکھے۔
۲۔ لا یحب اللہ الجھر بالسوء من القول سے علیما حکیما تک لکھ کر اپنے
پاس رکھے اور یہ آیت پڑھتا بھی رہے۔ پھر جس کے پاس جائے اس کے ظلم
سے محفوظ رہے اور وہ حق کرے۔
۳۔ اکتالیس کنکری سے کر ہر ایک کنکری پر ایک ایک بار سورہ یٰسین پڑھ کر
ایک ایک کنکری کو مغاک لطیف (پاک گڑھے) میں رکھ کر بہ نیت و نام دشمن
نماز جنازہ پڑھ کر مٹی سے توپ دے وہ جلد مر جائے گا۔
۴۔ نماز فجر میں الم نشرح پہلی رکعت میں اور سورہ فیل دوسری رکعت میں
پڑھنے سے دشمن کا منہ اسکی طرف سے پھر جائے گا اور کوئی رستہ اس کو اس
کی طرف نہ ملے گا۔
۵۔ سورہ انعام۔ دشمنوں کی ہلاکت اور ان پر فتحیابی کے لیئے بکثرت پڑھے
اور درمیان ہر دو اسم اللہ کے دعا مانگے۔ پھر بعد فراغ کے بھی دعا
مانگے۔ سنوسی نے کہا ہے کہ وجع مفاصل اور تمام امراض کے لیئے اس
کو لکھ کر پی لے اور بدن پر ملے۔ انشاء اللہ صحت ہو جائے گی۔

رہزنوں سے حفاظت کے لیئے

مدینہ سے شام کو ایک سوداگر تجارت کے لیئے جا رہا تھا کہ ایک گھوڑے
سوار ڈاکو نے آگھیرا۔ سوداگر نے مال دے کر جان کی امان چاہی اور جب دیکھا

کہ وہ کسی طرح امان نہیں دیتا تو دو رکعت نماز پڑھنے کی مہلت چاہی جب اجازت مل گئی تو سوداگر نے وضو کی اور دو رکعت نماز پڑھ کے دعا مانگی۔ اور کہا

یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالًا لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْهِکَ الَّذِیْ مَلَأَ اَرْکَانَ عَرْشِکَ وَ بِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قَدَّرْتَ بِهَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَ بِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ ۵

جب تیسری بار دعا سے فارغ ہوا ایک لخت ایک سوار ہاتھ میں آگ کا حربہ لیئے آپہنچا۔ جس نے حملہ کر کے قزاق کو مار ڈالا۔ سوداگر نے پوچھا کہ بندہ خدا تم کون ہو اس نے کہا میں تیسرے آسمان کا فرشتہ ہوں۔ جب تیری دعا تیسرے آسمان پر پہنچی تو آسمانوں کے دروازے کھل گئے اور جس وقت تو نے تیسری بار دعا ختم کی تو جبرئیل علیہ السلام آئے اور کہا کون ہے جو اس مصیبت زدہ کو بچائے۔ پس میں خدا تعالےٰ سے اجازت لے کر اترا۔ تا جرا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور میں حاضر ہوا تو یہ ماجرا سن کر آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ نے تجھے اسمائے حسنیٰ تعلیم فرمائے ان کے ذریعہ جو دعا مانگی جائے قبول ہو اور جو کچھ مانگے وہ پائے۔

۲۔ اسی طرح ایک خچر والے کو قزاق نے قتل کرنا چاہا اس نے کہا مجھے دو رکعت نماز پڑھنے کی مہلت دے قزاق نے ہنس کر کہا کہ اچھا اس نے دو رکعت نماز پڑھ کے دعا کی۔ پھر چلا کے کہا اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ الخ اور رویا۔ یکایک ایک سوار اس جنگل سے نکلا اور جھپٹ کر اس قزاق کے نیزہ مار کر قتل کر ڈالا وہ گرا اور اس پر آگ مشتعل ہوئی۔ خچر والے نے خدا کی درگاہ میں سجدہ شکر ادا کیا

پھر سوار سے پوچھا کہ تم کون ہو۔ اس نے کہا میں اس ذات پاک کا ایک بندہ ہوں جسکی شان ہے یُجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ اب جہاں چاہے تو چاہے چلا جا

جب راہ میں رہزنوں کا خوف ہو تو سات عدد پاک کنکریاں لے کر ہر ایک پر سات سات بار یہ کلمات پڑھے اور ہر بار پھونکے پھر ایک کنکری دائیں جانب دوسری بائیں تیسری سامنے چوتھی پیچھے کی جانب پھینک دے اور باقی تین عدد کنکریاں کپڑے یا عمامے میں باندھ لے لَا اِلٰہَ اِلَّا مُحَمَّدٌ تَحَافَتْ تَفْہَمْ مُحَمَّدٌ لِیَصِحَّ مُحَمَّدٌ۔ شرحی کہتے ہیں کہ اگر ان کلمات کو اس شریر کے رو برو پڑھے جس کا شر خوف ہو اور اللہ تعالیٰ سے نجات چاہے تب بھی کوئی مکروہ انشاء اللہ اسے نہ پہنچے

بقول بعض صلحا جو شخص سفر کا ارادہ کرے اور کسی دشمن یا موذی سے خائف ہو تو سورہ کافرون پڑھ کر نکلے جو امان ہے ہر سور سے مجرب ہے

دشمنوں کے دل میں ہیبت ڈالنا

کَذٰلِکَ یَطْبَعُ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِ الَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝ یہ آیت دشمن کے کپڑے کے ٹکڑے پر لکھے اور اس کے بعد کَذٰلِکَ یَطْبَعُ اللّٰہُ عَلٰی قَلْبِ فلاں بْنِ فُلَانَۃ فلاں اور فلانہ کے بجائے دشمن اور اسکی ماں کا نام لکھے اور تعویذ بنا کے اپنے باندھے جب دشمن اسے دیکھے سخت دہشت دیکھے سخت دہشت و ہیبت کھائے۔

دشمنوں پر سرداری کرنا:

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ یہ آیت ۲۷ ماہ رمضان المبارک کو ایک کاغذ میں لکھ کے انگوٹھی کے نگین کے نیچے رکھے تو ہمیشہ خوش رہے اور دشمنوں پر غالب ہو۔

دشمن کی تجارت میں نقصان پہنچانا:

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ سے لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ تک ایک کاغذ میں لکھ کر جس دکان میں ڈال دے اس میں نقصان ہو۔ یعنی مال کم ہو اور بکری بند ہو جائے۔

دشمنوں سے امن میں رہے:

سورۂ حشر کو حضرت علی مرتضیٰ روزانہ پڑھتے تھے کسی نے پوچھا تو فرمایا کہ یہ سورۃ مجھ کو آخرت یاد دلاتی ہے اور دنیا و آخرت میں امن دے گی جو شخص اسے ہمیشہ پڑھے وہ اعدا سے امن میں رہے۔ ظالموں کا ظلم اور مکاروں کا مکر اس پر کارگر نہ ہو۔

ہلاکت دشمن کیلئے:

کفن کا ایک ٹکڑا لے اور اس میں مقابر کی کچھ خاک ڈال کر پہلے یہ آیت لکھے اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ۔ اَلْاٰيَة۔ پھر دشمن کا نام لکھ کر اسے زیر آہنگر

کاغذ کے نیچے رکھدے دشمن کا سر پھٹ جائے گا اور اس کو کچھ نہ
سمجھے گا۔

۲ اگر ایک لوہے کی تختی پر یہ آیت اور دشمن اور اسکی ماں کا نام لکھ کر آگ
کے نیچے رکھے اور دشمن کا نام لے کر پکارے تو وہ شدید مرض میں
ہلاک ہو جائے گا۔ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ یٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ
اَنْفُسَكُمُ الْاٰیَةَ پارہ ۱ سورہ بقرع ۲

۳ دشمن کی ایک نامکمل تصویر بنا کر اس کے سینہ پر یہ آیت لکھے وَاتْلُ عَلَیْهِمْ
نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ الاٰیة اور پشت پر اس کا نام پھر ہاتھ میں ایک خنجر لے کر
اس کے نام کی جگہ پر مارے اور کہے فَاِذَا لَقِیْتُمُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ
الرِّقَابِ اس عمل کو سہ شنبہ آخر ماہ میں کرے اور کہے یَا مَلٰٓئِكَةَ اللّٰهِ
تَعَالٰی لِیُفْصَلَ كُلُّ اِبْهَامٍ یہ ضرب اس کے بدن پر جا لگے گی اور وہ
ہلاک ہو جائے گا۔

۴ شنبہ کے روز آخر ماہ میں یہ آیت لکھ کر ایک شیشی میں رکھے اور اس
پر درخت کے پتوں کا عصارہ ڈال کر ظالم حاکم کے گھر میں دفن کر دے وہ
بہت جلد ماخوذ معزول و ہلاک ہو جائے گا

اَلَمْ تَرَ كَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ الَّتِیْ لَمْ یُخْلَقْ
مِثْلُهَا فِی الْبِلَادِ وَثَمُوْدَ الَّذِیْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ وَفِرْعَوْنَ ذِی
الْاَوْتَادِ الَّذِیْنَ طَغَوْا فِی الْبِلَادِ فَاَكْثَرُوْا فِیْهَا الْفَسَادَ فَصَبَّ
عَلَیْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ وَقَوْلُهٗ فَیَوْمَئِذٍ
لَّا یُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ اَحَدٌ وَّلَا یُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ اَحَدٌ

برائے موقوفی ظالم! سب جمعہ کو بعد نماز عشا اپنے گھر میں طہارت

پر داخل ہو کر یہ درود پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ سو بار درود کے اول بولے کہ یَا اللّٰہُ اجْعَلْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ مَلِکِ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَۃَ فَخُذْنِیْ حَقِّیْ مِنْہُ تو وہ شخص ہلاک ہو جائے گا اگر والی ملک ہے تو اس پر ذلیل نازل ہوگا۔ مجرب ہے۔

بادشاہ ظالم سے حفاظت کیلئے

آیۃ الکرسی اور تین آیت سورہ اعراف کی اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ سے اَلْمُحْسِنِیْنَ تک صِفَّتٌ سے لاریب تک اور سورہ تا سنفرغ لکم اَیُّھَا الثَّقَلَانِ الی قولہ فَلَا تَنْتَصِرَانِ پڑھے تو سب آفات سے محفوظ رہے خواہ دن میں پڑھے یا رات میں یہ انس بن مالک سے مروی ہے۔

سواری پر سوار ہوتے وقت

بِسْمِ اللّٰہِ سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ فِیْ سَفَرِنَا ھٰذَا اَلْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی ۔

اور یہ آیت بھی کافی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖھَا وَمُرْسٰھَا ط اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ پڑھ کر سوار ہوں۔ اللہ پر توکل :۔

گھر سے باہر نکلتے وقت یا سفر جاتے وقت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

بسم اللہ توکلت علی اللہ علی کل حال پڑھیں اللہ حافظ ہوگا۔

بازار جاتے وقت حفظ شر

کلمہ توحید لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو حی لا یموت ابدا ابدا ط بیدہ الخیر وھو علی کل شیٔ قدیر ط

یہ پڑھیں بازار کے شر سے اللہ بچائے گا۔

صدقہ دیتے وقت

یہ آیت پڑھیں:۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

مال حلال ہو۔ اللہ قبول فرمائے گا۔

نئی بستی میں داخل ہوتے وقت

اللھم بارک لنا فیھا

ترجمہ۔ اے اللہ اس بستی کو ہمارے لیے مبارک کر حضور پڑھتے تھے

دستِ غیب کا عمدہ عمل

اول سات روزے رکھے یہ عمل اکتالیس ۴۱ دن تک برابر کرے۔ آیت وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا بعد نمازِ عشاء ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ باوضو پڑھتا رہے۔ تین یا پانچ یا سات دن میں انشاء اللہ تعالیٰ روپے کی آمد شروع ہو جائے گی۔ سب سے پہلے عمل میں ایک روشنی سی معلوم ہوگی اس کے بعد کہدے کہ پانچ سو روپے لائے۔ دوسرے دن تمہارے پاس پانچ سو روپے آجائیں گے۔ اس میں سے ایک سو روپے خرچ کر لو چار سو باقی رہیں گے۔ اس عمل کے ختم ہونے سے پہلے پہلے اگر کچھ خرچ کرنا چاہو تو کر سکتے ہو۔

غیب سے روزی کا عمل

اس عمل کو کرنے سے پہلے تنہائی کی جگہ تلاش کرو۔ جب جگہ کا انتظام ہو جائے تو جَو کا آٹا باوضو پیس کر کے رکھ لو صرف اسی کی روٹی کھاتی ہے۔ اس روٹی میں گھی، چینی یا نمک بھی ملا سکتا ہے۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ صرف جَو کی خالص روٹی ہو۔ گوشت، مچھلی، انڈا، پیاز، لہسن وغیرہ سے پرہیز کرے۔ جَو کا آٹا باوضو پیسنا ہے۔ اگر چکی پر پسوانا ہے تو

اس کو غسل کراؤ اور وضو کراؤ پھر پہنواؤ۔ روٹی خود باوضو پکاؤ اور کھاؤ۔ رفع حاجت (پاخانہ کے لئے) منہ پر کپڑا ڈال کر جائے تاکہ کوئی دیکھ نہ سکے اس عمل میں یہ بھی شرط ہے کہ عمل کے دنوں میں نہ یہ کسی کو دیکھے اور نہ اس کو کوئی دیکھے سات روزے رکھے نوچندی پنجشنبہ (چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات) سے شروع کرے تو بہتر ہے۔ شام بعد نمازِ مغرب شروع کر دے اور بلا تعداد بے شمار

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

سات دن برابر پڑھے جب آٹھویں رات آئے تو ساتھ میں یہ آیت بھی ملا دے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَا اِلَّا ھُوَ ط

صبح کو بعد نمازِ فجر حضرت خضر علیہ السلام ملاقات کریں گے اُن سے اپنی حاجت (ضرورت) ظاہر کر دے اور درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ بار ضرور پڑھے۔ اور رات کو بالکل نہ سوئے دن کو سو جائے تو کچھ حرج نہیں ہے لیکن رات بھر جاگ کر پڑھنا ہے۔

دست غیب کا عمل

باوضو روزانہ بعد نماز، اول درود شریف گیارہ مرتبہ
اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ آیت
وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ
اس کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) مرتبہ
يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ
آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس عمل کو اڑتالیس دن کرنا ہے۔ اکیس دن گزرنے کے بعد ایک جنیہ حاضر ہوگی اور ایک سو روپے دے جائے گی۔ اڑتالیس دن کے بعد چلہ ختم ہوگا اور چلہ کے بعد جتنی مقدار میں ضرورت ہو اس جنیہ سے مانگ لے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ روز کے پیسے روز خرچ کرے اگر جمع کرے گا تو بند ہو جائیں گے۔ چلہ کے بعد ایک تسبیح (ایک سو بار) پڑھ لیا کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ جنیہ سے کوئی نشانی بھی طلب کرے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

غیب سے روزی کا انتظام

اول چاند دیکھنے کے بعد سات روزے رکھے اور بعد نمازِ عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) بار

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ط

اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے

یَا حَیُّ

اس کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) مرتبہ

یَا قَیُّوْمُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل سات روز کا ہے۔

پرہیز: سات دن میں جھوٹ بالکل نہ بولے۔ غیبت نہ کرے۔ گوشت، انڈا، مچھلی، لہسن، پیاز اور بدبودار اشیاء (سگریٹ، بیڑی، حقہ) سے پرہیز کرے

ساتویں دن ایک جنیہ نورانیہ آپ کے پاس آئے گی اور ایک سو روپے دے جائے گی۔ پھر اس کے بعد آپ کے پاس پانچ سو روپے روزانہ آیا کریں گے۔ سب سے پہلے ملنے والے ایک سو روپے کو محفوظ رکھے اس کو کسی حالت میں بھی خرچ نہ کرے ورنہ آمد کا سلسلہ بند ہو جائے گا۔

عمل دست غیب

نیا چاند دیکھنے کے بعد جو جمعرات آئے اس کو بعد نماز عشاء دو رکعت صلوٰۃ الحاجۃ ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ یسین شریف پڑھے اور دوسری رکعت میں بھی سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورہ یسین شریف پڑھے۔ بعد سلام ایک مرتبہ سورۂ یسین شریف پڑھ کر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو اکتالیس (۱۴۱) مرتبہ یہ آیت پڑھے

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ

اس کے بعد ایک سو چوہتر (۱۷۴) مرتبہ

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

پڑھے۔ آٹھویں رات کو یہ آیت

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ

ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد ایک شخص حاضر ہو کر کوئی چیز پیش کرے گا۔ اس کو اپنے پاس محفوظ رکھے۔ اس رات کے بعد اس کو اپنے خرچ میں لائے۔ وہ چیز ہمیشہ رہے گی۔ جو رقم ملے اس کو روزانہ خرچ کرنا ہے۔

عبداللہ مالک وہبی

دست غیب کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کو غیب سے روزی ملے اور اس کو کسی کی غلامی یا نوکری نہ کرنی پڑے صرف ذکر الٰہی کی بدولت رقم ملتی رہے تو اس کے لئے درج ذیل (وہ نقش جو نیچے درج ہے) نقش باوضو لکھ کر سیدھی ران کے نیچے رکھ کر پانچ ہزار نو سو پچاس (۵۹۵۰) مرتبہ اسم

یَا وَھَّابُ

پڑھے۔ اکیس روز اسی طرح عمل کرے۔ جب اکیس ۲۱ روز ختم ہو جائیں گے تو پانچ سو ۵۰۰ روپے کا نوٹ ران کے نیچے سے ملے گا۔ اس کو لے کر آدھی رقم خیرات کر دے اور آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اپنے جیب خرچ میں لائے۔ یہ مال حرام جگہ میں خرچ نہ کرے۔ مثلاً رشوت میں کسی کو نہ دے۔ نہ اس رقم سے سٹہ لگائے نہ جوا کھیلے۔ نہ اس سے شراب خرید کر پیئے

اور نہ کسی کو نقصان پہنچانے میں خرچ کرے۔ مثلاً کسی غنڈے کو رقم دے کر کہا کہ فلاں کو مار پیٹ کر۔ یا فلاں کا مال چرا لے یا مال چھین لے۔ لہٰذا سخت احتیاط سے اور صحیح طور سے جائز کاموں میں صرف کرے۔ اگر غلط اور حرام کاموں میں یہ رقم خرچ کر دے گا تو فیض بند ہو جائے گا۔

اکیس روز پڑھنے کے بعد بھی روزانہ پانچ ہزار نو سو پچاس (۵۹۵۰) مرتبہ

یَا وَھَّابُ

وقتِ مقررہ پر پڑھتا رہے۔ عمل پڑھتے وقت منہ مشرق کی طرف کرے اور خوشبو کے لئے لوبان، لادن، صندل سفید کو باریک کوٹ کر یکجا کر کے رکھ لیں۔ جب پڑھنے بیٹھیں کوئلے کی آگ تیار رکھیں اس میں تھوڑا تھوڑا ڈالتے رہیں۔

زکوٰۃ اس عمل کی یہ ہے کہ یہ نقش چودہ ہزار (۱۴۰۰۰) کی تعداد میں لکھ کر کنویں، دریا، سمندر یا نہر میں ڈالے عمل کے لئے روزانہ غسل کرے، خوشبو لگائے۔ پاک و صاف کپڑے پہن کر یہ نقش لکھا کرے۔ روزانہ جس قدر

لکھ جائیں لکھ لیا کرے۔ چودہ ہزار کی تعداد پوری کرنی ہے
جتنے دن میں بھی ہو جائیں اس کے لئے دن کی تعداد مقرر
نہیں ہے کہ اتنے دن میں لکھنا ضروری ہے۔ اگر کسی دن بالکل
فرصت نہ ملے تو ایک نقش ضرور لکھے۔ اکیس دن تک
ذبح حیوانات کرے پڑھنے اور لکھنے کے دوران تو زیادہ
بہتر ہے۔

بڑی شرط یہ ہے کہ ایامِ زکوٰۃ میں روزانہ دیر تک
پانچ سو کے نوٹ کو خوب غور سے دیکھتا رہے یہاں تک
کہ بے دیکھے اسے سامنے دیوار پر پانچ سو روپے کا نوٹ نظر
آنے لگے۔ اس نقش کو لکھتے وقت باوضو رہے۔ بے وضو
نہ لکھے نہ عمل کرے۔ اگر کسی غلطی کے سبب آمد بند ہو جائے
تو پھر سے صرف عمل کرے زکوٰۃ کی ضرورت نہیں ہے۔
ایک دفعہ زکوٰۃ ادا کرنے پر تمام عمر کے لئے زکوٰۃ ادا
ہو گئی۔ نقش آتشی چال میں یہ ہے۔

۷۸۶

ب	ا	ھ	و
و	ھ	ا	ب
ا	ب	و	ھ
ھ	و	ب	ا

دست غیب کا عمل مجرّب

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسے غیب سے آمدنی ہو اور کسی کے آگے ہاتھ پھیلانا نہ پڑے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش کی زکوٰۃ دے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کی تین تاریخ سے لے کر بارہ تاریخ تک خواہ جس تاریخ کو شروع کرے اگر اس دن جمعرات کا دن ہو تو بہتر ہے یعنی یہ عمل جمعرات سے شروع کرے تو زیادہ اچھا ہے۔ اول سوا کلو مٹھائی منگوائے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ایصالِ ثواب کی نیت کر کے کہے کہ

اے اللہ اس مٹھائی کا ثواب حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں حضرت علی شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہنچے۔

پھر وہ مٹھائی نیک نمازیوں کو کھلا دے اس مٹھائی میں سے خود بھی کھا سکتا ہے البتہ بے نمازی کو بالکل نہ کھلائے نقش لکھنے سے پہلے اور نقش لکھنے کے بعد گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد بارہ (۱۲) نقش باوضو

اس طرح پر کرے کہ ہر خانہ پر بارہ مرتبہ

یا واجب

پڑھ کر دم کرتا رہے۔ بارہ روز تک بارہ نقش روزانہ کے اور روزانہ لکھے ہوئے ان بارہ نقوش کو آٹے میں لپیٹ کر گولی بنا کر دریا، سمندر، نہر، کنوئیں میں ڈالے اور کسی سے ذکر نہ کرے تیرھویں روز بعد نماز فجر ایک نقش عرق گلاب میں زعفران ملا کر اس سے پُر کرے اور دو کاغذ کے ٹکڑے پانچ سو روپے کے نوٹ کے برابر کے کاٹ کر جس جگہ تلاوت ختم کرے قرآن شریف میں رکھ دے۔ روزانہ ایسا ہی کرے۔ چودھویں دن پانچ سو روپے قرآن شریف میں ملیں گے وہ نقش یہ ہے

۴۸۶

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۷	یا واجب	۵

کامیاب دست غیب

ماہ ثابت (جیٹھ، بھادوں، اگھن، پھاگن)

اس عمل کو شروع کرے چاند رات کو بعد نماز عشاء
غسل کر کے پاک وصاف کپڑے پہن کر خوشبو لگائے۔
اس کے بعد تین پاؤ آٹے کی روٹی پکائے اور ان روٹیوں
پر گڑ اور دہی رکھ کر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ
علیہ اور اہل بیت عظام کے ایصال کے لئے سورۃ فاتحہ
اور چاروں قل پڑھ کر ان کو ایصال اس طرح کرے کہ
اے اللہ رب العزت اس طعام اور کلام
الٰہی کا ثواب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
کے طفیل میں حضرات اہل بیت کرام رضوان
اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور حضرت شیخ عبدالقادر
جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو پہنچے۔
اس کے بعد دو نقش لکھے۔ ہر نقش لکھنے سے قبل
اور لکھنے کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ درود شریف
یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ

عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

درود شریف کے درمیان دو سو مرتبہ

یَا مُنْعِمُ

پڑھ کر دو سو بار ایک نقش پر دم کرے۔ اس کے بعد پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر

یَا مُنْعِمُ

پڑھے۔ اس کے بعد سات بار درود شریف پڑھ کر دوسرے نقش پر دم کرے

اس کے بعد ایک نقش کو پانی میں گھول کر وہ پانی دیوار پر چھڑک دے کہ پانی کی بے ادبی نہ ہو۔ ہلکے ہلکے چھینٹے دیوار پر مارے تاکہ زمین پر کیچڑ یا پانی جمع نہ ہو اور نقش کا کاغذ چولہے میں جلا دے تاکہ بے ادبی نہ ہو اس کے بعد دوسرا نقش اپنے پاس پلاسٹک کی تھیلی میں رکھ کر اپنی ٹوپی میں ٹانک لے یا پگڑی میں رکھے۔ اس کے بعد روزانہ بوقت طلوع آفتاب ایک نقش لکھ کر اس نقش کو پلاسٹک کی تھیلی میں رکھ کر پگڑی یا ٹوپی میں رکھ لے اور اور پگڑی یا ٹوپی میں موجود نقش کو ذرا سے پانی میں گھول کر

وہ پانی ہلکے ہلکے چھینٹے کے ساتھ دیوار پر چھڑک دے
اور کاغذ کو چولہے میں جلا دے۔

جب بھی صبح کو سورج نکلنے کے وقت نقش لکھا کرے
تو نقش لکھنے کے بعد اول سات بار درود شریف پڑھے
اس کے بعد دو سو مرتبہ

یَا مُنْعِمُ

پڑھے۔ پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر نقش پر دم
کرے۔ یہ عمل برابر ایک سو ساٹھ (۱۶۰) دن کرے۔
ناغہ نہ کرے ورنہ عمل ٹوٹ جائے گا اور دوبارہ شروع
کرنا پڑے گا۔

اور وہ روٹی کسی نمازی فقیر کو کھلا دے۔

نقش کے پہلے خانہ میں پہلے روز پانچ روپے لکھے
دوسرے روز دس روپے اور تیسرے روز پندرہ (۱۵) روپے
لکھے اسی طرح ایک سو ساٹھ دن تک روزانہ پانچ روپے
بڑھا کر لکھتا جائے۔ جب ایک سو ساٹھ پر نوبت پہنچے تو
۵۰۰ روپے لکھے۔ ہر چاند رات کو عمل کو پہلے دن کے عمل
کے مطابق کیا کرے تاکہ تجدیدِ عمل ہو جائے۔ انشاء اللہ

خالی مقررہ مدت گذرنے کے بعد پانچ سو روپے روز غیب سے ملا کریں گے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۲	۶۰	۹۸	۰
۹۲	۶	۳۶	۶۶
۱۲	۱۱۰	۴۸	۳۰
۵۴	۲۴	۱۸	۱۰۴

عامل کو چاہیئے کہ اپنا یہ راز کسی پر ظاہر نہ کرے۔

ماہ ثوابت یہ ہیں: جیٹھ، بھادون۔ اگھن، پھاگن یہ ہندی مہینے ہیں۔ جنتری کے ذریعہ معلوم کرلیا جائے کہ اب چاند کے ساتھ کونسا ہندی مہینہ شروع ہوا ہے

غیب سے روزی کا مجرّب عمل

چاند دیکھنے کے بعد (عروج ماہ یعنی یکم سے ۱۲ تاریخ تک عروجِ ماہ کا وقت ہے) جمعرات کے دن بماہ آبی بالخصوص سرطان میں اس عمل کو شروع کرے۔ بہتر (۷۲) دن مسلسل روزے رکھے۔ روزہ روزانہ دودھ چاول سے افطار کرے۔

اکل حلال اور صدق مقال یعنی حلال روزی کھائے

اور جھوٹ کو بالکل چھوڑ دے۔ مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولے نہ بچے کو بہلانے کے لئے جھوٹ بولے۔ اس دوران ترک حیوانات جلالی وجمالی کرے۔ سوائے تعویذ لکھنے کے اپنے ہاتھ میں عمل کے دوران کچھ نہ پکڑے۔ یعنی دیگر تحریر سے پرہیز کرے۔ اور ہر روز بہتّر (۷۲) نقش لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر نہر یا دریا یا سمندر میں ڈالے کسی دن ناغہ چھٹی نہ کرے۔ بہتّر (۷۲) روز تک برابر بہتّر (۷۲) نقش لکھے۔ عمل ختم ہونے کے بعد ۵۰۰ روپے روز غیب سے ملا کریں گے۔ لیکن ضروری ہے کہ ایک نقش روزانہ لکھ کر وقتِ مقررہ پر دریا، سمندر یا نہر میں ڈالتا رہے۔ تاکہ عمل قابو میں رہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۳۰	۳۳	۱
۳۲	۲	۷	۳۱
۳	۳۵	۲۸	۶
۲۹	۵	۴	۳۴

دستِ غیب کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسے غیب سے روزی ملے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

نوچندی جمعرات کو غسل کر کے پاک و صاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے بعد نماز عمل شروع کرے اس دوران گوشت اور لہسن پیاز اور بدبودار اشیاء کو کھانے میں استعمال نہ کرے۔ گناہوں سے بچے، صدق و سچ کو اختیار کرے، جھوٹ، غیبت، لڑائی جھگڑے سے خود کو دور رکھے۔ یہ عمل اکیس ۲۱ روز یا چالیس ۴۰ روز پابندی کے ساتھ بلاناغہ کرے۔ بعد نمازِ مغرب اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد پانچ سو ۵۰۰ مرتبہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ پڑھنے کے دوران کسی سے بات نہ کرے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اس عمل کے بعد

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ

ایک سو ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ درود شریف اول و آخر گیارہ بار پڑھا کرے۔ اس عمل کی برکت سے ایک سو روپے روز ملا کریں گے

دستِ غیب کا عمدہ عمل

اول ترک حیواناتِ جلالی و جمالی اختیار کرے۔ صرف جَو کی روٹی یا گندم کی روٹی بغیر نمک کھائے۔ تین روز رکھے۔ اس کے بعد نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلے اتوار کے روز سے یہ عمل شروع کرے۔ تہجد کی نماز کے بعد باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد پانچ ہزار دو سو چوراسی (۵۲۸۴) مرتبہ اسم الٰہی

یَا بَاسِطُ

پڑھے۔ پھر ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد پاک و صاف قلم دوات لے کر مندرجہ ذیل نقش بہتر (۷۲) عدد پر کرے۔ اور ان کو الگ الگ

لپیٹ کر آٹا گوندھ کر اس میں ایک ایک نقش رکھ کر گولی بنا کر دریا، نہر، سمندر میں ڈال دے جب تک نقش نہ ڈال دے اس وقت تک کسی سے بات نہ کرے اور جب نقش ڈال کر واپس ہو تو پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ روٹی عمل کے دوران باوضو اپنے ہاتھ سے پکائے۔ اپنا کوئی کام کسی دوسرے سے نہ کرائے بلکہ اپنا کام خود کرے۔ اکتالیس دن گذرنے کے بعد روزانہ کسی بھی طریقے سے دو سو (۲۰۰) روپے روز ملا کریں گے لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے اس بات کا کہ اسے غیب سے رقم ملتی ہے کسی سے ذکر نہ کرے۔ اکتالیس دن عمل کرنے کے بعد گیارہ نقش روزانہ لکھتا رہے اور دوسرے، تیسرے یا چوتھے دن فرصت کے وقت آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال آیا کرے اور بہتر (۲،) مرتبہ روزانہ اسم الٰہی یَا بَاسِطُ پڑھا کرے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

اَجِبْ بِحَقِّ یَا رَفِیْقُ مَائِیْل بِحَقِّ یَا بَاسِطُ

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	دو سو (۲۰۰) روپے	۳۰

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

غیب سے روزینہ مقرر ہونا

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کی روزی کے لئے روزانہ مقررہ آمدنی ہوتی رہے جس سے اس کے گھر کا خرچ چلتا رہے اسے کسی سے مانگنے یا قرض لینے کی ضرورت نہ پڑے۔

یہ عمل نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات کے دن سے شروع کرے۔ سب سے پہلے غسل کرے پاک و صاف لباس پہنے، خوشبو لگائے، اگربتی سلگائے یا کوئلے جلا کر ان پر لوبان چھڑک کر خوشبو پھیلائے۔ اس کے بعد یہ نقش بارہ (۱۲) عدد پر کرے۔ یہ نقش اکتالیس (۴۱) دن لکھے۔ ان نقوش کو آٹے میں لپیٹ کر گولی بنا کر دریا، نہر، سمندر یا جھیل میں ڈال دیا کرے۔ نقش لکھنے کے بعد بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) مرتبہ یَا وَاجِبُ پڑھے۔ اکتالیس روز عمل کرنے کے

خزانۂ غیب سے روزینہ مقرر ہو جائے گا جس کی
مقدار دو سو روپے روزانہ ہو سکتی ہے۔ اس میں سے ایک
حصہ مساکین لاوارث، بے روزگار، غربا پر خرچ کر دے
(یعنی خیرات کر دے) پیشہ ور فقیر کو بالکل نہ دے صرف ضرورت مند
اور مستحق افراد کو دے۔ بقیہ رقم اپنے خرچ میں لا دے۔ حرام کاموں میں
بالکل خرچ نہ کرے ورنہ روزینہ بند ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۷	دو سو روپے	۵

برائے دستِ غیب برکت کے واسطے

سات دانے جو کے لے کر باوضو ان پر نو سو ستانوے (۹۹۷)
بار یا فتاح یا رزاق پڑھ کر ان دانوں پر دم کرے اور اپنے خرچ کی تھیلی
یا صندوق یا گلہ جس میں پیسے رکھتا ہے، کسی تھیلی میں بند کر کے رکھ
دے۔ جتنا چاہے خرچ کرے انشاء اللہ تعالیٰ، اللہ تعالیٰ کے
اسمائے مبارکہ کی برکت سے رقم ختم نہ ہوگی۔ جب اس صندوق،
تھیلی یا گلہ میں سے رقم نکالے باوضو ہو کر اس میں سے رقم نکالے۔
اس روپے کو ناجائز کاموں میں خرچ نہ کرے

خرچ میں کمی نہ ہو برکت کا تعویذ

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کا ماہانہ خرچ نہ ہو اور اس

میں اس طرح برکت اور اضافہ ہو کہ اسے کسی سے سوال کرنا نہ
پڑے اور نہ قرض لینا پڑے اور محدود آمدنی میں پورے ماہ
کا خرچ آسانی کے ساتھ پورا ہو جائے۔ اس تعویذ کو باوضو
لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پیسے رکھنے کی تھیلی میں رکھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ تھیلی کبھی خالی نہ ہوگی بہت برکت ہوگی
اور مؤکل کا نام تعویذ کی پشت پر (تعویذ کے پیچھے) لکھے۔ وہ
یہ ہے۔ بِحَقِّ یَا دَرْدَائِیل۔
اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قتلاً قتلاً قتلاً صفاً صفاً نہیاً نہیاً جزاباً جزاباً یا یا یا فتح

۸ ۳۰۰۲۶	۱۱ ۳۰۰۲۹	۱۴ ۳۰۰۳۲	۳۰۰۱۹
۱۳ ۳۰۰۳۱	۲ ۳۰۰۲۰	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٰہی بحق ھو الغفور الودود ذوالعرش المجید فعال لما یرید دو صد روپیہ بجہت خرچ روزمرہ از خزانۂ غیب برسان البتہ	۷ ۳۰۰۲۵ ۱۲ ۳۰۰۳۰
۳ ۳۰۰۲۱	۱۶ ۳۰۰۳۴		۹ ۳۰۰۲۷ ۶ ۳۰۰۲۴
۱۰ ۳۰۰۲۸	۵ ۳۰۰۲۳	۴ ۳۰۰۲۲	۱۵ ۳۰۰۳۳

دست غیب کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسے دستِ غیب حاصل ہو جائے اور اسے پانچ سو روپے (۵۰۰/-) روز کی آمدنی ہو جائے اس کے لئے تین روزہ رکھے۔ اور روزہ صرف بادام، کشمش اور پستے سے کھولے اور سحری بھی اسی کو کھا کر کرے۔ اس کے لئے ایک پاؤ بادام، ایک پاؤ کشمش اور ایک پاؤ پستہ خرید کر رکھ لے۔ اور اسی سے سحری کرے اور اسی کو کھا کر افطار کرے۔ ان کے علاوہ کوئی دوسری چیز سحری یا افطاری میں استعمال نہ کرے صرف یہی میوہ کھانا ہے۔ ایک کمرہ الگ تھلگ صاف ستھرا دھو کر پاک کر لے۔ اس میں بخور (لوبان، اگربتی) وغیرہ جلائے، اس میں عطر چھڑکے۔ بعد نمازِ عشاء نہا دھو کر پاک و صاف کپڑے پہن لے پاک مصلّے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد آیتِ کریمہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

پڑھنا شروع کرے۔ جب ختم کرے تو جتنی بھی تعداد ہو جائے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر تہجد پڑھے سحری

کھائے اور فجر کی نماز پڑھے اس کے بعد چاہے تو کچھ دیر آرام کرلے۔ ورنہ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر پڑھنا شروع کرے جب پڑھنا موقوف کرے گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ تین دن کے اندر آیت کریمہ ایک لاکھ (۱۰۰۰۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔ اگر تین دن رات میں ایک لاکھ پورا نہ کیا تو عمل ٹوٹ گیا۔ نئے سرے سے دوبارہ شروع کرے۔

عمل مکمل ہونے کے بعد انشاء اللہ تعالےٰ پانچ سو روپے روزانہ ملا کریں گے۔ ان روپوں کو جائز کاموں میں خرچ کرے۔ ایک حصہ خیرات کر دے، حرام کام میں خرچ کرے گا تو ناکام ہو جائے گا اور دستِ غیب کا سلسلہ بند ہو جائے گا

شرط یہ بھی ہے کہ بادام، کشمش، پستہ حلال کمائی کا ہو جھوٹ، غیبت، گالی بکنا، چغلی کھانا، حسد و بغض رکھنا، گناہ کرنا، اگر ان گناہوں کے علاوہ دیگر گناہوں میں بھی مبتلا ہو گا تو کامیاب نہ ہو گا۔ اگر ناکامی ہو تو اپنے عمل کا جائزہ لے کہ کونسا گناہ ہو رہا ہے جس کے سبب کامیابی سے محرومی ہے

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی

اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

دست غیب کا لاجواب عمل

دست غیب کے لئے یہ عمل بہت لاجواب ہے لیکن شرط یہ ہے کہ پہلے جھوٹ بولنا چھوڑ دے مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولے نہ بچوں سے جھوٹے وعدے کرے دوسری بات یہ ہے کہ ہر قسم کے گناہوں سے کنارہ کش ہو جائے اور تمام گناہوں کو چھوڑ دے۔ غیبت، حسد و بغض، الزام تراشی، حرام کھانا، رشوت دینا یا لینا، شراب پینا، زنا کاری، فحش گوئی، گندہ مذاق، کسی کی عزت خراب کرنا اسے ذلیل کرنا، اس کی جگلی کرنا، کسی کو مارنا، پیٹنا، ظلم کرنا، ظالم کی مدد کرنا، بے ہودہ لوگوں کے ساتھ دوستی رکھنا، سود کھانا، سود لینا یا دینا، سود لینے دینے والے، شراب، ہیروئن، چرس، گانجہ، جوا، کا کاروبار کرنے والے کی بوتل، چائے پینا یا دعوت کھانا یہ سب باتیں عمل کو باطل کر دیتی ہیں اور آدمی محنت کرنے کے باوجود

محروم رہتا ہے۔ جو لوگ خود پر قابو نہیں رکھتے وہ ان اعمال کو کر کے اپنی محنت ضائع نہ کریں۔ ایسا عمل کرنے والے کو ہر کسی کا کھانا کھانے سے بچنا ہوگا۔ گناہوں کو چھوڑنا ہوگا، بے ہودہ باتوں سے اور بے ہودہ دوستوں سے کنارہ کشی کرنی ہوگی۔ صرف حق حلال کی محنت کی روٹی کھائے فلم دیکھنے والے یا ٹی وی دیکھنے والے بھی اس عمل کو کر کے کامیاب نہ ہوں گے۔ جس کمرے میں عمل کیا جائے اس میں کسی قسم کی تصویر، جانور کی ہو یا انسان کی یا گڈے گڑیا یا دیگر نوع کی تصاویر ہوں اس میں بھی برکات کا ظہور نہ ہوگا۔

عمل یہ ہے

سات روزے رکھے اور روزانہ بعد نمازِ عشاء ایک ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھے، اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ

یَا حَیُّ

پڑھے۔ اس کے بعد ڈیڑھ سو (۱۵۰) مرتبہ

یَا قَیُّوْمُ

پڑھے۔ یہ عمل روزانہ وقتِ مقررہ پر کرنا ہے۔ اس دوران پاک وصاف کپڑے پہنے خوشبو لگائے۔ ساتویں دن ایک نورانی حسینہ ظاہر ہوگی اور جو پانچ سو (۵۰۰) روپے دے گی وہ فوراً جیب میں ڈال لے۔ اب روزانہ پانچ سو روپے ملا کریں گے۔ شرائط کے ساتھ کرے گا تو ضرور کامیاب ہوگا ورنہ ناکام رہے گا۔ لہٰذا عمل کرنے سے پہلے اپنے حالات کا جائزہ لے اور دیکھے کہ وہ ان شرائط کی پابندی کر سکتا ہے یا نہیں۔

برائے فتوح غیب

یہ عمل فتوح غیب کے لئے بہت موثر ہے۔ جمعہ کے دن سنّت پڑھ کر اس کے بعد یہ دعا سات بار پڑھے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد فرض نماز میں شریک ہو۔ دراصل جمعہ کے دن سنت اور فرض کے درمیان کرنے کا عمل ہے وہ پڑھنے والی دعا یہ ہے

یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ط

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

قرضہ سے نجات کے لئے

اگر کسی آدمی کا قرضہ چڑھتا جاتا ہو لیکن کم ہونے کا نام نہ لیتا ہو تو اس کے لئے روزانہ بلاناغہ پابندی

کے ساتھ سورۃ نصر اکتالیس مرتبہ بعد نمازِ فجر پڑھا کرے
انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے قرضہ ادا ہونے کے اسباب
پیدا ہو جائیں گے اور جلد ہی قرضہ ادا ہو جائے گا۔
سورۃ نصر یہ ہے

إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَأَيْتَ النَّاسَ
يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ
وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ۝

تنگیٔ معاش کے لئے

اگر کوئی آدمی تنگ دست ہو اور اس کی آمدنی کم
اور خرچہ زیادہ ہو تو ایسی صورت میں گیارہ روز روزانہ
ایک سو بار یہ کلمات پڑھ کر فراخیٔ معاش کی دعا کیا کرے
انشاء اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کھل جائیں گے
وہ کلمات یہ ہیں

اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْنَا قَبْلَ الْمَوْتِ وَهَوِّنْ عَلَيْنَا
شِدَّةَ الْمَوْتِ وَارْحَمْنَا عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَا تُعَذِّبْنَا
بَعْدَ الْمَوْتِ يَا خَالِقَ الْحَيٰوةِ وَالْمَوْتِ تَوَفَّنَا
مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِيْنَ ۔

دست غیب کا عمل

ایک روپیہ پر تین مرتبہ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ باوضو جمعہ کے دن علی الصباح لکھے اس حالت میں کہ اس کا روزہ ہو۔ اس کے بعد روزانہ روزہ رکھے اور ترکِ حیوانات جلالی و جمالی کرے۔ اور ایک وقت مقرر کر کے سورۂ نون (پ) تین سو مرتبہ روزانہ پڑھ کر اس روپیہ پر دم کرے۔ یہ عمل ایک ہفتہ تک کرے۔ اس کے بعد اس روپیہ کو اپنے روپے رکھنے کی تھیلی میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ بے حد برکت ہو گی۔ تجربہ کیا ہوا عمل ہے۔

دست غیب کا عمل

نیا چاند دیکھ کر بروزِ جمعرات دو سو روپے کا سرسوں کا تیل لے کر بعد نمازِ عشاء نہا دھو کر پاک و صاف کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر اور ایک نیا اور کورا چراغ (وہ مٹی کا دیا جو کمہار کی دوکان سے لیا گیا ہو لیکن اس کو پانی سے دھویا نہ گیا ہو بلکہ مٹی وغیرہ کو کپڑے سے صاف کیا گیا ہو کورا چراغ کہلاتا ہے) لے کر روئی کی بتّی بنا کر اس چراغ میں رکھ کر اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر چراغ جلائے ایک پاک و صاف مصلّے (نماز پڑھنے کی دری یا قالین) اپنا لے کر

اس مصلّے کے چاروں کونوں کے نیچے ایک ایک ٹھیکری
(چھوٹے ہوئے مٹکے، صراحی کے ٹکڑے) رکھ دے اور
ایک ٹھیکری اپنے سامنے مصلّے کے نیچے سجدے کی جگہ
رکھے اس کے بعد سامنے مصلّے کے نیچے والی ٹھیکری سب سے پہلے نکال کر
اس پر "حضرت ابراھیم علیہ السلام"
لکھے۔ اس مصلّے کے سیدھی (دائیں طرف والی) طرف کونے
کی ٹھیکری پر

حضرت جبرائیل علیہ السلام

لکھے۔ اس کے بعد مصلّے کے سامنے بائیں طرف کونے کی ٹھیکری پر

حضرت میکائیل علیہ السلام

لکھے۔ اس کے بعد پچھلے حصے کی بائیں جانب کونے کے
نیچے کی ٹھیکری پر

حضرت اسرافیل علیہ السلام

لکھے۔ اس کے بعد مصلّے کے پچھلے حصّے کے دائیں جانب
کونے کے نیچے کی ٹھیکری پر

حضرت عزرائیل علیہ السلام

لکھے۔ اس کے بعد اول آخر تین تین بار درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

پڑھے۔ درمیان میں سات ہزار سات سو ستتر (۷۷۷۷) مرتبہ

یَا فَتَّاحُ

پڑھے۔ یہ عمل مسلسل بلاناغہ اکیس دن پڑھے۔ اکیس دن کے بعد روزانہ سات سو (۷۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ جو نصیب میں ہوگا مصلّے کے نیچے سے ملے گا اور آئندہ ملتا رہے گا۔ یہ راز ہے کسی پر ظاہر نہ کرے ورنہ آمد بند ہو جائے گی۔ دوسری بات گناہوں سے بچنا، جھوٹ، چغلی، غیبت، حرام مال کھانا یا یہ رقم حرام کام میں صرف کرنا یا بے جا خرچ کرنا۔ جھوٹ سے پرہیز کرنا ہے، ورنہ یہ فیض بند ہو جائے گا۔

ہمزاد کو تابع کرنا

نہا دھو کر پاک و صاف کپڑے پہن کر، عطر لگا کر ایک کمرہ جس میں کوئی دوسرا موجود نہ ہو اور اس کمرہ کو دن کے وقت پانی سے دھو کر پاک کر لیا گیا ہو۔ اس میں دروازہ بند کر کے پاک مصلّے پر بیٹھے۔ اور آیۃ الکرسی گیارہ بار پڑھ کر ایک چھری پر دم کرے اور چھری سے اپنے مصلّے کے چاروں طرف گول دائرہ کھینچ لے

اس کے بعد اس طرح بیٹھے کہ سامنے کی دیوار پر نظر پڑے اور سرسوں کا تیل ڈال کر مٹی کا چراغ روئی کی بتی بنا کر روشن کرے اور پیٹھ کے پیچھے اس چراغ کو رکھ لے اور سایہ پر جو دیوار پر بنتا ہے سینہ پر یا اس سے اوپر ایک جگہ جمائے اور سانس روک روک کر اسم الٰہی

یَا لَطِیْفُ

ایک ہزار چار سو چوبیس (۱۴۲۴) مرتبہ پڑھے۔ اس عمل کے دوران اول و آخر درود شریف (نماز میں جو درود شریف پڑھا جاتا ہے) گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ اور نظر میں یا لَطِیْفُ کا تصور کرے کہ سامنے یَا لَطِیْفُ لکھا ہے اور سانس روک روک کر پڑھے مثلاً سانس روکا اور جلدی جلدی یَا لَطِیْفُ یَا لَطِیْفُ پڑھ لیا۔ اور عمل پڑھنے کے بعد دعا کرے کہ

"اے اللہ اس اسم اعظم کے تصوّر کے ذریعہ سے میرے ہمزاد کو تابع و فرمانبردار کر دے آمین"

تیسرے ہفتہ میں متحرک ہوگا (یعنی اِدھر اُدھر چلتا پھرتا محسوس ہوگا) چوتھے ہفتہ میں بات چیت کرے گا اور کام کو دریافت کرے گا۔ اس وقت اس کہا جائے کہ پہلے تو مسلمان ہو جا۔ اس وقت کام بتلاؤں گا وہ غائب ہو جائے گا۔ پھر ایک ہفتہ بعد حاضر ہوگا (جس قدر زیادہ

دیر سانس روکا جائے گا) اسی قدر جلد کام ہوگا۔ اس کے بعد وہ مسلمان ہو جائے گا۔ اس وقت جب وہ کام معلوم کرے تو اس سے پانچ سو روپے روزانہ کا وعدہ کرا لینا۔ آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اللہ کے نام پر خیرات کر دے اور آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اپنے خرچ میں لے آئے۔ جس قدر حبس دم (سانس روک کر پڑھو گے) کرو گے اور تصور سایہ زیادہ ہوگا جلد مطیع ہوگا۔ اس عمل میں کسی قسم کا خوف نہ کرے اور یہ تصور کرے کہ اللہ تعالیٰ کے عرش کے نیچے بیٹھا ہوں۔

پڑھنے کے دوران حصار سے باہر نہ نکلے، پڑھنے کے دوران بالکل بات نہ کرے، عمل ختم کرنے کے بعد بات کرے۔

ہمزاد ایک دم پچاس ہزار روپیہ لے کر آزاد کر سکتے ہو مگر قول و قرار نہایت احتیاط سے کرے۔ جب ضرورت ہو بلاوے یا روپیہ لے کر آزاد کر دے۔ یہ بھی دریافت کرے کہ اگر ہم کسی وقت آزاد کرنا چاہیں تو کس طرح پر ہوگا۔

مالدار بننے اور روزی میں برکت کے لئے

اگر کوئی شخص انتہائی غریب ہے اور گذارہ مشکل ہوتا ہے

بازو میں بندھا ہوا ہے تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر
موم جامہ کر کے کالے چمڑے یا کالے کپڑے اور کالی ڈوری
کے ساتھ گلے میں ڈال لے۔ یا یہ تعویذ موم جامہ کر کے گلہ میں
رکھے یا اپنے صندوق میں رکھے یا دوکان یا مکان میں لگائے
انشاء اللہ تعالیٰ مالی حالت مضبوط ہوگی۔ گھر میں، دوکان میں،
گلہ میں برکت ہوگی۔ اس نقش کو استعمال کرنے سے قبل ایک کلو
مٹھائی منگوا کر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایصالِ
ثواب کی نیت سے نمازیوں میں یا معصوم بچوں میں بانٹ دے۔

وہ نقش یہ ہے۔

بِحَقِّ یَا شَمْسُ بِلَا کَافٍ

۷۸۶

۲۴۸۹	۲۴۹۲	۲۴۹۵	۲۴۸۲
۲۴۹۴	۲۴۸۳	۲۴۸۸	۲۴۹۳
۲۴۸۴	۲۴۹۷	۲۴۹۰	۲۴۸۷
۲۴۹۱	۲۴۸۶	۲۴۸۵	۲۴۹۶

دستِ غیب

غسل کرے پاک و صاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے

اور جس جگہ عمل کرے اس کو بھی دن کے وقت دھو کر پاک کرلے۔ لوبان یا اگربتی جلائے۔ آیت اِذْ قَالَ اِبْرَاهِیْمُ رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی ..... عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ۔ یہ عمل اکتالیس دن کرنا ہے اور اکتالیس سو (۴۱۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔ ایک ایک سو روپے کے پانچ نوٹ لے کر ان میں چار نوٹوں کے کناروں پر پینسل سے الگ الگ چاروں خلفائے راشدینؓ کے نام لکھے اور مصلّہ کے چاروں کونوں کے نیچے رکھے۔ وہ نام یہ ہیں۔

۱ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ
۲ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ
۳ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ
۴ حضرت علی مرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ

اور پانچویں نوٹ پر

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام لکھے اور مصلّے کے نیچے سجدہ کی جگہ رکھ دے۔ یہ چاروں نوٹ عمل کی برکت سے پانچویں نوٹ کے پاس جب اللہ تعالیٰ رحمت سے خود جمع ہو جائیں سمجھ لو کہ عمل

مکمل ہوا۔ چلہ ختم ہونے کے بعد ان چاروں نوٹوں کو (جن پر خلفاء راشدین رضؓ کے نام لکھے ہیں) اپنے خرچ میں لائے پانچویں پر نشان لگا کر تھیلی میں رکھے کہ خرچ نہ ہو جائے چاروں نوٹ واپس آجایا کریں گے ہمیشہ پانچوں نوٹ بیچارہیں گے۔ مگر یہ خیال رہے کہ جب خرچ کرنے دوکان پر جائے تو نوٹ دوکاندار کے ہاتھ میں مت دو بلکہ اس کے تھیلے پر پھینک دیا کرو یہ احتیاط لازم ہے۔ ورنہ اگر دوکاندار کے ہاتھ میں نوٹ دے دیا تو عمل ٹوٹ جائے گا۔ یہ روپیہ صرف اپنی ضروریات میں خرچ کرو، خیرات کرو لیکن ناجائز کاموں میں خرچ نہ کرو ورنہ فیض بند ہو جائے گا۔ وہ آیت پڑھنے والی یہ ہے۔

فتوحاتِ غیبی کے لئے

اللہ تعالیٰ کی طرف سے فتوحاتِ غیبی کے لئے سورۃ فاتحہ اس ترکیب سے پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔ اس کے درمیان

۱ - اتوار کے دن۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
پانچ سو اکیاسی (۵۸۱) مرتبہ پڑھے۔

۲ - پیر کے دن۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
چھ سو اکیاسی (۶۸۱) مرتبہ پڑھے۔

۳ - منگل کے دن۔ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝
دو سو بیالیس (۲۴۲) مرتبہ پڑھے

۴ - بدھ کے دن۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
آٹھ سو چھتیس (۸۳۶) مرتبہ پڑھے

۵ - جمعرات کے دن۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝
ایک ہزار چالیس (۱۰۴۰) مرتبہ پڑھے

۶ - جمعہ کے دن۔ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ
ایک ہزار آٹھ سو چھ (۱۸۰۶) مرتبہ پڑھے۔

۷ - ہفتہ کے دن۔ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

چار ہزار دو سو تینتیس (۴۲۳۳) مرتبہ پڑھے۔
اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ فتوحاتِ غیبی کا دروازہ کھل جائے گا اور ہر قسم کی معاشی بدحالی ختم ہو جائے گی۔ عمل شرط ہے برابر عمل کرے۔ چھٹی ناغہ نہ کرے۔

دست غیب

جو شخص چاہتا ہے کہ اسے دستِ غیب حاصل ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید اور لاجواب ہے۔
اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف (نماز میں پڑھا جانے والا درود) پڑھے۔ درمیان میں سورۃ مزمل شریف اس ترکیب سے پڑھے کہ درود شریف گیارہ بار پڑھنے کے بعد

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

پڑھے۔ اس کے بعد سورۂ مزمل یٰٓاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ سے پڑھنا شروع کرے جب فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا ۝ پر پہنچے تو ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل

پڑھے۔ سورۃ مزمل ختم کرنے کے بعد

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

پڑھے۔ اسی طرح اکتالیس روز یہ عمل اکتالیس مرتبہ پڑھ کر کرے۔ اس کے بعد ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار

یَا مُغْنِیُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے اللہ تعالیٰ غیب سے روزی کا انتظام فرمائے گا۔

جس دن عمل شروع کرے اول غسل کر کے پاک و صاف کپڑے پہن کر وقتِ عصر احرام باندھ کر پڑھے۔

ترکیبِ بالا پر اکتالیس بار پھر ہر روز بوقتِ عشاء درمیان سنت و وتر گیارہ مرتبہ ترکیب بالا پڑھا کرے صرف ایک روز وقتِ عصر پڑھا جائے گا۔

واسطے معلوم کرنے دفینہ کے

اگر یہ معلوم کرنا چاہے کہ اس مکان میں خزانہ کہاں دفن ہے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے درمیان میں ایک ہزار مرتبہ یہ آیات پڑھے۔

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ ط
وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ط وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ
اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ
وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

ہر ایک سو سو مرتبہ پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ "مُبِیْن"
کا لفظ کہے پھر اول سے شروع کرے پھر ایک سو مرتبہ یہ
آیت پڑھنے کے بعد ایک سو بار "مُبِیْن" کا لفظ کہے اور
پھر آیت پڑھنا شروع کرے۔ اس کے بعد تمام پڑھنے کے
بعد پیلی سرسوں پر پڑھ کر اس جگہ جہاں دفینہ ہے سارے
کمرے میں چھڑک دے اور چوبیس گھنٹے کمرہ اور مکان
خالی رکھے۔ سرسوں خود بخود سمٹ کر ایک جگہ جمع ہو جائے گی
اسی جگہ خزانہ ہے کھود کر نکال لے۔

فقیر عبدالخالق
فرید
۱۱-۹-۲۰۱۴

کلمہ شریف کے فضائل

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں بہترین ذکر کلمہ شریف لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ ہے۔ ظاہر ہے کہ اسی کلمہ کے پڑھنے سے آدمی مسلمان اور مومن بنتا ہے اگر یہ کلمہ نہ پڑھے تو نہ اسے مومن کہا جا سکتا ہے اور نہ کوئی عمل قبول ہوتا ہے۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اپنے مکتوبات شریف ۹/۲۹ جلد اوّل فرماتے ہیں۔ حق تعالےٰ کے غضب کو دور کرنے کے لیے کلمہ شریف سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔ اور کفر کی ظلمتوں اور کدورتوں کو دفع کرنے کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی کلمہ نہیں جس شخص نے صدق دل و ایمان سے کلمہ پڑھا پھر اگر وہ کسی گناہ میں بھی مبتلا ہوا تو بھی یقین ہے کہ اس کلمہ کی شفاعت سے اس کا عذاب دور ہو جائے گا۔ کیونکہ حضور مخبر صادق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

مَنْ قَالَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ فَقَدْ دَخَلَ الْجَنَّۃَ

اور یہ اعتراض کہ کس طرح فقط اسی کلمہ کے کہنے سے جنت عطا ہو گی فقیر کہتا ہے یہ لوگ اسکی عظمت کو نہیں جانتے۔ اگر حق تعالےٰ تمام جہان کو اسی ایک کلمہ کی برکت سے بخش دے تو بھی اس کے لیئے کوئی بڑی بات نہیں اور پھر اس کے ساتھ جب دوسرا کلمہ اس کے حبیب کے اقرار کا محمد رسول اللہ جمع ہو جائے اور توحید و رسالت جو نجات کا اصل ہیں، مل گئے تو کفر و ظلمت کو ختم جانو حضور صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ کلمہ شریف جنت کی کنجی ہے اور یہ بھی فرمایا کہ جو

خص چاہتا ہے کہ میرے گناہ بخشے جائیں وہ کلمہ شریف کثرت سے پڑھا کرے
فرمایا جو شخص باوضو کلمہ شریف لاکھ بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے بارہ درجے
بلند کرے گا۔ اور [illegible] دنیا سے سلامتی ایمان کے ساتھ جائے گا (جان کنی کے
وقت اسی لیئے کلمہ پڑھا جاتا ہے اور پڑھایا جاتا ہے۔ آقارب پڑھیں تاکہ فوت
ہونے والا ان کی موافقت سے کلمہ پڑھے اور اس کے پڑھنے والے پر جان
کنی آسان ہوگی اور قبر اس کی منور ہوگی۔ منکر نکیر اچھی صورت سے ملیں گے قیامت
کے روز شہدا کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ میزان پر اس کا پلہ بھاری ہوگا۔ پل صراط
سے آسانی سے گذرے گا۔ حضور نبی اکرم کی شفاعت نصیب ہوگی۔ یہ بھی
ارشاد ہے کہ جس فوت شدہ کے لیئے ایک لاکھ بار کلمہ شریف باوضو پڑھ کر اسے
ثواب پہنچایا جاوے اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کر دیتا ہے۔ اور جس نے اپنی
زندگی میں باوضو اپنے لیئے پڑھا ہوگا اللہ اسے جنت عطا کرے گا وہ دنیا
سے سلامتی ایمان سے جائے گا! علاوہ یہ کہ اللہ کا اسے دیدار نصیب ہوگا۔ فرمایا اللہ
کریم فرماتے ہیں میرے سوا اگر ساتوں زمین اور ساتوں آسمان میزان کے ایک پلہ میں
رکھیں اور دوسرے میں اس کلمہ شریف کو اس کا پلہ بھاری ہوگا لازم جانو کہ اپنی عاقبت
کی بہتری کے لیئے زندگی میں ایک لاکھ بار کلمہ شریف ضرور پڑھا جائے ایک وقت
کی ضرورت نہیں ہر نماز کے بعد کچھ تعداد پڑھ لیا کریں اور نیت لاکھ کی کریں۔ پھر اگر
پہلے بھی فوت ہو جائیں گے تو بھی اللہ لاکھ کا ثواب مرحمت فرمائیں گے انشاء اللہ

جب میت دفن کر چکیں

تو ایک شخص قبر کے پاؤں کی طرف کھڑا ہو کر بسم اللہ کے بعد الٓمٓ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ
سے مُفْلِحُوْنَ تک پڑھے دوسرا یا وہی سرہانے کھڑا ہو کر اخیر سورہ بقر کا رکوع

لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ سورۃ بقر کا فرمان تک اور جب کہ لفظ عَذَابَ النَّارِ تک وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّکَ مَوْلٰنَا۔ پڑھیں تو اللہ کی طرف خاص خیال کر کے رقت کے ساتھ بلکہ رو کر ان کلمات کو پڑھیں اور دل میں طلب مغفرت میت کریں اور پھر بعد ان کے مغفرت کریں انشاء اللہ میت کی مغفرت ہوگی۔ جب قبر پہ پانی ڈالیں تو پھر پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ بَرِّدْ مَضْجَعَہٗ (اے اللہ اس کی قبر کو ٹھنڈا کر دے

دوزخ سے نجات

فرمایا نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص صبح کی نماز کے بعد بستر کی سے کلام کیئے سات بار یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ اور پھر اگر اس دن وہ شخص فوت ہو جائے تو اللہ اسے دوزخ سے بچائے گا۔ اور پھر اگر شام یا عشاء کی نماز کے بعد سات بار اس کو پڑھا اور وہ اس رات فوت ہو گیا تو اللہ کریم اسے دوزخ سے دور رکھے گا۔ الحق حضور کا فرمان سچا ہے صبح شام پڑھنے کی اسے ہی توفیق مرحمت ہوگی، جسے خدا کو دوزخ سے بچانا مقصود ہوگا۔ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ ہی فرمایا مخبر صادق صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص صبح و شام یہ مختصر کلمے تین تین بار کہے گا۔ اللہ پر حق ہوگا کہ قیامت کے روز اسے خوشی کرے (مسند احمد و ترمذی) کلمات یہ ہیں۔

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَبِیًّا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ط۔

اور یہ بھی ارشاد ہے صبح و شام تین تین بار کلمہ شریف لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھنا مغفرت کا باعث ہے۔ اللہ ہر مسلمان کو پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے آمین اور فرمایا!

متفرق وظائف کشائش وغیرہ

فرمایا! مخبر صادق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں برکت ہو وہ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد ہاتھ دھو کر لیا کرے اور بسم اللہ پڑھ کر کھانا شروع کرے

گناہ اور تنگی دور ہو

فرمایا! حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس کے گناہ زیادہ ہوں وہ استغفار پڑھا کرے جو تنگ دست ہو وہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھا کرے اور فرمایا لاحول ولاقوۃ دوا ہے ۹۹ مصائب کی اس کے پڑھنے سے فقر و فاقہ اور غموں سے نجات ملتی ہے (بخاری و مشکوٰۃ) مجھ سے ایک بزرگ نے حصولِ غنا کے لیے اس طرح فرمایا کہ صبح اور عشاء کی نماز کے بعد دو دو سو بار

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآلہ الطیبین کم از کم سو سو بار دونوں وقت جوانی میں دوکان کے کام کی افزائش کے وقت جب بھی پڑھا جائے طور پر افزونی و آمد زر پائی، تینوں چیزیں دین و دنیا کی فلاح کی آخری چیزیں ہیں۔ ثواب من انفسکم پڑھ اور آیت کریمہ پڑھنے کی کوشش رکھنا ہوں۔ اور اب خدا کے فضل سے فجر کی نماز کے بعد یہ عمل ہے کہ اوّل آیت

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ

یہ دو کلمے زبان پر ہلکے ہیں۔ لیکن قیامت کے دن میزان عمل پر بھاری ہوں گے سبحان اللہ اور فرمایا جو شخص!

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ

سو بار ہر روز پڑھے گا اس کے گناہ معاف کیئے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ اور فرمایا یہ کلمات اسم اعظم ہیں بعد قضا رسول اللہ۔

سونے سے پہلے کے خاص اعمال

فوائد بیان کیئے جا چکے ہیں سورہ ملک پ ۲۹ ۲۔ استغفار سو بار دس نماز خرچ ہوتے ہیں سارے دن کے گناہ اللہ تعالیٰ معاف کرے ۳۔ قل شریف و معوذتین اور آیت الکرسی پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے بدن پر پھیریں اللہ تعالیٰ شیطان سے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے گا۔ ۴۔ دو آیتیں آخر سورہ بقر کی اٰمَنَ الرَّسُوْلُ تا کافرین تک پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ تہجد کی نماز کے برابر ثواب دیتا ہے

۵۔ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ چار آیت تا خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ اور فَسُبْحَانَ اللّٰہِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ تین آیت اور لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ پ ۱۱ صبح و شام پڑھنا سنتِ رسول، اور ثواب بے شمار ہے۔

منتخب وظائف و اعمال

صوفی حاجی احمد دین صاحب نے بھی ان وظائف کا ورد
رکھا۔ فرماتے ہیں۔ یہ بھی ظاہر کر دوں کہ ان اعمال کی توفیق مجھے اوائے حج
کے بعد ہی نصیب ہوئی ہے۔ میں اسے حج مکرم کا معجزہ تسلیم کرتا ہوں۔ اس سے
دو ماہ گذشتہ میں شاید چند بار ہی تہجد نصیب ہوئی ہوگی۔ لیکن حج کی یہ ظاہر برکت
اور کرامت ہے کہ جس دن مکہ مکرمہ میں پہنچا۔ اس کے دوسرے دن سے یہ حال
خدا شاہد حال ہوا کہ جب تک میں مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ میں رہا ایک دن بھی نہ
تہجد قضا ہوئی اور نہ نماز پھر اس کے بعد بھی اب تک اللہ کا کرم ہے۔ شاید
ہی کسی دن تہجد یا نماز قضا ہوتی ہے۔ اور جس روز قضا ہوتی ہے تو میں سمجھتا ہوں
آج ضرور مجھ سے کوئی خاص گناہ سرزد ہوا ہے کہ جس کے سبب محروم رکھا گیا ہوں
یہ حال میں نے صرف اس لیے لکھا ہے تاکہ مسلمانوں کو حج کی ترغیب و شوق
ہو اور وہ ذاتی طور سے حج کے برکات دیکھ لیں یقین و ایمان کامل ہو اور اللہ
اللہ کے بچے رسول سے سچی محبت پیدا ہو لیکن حج کے لیے چند باتیں لازم سمجھیں۔

۱۔ اول نیت خالص رضائے حق اور محبت رسول ہو۔

۲۔ دوسرے مال حلال ہو رشوت یا سود یا حرام طریقے کی کمائی نہ ہو۔

۳۔ تیسرے ادائے حقوق و قرض وغیرہ سے سبکدوش ہو۔

۴۔ چوتھے ادب و عجز ہر مقام پر خصوصاً حرم کعبہ و حرم نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
حد سے زیادہ ہمہ وقت ملحوظ رکھے۔

۵۔ پانچویں کسی کی دل آزاری دوران حج میں نہ کرے اور جہاں تک ہو سکے

کے آرام پہنچانے میں سعی کرے کسی سے لڑے جھگڑے نہیں۔ ان پانچ باتوں پر عمل کرے پھر اللہ کے فضل پر امید رکھے۔ انشاء اللہ ظاہر طور پر اللہ تعالےٰ کا فضل و کرم دیکھے گا۔

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

اِس عاصی کے بعض معمولات

ہر صبح کسی وقت سورہ یٰسین پڑھنا۔ ہر رات سورہ ملک و ہر شام سورہ واقعہ ہر جمعہ سورہ کہف، ہر نماز فرض کے بعد آیت الکرسی لازم کر رکھے ہیں بفضلہ ایسے ہی ہر نماز کے بعد درود فاطمہ اور استغفار اور آیت لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ کافرون وغیرہ بھی پڑھتا ہوں اکثر تحیۃ الوضو کی دو نفل ضرور پڑھتا ہوں کہ حضور کا ارشاد ہے۔ مغرب کی نماز کے بعد جو دو نفل ہیں ان میں بعد الحمد آیت لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ۔ الخ پڑھنا بھی لازم کی ہیں بموجب عمل حضرت شبلی رح کے عشاء کی نماز وتروں سے پہلے جو دو نفل ہیں ان میں سورہ والضحیٰ پہلی رکعت میں سورہ الم نشرح کاٹ دوسری رکعت میں پڑھتا ہوں کہ یہ عمل حضرت اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ یہ محض اللہ کریم کی کرم نوازی اور حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ جلال پور شریف کی دعا برکت کے سبب ہے جو مجھ عاصی ناتواں کو توفیق نصیب ہوئی میں اللہ سے معافی چاہتا ہوں ان کوتاہیوں اور قصوروں کی جو ان اعمال کے تساہل سے مجھ سے سرزد ہوں۔ صبح و شام فسبحن اللہ حین تمسون الخ ۳ آیت، پارہ (۲۱) رکوع ۱۵ پڑھنا خیر و برکت اور اللہ کی محبت حاصل ہوگی (حاجی صوفی احمد دین)

بڑی، پھر استغفار تین بار پھر آیت الکرسی ایک بار دس بار درود شریف
پھر دس بار کلمہ توحید پھر دس بار کلمہ تمجید سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ
اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پھر سات بار اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بسم
اور تین بار رضیت باللہ ربا وبالاسلام دینا وبمحمد نبیا صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتا
ہوں۔ اور یہ ہر درود دعائیں شام یا عشاء کی نماز کے بعد بھی پڑھتا ہوں، پھر دس
بار قل شریف (سورہ اخلاص)، پھر اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم۔ بسم
اللہ الرحمن الرحیم۔ تین بار پھر اس کے بعد سورہ حشر کی آخری تین آیتیں
ہو اللہ الذی الخ قرآن سے دیکھ کر لو۔ پھر اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ
وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ، پھر ایک تسبیح درود شریف پھر سو بار اللہ الصمد پھر
سو بار کافی کفیٰ، پھر ستر بار یا وھاب، پھر ایک بار درود تاج یہ ترتیب لازمی
نہیں۔ گاہے بگاہے آگے پیچھے بھی کلمات ہو جاتے ہیں یعنی مقدم و موخر۔ پھر جب
حاجت دعا، پھر اگر سورج نکل آیا ہو تو چار نفل دو دو رکعت کر کے اشراق
کی پڑھتا ہوں اور اگر سورج نہ نکلا ہو تو سورہ یٰسین شریف پڑھتا ہوں کہ سورج
نکلے اسی دوران کسی وقفہ میں تین بار درود شریف و دو بار الحمد شریف ایک بار سورہ
الھٰکم التکاثر و پ ۳۰ سورہ ۱۰۲۔ اور تین بار قل شریف سورہ اخلاص اور اخیر
کے دونوں قل شریف ایک ایک بار آخر میں ایک درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب
بطفیل حبیب خدا اپنے والدین، ہمشیرگان، بھائیوں کو اور تمام خویش و اقارب کو
بخش کر اللہ سے عرض کرتا ہوں اور ساتھ ہی یہ بھی کہتا ہوں یا اللہ تیرا فضل و کرم
بڑا وسیع ہے۔ تمام جہان کے مرحوم مسلمانوں کو اپنے اس پاک کلام کے ثواب سے
مستفید فرما! اور ان کے گناہ معاف فرما! اور جن کے کچھ دنیاوی مجھ پر حق ہیں
انہیں بھی اس ثواب سے مستفیض کر اور ادائیگی حق کا اسے وسیلہ بنا۔ پھر مزید

ایک بار الحمد شریف اور قل شریف تین بار آیت الکرسی پڑھ کر دعا کرتا ہوں کہ الٰہی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام صحابہ اور میرے قبلہ مرشدی سید حیدر شاہ صاحب اور میرے قرآن کریم کے سلسلہ کو اس پاک کلام کا ثواب پہنچا۔ پھر اپنے اہل وعیال کی صحت وسلامتی وراحت دنیا کی دعا کرتا ہوں۔ الٰہی اسی عمل پر میرا خاتمہ کیجیو کہ تیرا فضل ہر امر پر حاوی ہے مکرر یہ کہ صبح حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط ۷ بار اور حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط ۷ بار ضرور پڑھتا ہوں۔ اس کے علاوہ خدا توفیق دے تو سورہ ملک اور کہف قرآن کا اور سورہ والعصر اور سورہ بھی اور فراخی بھی یقینی اور یہ بھی حضور کا ارشاد ہے۔ جسے غم اور دکھ گھیرے وہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھا کرے حضرت شاہ ولی اللہ فرماتے ہیں۔ جو شخص سو بار روزانہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ پڑھا کرے گا۔ ہرگز کبھی مبتلائے عسرت ہوگا فقر وفاقہ سے محفوظ رہے گا۔

نقصان و مصیبت کا اجر

فرمایا اگر کسی کا نقصان جان و مال ہوا اور وہ اس پر صبر کرے اور یہ کلمات کہے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ط۔ اَللّٰھُمَّ اْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاخْلُفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا تو اللہ اسے اس سے بہتر چیز دے گا بالکل حق ہے آزمایا جا چکا ہے۔

ادائے قرض و رفع غم کے

ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ مجھے قرض اور رنج وغم نے تنگ کر رکھا ہے

نے فرمایا۔ دعا (نمازمیں اور بعد نماز) اکثر پڑھا کر۔
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ
وَالْکَسَلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ
الرِّجَالِ ط۔ (ابوداؤد وغیرہ) (رنج وغم اور ادائے قرض میں یہ مجرب ومشہور ہے۔ وہ شخص کہتا ہے میں نے اسے چند روز پڑھا مجھے رنج وغم اور قرض سے نجات ہوگئی۔ ۲ سورۂ مدثر روزانہ پڑھنے والا مال دنیا سے مالا مال اور ثواب آخرت سے سرفراز ہوتا ہے۔

ادائے قرض وحصولِ غنا

حضرت علیؓ سے ادائے قرض سے تدبیر پوچھی۔ آپ نے فرمایا میں تجھے وہ کلمات بتاؤں جو مجھے میرے آقا حضرت نبی اکرمؐ نے سکھایا اگر پہاڑ کے برابر بھی تجھ پر قرضہ ہو تو اتر جائے گا۔ وہ یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ دوسری جگہ یہ بھی لکھے زائد ہیں۔ اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ اکْفِنِیْ الخ ہر نماز کے بعد، پڑھا کرے۔ قرض سے نجات فراخی نصیب۔

کشائشِ رزق

سورہ اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ فِیْ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ پ۳۰ روزانہ باوضو ۲۱ بار یا ۴۰ بار پڑھنا۔ کشائش رزق وثواب کا موجب ہے۔ اوّل وآخر درود شریف پھر دعا۔ حاجت روا گیں۔ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ۔

کشائش رزق وجاہ

خاندان چشت سے منقول ہے کہ صبح کی سنتوں کے بعد اور فرضوں سے پہلے ایک سو بار: سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم وبحمدہ استغفر اللہ ولاحول ولاقوۃ الا باللہ ط اول آخر درود شریف پڑھا کریں۔ کشائش رزق وترقی جاہ کے لیے اکسیر ہے۔ ہر نماز کے بعد الم نشرح لک صدرک پڑھنا فراخی رزق کا موجب زائد ثواب ہے۔

حصول غنا وراحت قبر

حضرت علیؓ فرماتے ہیں فرمایا! سرور دوجہان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس شخص نے روزمرہ سو بار لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین ط۔ اپنا وظیفہ مقرر کرلیا زندگی میں وہ محتاجی سے بچے گا۔ اور قبر میں اسے وحشت نہ ہوگی وباللہ التوفیق

کشائش رزق وحصول غنا

جو شخص ہر نماز کے بعد سورہ الم نشرح لک صدرک ۳ بار الحمد شریف ایک بار اور سورہ انا انزلناہ گیارہ بار پڑھے اللہ اس پر بغیر مشقت کے فتوح رزق کرے گا۔

دیگر وسعتِ رزق

جمعہ کی نماز کے بعد جب سب فارغ ہوں یہ آیت لکھ کر دوکان یا مکان
پر رکھنے سے فراخی رزق ہوتی ہے۔ آیت :۔
وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا
تَشْكُرُوْنَ دوکان یا مکان میں کہیں چسپاں کر دیں۔

دوکان کی آمدنی بڑھے

کسی نیک طالع مند آدمی کے کرتہ کی کترن پر آیت۔
اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ
لکھ کر دوکان یا خرید و فروخت کی جگہ لٹکا دے خوب آمدنی ہو گی۔

استغفار کے فوائد

جاننا چاہیے کہ بعض لوگوں کو بوجہ گناہوں کے تنگی و عسرت کی سزا ملتی ہے
اور حکمت اس میں خدائی یہ ہوتی ہے کہ وہ سزا جو گناہ کی عاقبت میں سخت ملنی چاہیے
اللہ تعالیٰ بوجہ اسلام ان کی عاقبت کو بہتر بنانے کے لیئے یہاں ہی انہیں تنگی
میں مبتلا کر دیتا ہے اگر وہ اس پر صبر کریں تو اللہ تعالیٰ انہیں اپنا دوست قرار دیتا ہے

اگر شکوہ کریں تو اور تنگی کرتا ہے۔ اس عسرت کا علاج برائے استغفار ہے اور کچھ نہیں اسی لیئے حضور نے فرمایا جس کے گناہ زیادہ ہوں وہ استغفار کیا کرے استغفار کے کلمات متعدد ہیں۔ بہترین استغفار سید الاستغفار ہے جو کہیں دوسری جگہ لکھی گئی ہے۔ اور عام استغفار یہ بھی ہے۔

استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

اور یہ بھی ہے۔ استغفر اللہ ربی من کل ذنب واتوب الیہ۔

اور یہ بھی ہے۔

اللھم اغفر لی ذنوبی وتب علی انک انت التواب الرحیم ط

حضور فرماتے ہیں کہ استغفار کرنے والے کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اگرچہ وہ جہاد سے بھاگا ہوا ہو۔ اور اللہ رزق فراخ کر دیتا ہے۔

برائے طلب حاجت

صبح کی نماز کے بعد سورہ مزمل برائے طلب حاجت صرف ایک بار اس طرح پڑھیں کہ پہلے درود شریف ۳ یا ۵ بار پڑھ کر سورۃ مزمل بسم اللہ پڑھ کر شروع کریں۔ جب آیت

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا

پڑھے تو اسے ۲ بار تکرار کریں۔ پھر آگے جب

وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ط

اسے بھی تین بار تکرار کریں پھر آگے

يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ ط

کو ۲ بار۔ پھر آخر میں۔

وَاسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

یہی ۳ بار پڑھ کر درود پڑھیں پھر اپنی جو حاجت ہو اللہ کریم سے مانگیں
انشاء اللہ پوری ہوگی۔

جابر ظالم حاکم زیادتی نہ کر سکے

یہ لکھ کر پاس رکھے اور اسی آیت کو پڑھتا جائے انشاء اللہ حاکم زیادتی نہ
کرے گا۔ انصاف کرے گا۔ آیت

اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓی اَھْلِھَا وَاِذَا حَکَمْتُمْ بَیْنَ
النَّاسِ اَنْ تَحْکُمُوْا بِالْعَدْلِ اِنَّ اللّٰہَ نِعِمَّا یَعِظُکُمْ بِہٖ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ
سَمِیْعًا بَصِیْرًا۔

فراخیٔ رزق

کسی نماز کے بعد یا وضو اسم یا وھاب تین سو بار پڑھا کریں اول آخر صلوٰۃ شریف
۳۱۳ بار انشاء اللہ فراخی نصیب ہوگی ۵ ۶ منٹ گھنٹے میں از حضرت ؒ شریف

ادائے قرض و فراخیٔ رزق

حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت معاذؓ کو ادائے قرض کے لیے فرمایا
تو یہ آیتیں پڑھا کر اللہ قرض سے نجات دے گا۔

اَللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تا حساب پارہ ۳ رکوع ۱۱

قرآن سے دیکھ کر یاد کر لیں وہ آیات۔

ختم حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ

یہ ختم واسطے کشائش رزق و جمیع حاجات مشکلہ کے مجرب ہے اکثر بزرگ ایک دوسرے کو وصیت کرتے تھے۔ صبح کی نماز کے بعد یا تہجد کے بعد اول ایک سو بار درود شریف پھر پانچ سو بار۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

پھر ایک سو بار درود شریف پڑھ کر اللہ کریم سے اپنی حاجت طلب کریں۔ صالحین فرماتے ہیں جو شخص اسے ہمیشہ پڑھے گا اللہ اسکی مشکل حل کردے گا۔ اور کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ ثواب اس کا حضرت مجدد کو بخشے۔

ختم خواجگان رضی اللہ عنہم اجمعین

ایک آدمی یا ۳ یا ۵ یا ۷ عرض طاق ہوں خواہ کتنے ہی ہوں۔ ۹-۱۱-۱۵ وغیرہ حلقہ باندھ کر دوزانو باوضو پاک جگہ بیٹھیں۔ اول کسی قدر شرینی پر سورہ فاتحہ ایک بار اور سورہ اخلاص ۳ بار پڑھ کر اس کا ثواب بزرگان سلسلہ نقشبندیہ کو پہنچائیں پھر مع بسم اللہ سورہ اَلْحَمْدُ سات بار پھر درود شریف سو بار پھر مع بسم اللہ سورہ الم نشرح ۲۹ بار پھر مع بسم اللہ سورہ اخلاص سو بار پھر الحمد ایک بار پھر درود شریف سو بار پھر اسماء ذیل سو بار ہر ایک اسم یا قاضی الحاجات سو بار یا کافی المہمات سو بار یا دافع البلیات یا رافع الدرجات یا انعم النبیات۔ یا حل المشکلات یا شافی الامراض یا مفتح الابواب۔ یا مسبب الاسباب یا منزل البرکات۔ یا مجیب الدعوات

سو بار۔ برحمتک یا ارحم الراحمین ط آمین۔
پھر دعا اور ثواب بزرگان دین کو پہنچائیں۔ پھر اپنی حاجت طلب کریں۔

حاجات مشکلہ کی نماز

چاند کی گیارہ اور بارہ دن کی درمیانی رات کو عشاء کی نماز کے بعد ۱۲ رکعت نفل چھ سلام سے اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں بعد فاتحہ قل شریف ۱۲۔ بارہ پڑھیں اسی طرح بارہ نفل پڑھ کر ایک سو بار درود شریف پڑھ کر سب کا ثواب بحضور شفیع یوم نشور صلی اللہ علیہ وسلم کے پہنچائیں۔ اور حضور کے طفیل اپنی حاجت اللہ کریم سے مانگیں۔ انشاء اللہ حاجت برآئے گی۔ روزی حلال شرط ہے۔
حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں۔ اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آئے تو یہ نماز بہ نیت قضائے حاجات اس طرح پڑھے۔ چار رکعت ایک سلام سے پہلی رکعت میں بعد فاتحہ آیت کریمہ یعنی۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

اگلی آیت بھی۔

فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ

سو بار پڑھے اور دوسری رکعت میں بعد فاتحہ

رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

سو بار پھر التحیات میں بیٹھ کر عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ تک پڑھے پھر تیسری رکعت میں۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ

سو بار چوتھی رکعت میں

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

سو بار پڑھے۔ بعد سلام اسی طرح بیٹھے اور سو بار

رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

پڑھ کر چند بار درود شریف پڑھے پھر اللہ کریم سے اپنی حاجت طلب کرے۔ انشاء اللہ تھوڑے دنوں میں حاجت پوری ہوگی۔

ادائے حمد حصولِ غنا وظیفہ کرامؔ

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں۔ جس کو اللہ دنیا میں سرفرازی دے اس کو لازم ہے کہ وہ اللہ کی حمد کیا کرے یعنی یہ کلمات پڑھا کرے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

لکھا ہے جو شخص اسے صبح و شام سو بار پڑھا کرے گا۔ اللہ اسے بہت عطا فرمائے گا۔ اور دنیا سے اسے فراغی اور سرداری نصیب ہوگی۔

سرسیاں فضل اس کے عامل تھے۔ رحلت کے وقت ان کے منہ سے یہی کلمے نکلے۔ اخبارات میں چھپا تھا۔ قارئین نے پڑھا۔

فراخیِ رزق و دولت

دہلی کے ایک بزرگ کا خاندانی عطیہ ہے حصول غنا میں فوری موثر و مجرب ہے جب کوئی نیا چاند چڑھے تو اس کے پہلے بروز بدھ کے کسی ایک معینہ وقت سات دن

ہر نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اللہ کریم سے اپنی
حاجت کی دعا مانگیں، خاص ہے۔

یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ یَا حَقُّ یَا وَهَّابُ

حصولِ حاجت

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حصول جمیع حاجات کے لیے اتنا کلمہ لکھ کر اپنے پاس رکھیں انشاء اللہ جمیع حاجات پوری ہوں گی۔ کلمہ یہ ہے۔ خداوندا اگر منظور داری حاجتم را برآری باوضو پاک لکھیں۔

جب کسی سے حاجت درپیش ہو

تو اس کے پاس جانے سے پہلے وضو کرو۔ بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار یہ آیت شریفہ پڑھو:۔

وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰهَا ط۔

پھر ایک درود شریف پڑھ کر چلو اور راستہ میں بھی پڑھتے رہو۔ انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔ اللہ سے مدد نیت میں رکھو۔

ہر رنج و غم اور مشکل میں پڑھو

ہر نماز کے بعد سات بار حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ط

پڑھو! حضور فرماتے ہیں۔ جس
آخری کلمہ اُن کا یہی تھا۔ اور خود خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔
فَزَادَهُمْ إِيمَانًا وَقَالُوا حَسْبُنَا اللَّهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ ط فَانْقَلَبُوا
بِنِعْمَةٍ مِنَ اللَّهِ وَفَضْلٍ لَمْ يَمْسَسْهُمْ سُوءٌ وَاتَّبَعُوا رِضْوَانَ
اللَّهِ ط وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ
(بخاری شریف میں ہے) ہر مصیبت دور ہوگی۔

مصائب و ناگہانی مشکل میں

حضورؐ نے فرمایا جب کوئی مشکل پڑے تو۔
يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيثُ
بکثرت پڑھا کرو۔ نماز کے بعد اور چلتے پھرتے بھی پڑھو اللہ کریم حل کر
دیں گے۔

برائے فراخیٔ رزق

جمعہ کی نماز کے بعد یہ آیت لکھ کر دوکان یا مکان میں کہیں یا چسپاں کر دیں انشاء
اللہ فراخی نصیب ہوگی۔
وَلَقَدْ مَكَّنَّاكُمْ فِي الْأَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ قَلِيلًا مَا
تَشْكُرُونَ

حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں۔
لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ
بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ ۝ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ

تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

بعد ہر نماز کے ۳ یا ۷ بار پڑھو رزق فراخ عطا کرے گا۔

طلب حاجت

فجر کی نماز کے بعد سورہ مزمل ایک بار اس طرح پڑھیں کہ چار مقام پر آئیں ۳-۳ بار پڑھیں

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا

۲ بار کہہ پڑھیں۔ پھر آگے۔

وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ط

کو ۳ بار۔ پھر آگے۔

يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ط

کو ۲ بار۔ پھر آگے اخیر پر

وَاسْتَغْفِرُ اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

۲ بار بعد ازاں ۳ بار درود شریف اس کا ثواب حضور علیہ السلام کو پہنچائیں اور جو بھی حاجت ہو اللہ سے طلب کریں انشاء اللہ ضرور پوری ہوگی۔

ہر مشکل کا وظیفہ

حضور کا معمول تھا کہ ہر مشکل میں سجدہ میں گر کر پڑھتے

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

اور اس پر مداومت بھی حدیث سے ثابت ہے ہر نماز کے بعد دعا میں بھی اور آگے پیچھے بھی پڑھتے رہتے ہیں، ثواب بھی اور حل مشکل بھی، ہر شعر ہر نماد کے بعد دعا میں پڑھا کریں۔ انشاء اللہ جس مشکل کے لیے پڑھیں گے حل ہو جائے گی۔

فَسَهِّلْ يَا اِلٰهِيْ كُلَّ صَعْبٍ
بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ سَهْلٌ

اعمالِ برائے شفائے امراض

دردِ سر کے لیے یہ نقش لکھ کر ماتھے پر باندھیں انشاء اللہ آرام ہوگا۔

صلوہ	سلوہ
سلوہ	صلوہ

دیگر: ایک کاغذ سفید پر یہ لفظ لکھ کر درد کی جگہ چسپاں کر دیں، اگر یا آٹے سے (دم دل دم) بر درحقیقت قرآنِ کریم کی آیت وَمَتَلُهُمْ سے ہیں۔ انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

دیگر!

دردِ شقیقہ وغیرہ میں ہاتھے کو پکڑ کر یہ آیت پڑھ کر دم کریں اور ہاتھ کو جھٹک دیں۔ ۳ بار پہلے بسم اللہ پڑھ لیں۔ پھر آیت:۔

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلِ اللّٰهِ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ
دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ
يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ
اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ
اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ پ ۷

دردِ سر کے لیئے

آخر جمعہ رمضان بعد نماز صبح یا جمعہ یہ آیت لکھ کر کپڑے پر جس کو درد
ہو بطور تعویذ اس کو دردِ سر باندھے۔ انشاء اللہ اسے آرام ہوگا۔ بسم اللہ الرحمٰن
الرحیم اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ
جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۙ ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ۝ ۴۶

باوضو پاک سیاہی سے لکھیں اور کپڑے میں باندھے

دردِ شقیقہ وغیرہ

درد کی جگہ کپڑا کر یا ہاتھ رکھ کر یہ پڑھیں۔
بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرُ الْاَسْمَآءِ رَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ
لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ۔
اس کو تین تین بار پڑھ کر دم کریں اللہ صحت دے گا۔

اسم اعظم

ہر دعا قبول ہونے کیلئے پہلے اسم اعظم پڑھے اور پھر دعا کرے پھر تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر یہ کہے۔ اَللّٰہُ وَاحِدٌ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ایک بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کہے اور پھر تین بار کہے وَتَوَکَّلْ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ ایک بار یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کہے۔ پھر تین بار کہے کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ ایک بار کہے یَا اِلٰھَنَا وَاِلٰہَ کُلِّ شَیْءٍ اِلٰھًا وَّاحِدًا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ۔

پھر ایک بار یہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَتُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ

اس کے بعد رزق کی فراخی، امتحان کی کامیابی، عزت و جرات پیدا کرنے اور بزدلی دور کرنے وغیرہ کے لیے جو چاہے دعا کرے۔ آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھے۔

درود تُنجِّینَا

آفات سے حفاظت کے لیے یہ درود روزانہ ستّر مرتبہ پڑھا کریں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا
مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتُقْضٰی لَنَا بِھَا
جَمِیْعُ الْحَاجَاتِ وَ تُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ
السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ
وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ
فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ
قَدِیْرٌ ۝

درُودِ ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کی آل پر
جس طرح تو نے رحمت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر،

بیشک تو مستحق تعریف اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! برکت نازل فرما
صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر جیسا کہ برکت نازل فرمائی تو نے
ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر بیشک تو مستحق تعریف اور بزرگی والا ہے

کلمہ طیبہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔
اس کلمہ سے کافر مسلمان ہوتا ہے اور جس کی اس پر موت واقع
ہو وہ جنتی ہے۔ میت کو ستر ہزار بار پڑھ کر ایصال ثواب کرنا
گناہوں سے بخشش کا ذریعہ ہے۔

آیۃ الکرسی

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ
سِنَۃٌ وَّ لَا نَوْمٌ ط لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ
مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ
مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ
بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ کُرْسِیُّہُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ط وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا
وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ط

(ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں زندہ ہے
سنبھالنے والا ہے نہ اس کو کوئی اونگھ دبا سکتی ہے اور نہ نیند، اسی کے

مدرک ہیں جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ ایسا کون شخص
ہے جو اس کے پاس سفارش کر سکے بدون اس کی اجازت کے وہ جانتا ہے ان
کے نام حاضر و غائب حالات کو اور وہ موجودات اس کے معلومات میں
سے کسی چیز کو اپنے احاطۂ علمی میں نہیں لا سکتے مگر جس قدر وہ چاہے
اس کی کرسی نے سب آسمانوں اور زمین کو گھیر رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ کو
ان دونوں کی حفاظت کچھ گراں نہیں گذرتی اور اس کی ذات عالیشان
اور عظیم الشان ہے "۔

ہر نماز کے بعد اس کا پڑھنا بے حد منافع کا باعث ہے۔

سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ
وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ
ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ
يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ
فَارْغَبْ ۝

ترجمہ کیا نہ کھول دیا ہم نے واسطے تیرے سینہ تیرا اور اتار رکھا ہم نے تجھ سے
بوجھ تیرا جس نے توڑی تھی پیٹھ تیری اور بلند کیا ہم نے واسطے تیرے ذکر تیرا،
پس تحقیق ساتھ سختی کے آسانی ہے تحقیق ساتھ سختی کے آسانی ہے پس جب فارغ
ہو پس محنت کر بیچ عبادت کے اور طرف اپنے رب کی پس رغبت کر۔

ہر مقصد کے لئے اس سورۃ کا پڑھنا انتہائی مجرب ہے۔

سُورۃ اِخلاص

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝
وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

(ترجمہ) کہہ اے محمدؐ! وہ اللہ ایک ہے اللہ بے احتیاج ہے نہیں جنا
اُس نے اور نہ جنا گیا اور نہیں ہے واسطے اس کے برابری کرنے والا کوئی
حدیث شریف میں ہے جس نے یہ سورۃ پڑھی اسے ایک تہائی
قرآن کا ثواب ملے گا۔

مُعَوَّذَتَیْن

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ
النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

(ترجمہ) کہہ پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ پروردگار صبح کے برائی اس چیز کی سے
کہ پیدا کیا ہے اور برائی اندھیرا کرنے والی کی سے جس وقت چھپ جائے
اور برائی پھونکنے والوں کی سے بیچ گرہوں کے اور برائی حسد کرنے والے
کی سے جب حسد کرے۔

سُورۃ النَّاس

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ
النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ
يُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

(ترجمہ) کہہ پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ پروردگار لوگوں کے بادشاہ لوگوں کے

جو لوگوں کے بارے وسوسہ ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانے والے کی وہ وسوسہ ڈالتا ہے بیچ سینے لوگوں کے جنوں میں سے اور انسانوں میں سے۔

یہ عمل اعمال جادو وغیرہ کے توڑ کیلئے موثر ترین نسخہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی شفا کے لئے نازل فرمایا ہے۔

جب مسجد میں داخل ہو

پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پہ درود وسلام بھیج کر یہ دعا پڑھے۔

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

(ترجمہ) اے رب! میرے گناہوں کو بخش دے اور میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

یا صرف یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

مسجد میں بیٹھے بیٹھے یہ پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔

اللہ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

برائے محبت

اس نقش کو بروز یکشنبہ (اتوار) لکھ کر محبوب کو پلا دے اور مسلسل ۴۰ دن تک لکھ کر پلائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ مطیع ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

و	دہ	ود	ی مرح
ط ط	ع	ع محمد	احد
ح	ط ط	او ح	ل لھ ر

فلاں بن فلاں کی محبت فلاں بن فلاں کے دل میں ڈال

برائے بخار

اس دعا کو باوضو لکھ کر بخار والے کو اس کی دھوئی دی جائے انشاء اللہ تعالیٰ بخار سے نجات ملے گی وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَبْرَاسُوْمَا وَ نَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِھِمْ مِنْ غِلٍّ اللّٰہُ خَفَّفَ اللّٰہُ عَنْکُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِیْکُمْ ضَعْفًا ط لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَاءُکَ یَا اَللّٰہُ شِفَآءً لَا یُغَادِرُ سَقَمًا۔

برائے فتوح غیبیہ

چاند دیکھ کر ایک وقت مقرر کر کے باطہارت باوضو قبلہ رو (قبلہ کی طرف منہ کر کے) تنہا بیٹھ کر ایک مجلس میں بہتر (۷۲) دن تک بہتر (۷۲) نقش باسط کو اس طرح لکھے کہ اوّل چھ (۶) کا عدد لکھے مگر لکھنے سے پہلے چھ مرتبہ بِحَقِّ جِبْرَئِیْلَ یَا اَللّٰہُ الْبَاسِطُ پڑھ لے اور اس کے بعد دوسرے خانہ میں بارہ ۱۲ کا عدد لکھے اور لکھنے سے پہلے بارہ ۱۲ مرتبہ وہی کلمات پڑھے اسی طرح

سے آٹھ خانے یعنی تیسرے خانے میں اٹھارہ (۱۸) چوتھے میں چوبیس (۲۴) پانچویں میں تیس (۳۰) چھٹے میں چھتیس (۳۶) ساتویں میں بیالیس (۴۲) آٹھویں میں اڑتالیس (۴۸) کا عدد لکھے اور ہر خانہ کے عدد کے موافق وہ کلمات پڑھتا جائے اس کے بعد چھ ہزار ایک سو چوراسی مرتبہ اَلْبَاسِطُ پڑھے۔ اسی طرح بہتر (۷۲) دن یہ عمل کرے۔ اس کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ حق تعالیٰ فتوح نصیب فرمائے گا۔ بہتر (۷۲) روز کے بعد ایک نقش لکھے اور نویں خانے میں اپنے مطلب کی چیز کا نام بھی لکھے خواہ روپیہ کا مطلب ہو خواہ اور کوئی شے مطلوب ہو جو چاہے نویں خانہ میں اس کا نام لکھ کر اس نقش کو اپنے زانو کے نیچے رکھ کر بہتر (۷۲) مرتبہ وہی کلمات یعنی بِحَقِّ جِبْرَئِیْلَ یَا اَللّٰہُ الْبَاسِطُ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جو چیز جس مقدار میں لکھ دے فوراً حق تعالیٰ غیب سے عطا فرمائے گا۔ البتہ اگر کھانا پختہ یا تر یا خشک میوہ مطلوب ہوگا تو کوری مٹی کی رکابی میں یہ نقش اور نام شے مطلوب کا لکھ کر دھوپ میں رکھدے اور وہ کلمات بہتر مرتبہ پڑھ لے انشاء اللہ تعالیٰ پردہ غیب سے وہ نصیب ہو جائے گی۔

ہر روز چھ ہزار ایک سو چوراسی (۶۱۸۴) مرتبہ اَلْبَاسِطُ پڑھتے رہنا چاہیے ضرورت کے وقت وہ نقش بھی لکھنا اور کلمات بھی پڑھتا رہے موافق ترکیب مذکورہ بالا کے۔ وہ مثلث باسط کا یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	نام شے مطلوب اس خانہ میں لکھا جائے گا	۳۰

(بخار کیلئے) برائے تپ نقش معظم مربع "اللہ"

(اگلے صفحہ پر)

نقش اسم معظم اللہ کو روزانہ پلایا جائے اور گلے میں باندھا جائے وہ نقش مظلم یہ ہے۔ اس کے عدد (٦٦) ہیں۔

۷۸۶

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

برائے محبت و دوستی

کسی رات کو ایک جلسہ میں ایک ہزار مرتبہ (۱۰۰۰) یہ عمل پڑھے اور مطلوب کا تصور دل میں کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔ وہ عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَجِبْ دَعْوَتِيْ حُبًّا بِحَقِّ جِبْرَئِيْلَ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ اَجِبْ دَعْوَتِيْ حُبًّا بِحَقِّ اِسْرَافِيْلَ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ اَجِبْ دَعْوَتِيْ حُبًّا بِحَقِّ مِيْكَائِيْلَ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ اَجِبْ دَعْوَتِيْ حُبًّا بِحَقِّ عِزْرَائِيْلَ فلاں بن فلاں بے قرار گشتہ زود تر حاضر آید۔

حاضر مطلوب کے واسطے

اعداد نام طالب معہ نام والدہ کے (بلکہ مطلوب معہ مادر مطلوب کے) نکال کر اس میں چھ ہزار ایک سو چھ (٦١٠٦) عدد جمع کر کے دس عدد کم کر دیئے جائیں باقی ماندہ اعداد کو چار پر تقسیم کر کے خارج قسمت سے حسب قاعدہ مربع نقش پر کیا جائے۔ پھر اس نقش کو دائیں جانب خانہ زیریں سے موڑ کر فلیتہ

بنائے اور اس پر نئی روئی لپیٹ کر دائیں جانب کے بالائی خانہ کی طرف سے دھوئی تلی کے تیل میں نئے چراغ (کوری مٹی کے چراغ) میں جس قدر زیادہ دیر تک اس کو روشن کیا جائے گا بہتر ہوگا۔ اس کی روشنی میں کلماتِ ذیل مدِ تصور مطلوب کے اس طرح کہ مطلوب آرہا ہے اور میرے پاس حاضر ہونے کے لیے بے قرار ہو رہا ہے پڑھے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں مثلاً:

زید کی جگہ اپنا نام (زید کی الف کا (مطلوب کا نام مثلاً) بحر کے جگہ میں لاگے تیر لَآ اِلٰہ آئیں گے اِلَّا اللہ بُلائیں گے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہ بلائیں گے

قاعدہ اقسام مقصد و ایام عمل

جاننا چاہیئے کہ ایک سال میں بارہ ماہ ہوتے ہیں۔ چہار ماہ "ثابت" کہلاتے ہیں اور چہار ماہ "ذُوجَسَدَین" اور چار ماہ "منقلب" کے نام سے یاد کیے جاتے ہیں:

"منقلب" کے برج حمل۔ سرطان۔ میزان۔ جدی (علامت برائے یادداشت ان برجوں کے حروف کے سر کے حساب سے پہلا حرف لیا گیا و حَسَ مَجَ (ح۔ س۔ م۔ ج) بنا) اور ھندی مہینوں کے نام بیساکھ۔ ساون۔ کاتک۔ ماگھ (علامت بس کم (ب۔ س۔ ک۔ م) ان مہینوں میں دفع اعداء کے عمل مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔

"ثابت" (علامت اث د ع) یعنی اسد۔ ثور۔ دلو۔ عقرب ھندی علامت بج پا (ب۔ ج۔ پ۔ ا) یعنی بھادوں۔ جیٹھ۔ پھاگن۔ اگھن۔ ان مہینوں میں ترقی درجات، عزت و رزق کے اوراد و وظائف زیادہ مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔

"ذوجسدین" علامت جسعق (ج۔ س۔ ح۔ ق) جوزا۔ سنبلہ

حوت ۱۲ - قوس ۹ - ھندی ماہ علامت اک چیت (۱- ک ۲ - گ ۳ - چ ۴
اساڑھ - کنوار ۶ - چیت ۳ - پوس ۴ - ان مہینوں میں محبت کے اعمال
زیادہ موثر ثابت ہوتے ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ مقاصد ذیل کے لئے اوراد ان مہینوں کے حساب سے
عمل میں لائے جائیں تاکہ ان کی تاثیر میں بہت زیادہ اضافہ ہو۔ اس کی تفصیل
کے لئے یہ نقشہ ملاحظہ ہو:

	نام بروج و نام ماہ ھندی	عمل
(۱)	حمل - سرطان - میزان - جیٹھ بیساکھ - ساون - کاتک - ماگھ	دفع اعداء کے عمل زیادہ موثر ہوتے ہیں۔
(۲)	اسد - ثور - دلو - عقرب بھادوں - جیٹھ - پھاگن - اگھن	عمل برائے ترقی درجات، عزت - روزگار کے زیادہ کامیاب ہوتے ہیں۔
(۳)	جوزا - سنبلہ - حوت - قوس اساڑھ - کنوار - چیت - پوس	محبت کے عمل زیادہ موثر ہوتے ہیں۔

برائے دفع دشمن

اوّل و آخر درود شریف پانچ پانچ مرتبہ اور سورۃ الھاکم التکاثر ۵

سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝ كَلَّا سَوْفَ
تَعْلَمُوْنَ ۙ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝
لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۙ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۙ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ
يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۝

عمل سات بار پڑھ کر مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ایک ہزار انتیس ۱۲۹ مرتبہ چالیس روز تک بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء پڑھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمن دشمنی سے باز رہے گا۔

برائے دفع دشمن

اگر دشمن ایذاء کے درپے رہے اور باز نہ آئے تو مہینہ کی اٹھائیس ۲۸ تاریخ کو عمل ذیل تین ۳ روز تک پڑھے۔ پھر چھوڑ دے پھر آئندہ (آنے والے مہینہ میں) ماہ کی اٹھائیس ۲۸ تاریخ کو شروع کرے۔ ترکیب اس عمل کی یہ ہے کہ بعد نماز صبح تنہا جگہ مکان میں کھڑا ہو اور اپنا منہ دشمن کے مکان کی طرف کرے اور یہ عمل پڑھے۔

رَدَّا ظَالِمَان رَدَّا بَاطِلَان رَدَّا بِاِسْمِ اللّٰهِ اَکْبَرُ کَافِرَان رَدَّا یَا صَمَدُ۔ یَا صَمَدُ۔ وَا صَمَدُ بِحَقِّ عِزْرَائِیْلَ وَبِحَقِّ اِسْرَافِیْلَ وَبِحَقِّ مِیْکَائِیْلَ وَ بِحَقِّ جِبْرَئِیْلَ۔ اس کو گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرے اور تین ۳ بار یہ کلمات کہے۔

زَدَیم بَدَسْتِ عِزْرَائِیْل

اور اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے۔ مگر اس عمل کے پڑھنے سے پہلے اپنے ہر عضو پر تین تین مرتبہ یَا قَادِرُ پڑھ کر دم کرلے۔

برائے مغلوبی و مقہوری دشمن

ایک نیبو (نیبو) کا پتہ لے اور اس پر دشمن کا نام لکھے اور اپنے سامنے رکھے اور اوّل و آخر درود شریف گیارہ ۱۱ مرتبہ اور بِسْمِ اللّٰهِ کے ساتھ ایک ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ سورۂ اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ:

سُوْرَۃُ الْکَوْثَرِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ

ایک ہی مجلس (بیٹھک میں درمیان میں نہ اٹھے) میں پڑھے اس طرح کہ جب سو دفعہ پڑھ لے اس پتہ پر دم کردے ہر سو دفعہ پڑھنے کے بعد پتہ پر دم کرتا رہے اس طرح دس مرتبہ دم کرنا ہوگا۔ اسی طرح ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کے بعد اس پتہ کو اس خراب اور بیکار کنویں میں جس کا پانی بھی خشک ہوگیا ہو وہ پتہ ڈال دے۔ یہ عمل بیس روز تک کرے ورنہ کم از کم ایک ہفتہ کرے تاکہ اثر ہو۔ چاند کی پندرہ تاریخ کے بعد سے شروع کرے اور اس کا بہتر اور اچھا وقت رات کا ہے۔

برائے پوری ہونے جملہ حاجات اور حفاظت از شرِ ظالمان

ایک مجلس میں بارہ ہزار پچاس ۱۲۰۵۰ مرتبہ یہ آیت شریفہ مع اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے وہ آیت شریفہ یہ ہے۔

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ

عمل جمعیتِ نفس و حصولِ دولت

آخری چہار شنبہ (بدھ) ماہ صفر سے یہ عمل ذیل شروع کیا جائے۔ اس عمل کو بعض نے حضرت شہاب الدینؒ سے نقل کیا ہے۔ بعض حضرات شیخ الاشرف شہاب الدین مقتول سے نقل کرتے ہیں اور اکثر قائل ہیں کہ حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ سے یہ عمل روایت کیا گیا ہے بہرحال اس عمل سے اکثر لوگ بہرہ اندوز ہوئے ہیں اور اکثر لوگوں کو بدولت اس عمل کے ظاہری و باطنی

بوں دو برکات حاصل ہوتی ہیں۔ عمل یہ ہے کہ صبح آخری چہار شنبہ (بدھ) کو غسل کیا جائے اور غسل کے وقت سے ختم عمل تک کسی سے نہ بولے بات کرے۔ بعد غسل کے چار رکعت نفل بہ نیت نفل چہار شنبہ پڑھے۔

ہر رکعت میں بعد فاتحہ: (سورۃ فاتحہ یہ ہے)

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

سورۃ الکوثر سترہ مرتبہ (سورۃ الکوثر یہ ہے)

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ؕ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ؕ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

سورۃ اخلاص پانچ مرتبہ (سورۃ الاخلاص یہ ہے)

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

سورۃ الفلق ایک بار (سورۃ الفلق یہ ہے)

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ
اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ
اِذَا حَسَدَ ۧ اور سورۃ الناس ایک بار (سورۃ الناس یہ ہے)

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِکِ النَّاسِ ۙ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ
فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۧ

اور بعد سلام پھیرنے کے سجدہ کرے اور سجدہ میں چودہ ۱۴ مرتبہ
یَا وَھَّابُ پڑھ کر سجدہ سے اٹھ کر دونوں ہاتھ اٹھا کر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ یَا شَدِیْدَ الْقُوٰی یَا شَدِیْدَ الْمِحَالِ
یَا عَزِیْزُ ذَلَلْتَ بِعِزَّتِکَ جَمِیْعَ خَلْقِکَ اَکْفِنِیْ عَنْ شَرِّ جَمِیْعِ
خَلْقِکَ یَا مُحْسِنُ یَا مُجْمِلُ یَا مُنْعِمُ یَا مُفْضِلُ یَا مُکْرِمُ یَا
لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

اس کے بعد سورۃ الم نشرح مکمل اکیاسی ۸۱ مرتبہ۔ (سورۃ الم نشرح یہ ہے)

سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۙ الَّذِیْٓ
اَنْقَضَ ظَھْرَکَ ۙ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ؕ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ
اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ؕ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ۧ

اور سورۃ والتین اکیاسی ۸۱ مرتبہ۔ (سورۃ والتین یہ ہے)

سُوْرَۃُ التِّیْنِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۙ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۙ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۙ
لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۫ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ
سٰفِلِيْنَ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ
مَمْنُوْنٍ ۭ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۭ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۧ

سورۃ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ اکیاسی ۸۱ مرتبہ (سورۃ النصر یہ ہے)

سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ
اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۧ

اور سورۃ اخلاص مکمل اکیاسی ۸۱ مرتبہ (سورۃ الاخلاص یہ ہے)

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ

سب سورتوں کے ساتھ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ضرور پڑھے

اس کے بعد یَا وَهَّابُ چودہ سو ۱۴۰۰ مرتبہ اس کے بعد ایک ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ
هُوَ الْمُحْيِيُ الْحَقُّ پڑھے۔

اس کے بعد یَا فَتَّاحُ یَا غَنِيُّ یَا مُغْنِيُّ یَا رَزَّاقُ یَا بَاسِطُ
ہر ایک سو سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھے اس کے بعد درودِ غوثیہ سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر حضرت
غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کی روح پر فتوح پر ثواب فاتحہ بخشے۔

اس کے بعد سجدہ کرے اور چودہ ۱۴ مرتبہ یَا وَهَّابُ پڑھ کر سجدہ

سے سر اٹھا کر دونوں ہاتھ اٹھا کر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَا شَدِیْدَ الْقُوٰی یَا شَدِیْدَ الْمِحَالِ یَا عَزِیْزُ ذَلَّتْ بِعِزَّتِکَ جَمِیْعُ خَلْقِکَ اُکْفِنِیْ عَنْ شَرِّ جَمِیْعِ خَلْقِکَ یَا مُحْسِنُ یَا مُجْمِلُ یَا مُنْعِمُ یَا مُفَضِّلُ یَا مُکْرِمُ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ
پڑھے اور دعا مقصود جو کچھ ہو کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیاب ہوگا۔
نوٹ: یہ عمل شروع تو آخری چہار شنبہ ماہ صفر سے ہوگا مگر اس کا یہ ہر چہار شنبہ کو پڑھا جایا کرے گا۔

برائے زبان بندیٔ دشمنان و حاسدان

میدہ۔ شکر۔ روغن زرد۔ تینوں کو قبل طلوعِ آفتاب روز یکشنبہ (اتوار) لے کر باہم ملا لیا جائے اور دشمن کی صورت کا پتلا بنا کر اس پر یہ عزیمت سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے (پھونک دے) اور روغن زرد (گھی) میں تل کر کھا لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی بدگوئی اور حاسدوں کے حسد سے مامون و محفوظ رہے گا۔ عزیمت یہ ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ از آسمان تا زمین۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ از زمین تا آسمان۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ از عرش تا کرسی۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ از کرسی تا عرش۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ از قلم تا لوح۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ از لوح تا قلم لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ از بہشت تا دوزخ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ از دوزخ تا بہشت۔ بستم زبان فلاں بن فلاں (یہاں دشمن کا نام اور اس کے والد کا نام لے) بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔
سات یکشنبہ (اتوار) تک یہ عمل کرے۔

درد شقیقہ وغیرہ کیلئے خاص

ایک اک صاف کاغذ پر پاک قلم و دوات سے بارہ سو کالی سیاہی سے
نیم عبارت ذیل لکھیں اور پھر لپیٹ کر ایک پاک کپڑے کی کترن میں لپیٹ کر گرہ
دے دیں۔ اس کترن کو محفوظ رکھیں۔ جب کسی کو دردِ شقیقہ وغیرہ ہو اسی
کترن کو سر پر باندھیں کر گرہ تعویذ کی جائے درد دور ہے انشاء اللہ جلدی دور ہو
جائے گا۔ جب آرام آجائے اتار کر محفوظ رکھیں کہ پھر جب کبھی کسی کو درد ہو اسے
دیں اسی طرح یہ تعویذ ہمیشہ کام آیا کرے گا۔ انشاء اللہ۔ تعویذ یہ ہے

۷۸۶

یا داؤد۔ یا داؤد۔ یا داؤد۔ یا داؤد۔ یا داؤد۔ یا داؤد۔ یا داؤد۔
یا اللہ۔ یا اللہ۔ یا اللہ۔ برحمتک یا ارحم الراحمین۔ یا کریم یا کریم
یا کریم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابوبکر صدیق عمر خطاب عثمان غنی علی مرتضیٰ

الٰہی بحرمتِ بسملہا مکسلمین کشفوط تبسوس زہرت کتانت
یوانس یوس اسم کلبہم تطہیر دتمنی اللہ قصد السبیل دمنہا
جائز وشع لسند اکم بسم اللہ شانی۔ بسم اللہ کانی بسم اللہ کانی
بسم اللہ ضمیر یا اللہ۔

برائے مرگی اللہ شافی

مریض کے کان میں یہ دعا پڑھ کر پھونک ماریں۔ انشاء اللہ پھر دورہ نہ پڑے گا۔ کان کے پاس منہ رکھ کر پڑھیں۔ اور پھونک ماریں کہ اس کو سنائی دے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الٓمٓصٓ۔ طسٓمٓ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ۔ نٓ۔ وانقہ ان المحکیم ط حمعسق۔ نٓ۔ وانفلہ قصا یسطرون۔

اول تو پہلی بار ہی دم کرنے سے آرام ہو جائے گا۔ ورنہ دو چار بار پڑھ کر دم کریں۔ دورہ کے وقت خاص کر دم کریں۔ انشاء دورہ پھر نہ پڑے گا۔

برائے حفظ حافظہ

جس کا حافظہ کمزور ہو سات دن ان آیات کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھایا کرے اس طرح کہ ہفتہ کے روز یہ آیت لکھ کر کھالیں

فتعٰلی اللہ الملک الحق پ ۱۸ رکوع ۶

اتوار کے روز یہ

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا پ ۱۸ ع ۱۵

پیر کو یہ

سنقرئک فلا تنسیٰ پ ۳۰

منگل کو یہ

اِنَّہٗ یَعْلَمُ الْجَھْرَ وَمَا یَخْفٰی پ ۳۰

بدھ کو یہ

لا تحرک بہ لسانک لتعجل بہ ط پ ۲۹

جمعرات کو:-

اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ پ ۲۹

صبح باوضو لکھ کر پلائیں انشاء اللہ حافظہ قوی ہوگا

دیگر سورہ۔

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ

لکھ کر گھول کر پلانا حفظ قرآن کے لیئے خاص ہے اور تحصیل علم کے لیئے خاص ہے۔

گوہانجنی چشم کے لیئے

جو آنکھ کی پلکوں اور کونوں پر ہوتی ہے اور بہت تکلیف دیتی ہے پھنسی سرخ دردِ خارش ہوتی ہے۔ بیری کے سبز سات پتے لے کر ایک بانس کی پتلی سی تیلی سلائی کی طرح کی لیں اور ایک پتے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دم کریں۔ اس پتے کو پھنسی سے مس کر کے تیلی میں پرو لیں۔ اسی طرح ساتوں پتوں پر ایک ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کر کے پھنسی سے لگا کر ایک ایک کر کے پرو لیں۔ پھر اس تیلی کو کسی اونچی جگہ دیوار وغیرہ میں گاڑ دیں انشاء اللہ ایک آدھ روز میں پھنسی وغیرہ سے آرام ہو جائے گا۔

تقویت نظر کے لیئے

ہر نماز کے بعد تین بار یا سات بار آیت :-

فکشفنا عنک غطآک فبصرک الیوم حدید

پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے اگلے سرے بروم کر کے دونوں آنکھوں پر پھیریں اور اس کا عمل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ مرتے تک نظر کمزور نہ ہوگی اول آخر درود شریف بھی مجرب ہے۔

سرخی و رمد آنکھ کے لیئے

نواب صدیق حسن مرحوم لکھتے ہیں۔ امام شافعی سے کسی نے رمد کی شکایت کی آپ نے اسے لکھ دیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم فکشفنا عنک غطآئک فبصرک الیوم حدید قل ھو للذین امنوا ھدی و شفاء

بطور تعویذ ابا کر کے آنکھ پر باندھے یا لگائے اللہ کے فضل سے رمد سے آرام ہوگا۔ اور یہ بھی لکھا ہے کہ:۔

اذ صبو بقیضی ھذا فالقوہ علی وجہ ابی یات بصیرا

فکشفنا عنک غطآئک

اور اوپر والی آیت کے دونوں لکھ کر آنکھ پر باندھیں یا انہیں چینی کی طشتری میں لکھ کر پانی سے گھول کر آنکھ دھوئیں۔

درد دانت کیلئے

یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر درد کے دانتوں میں دے کر دبا رکھیں انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

۷۹۶

لِكُلِّ نَبَإٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ

اور یہ بھی مجربین سے منقول ہے ایک سختی پر پاک ریت بچھا کر
اَبْجَد ۔ هَوَّز ۔ حُطِّی

کے حروف علیحدہ علیحدہ ریت پر اس طرح لکھیں۔ اب ج د ہ و ز ح ط
کی کیل یا قلم وغیرہ سے پھر درد والے شخص کو کہیں کہ دائیں ہاتھ کی انگشت
وانگوٹھے سے درد والے دانت کو زور سے پکڑے اور اب الف پر کیل رکھ
کر دبائیں اور بسم اللہ پڑھ کر الحمد شریف پڑھیں بعد کو مریض کو پوچھیں کہ آرام
آیا اگر نہیں آیا رب ،، پر کیل رکھ کر دبائیں اور الحمد شریف پڑھ کر پوچھیں اگر
آرام آگیا تو بس کر دیں ورنہ اسی طرح حروف پر عمل کریں انشاء اللہ آخر حروف
پر ضرور آرام آجائے گا۔

دردِ دانت کے لیے

کھیعص حٰمٓ عٓسٓقٓ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۚ وَلَهٗ
مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۚ

پڑھ کر دم کریں اللہ صحت دے گا۔

جب چھینک آئے

جو شخص چھینک آنے کے بعد۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط عَلٰى كُلِّ حَالٍ ط

السبع وما فیھن وما بینھن وما فوقھن وما تحتھن ورب العرش العظیم والحمد للہ رب العالمین اللھم انی ادعوک بک فی تعوذ ستجنک علیہ فاکفنیہ برشتہ۔

دعا یوشع بن نونؑ

یہ دعائے جلیل القدر بہت ہی ارفع و اعلیٰ خواص کی مالک ہے اور یہ جناب حضرت یوشع بن نون علیہ السلام سے منسوب ہے مروی ہے کہ اس دعا کو حضرت یوشع بن نون علیہ السلام نے پڑھا ہے اور اسی دعا کی برکت سے آفتاب ایک مدت تک اپنے مرکز پر قائم رہا ہے۔ پس جاننا چاہیئے کہ جب اس دعا کی یہ خاصیت ہے تو پھر اور دیگر مشکلات انسانی اس کی برکت سے کیسے زائل ہو سکیں گی اور وہ دعا مبارک یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط۔ اللھم انی اسئلک باسمک الطھر الطاھر المقدس المبارک المخزون المکتوم المکتوب علی سرادق المجد وسرادق المجد وسرادق القدرۃ وسرادق السلطان وسرادق الکبریاء اسئلک بان لک الحمد لا الہ الا انت النور البار الرحمن الرحیم الصادق عالم الغیب والشھادۃ بدیع السموات والارض ونورھن ودیمومتھن ذی الجلال والاکرام حنان نورہ دائم قدوس حی لا یموت ط

دعائے حضرت خضر و حضرت الیاس علیہما السلام

مصباح میں کفعمی نے نقل کیا ہے کہ جناب حضرت خضر و جناب حضرت الیاس علیہما السلام نے اس دعا کی تلاوت فرمائی ہے یہ دعا بہت سریع الاثر اور پرکار ہے

پڑھنے کی عادت کرے گا اسے دوسرا مدد لانت کی بیماری نہ ہوگی اور ثواب ادائے سنت کا علیحدہ ملے گا۔

ناک یا لب پر خبیث پھنسی

بعض اوقات لب (ہونٹ) یا ناک پر اول خفیف سی زہریلی پھنسی ہوتی ہے۔ ہونٹ پر اس کا زہریلا اثر انتڑیوں تک بھی ہو جاتا ہے اور منہ میں چھالے ہو جاتے ہیں۔ بعض بچے اس سے ہلاک ہو جاتے ہیں اور بعض کو گا ہے لگا ہے ہونٹ یا ناگ پر یہ زہریلی پھنسی اکثر نکلا کرتی ہے اور بہت تکلیف دیتی ہے اس کے لیئے یہ عمل خاص بہت مجرب ہے۔ اللہ کریم شفا دیتا ہے۔

ایک ہمڑے کی جو پاک ہو پتلی بدھی سے کر یہ عمل پڑھیں۔ باوضو اول درود شریف ۲ بار پھر بسم اللہ الرحمن الرحیم ط۔ اور الحمد شریف ساری پڑھ کر ایک گرہ اس چمڑے کی بدھی میں دیدیں اور گرہ پر دم کریں اسی طرح سات گرہ بنا دیں یہ بدھی مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ جس کو ہمیشہ بھی نکلتی ہو اس کو بھی انشاء پھر نہ نکلے گی اور جس کو نکلتی ہو اس کو صحت ہوگی۔

خنازیر کے لیئے

برے قبلہ سیدی و مرشدی کا فرمودہ ہے۔ سورہ الحمد شریف ۴۱ بار مع بسم اللہ کے آخری میم کے وصل سے (ملحمد) ۴۰ روز صبح کی نماز کے بعد پڑھ کر دم کر کے پلایا کریں۔ انشاء اللہ مرض دور ہوگا۔ اور خنازیر کے لیئے یہ تعویذ ۴۰ دن تک ایک ایک عدد کھلا دیں۔

حدالدیح

برائے ہر مرض

یہ نقش بے شمار فوائد رکھتا ہے اسے تعویذ بنا کر پاس رکھیں ہر حاجت پوری ہوگی۔ بیمار کے گلے میں ڈالیں شفا حاصل ہوگی۔
حضرت قطب الدین بختیار کاکی دہلوی سے اسے نسبت ہے۔

کشتگان	خنجر	تسلیم را	ہر زماں
خنجر	تسلیم را	ہر زماں	از غیب
تسلیم را	ہر زماں	از غیب	جانے
ہر زماں	از غیب	جانے	دیگر است

بواسیر ہر قسم کے لیئے

جمعہ یا دوشنبہ کے روز صبح یا ظہر کی نماز کے بعد باوضو یہ کلمات لکھ کر تعویذ بنا کر کمر میں باندھیں یا کپڑے میں ہی لیں ایک دو ماہ بندھا رہے انشاء اللہ عارضہ بواسیر دور ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا ہجم کل صریع ومکروب یا رحیم

یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین وبرحمتک یا ارحم الراحمین

پانی سے نہ بھیگے اللہ اسے فضل کرے گا۔

برائے بواسیر

سورہ اعلیٰ (پارہ عم) اکثر اوقات خصوصاً ہر نماز کے بعد پڑھا کریں۔ انشاء اللہ بواسیر ہر قسم کی دور ہو جاوے گی۔ اور یہی سورہ اعلیٰ کان کے درد وغیرہ پر پڑھ کر دم کریں تو درد دور ہوگا۔

بواسیر خونی و بادی، مرگی و دردِ زہ

چاند کی ابتدائی تاریخوں میں جو جمعہ آئے صبح کی نماز کے وقت جمعہ اول کے روز کلمات ذیل کاغذ پر لکھ کر تھوڑے پانی میں حل کر دیں اور اس پانی میں چاندی کی انگشتری جو مریض کے بائیں ہاتھ کی چھنگلی میں پوری ہو آگ میں پہلے خوب گرم کر کے بجھا دیں۔ یہ انگشتری بائیں ہاتھ کی چھنگلیا میں پہنے۔ انشاء اللہ بواسیر جلدی دور ہو جائے گی اور اگر یہ انگشتری مرگی والا پہنے تو مرگی سے نجات پائے دردِ زہ کے وقت حاملہ ران پر باندھے پیدائش آسان اور جلد ہوگی کلمات یہ ہیں۔

لیس خمرق ن ☆ ۱۱ ⊟ ۱۱۱۱ ھ و ع + ۷۸۶

دیگر! سورہ اعلیٰ پ ۳۰ یعنی سبح اسم ربک الاعلیٰ الخ اکثر اوقات


غسل کر کے نماز کے بعد پڑھا کریں صحت ہوگی۔ انشاء اللہ ضرور ہوگی۔

دردِ ناف یا دھرن (رحم)

یہ نقش لکھ کر بازو پر باندھیں انشاء اللہ ناف اپنی جگہ اپنے مقام پر آجائے گی درمیان کے خانہ میں مریض کا نام لکھیں نقش یہ ہے۔

یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمن	یا اللہ یا رحمن
یا اللہ یا رحمن	اس خانہ میں مریض کا نام لکھیں	یا اللہ یا رحمن
یا اللہ یا رحمن	یا اللہ یا رحمن	یا اللہ یا رحمن

ایضاً یہ بھی ناف کے درد اور ناف کے ٹلنے کے لیئے مفید ہے لیکن اس کے لیے لازمی طور پر ۲ پیسے کو غریب مسکینوں کو دینا ضروری ہے اور نقش کو چوڑا زیادہ کریں۔ تاکہ نقش سے باہر کے نام حد نقش میں پورے ہوں نقش یہ ہے



دعائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ دعائے مبارک حضور جناب حضرت خاتم النبیین نے غار میں تلاوت فرمائی ہے اور شر کفاران سے محفوظ رہے ہیں جناب ختمی مرتبت سے مروی ہے کہ جو شخص اس دعائے جلیلہ کی تلاوت کرے گا خداوند عالم اس کی اعانت اور مدد کرے گا پس حقیر مولف عفی عنہ کا مخلصانہ مشورہ ہے کہ بلاناغہ بعد نماز فجر تا زندگی اس دعا کو سورہ فجر کی تلاوت کرنے کے بعد پانچ بار ضرور پڑھا کرے تاکہ رنج و غم سے روشناس نہ ہو اور اگر تو احساس تکلیف زیادہ نہ ہو اور جب رنج و غم اور فکر و افکار ہی نہ ہوں گے تو پھر کسی چیز کی احتیاج ہی باقی نہ رہ جائے گی طریقہ اس دعا کی خواندگی کا یہ ہے کہ اسی مصلے پر جس پر نماز ادا کی ہے قبلہ رخ ہو کر یک زانو بیٹھے۔ بخورات نفیس روشن کرے خلاق عالم کی جناب میں لو لگا کر پانچ بار اول و آخر درود پڑھے پھر سورہ فجر کی تلاوت کے بعد حسب تعداد مندرجہ اس دعا کو پڑھے پھر اس دعا کا واسطہ دے کر اپنا مطلب بیان کرے اور خلاق عالم سے طالب امداد ہو اور وہ دعائے جلیلہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یَا مُؤْنِسَ الْمُسْتَوْحِشِیْنَ وَیَا اَنِیْسَ الْمُتَفَرِّدِیْنَ

یا ظہر المنقطعین و یا مال المقلین و یا قوۃ المستضعفین و کنز الفقراء و یا موضع شکوی الغرباء و یا منفرجا بالجلال و یا معروفا بالنوال و یا کثیر الافضال اغثنی عند کربتی وصلی اللہ علی محمد والہ

دعائے حضرت آدمؑ

کفعمی نے نقل کیا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے رکن یمانی کی طرف دو رکعت نماز ادا کی اور دعا یہ پڑھی مروی ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کو وحی ہوئی کہ جو شخص تیری ذریت سے اس دعا کو پڑھے گا تو مجھ سے جس چیز کو طلب کرے گا اس کو عطا کروں گا اور جس چیز سے چاہے دور رکھوں گا اس کے دل سے محبت دنیا زائل کر دوں گا اور اس کے سینے کو حکمت و دانش سے بھر دوں گا پس جاننا چاہیئے کہ جب خلاق عالم اس دعا کو پڑھنے والے پر اس قدر مہربان ہو تو پھر کونسی ایسی چیز باقی رہ گئی ہے جس احتیاج اب بھی عامل کو ہو لہذا مولف کا مشورہ ہے کہ اس دعائے مختصر لیکن جلیل القدر کو عامل حفظ کرے اس کے بعد ہر نماز کے بعد تین تین بار اول و آخر درود اور درمیان میں تین بار اس دعا کو پڑھے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ اللھم انی اسلک ایمانا تباشر بہ قلبی و یقینا صادقا حتی اعلم انہ لن یصیبنی الا ما کتبت لی و رضنی من العیش بما قسمت لی یا ارحم الراحمین ۔

دعا حضرت آدم ثانیؑ

مروی ہے کہ طوفانی حوادث میں کشتی جناب حضرت نوح علیہ السلام مبتلا ہوئی اور آپ نے پانی اور اس کی موجوں کی طرف نگاہ کی اس وقت بہ

حیثیت بشر آپ پر ہوں طاری ہوا تب خالق اکبر نے آپ پر وحی نازل فرمائی کہ اے نوح لا الٰہ الا اللہ ہزار بار کہہ تو نجات پا دے گا۔ چنانچہ بموجب فرمان ایزدی آپ نے عمل کیا تو اس احکم الحاکمین نے اُن جناب کو طوفان سے نجات عطا فرمائی پس بہتر ہے کہ جب کوئی مصیبت میں مبتلا ہو تو بعد ۱۲ بجے رات صحن خانہ میں برہنہ سر دو رکعت نماز حاجت بجالاوے اور سر سجدہ میں رکھ کر ہزار بار انیس کلمہ مبارکہ کو بصدق دل ادا کرے اس کے بعد بکثرت درود پڑھے کہ تعداد اس کی یاد نہ رہے اب اپنی حاجت کا اظہار بارگاہ ایزدی میں کرے گو ہر مراد بفضل ربی ہاتھ آئے گا۔

دعائے خلیلی!

وارد ہے کہ جب خلیل خدا جناب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو نمرود مردود نے بمشورہ ابلیس لعین کا طریقہ آگ میں پھینکنے کا اسی کم بخت نے بتلایا تھا آگ میں پھینکا تو حضرت نے اس وقت یہی دعا تلاوت فرمائی جس کی برکت سے رب العزت نے آگ کو آپ پر گلزار کر دیا اس دعائے بزرگ و برتر کے خواص بہت ارفع و اعلیٰ ہیں مختصر یہ کہ ہر وقت ہر مشکل میں اس کی تلاوت باعث نجات ہے اور وہ دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللّٰھم انی اسئلک یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ انت المرھوب رھب منک جمیع خلقک یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ انت الرفیع فی عرشک فوق سبع سمواتک وانت المتطلع علی کل شیٔ ولا یظل شیٔ علیک یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ انت اعظم

من کل شئ فلا یصف احد عظمتک یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ
یا اللہ یا نور النور قد استفاء بنورک اھل سمواتک وارضیک یا
اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ لا الہ الا انت تعالیت ان یکون لک
شریک او نکمرت ان یکون لک ضد یا نور النور یا منور کل نور یا
خامد کل نور یا ملیک کل ملیک یفنی غیرک یا نور النور یا
من ملاء ارکان السموات کالارض بعظمۃ یا اللہ یا اللہ یا اللہ
یا اللہ یا اللہ یا ھو یا ما ھو یا من لیس کھو لا ھو اغثنی الساعۃ یا
من امرہ کلمح البصر او ھو اقرب اھیا شراھیا اذو فاطی صادق
ال شدای یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا رباہ یا رباہ یا رباہ
بالغایۃ ورغبتاہ۔

دعائے یعقوبی

منقول ہے کہ اس دعائے جلیل القدر کو اس وقت جناب حضرت عزرائیل نے جناب حضرت یعقوب کو تعلیم کی جب آپ فراق حضرت یوسف میں بہت زیادہ بے قرار تھے جب ان حضرات نے دعا پڑھی تو صبح ہونے سے پہلے حضرت یوسف کا پیراہن حضرت یوسف کی خدمت میں بھجوا دیا گیا۔ پس جمیع حاجات کی برآمدگی اور شر ظالمان سے امن میں رہنے کے لیے یہ دعا مجرب ہے چاہیے کہ بلاناغہ بعد نماز فجر اس دعا کی معہ درود شریف کے پانچ بار تلاوت کرے اور وہ دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط یا ذا المعروف الذی لا ینقطع ابدا ولا یحصیہ
غیرہ یا کثیر الخیر یا قدیما الاحسان یا وائد المعروف یا معروفا بالمعروف
یا من ھو بالخلق موصوف اکفنا شر ما یعمل الظالمون ط۔

دعائے یوسفی

کتاب مصباح میں کفعمی نے اور کتاب قصص الانبیا میں سعید بن ہبۃ اللہ راوندی نے نقل کیا ہے کہ جبرائیل نے حضرت یوسف علیہ السلام کو یہ دعا بتلائی، جب ان حضرت نے تلاوت فرمائی تو زندان چاہ سے نجات پائی جب کوئی شخص کسی ظالم کی قید میں ہو تو اس دعا کا ورد کرے انشاء اللہ تعالےٰ قید سے رہائی پائے گا۔ یہ دعا تفسیر طبرسی میں اور تفسیر علی بن ابراہیم میں بعینہٖ منقول ہے ان میں تحریر ہے کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام نے اس دعا کی تلاوت کی تو حق سبحانہ تعالےٰ نے اس کی برکت سے ان حضرت کی تمام مشکلات کو زندانِ چاہ میں آسان کر دیا اور قید سے نجات دی اور عورتوں کے مکر و قید سے محفوظ رکھا اور اس پاک بے نیاز نے مصر کی بادشاہی بخشی اور وہ دعائے گراں قدر یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط اللھم انی اسئلک بان لک الحمد لا الہ الا انت بدیع السموات والارض یا ذا الجلال والاکرام ان تصلی علی محمد و الہ محمد وان تجعل لی من امری فرجا و مخرجا و ترزقنی من حیث احتسب و من حیث لا احتسب ۔ مؤلف کے نزدیک سب سے بہتر وقت اس دعا کے ورد کرنے کا بعد نماز عشاء ہے بلا ناغہ ۵۰ بار روزانہ تلاوت کرے انشاء اللہ مشکلات سے باہر آوے گا

دعائے ایوبی

یہ دعا جناب حضرت ایوب علیہ السلام سے منسوب ہے کتاب مصباح میں

صلی نے نقل کیا ہے کہ ان جناب نے اس دعا کو تلاوت فرمایا تو اپنے تمام مصائب سے نجات پائی۔ لہٰذا جب کوئی کسی مشکل میں مبتلا ہو تو اس دعا کو ضرور پڑھے ان شاء اللہ برکت اس دعا کے مشکلات پر قابو پا جائے گا وہ دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللھم انی اعوذ بک الیوم فاعذنی واستجیرک الیوم من جھل البلاء فاجرنی واستغیث بک الیوم فاغثنی واستصرخک الیوم علی عدوک وعدوی فانصرخنی واستنصرک الیوم فانصرنی واستعین بک الیوم فاعنی واتوکل علیک فاکفنی واعتصم بک فاعصمنی وامن بک فامنی واسئلک فاعطنی واستوہبک فاوہبنی واستغفرک فاغفرلی وادعوک فاذکرنی واسترحمک فارحمنی۔

دعاء کلیمی

یہ دعائے مبارکہ جناب حضرت موسیٰ کلیم اللہ سے منسوب ہے کتاب مصباح میں کفعمی نے نقل فرمایا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس دعائے رفیع الشان کو طلب کفایت شر فرعون لعین میں تلاوت فرمایا اور حق تعالیٰ نے اس دعا کی برکت سے حضرت موسیٰ کو برکت و نصرت عطا فرمائی اور فرعون لعین پر فتح حاصل ہوئی۔ پس اعداء پر فتح حاصل کرنے کے لیئے اس دعا کا پڑھنا خاصیت عجیب رکھتا ہے اور وہ دعائے جلیل القدر یہ ہے پس چاہیئے کہ روزانہ بلا ناغہ ایک وقت مقررہ پر اس دعا کا ورد جاری رکھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا اللہ الحلیم الکریم لا الہ الا اللہ العلی العظیم سبحان اللہ رب السموات السبع ورب الارضین

کے لیے اکسیر ہے اس لیے جس حاجت کے واسطے پڑھی جائے گی وہ
روا ہوگی اور وہ دعائے مبارکہ یہ ہے۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بسم اللہ ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
ماشاء اللہ کل نعمۃ من اللہ ماشاء اللہ الخیر کلہ بید اللہ
ماشاء اللہ لا یصرف السوء الا اللہ۔
ترجمہ ماشاء اللہ لا یصرف السوء الا اللہ۔

دعا جناب یونس بن متی علیہ السلام

کتاب حیوٰۃ الحیوان اور کتاب مصباح کفعمی میں منقول ہے کہ حضور پیغمبر خدا
(خدا) نے فرمایا کہ آیا تم جاننا چاہتے ہو وہ کلمہ جس کو میں جانتا ہوں اور وہ کلمہ
ایسا ہے کہ اگر کوئی صاحب کرب اس کو پڑھے گا تو اس کی برکت سے مالک
دوجہاں اس کی تکلیف اور بے چینی کو رفع فرمائے گا اور جو مرد مومن اس دعا کے
بعد جو حاجت خدا سے طلب کرے گا وہ اس کی حاجت کو پورا کرے گا دعا
اس کی مستجاب ہوگی یہ کلمہ دعا جناب حضرت یونس ؑ ہے اور وہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط لا الٰہ الا انت سبحانک انی
کنت من الظالمین۔

اور ایک جگہ منقول ہے کہ جب نزول عذاب سے قوم یونس کو خوف ہوا تب جناب
حضرت یونس علیہ السلام نے یہ دعا پڑھی

اللھم ان ذنوبنا قد عظمت وجلت وانت اعظم منھا واجل
فاتعل ابنا ما انت اھلہ بنا ما نحن اھلہ۔

پس عذاب دفع ہوا لہذا جب کوئی امر مشکل درپیش ہو تو دعائے متذکرہ

صدر کو بعد نماز عشاء اس قدر پڑھے کہ نیند غالب آجائے انشاء اللہ تعالیٰ پھر وہ مشکل مشکل نہ رہے گی۔

دعا حضرت ہود علیہ السلام

جناب حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ حضور مختار مرتبہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک روز مسجد میں داخل ہوئے تو آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ ایک شخص سجدے میں ہے اور بہت الحاح وزاری کے ساتھ دعا کے مندرجہ ذیل کو پڑھ رہا ہے آپ نے فرمایا اے ساجد اپنا سر سجدے سے اٹھا کر خلاق عالم نے دعا تیری قبول فرمائی، پس جو کوئی بندہ مومن اپنے کسی امر مشکل کے لیئے اس دعا کو پڑھے گا اللہ تبارک وتعالیٰ حاجت اس کی روا فرمائے گا اور یہ دعا جناب حضرت ہود علیہ السلام کی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم طٰہٰ ما علیک یا رب لو ارضیت عنی کل من لہ قبلی تبعۃ وغفرت لی ما بینی وبینک و ادخلتنی الجنۃ فان مغفرتک للظالمین وانا من الظالمین

دعا حضرت داؤد علیہ السلام

لکھا ہے کہ جب حضرت داؤد علیہ السلام نے اس دعا سے جلیلہ کو پڑھا تو حق تعالیٰ نے ان پر وحی نازل فرمائی کہ اے داؤد تم نے کراماً کاتبین کو تعجب میں ڈال دیا ہے یعنی بوجہ ثواب کثیر جو اس دعا کے پڑھنے سے حاصل ہوا ہے یہ اس قدر زیادہ ہے کہ وہ اس کو لکھ نہیں سکتے اور وہ دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم لک الحمد دائماً مع

دوامك ولك الحمد باقيا مع بقائك ولك الحمد خالدا
مع خلودك ولك الحمد كما ينبغي ليكرم وجهك
وعز جلالك ياذو الجلال والاكرام۔


پس جاننا چاہئے کہ اس دعائے جلالہ کے پڑھنے سے ہر مشکل سے مشکل کام آسانی کے ساتھ بخیر خوبی پایہ تکمیل تک پہنچ جاتا ہے۔

دعا حضرت سلیمان علیہ السلام

منقول ہے کہ جناب حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس دعا کو قفل بند شدہ پر تلاوت فرمایا کہ بہ برکت اس دعا کے وہ قفل بستہ کھل گیا۔ پس عقل مند کے لیئے اشارہ کافی ہے۔ وہ اس دعا کی اہمیت سے خود آگاہ ہو جائے گا وہ دعا یہ ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم اللهم بنورك اهتديت و
بفضلك استغنيت وبرحمتك اصبحت وامسيت
هذه ذنوبي بين يديك استغفرك منها وانوب
اليك۔

یہ گول دائرہ کا نقش جس کے باہر پورا نیس ۹ بار اسے لکھ کر زمانہ پر بار جس نقش
الٹزات فوراً درست ہو جائے گی۔



دودھ گاؤ میش (بھینس) زیادہ ہو

اگر کسی سبب سے دودھ کم ہو جائے تو اس نقش کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر
جانور کو کھلائیں۔ انشاء اللہ دودھ زیادہ ہو گا۔

۷۸۶

لَآ اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ رسول اللہ
بِحَقِّ	اٰمِیْنًا	اشرافیا
یاجلال	دفع	یانافع
یاسَتَّار	بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ	الرَّاحِمِیْنَ

گمشدہ چیز یا غائب کی واپسی کے لئے

باوضو ایک سو انیس (۱۱۹) مرتبہ یا حفیظ پڑھے اور اس کے بعد ایک سو انیس (۱۱۹) مرتبہ یہ آیت پڑھے۔

یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ۔

انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ چیز مل جائے گی اور بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔ اس کو پڑھ کر تلاش بھی کرے۔

نظر بد کے واسطے

مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھ کر بچے کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد سے محفوظ ہو جائے گا۔

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

لاغر بچہ کا علاج

لاغر اور کمزور بچہ کی طاقت و صحت کے لئے مندرجہ ذیل

طلسم باوضو انڈے کو دھو کر اس پر لکھے اور وہ انڈہ بچے کے بچھونے (بستر) کے نیچے ایک طرف رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد صحتیاب ہوگا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

ھرو	دای
رو	حفصحر

جس عورت کا دودھ کم ہو گیا ہو یا دودھ نہ اترتا ہو

جس عورت کا دودھ کم ہو گیا ہو یا دودھ بچہ ہونے کے بعد پستان میں نہیں آتا اس کے لئے باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھے اور موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ جاری ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

صوح	مادطا	ماہڑی	ماادمردی
دہ یارت	یاا ھیا	شراھیا	یابرھیا
مامعمال	یا فق	بایاعطوط	باایادیرا
یابابلیلا	یا اللہ	ال مفر	ما ھرر

عورت کے دودھ کی زیادتی کے لئے


عورت کا دودھ کم ہو گیا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو

لکھے اور موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ میں اضافہ ہو گا۔ یہی نقش جانور کے گلے میں بھی باندھ سکتے ہیں

ت	ی	ن	م
م	ن	ی	ت
ی	ت	م	ن
ن	م	ت	ی

بھاگے ہوئے کو واپس بلانا

اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو یا لاپتہ ہو گیا ہو تو باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اندھیری جگہ میں بھاری پتھر کے نیچے دبا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا واپس آجائے گا یا لاپتہ کا پتہ مل جائے گا۔ پھر بھاگے ہوئے کے آنے کے بعد پتھر کے وزن کے برابر مٹھائی معصوم بچوں میں بانٹ دے ورنہ آیا ہوا پھر بھاگ جائے گا۔



مفرور اور بھاگے ہوئے کے لئے

اگر کوئی شخص گھر سے بھاگ گیا ہو تو اس کے لئے باوضو نقش ذیل لکھے اور چرخے میں باندھ کر صبح، دوپہر اور شام الٹا چرخہ گما کر سات چکر لگائے۔ اسی طرح روزانہ گھماتا رہے اگر چرخہ نہ ہو تو سائیکل کے پہیے میں باندھ کر الٹا پہیہ گھمائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا جلد آجائے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

بستم راہ فلاں بن فلاں بحق عبدالرحمٰن

۲۵	۲۰	۲۷
۲۶	۲۴	۲۲
۲۱	۲۸ حاضر آید	۲۳


بستم راہ فلاں بن فلاں بحق عبدالکریم

بستم راہ فلاں بن فلاں بحق عبدالجلیل

بھاگے ہوئے کے لئے

اگر کوئی بھاگ گیا ہو تو باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھے اور کالے کپڑے میں لپیٹ کر گھر میں کسی درخت یا ایسی اونچی جگہ باندھے کہ نقش ہوا سے ہلتا رہے۔ ورنہ گھر میں بجلی کے پنکھے

میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا فوراً واپس آئے گا۔
وہ نقش یہ ہے۔



دردِ زہ (بچہ کی بآسانی ولادت کے لئے)

تین ڈلی گڑ کی لے کر باوضو تین۳ تین۳ مرتبہ یہ آیت شریفہ دم کر کے کھلا دی جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد اور بآسانی پیدا ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَلْیَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝ یَّخْرُجُ مِنْ بَیْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝

برائے ہر مطلب پورا ہونے کے لئے

اول و آخر درود شریف گیارہ۱۱ گیارہ۱۱ بار۔ درمیان میں گیارہ۱۱ سو بار یَا سَلَامُ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ چند روز پڑھنے سے مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

مقصد میں کامیابی کے لئے

اول و آخر سات۷ سات۷ بار یہ درود شریف پڑھے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَآءِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

درمیان میں یہ دعا اپنے مقصد کو ذہن میں رکھ کر تین ہزار چوالیس (۳۰۴۴) مرتبہ اکیس۲۱ روز پڑھے۔

یَا جَلِیْلُ الْمُتَکَبِّرُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُہٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُہٗ یَا جَلِیْلُ

انشاء اللہ تعالیٰ مقصود حاصل ہوگا اور کامیابی ہوگی۔

برائے ہر مقصد و مشکل کے حل کے لئے

ترک حیوانات کی شرط کے ساتھ یعنی اس عمل کے دوران گوشت، مچھلی، گھی، تیل اور جماع سے پرہیز کرنا ہوگا۔ اول و آخر درود شریف گیارہ۱۱

گیارہ بارہ میں یہ دعا ایک سو بار دریا یا نہر کے کنارے علی الصباح بعد پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے۔
لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَقُّ الْمَلِكُ الْمُبِيْنُ

برائے دفع ظالم و جملہ کاموں میں سہولت کیلئے

برائے دفع ظالم کے لئے چاند کی پندرہ تاریخ کے بعد شروع کرے اور کسی مشکل کے حل کے لئے عروج ماہ (یعنی چاند کی پہلی تاریخ) سے شروع کرے۔
اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف و سات سات مرتبہ سورہ فاتحہ:

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ
الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

اس کے بعد یہ دعا شروع کرے۔ اور یہ عمل شروع کرنے سے پہلے شیرینی قریب رکھے اور عمل کے بعد اس شیرینی کو شیخ شمس الدین ترک پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کے ایصال ثواب کی نیت سے تقسیم کر دے۔

یہ دعا ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ (سوا لاکھ بار) پڑھے۔ دعا یہ ہے: ۱۲۵۰۰۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الْجَلِيْلُ الْجَبَّارُ الْقَاهِرُ۔
بِحَقِّ حضرت شمس الدین ترک پانی پتی یا اللہ مشکل کشا

مشکل مہم کے حل کے لئے

بعد نمازِ عشاء تازہ وضو کرکے اس اسم کو دو ہزار بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۲۰۰۰

کے ساتھ پڑھے۔ حضرت مخدوم جہانیاں قدس سرہ العزیز نے فرمایا کہ اگر اس کو مشکل حل نہ ہو تو میرا دامن (روز حشر) اس کے ہاتھ میں ہوگا۔ وہ اسم یہ ہے۔

فَسَهِّلْ يَا إِلٰهِيْ كُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْأَبْرَارِ سَهِّلْ۔

اور ایک دوسرے بزرگ سے چار سو بار پڑھنا بھی نقل کیا گیا ہے۔ جس طرح آسانی سے پڑھ سکے پڑھ لے۔

نماز قضاء حاجت (حاجت پوری ہونے کیلئے نماز)

پہلی رکعت میں فاتحہ (الحمد شریف) کے بعد سو بار پڑھے۔

وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰهِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝

اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ یہ آیت پڑھے۔

اَلَآ اِلَی اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ۝

اور تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو بار پڑھے۔

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ ۚ۔

اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو بار یہ پڑھے۔

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ۝

جب نماز سے فارغ ہو جائے سو بار یہ پڑھے۔

غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۝

اس کے بعد سر سجدہ میں رکھے اور دونوں ہاتھ اٹھا کر سو بار کہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ۔

اس کے بعد اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے طلب کرے انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہوگی۔ یہ عمل جمعہ کی رات (جمعرات کے دن کے بعد جو رات آتی ہے) سے شروع کرے اور چند رات یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

برائے سفلی و پشیمانی اعداء (دشمنوں کی ذلت و خواری کے لئے)

پرانی دو قبروں کے درمیان بیٹھ کر ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور سات بار قل ہو اللہ احد آخر تک پڑھ کر شہادت کی انگلی پر پھونک مارے اور اس انگلی سے اپنے گرد دائرہ کھینچ لے۔ اس کے بعد تین بار یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَآءِہٖ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

اس کے بعد سو مرتبہ ثُمَّ اَمَاتَہٗ فَاَقْبَرَہٗ ۙ اس طرح پڑھے کہ ایک جوتا اپنے دائیں طرف رکھے اور دوسرا جوتا اپنے بائیں طرف (جانب) رکھے جب سو مرتبہ یہ آیت پڑھ چکے ثُمَّ اَمَاتَہٗ فَاَقْبَرَہٗ ۙ دونوں جوتے دونوں ہاتھوں میں لے کر اپنے دائیں اور بائیں طرف زمین پر تین تین مرتبہ مارے۔

اسی طرح سات سو مرتبہ اس کو پڑھ کر ختم کرے اور جوتے مارتے وقت دشمن کی ذلت و خواری کا تصور کرلے کہ دشمن کو ذلیل و خوار کر رہا ہوں۔ اس کے بعد اپنی سرسبزی و حفاظت اور دشمن کی ذلت و خواری کی دعا مانگے یہ عمل ایک ہفتہ مسلسل کرے اور اگر کام نہ ہو تو دو ہفتہ یا تین ہفتہ تک کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا اور ناکام رہے گا۔

نسخہ بواسیر خونی (ھُوالشافی)

حنوط پوست بیٹہ دو رتی روزانہ دو روز تک صبح و شام ہر دو وقت

دہی میں لت کر کے (دہی میں ملا کر) کھایا جائے۔

پھر سفوف پوست ریٹہ ۲ رتی دہی میں لت کر کے (ملا کر) صرف صبح کو ایک وقت کھایا جائے۔

اور شام کو سوتے وقت گولی موم دیسی ایک رتی ہمراہ تازہ پانی (تازہ پانی کے ساتھ) کھلائیں دو روز۔

اس کے بعد دو ہفتہ رات (روزانہ) سوتے وقت گولی موم دیسی ایک رتی کھلائیں۔

اور صبح کو دو ہفتہ (روزانہ) صبح کو سفوف چھال املی تازہ تین ماشہ پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

ابتدائی تین دن میں نمک۔ مرچ۔ ترشی (کھٹائی) بادی اشیاء کا بالکل پرہیز رکھا جائے۔ اس کے بعد ترشی (کھٹائی) کا پرہیز کرنا ہوگا۔

حزب البحر پڑھنے کیلئے

اول و آخر تین تین مرتبہ حزب البحر کے یہ دعا پڑھی جائے۔ بعد نماز ظہر و عشاء و فجر پڑھنا بہتر ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لِيْ اَبْوَابَ رِزْقِكَ۔

برائے تسخیر

اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور گیارہ مرتبہ درمیان میں آیت شریفہ پڑھ کر مطلوب کے بائیں کان میں پھونک دے اور اسی طرح

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں گیارہ مرتبہ یہ آیت شریفہ پڑھ کر کسی پھل پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے مطلوب طالب ہو جائے گا۔ یہ عمل گیارہ روز تک کرے۔

آیت شریفہ یہ ہے۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ۝

گم شدہ (کھو جانے والے) اور مفرور (بھاگے ہوئے) کے لئے

ذیل کا تعویذ باوضو لکھے اور لفظ فلاں کی جگہ مفرور (بھاگے ہوئے) یا گم شدہ (کھو جانے والے) کا نام اور اس کے باپ کا نام لکھ کر ایک کپڑے میں لپیٹ کر کسی کھونٹی میں بلند جگہ جس مکان سے مفرور فرار ہوا ہے اسی مکان میں لٹکا دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ مفرور یا گم شدہ واپس آجائے گا۔ تعویذ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

عَسَى اللّٰهُ اَنْ یَّاْتِیَنِیْ بِهِمْ جَمِیْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ۝

یَا مُعِیْدُ یَا مُعِیْدُ یَا مُعِیْدُ اَعِدْ اَعِدْ اَعِدْ فلاں بن فلاں

یا	م	ع	ی	د
م	ع	ی	د	یا
ع	ی	د	یا	م
ی	د	یا	م	ع
د	یا	م	ع	ی

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ

بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

دودھ بڑھانے کیلئے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ کَمَثَلِ حَبَّۃٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ کُلِّ سُنْبُلَۃٍ مِّائَۃُ حَبَّۃٍ وَاللّٰہُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ۔

اس آیت کریم کو باوضو اوّل و آخر درود کے سات بار پڑھ کر نمک پر دم کریں۔ عورت یہ نمک کھائے یا لسی میں ڈال کر کھایا پیا کرے۔ اور اگر گائے بھینس کا دودھ کم ہو تو یہ نمک پیس کر آٹے کے پیڑے میں ملا کر کھلائیں انشاء اللہ دودھ کثرت سے بڑھ جائے گا۔ بزرگوں کا مجرب ہے

جو گائے بھینس دودھ نہ دے یا کم ہو گیا ہو تو یہ نقش روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھلائیں۔ انشاء اللہ دودھ دینے لگ جائے گی اور زیادہ دے گی باوضو لکھیں۔

۷۸۶

لَآ اِلٰہ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
بِحَقِّ	اھیًا	اشراھیًا
یَا جَلَّال	دفع	یَا نَافِعُ
یَا سَتَّار	بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ	الرَّاحِمِیْن

دیگر:

دودھ بڑھانے کے لئے

فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ۔

باوضو اوّل آخر درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے دن میں دو تین بار پلائیں۔ انشاء اللہ جس عورت کو دودھ نہ ہو کم ہو بکثرت دودھ ہو گا۔

گائے بھینس یا عورت کو امید ہو

جو گائے بھینس گابھن نہ ہوتی ہو (عورت بانجھ ہو) تو ذیل کی آیت باضافہ حرف صمدًا بمع بسم اللہ ساٹھ عدد لکھ کر ایک عدد روزانہ ساٹھ دن کھلائیں گائے بھینس کو آٹے میں اور عورت کو کسی طرح انشاء اللہ امید ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ : رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا صَمَدًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ

برائے حبس بول (پیشاب بند ہو جانا)

اگر کسی کا پیشاب بند ہو جائے تو ایک چینی کی پلیٹ میں یہ آیت لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں۔ انشاء اللہ پیشاب کھل جائے گا۔

وَإِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ط

فانفجرت منه اثنتا عشرة عينا ط قد علم كل اناس
مشربهم كلوا واشربوا من رزق الله ولا تعثوا في الارض
مفسدين

دیگر! حبس بول۔

انسان یا حیوان جس کا پیشاب بند ہو جائے دو کاغذوں پر یہ آیت علیحدہ علیحدہ لکھ کر ایک تو اسی کے گلے میں بطور تعویذ ڈال دیں اور ایک پانی میں گھول کر پلا دیں انشاء اللہ پیشاب جاری ہو جائے گا۔

لو انزلنا هذا القرآن على جبل لرايته خاشعا متصدعا
من خشية الله وتلك الامثال نضربها للناس لعلهم
يتفكرون

برائے داد چنبل وغیرہ

آیت: مثل كلمة خبيثة كشجرة خبيثة ن اجتثت من فوق الارض
مالها من قرار۔

لکھ کر جائے داد پر باندھیں نیز یہ ہی آیت ایک دھاگہ پر تین بار پڑھیں اور ہر ایک گانٹھ دھاگہ پر دم کر کے دیں پھر جائے داد یا چنبل وغیرہ پر باندھیں انشاء اللہ صحت ہو گی۔

برائے ہیضہ وغیرہ

الٰہی ببرکت شیخ محمد صادق رحمۃ اللہ علیہ اکابر اولیاء ولد شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ۔ اللہ شافی ہر بلائے نگہدار۔ اللہ کافی۔ انسان

ثانی یہ سطور لکھ کر مریض کے بازو پر باندھ دیں انشاء اللہ صحت ہوگی

برائے دفع کرکری اسپچ

اگر کسی کے گھوڑے کا پیشاب پائخانہ بند ہوگیا ہو تو یہ نقش لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں اور ایک نقش لکھ کر پلا دیں۔ پھر بھی پلائیں۔ انشاء اللہ کھل جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

یانافع	۱۱۰	یانافع
۲۰	یانافع	یانافع
یانافع	یانافع	یانافع

باری کے بخار کیلئے

بخار ہونے سے ۳ گھنٹہ پہلے ایک کاغذ پر آیت

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ط قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ط

لکھ کر مریض کے ماتھے پر چسپاں کر دیں انشاء اللہ بخار نہ ہوگا

دیگر!

ایسے ہی مریض کے دونوں ہاتھ دھلا کر دائیں ہاتھ کے ناخنوں پر ک ہ ی ع ص، یعنی ک صرف انگوٹھے پر ہ انگشت شہادت پر ی پر ع دوسری پر ص آخر پر لکھیں۔ اور بائیں ہاتھ کے ناخنوں پر یہ پانچ حروف ح م ع۔ س ق

لکھ دیں مریض ان کو گاہے گاہے دیکھتا رہے۔ انشاء اللہ پہلی دفعہ دوسری بار ضرور رگ جائے گا۔ پہلے حرف کھٹیعص اور دوسرے حرف عشق ہیں

مجرب نواب صدیق حسن صاحب مرحوم

پیپل کے ۳ پتوں کے ہر پتے پر۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم: قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ وَاَرَادُوْا بِهٖ کَیْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِیْنَ۔

لکھ دیں مریض وقت بخار سے ۲ گھنٹے پہلے ایک پتہ زبان سے چاٹ لے پھر ایک گھنٹہ بعد دوسرا پھر تیسرا وقت سے پہلے چاٹ لے انشاء اللہ بخار نہ ہوگا۔

چہارم بخار کے لیئے

چوتھیہ بخار کے لیئے تین کاغذوں پر باوضو یہ تین شکلیں لکھیں وقت بخار سے ۲ گھنٹے پہلے پہلی شکل بطور تعویذ گلے میں باندھیں اگر بخار رک گیا پھر ضرورت نہیں تعویذ چاہ میں ڈال دیں۔ ورنہ پھر دوسری بار سے قبل دوسری شکل اور تیسری بار پر تیسری شکل انشاء اللہ تیسری بار بخار ضرور رک جائے گا اور ساری کے بخار کے لیئے جو ایک دن چھوڑ کر آتا ہے اسی ترکیب سے مندرجہ ذیل شکلیں عمل میں لائیں طریقہ وہی ہے۔ صرف شکلوں میں فرق ہے۔

طہ	طہ طہ	طہ طہ طہ

طا | طلطا | طلطلطا

عام بخاروں کے لیئے

پاک اٹی کے دھاگہ پر الم نشرح پڑھیں اور ہر کاف پر ایک گرہ لگائیں یہ نو کاف ہیں تو گرہ ہوں گی۔ اسے مریض کے بازو ڈورے (ڈنڈے) پر باندھیں انشاء اللہ جلد صحت ہو گی۔

اور ان آیات کا باندھنا یا گلے میں ڈالنا بھی لکھا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم: ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَ رَحْمَةٌ ط يُرِيدُ اللّٰهُ يُخَفِّفَ عَنكُمْ وَخُلِقَ الْاِنسَانُ ضَعِيفًا۔ قُلْنَا يٰنَارُ كُونِي بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيمَ ط وَاَرَادُوا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بَارِكْ وَسَلِّمْ ط

کسی صالح شخص سے لکھوا کر باندھیں۔

بخار کے لیئے لفظ یا محیط۔ یا محیط۔ یا محیط۔ تین بار لکھ کر باوضو عام بخار کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ ۲۴ گھنٹہ کے بعد اتار کر کنوئیں میں ڈال دیں اور نئے لکھ کر گلے میں ڈالیں ایسے ہی تین بار کریں۔ اللہ صحت دے گا۔

نیند آنے کے لیے

اگر نیند نہ آئے یا کم آئے تو سوتے وقت یہ آیت پڑھتے رہیں نیند آ

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ط یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔

برائے تپ محرقہ "ٹائی فائڈ فیور"

تپ محرقہ اور تور کی کے میعادی بخار کے لیے یہ ترکیب یقینی صحت ہے۔ صاف پیتل کی کٹوری لیں اور سات لمبی سوئیاں، جو کٹوری کے منہ سے لمبی ہوں یعنی کٹوری میں کھڑی کریں تو ایک دو انگل کٹوری سے اونچی ہوں ایک سرخ رومال سے کر اوّل کٹوری میں پانی لبالب بھر لیں لیکن باہر نہ گرنے والا ہو قدرے کم ہو سوئیوں کو ہاتھ میں لے کر اوّل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پھر درود ہزارہ پڑھیے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّۃٍ۔

گیارہ بار پڑھیں پھر پانچ بار سورہ فاتحہ اخلاص پھر ۳ بار سورہ کافرون پھر سات بار آیت الکرسی پھر ۳ بار۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

پہلا درود شریف گیارہ بار پڑھ کر سوئیوں پر دم کریں اور ایک مضبوط بانک دھار سے انہیں ایک ساتھ کھڑی باندھ لیں اور کٹوری پر الٹی کھڑی کر کے اوپر تنبو سائبان کی طرح رومال دے کر رومال کے کونے کٹوری کے پیندے سے لپیٹ دیں اور اسے مریض کی چارپائی کے نیچے رکھ دیں۔ سوئیوں کی نوکیں آسمان کی طرف جن پر رومال ہو تنبو کی طرح ۲۴ گھنٹے کے بعد کٹوری نکال کر دیکھیں۔ اگر

چہ عرقہ یا تور کی ہوگا تو مریض کی حالت زیادہ بہتر ہوگی اور پانی میں بے شمار سرخ سرخ ذرات تیر رہے ہوں اور سوئیاں گلنے کے قریب ہوں گی۔ نئی سوئیاں لے کر عمل کریں۔ اگر محرقہ ہوگا تو پانی ویسے ہی ہوگا۔ عام بخاروں کا علاج کریں اگر چہ عرقہ ہوگا تو ہر بار سرخ ذرات ہوں گے۔ اس صورت میں مکرر عمل سے صحت ہوگی انشاء اللہ

مایوس مریض ہو

جب کسی مریض کو کسی علاج سے صحت نہ ہوتی ہو یا مایوس ہو۔ بخار پرانا یا کوئی بیماری ہو تو یہ آیت شریفہ چند دن باوضو تین بار کسی وقت پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا کریں۔ اللہ کریم صحت عطا فرمائیں گے آیت یہ ہے۔

فاذا انسلخ الاشهر الحرم فاقتلوا المشركين حيث وجدتموهم وخذوهم واحصروهم واقعدوا لهم كل مرصد فان تابوا واقاموا الصلوة واتوا الزكوة فخلوا سبيلهم ان الله غفور رحيم

سورہ توبہ کا پہلا رکوع ہے کم از کم گیارہ دن اول و آخر درود شریف صبح کی نماز کے بعد بہتر ہے۔

دفع تپ لرزہ وغیرہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم قلنا یا نار کونی بردا وسلاما علی ابراہیم وارادوا بہ

كَيْدَ الْمُجْعَلِيْنَ الْاٰخِرِيْنَ ۝ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۔

لکھ کر پلائیں۔ نواب صدیق حسن صاحب لکھتے ہیں۔ پیپل کے ۴ پتوں پر لکھ دیں باری سے پہلے ایک ایک پتہ چائے بخار نہیں ہوگا۔ انشاء اللہ مجرب ہے۔

امراض وبائیہ طاعون وغیرہ

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَآءِ الْحَاطِمَةِ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَاَبْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةِ

یہ دعا لکھ کر مکان کے دروازے پر لگا دیں انشاء اللہ طاعون وغیرہ داخل نہ ہوگا سب یاد کر لیں اور پڑھتے رہیں۔

برائے ہر مرض و تپ عسیر

باوضو اوّل درود شریف پھر سورہ مومنون پارہ ۱۸ کی آخری چار آیات

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ
وَاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ

تا آخر آیت

تک ۳ بار پڑھ کر ایک بار پھر درود شریف پڑھ کر مریض کو دم کریں ہر نماز کے بعد چہرہ اور مکان میں دم کریں۔ انشاء اللہ مایوس بھی صحت حاصل کرے گا کوئی ناغہ ہو جائے تو حرج نہیں۔

برائے ہر مرض و تپ

پارہ ۱۸ سورہ مومنون کی آخری ۳ آیات
اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ
ختم سورہ ۳ بار اول و آخر درود شریف پڑھ کر سرہانہ اور کان میں دم کریں
انشاء اللہ بیمار شفا پائے گا۔ ہر نماز کے بعد یہ عمل کریں باوضو۔

گم شدہ چیز کیلئے

بِسْمِ اللّٰهِ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ
پڑھیں اور تلاش کریں چیز مل جائے گی۔ انشاء اللہ۔

برائے احتلام

حب بستر پر سوئیں تو سورہ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ پ ۳۰
پڑھ کر سوئیے اور یوں ہی برائے نام اپنے سینہ پر انگشت شہادت سے
لفظ عمر اشارہ لکھ دیں انشاء اللہ احتلام ہرگز نہ ہوگا۔

برائے فرزند نرینہ

جس کے یہاں اکثر لڑکیاں ہی ہوتی ہیں۔ خدا کے فضل سے لڑکا ہی ہوگا جب
حمل ڈھائی ماہ کے قریب ہو اور تین ماہ کامل نہ گذرے ہوں تو یہ عمل یقیناً

صبح ہوگا صبح کی نماز کے بعد باوضو اوّل و درود شریف پھر الحمد شریف پھر سورہ بقر پڑھیے

الٓمّٓ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ ط

تک پڑھیں اور پانی دم کر کے حاملہ کو پلا دیں سات دن یہ عمل کرنا ہے اور یاد رکھیں کہ یا مٹی کا آب خورہ لیں اس میں تازہ پاک پانی ہو۔ اور پڑھنے والا حافظ صالح ہو مجرب ہے

دیگر

حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ڈھائی ماہ کے ناف کے گرد انگلی سے گول دائرہ کھینچیں اور یا میتین کہیں ایسے ہی ستر بار انگلی سے گول دائرہ گھمائیں اور ستر بار یا میتین کہیں اوّل آخر درود شریف باوضو خاوند عمل کرے سات دن یا گیارہ دن

دیگر!

یہ آیت شریفہ اتوار یا جمعہ کے روز باوضو لکھ کر حاملہ کو دوسرے ماہ پہنا دیں کہ تعویذ ناف کے قریب رہے انشاء اللہ لڑکا ہی ہوگا آیت یہ ہے

۷۸۶

اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا

دوسری جگہ اس طرح لکھا ہے

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ط وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۔ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالُ پ ۱۳ رکوع ۸ الرعد یا ذکریا انا نبشرک بغلام اسمہ یحیٰی لم نجعل لہ من قبل سمیا۔

ہرن کی جھلی پر کیسر و گلاب سے لکھیں شروع حمل سے باندھیں

جسکی اولاد زندہ نہ رہتی ہو حفظ جنیں مانع اسقاط و مسان

از حضرت شاہ ولی اللہ صاحب حسب ضرورت کالی مرچ اور اجوائن خاص لیں اور پیر کے روز ظہر کی نماز کے بعد باوضو چالیس بارہ سورہ والشمس (ایت) پڑھیں اور ہر بار اول درود شریف پڑھیں اور آخر بھی درود شریف پڑھ کر ختم کریں۔ گویا چالیس بار سورہ اور اکتالیس بار درود شریف اور ہر بار دم کریں پھر محفوظ رکھیں۔ ہر روز حاملہ ایک دو کالی مرچ اور تھوڑی سی اجوائن ذرا سا نمک ملا کر کھایا کرے۔ نمک ضروری نہیں نہ ملائیں تو بہتر ہے۔ صرف زبان کے ذائقہ کے لیئے ہے انشاء اللہ جنیں قائم رہے گا۔ اور مرض مسان سے کہ جس سے آگے بچے ضائع ہو جاتے ہیں محفوظ رہے گا۔ دودھ چھڑانے تک حاملہ کھائے ابتدا حمل سے شروع کرے روز پانی سے کھائے۔

دیگر:۔ کسم سے رنگا ہوا دھاگہ حاملہ کے قد کے برابر لے کر اس پر ۷ گرہ اس طرح لگائیں کہ ہر گرہ پر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؛ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ؛ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۔

پارہ ۱۴ کی آخر کی آیت ہے اور سورہ کی۔

قل یاایھا الکافرون

نرینہ و مانع اسقاط

ایک چینی کی پیالی میں یا رحمٰن ۷۸۶ گلاب و کیسر سے لکھ کر پانی سے اور گلاب سے دھو کر ابتدائے حمل سے وضع حمل تک دو زانہ صبح پلایا کریں اور ایک سفید کاغذ پر یا رحمٰن لکھ کر گلے میں بطور تعویذ رکھیں۔ انشاء اللہ لڑکا ہی پیدا ہوگا اور اسقاط بھی نہ ہوگا۔

تولید فرزند

حمل کے آخر تیسرے ماہ کے اندر یہ عمل کریں جب حاملہ سوتی ہو یا لیٹی ہو تو خاوند باوضو حاملہ کی ناف پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا تین بار پڑھے انشاء اللہ فرزند پیدا ہوگا۔ پیدائش کے بعد وہ نام رکھیں جس میں محمد اسم آئے جیسے محمد اشرف، محمد امین، محمد الدین، محمد اکرم وغیرہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ خَلَقْتَ خَلْقًا فِیْ بَطْنِ ھٰذِہِ الْمَرْءَۃِ فَکَرِّنْہُ وَاسْمِہٖ مُحَمَّدًا اَلْحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ ؕ

ناف پر تین بار دم کریں یہ کوئی گناہ کی بات نہیں خدا سے حاجت لیک دعا اور قرآن کی آیت ہے۔

مانع اسقاط جنین و اثمار

یہ آیت لکھ کر حاملہ بطور تعویذ گلے میں یا کمر میں باندھے۔ گائے بھینس وغیرہ۔ اور اگر درختوں سے پھل گرتے ہوں تو ان کو بھی باندھے۔ پھل محفوظ رہیں گے آیت یہ ہے۔

وَلَبِثُوا فِي كَهْفِهِمْ ثَلَاثَ مِائَةٍ سِنِينَ وَازْدَادُوا تِسْعًا

باوضو پاک سیاہی سے لکھیں۔ سورہ کہف رکوع ۱۲ پارہ ۱۵

حفاظت از اسقاط

آیت: وَلَبِثُوا فِي كَهْفِهِمْ ثَلَاثَ مِائَةٍ سِنِينَ وَازْدَادُوا تِسْعًا

لکھ کر عورت یا گائے کو باندھیں

دیگر: اتوار یا جمعہ ظہر کی نماز کے بعد باوضو یہ آیت لکھ کر حاملہ کے گلے میں ڈالے ان شاء اللہ لڑکا ہی ہوگا۔

إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ اسْمُهُ يَحْيَىٰ

جس کے گھر اولاد نہ ہوتی ہو

اکتالیس نوگیں صاف سے کران پر باوضو آیت

أَوْ كَظُلُمَاتٍ فِي بَحْرٍ لُجِّيٍّ يَغْشَاهُ مَوْجٌ مِنْ فَوْقِهِ سَحَابٌ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ إِذَا أَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا وَمَنْ لَمْ يَجْعَلِ اللَّهُ لَهُ نُورًا

ہر ایک لونگ پر سات بار پڑھ کر دم کریں اور ہر رات سوتے وقت دونوں میاں بیوی ایک ایک لونگ کھائیں اور پھر پانی نہ پئیں دودھ پی سکتے ہیں نہ پئیں تو ضروری نہیں لیکن پانی نہ پئیں ایام ماہواری سے پاک ہو کر یہ عمل شروع کریں اور ہر رات ہم بستری کریں۔ انشاء اللہ ضرور حمل قائم ہو جائے گا۔ بازنہ تعالیٰ

ایضاً بانجھ پن کیلئے

آیت!

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ ۖ قَالَ رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۖ إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ پ ۳ رکوع ۱۲

ایک چینی کی پلیٹ میں گلاب وکیسر سے لکھ کر میاں بیوی تین دن باسات دن ایام طہارت کے بعد پئیں اور ہم بستر ہوں اور یہ ہی ہرن کی خشک جھلی پر گلاب وکیسر سے لکھ کر تعویذ کے طور پر دونوں کمر پر باندھیں لیکن مباشرت کے وقت اتار دیں

ایضاً عقر دور ہو

آیت: وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتَىٰ ۗ بَل لِّلَّهِ الْأَمْرُ جَمِيعًا پ ۱۳ ع الرعد۔

گلاب وکیسر سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر عاقر گلے میں رکھے اور اکیس دن یہ ہی آیت لکھوا کر پئیں خواہ ایک کاغذ پر یا ۲۱ کاغذ پر گلاب وکیسر سے عقر دور ہو۔

تسہیل ولادت

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ فرماتے ہیں اگر پیدائش میں تنگی ہو تو کسی شرعی
درود شریف کے بعد سورہ
اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ
وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ۔
بیک پڑھ کر ۳ بار دم کریں اور حاملہ کو کھلا دیں اور یہ تعویذ بائیں ران پر باندھیں
انشاء اللہ جلدی سہل پیدائش ہوگی۔
وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اھیا۔ اشراہیا
پیدائش کے بعد کھول دیں۔
اور وہ انگشتری جو بواسیر کے علاج میں لکھی گئی ہے زچہ کو باندھنے سے
پیدائش جلد ہوتی ہے۔
دیگر: مور کے چاند کا گول حصہ باریک کتر کر گڑ میں ملا کر دودھ سے کھلائیں
فوراً پیدائش ہوگی۔

برائے حفظ چیچک


حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کسی کو چیچک نکلے یا خطرہ
کا احتمال ہو تو نیلا دھاگہ پاک صاف لے کر باوضو اس پر اول درود
شریف پھر سورہ الرحمن اس طرح پڑھیں کر جب۔ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ

کہیں تو دھاگہ پر ایک گرہ دے دیں اور اس پر دم کر دیں ایسے ہی ہر
فبای آلاء
پر گرہ دیتے جائیں اور دم کرتے جائیں اور سورۃ ختم کریں پھر ۲ بار درود شریف
کر دم کر کے یہ دھاگہ مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ انشاء اللہ نقصان سے محفوظ
ہو گا۔

دیگر! حفظ چیچک سات دانے سالم چاول کے لے کر ہر ایک دانہ پر سورۃ
کوثر ۳۰ پ۔
انا اعطینٰک الکوثر فصل لربک وانحر ان شانئک ھو الابتر
پڑھ کر دم کریں اور بیمار کو بلا جائے سالم کھلا دیں انشاء اللہ جو دانے نکلیں گے
ان سے زیادہ اور نہ نکلیں گے اور اگر کچھ نکلے بھی تو تھوڑے اور جلدی درست
ہو جائیں گے۔

برائے چیچک

یہ نقش باوضو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ نقصان چیچک سے
محفوظ رہے گا۔ سات روپے کی شرینی خیرات کر دیں یا صدقہ دے دیں۔
نوٹ: گول دائرہ کی طرح آٹھ بار محمد لکھیں۔



برائے چیچک

آکسیں نار نیلے دھاگے سے لے کر دگرہ دیں اور گرہ دیتے وقت الحمد شریف پڑھ کر گرہ پر دم کریں ۹ بار اور پھر یہ دھاگے بچے یا مریض کے گلے میں باندھیں اللہ تعالےٰ شفا دے گا۔ بادضو پڑھیں اول بسم اللہ درود شریف۔

جملہ امراض کو شفا!

اگر کسی بچے یا جوان کو کالی کھانسی ہو یا چیچک یا خسرہ یا ایام البصبان یا مرگی یا بد نظر یا بخار کھنڈے اسہال یا آسیب یا مہلک امراض طاعون ہیضہ وغیرہ کچے سوت کا سیاہ یا سرخ رنگ کا دھاگہ لو تار سے کر سب کو یک جا کر کے سورہ الم نشرح لک صدرک پڑھنا شروع کریں۔ اور ہر ایک کاف پر گرہ دے کر دم کریں۔ اسی طرح سورہ ختم کریں۔ پھر بعد ازاں مکرر تین بار سورہ مذکور پڑھ کر دم کریں۔ پھر اس ڈورے کو مریض کے گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ جو بھی مرض ہوگا دور ہو جائے گا۔

برائے ہر مرض صبیان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي

الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

یہ تعویذ باوضو لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ صغیر ہو یا کبیر صحت پائے گا۔

نظرِ بد سے حفاظت

جب کسی چیز انسان یا حیوان خوبصورت کو دیکھو تو پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلَیْہِ

تو اسے نظر نہ لگے گی ایسے ہی۔

کہنے سے نظر نہیں لگتی۔ لیکن جی بھر کر دیکھنے سے پہلے ہی کہہ دیں اور جس کو نظر لگ چکی ہو۔ اس پر یہ آیت پڑھ کر دم کریں۔

وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ۔ وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ۔

یا پانی پر دم کر کے پلا دیں، ایسے ہی

فَارْجِعِ الْبَصَرَ ھَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّھُوَ حَسِیْرٌ پڑھ کر دم کریں۔

دفعیہ نظرِ بد

یہ آیت پڑھ کر تین بار دم کریں۔ انشاء اللہ نظرِ بد دور ہو جائے گی۔

وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ

وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ۔


دفعیہ نظر بد

یہ آیت شریفہ پڑھ کر بار بار دم کریں۔ انشاء اللہ اثر نظر بد کا دور ہو جائے گا۔

وَمَا أَنفَقْتُم مِّن نَّفَقَةٍ أَوْ نَذَرْتُم مِّن نَّذْرٍ فَإِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُهُ ۗ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ

برائے دفع نظر بد

یہ دو نقش نظر بد کے ازالہ کے لیئے خاص ہیں کوئی ایک ان میں سے گلاب اور کیسر سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ نظر بد دور ہو جائے گی۔



جو بچہ زیادہ روئے

بچے کے گلے میں یہ آیت لکھ کر ڈال دیں گریہ بسیار نہ کرے گا۔

إِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا

صرف بخار کے لیے

جس شخص کو روزانہ بخار آتا ہو (جاڑے یا تیسرے دن کا بخار نہ ہو)
جس شخص کو روزانہ بخار آتا ہو یہ طلسم لکھ کر بخار والے کے باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ بخار نہیں آئے گا۔ (گلے میں یا بازو پر باندھیں)

۴۳۲

سلام دد سو

واسطے دفع حسد حاسد

(حسد کرنے والے کے حسد سے نجات کیلئے)

بعد نماز صبح و بعد نماز مغرب اول و آخر درود شریف گیارہ بار اور یَا مُذِلَّ ستر بار پڑھے اور دعا کرے انشاء اللہ حاسد دفع ہوگا۔

واسطے دفع حاسد

(دشمن کے دفعیہ کے لیے)

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ مِنْ عِنْدِکَ وَافِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِکَ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِکَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِکَ۔

پانچوں فرض نمازوں کے بعد تین بار پڑھے۔

برائے دفع دشمن

بعد از نماز فجر و بعد از نماز مغرب سات بار معہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھے۔ بعد از نماز عصر تا وقت مغرب بغیر تسمیہ (بغیر بسم اللہ)

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا۔

برائے دفع دشمن

بعد از نماز صبح ستر (۷۰) مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ وسورۃ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ آخر تک) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا۔

واسطے غنی ہونے کے

بعد نماز صبح کے قبل طلوع آفتاب کے سو دفعہ پڑھا کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَلَا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ۔

برائے حاضر کردن دزد (چور کا پتہ لگانا)

بر برنج ساہی (چاول کی سٹھی) یا چاول پر سات بار پڑھے اور جن لوگوں پر شبہ ہو پکا کر یا کچے کھلائے۔ چور کے حلق سے چاول نیچے نہ اتریں گے وہ آیت مظہم یہ ہے۔

فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ۔

واسطے ادائے قرض کے

ہر نماز میں بعد التحیات اور درود شریف کے سلام پھیرنے سے پہلے یہ دعا ایک مرتبہ پڑھی جائے انشاءاللہ تعالیٰ قرض ادا ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ جَھَنَّمَ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَفِتْنَۃِ الْمَمَاتِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ۔

برائے ترقی و برکت در رزق

مندرجہ ذیل نقش برائے ترقی و برکت رزق لکھ کر دائیں بازو یا گلے میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ رزق وافر ملے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

اللہ	القوی	وھو
یرزق	لطیف	العزیز
بارک لی ربنا العلمین	من یشاء	بعبادہ

برائے ترقی رزق

بعد نماز عشاء ستوا مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف روزانہ بلا ناغہ پڑھیں انشاء اللہ تعالےٰ رزق میں برکت ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

برائے حب

اس نقش کو لکھ کر آگ میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ شدید محبت پیدا ہو جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

معدل	شمال	عدل	عبدہ
مصر ۱۱۱	بحرا ۱۱۱	درہ ۱۱۱	نام مع والدہ

۱۱۱۱ ۱۱۵۱۱ ع ۱۸۱۳۱۱۳

برائے محبت

مندرجہ ذیل لکھ کر پشت پر نام مطلوب اور اس کی والدہ کا لکھ کر دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ محبت پیدا ہوگی۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

گردنامہ برائے واپسی مفرور

(بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے)

اگر ہزار میل پر بھی ہوگا تب بھی واپس لوٹ آئے گا۔ ایک کاغذ پر لکھ کر چرخہ کے باندھ کر گھمائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا واپس آجائے گا لکھنے سے پہلے پانچ ۵ روپے کی شیرینی بچوں میں تقسیم کر دے۔


الٰہی بحرمت	الٰہی بحرمت	الٰہی بحرمت	الٰہی بحرمت
بحق جبرئیل	بحق میکائیل	بحق اسرافیل	بحق عزرائیل
علیہ السلام	علیہ السلام	علیہ السلام	علیہ السلام

تیسرے روز کے بخار کے دفع کے واسطے

(اگلے صفحہ پر)

برائے بغض و عداوت


روٹی کے سات ٹکڑوں پر لکھ کر کالے کتے کے سامنے ڈالے اگر مردوں کے درمیان عداوت کرانی ہے تو کتے کے سامنے ڈالے اور اگر عورتوں کے درمیان عداوت کرانی ہے تو کتیا (مادہ) کے سامنے ڈالے وہ طلسم یہ ہیں۔



تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز مقصد میں کامیاب نہ ہوگا اور گنہگار ہوگا۔

حصار مکان

جس مکان میں آسیب، جن، بھوت کا خلل ہو باوضو یہ تعویذ لکھ کر اس مکان میں اس طرح چسپاں کرے کہ دروازے کے سامنے والی دیوار پر نقش چسپاں ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نقش کی برکت سے حفاظت رہے گی۔



برائے ذہن وقوت حافظہ

سورۃ اعلیٰ لکھ کر اپنے گلے میں باندھ لے یا کسی سے لکھوا کر باندھ لے (موم جامہ کر کے) ذہن وحافظہ قوی ہوگا۔

نقش آیت کریمہ
وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ

آیت کریمہ۔ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝ اعداد کل آیت کریمہ مکتوبی ۱۵۰۱

۷۸۶

۱۵۰۱	۵۰۱	۴۹۶	۵۰۴
۱۵۰۱	۵۰۳	۵۰۰	۴۹۸
۱۵۰۱	۴۹۷	۵۰۵	۴۹۹
	۱۵۰۱	۱۵۰۱	۱۵۰۱

برائے مفرور (بھاگے ہوئے کیلئے)

مندرجہ ذیل درود شریف لکھ کر دروازے پر لٹکا دے اور کاغذ کے پیچھے (پشت پر) مفرور (بھاگے ہوئے) کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً حاضر ہو جائے گا۔ وہ درود شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّاَلْفَ اَلْفِ ذَرَّةٍ۔ اٰمین۔

برائے برکت مکان

(اگلے صفحہ پر)

مکان میں خیر و برکت کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر سمت قبلہ دیوار پر چسپاں کر دے (لٹکا دے) انشاء اللہ تعالیٰ خوب برکت ہوگی۔

۷۸۷

یا	شد	ید	القوی
یا	شد	ید	المحال
یا	محسن	یا	مجمل
یا	مفضل	یا	منعم

برائے اسقاطِ حمل

بچہ کی حفاظت کے لئے اس نقش کو (اسقاط حمل سے محفوظ رہنے کے لئے) سُرخ کاغذ پر لکھ کر پیٹ کے اوپر بائیں پہلو پر باندھ لیں انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔


۷۸۶

۱	۱۴	۴	۱۵
۸	۱۱	۵	۱۰
۱۳	۲	۱۶	۳
۱۲	۷	۹	۶

بھاگے ہوئے کو واپس لانیوالا نقش


انشاء اللہ تعالےٰ بھاگا ہوا فوراً واپس آئے گا۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر کسی درخت پر لٹکا دے۔ مجرّب ہے۔

وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)



برائے مفرور (بھاگے ہوئے کی واپسی)

مفرور کی واپسی یا غائب شدہ کی بازیابی کے لئے ایک مٹی کی ہانڈی پر چاروں طرف یہ طلسم لکھے اور اس مٹی کی ہانڈی کو زمین میں دفن کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مفرور فوراً واپس آئے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔



برائے محبت زن و شوہر

ایک کاغذ کے ٹکڑے پر مندرجہ ذیل طلسم لکھ کر مرغی کے انڈے میں رکھ کر زمین میں دفن کردیں۔ وہ طلسم یہ ہے۔

۱۱ ۶ ع م ۱۱۱ ۶ ۱۱۱ ۷

فلاں بن فلاں ۹۱۱۹۸۷

برائے ہر مرض

ہلدی کی چند گرہوں پر تین مرتبہ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْکُفْرُ بَاطِلٌ

پڑھ کر دم کر کے آگ میں ڈال کر جلا دے اور مریض کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مرض سے صحت ہو گی۔

دو افراد میں دشمنی کے لئے

جائز دشمنی کے لئے یا دشمنوں میں پھوٹ ڈالنے کے لئے گئے کے دو دانت اور بلی کے دو دانت کسی ایک فریق کی چوکھٹ کے نیچے کپڑے میں لپیٹ کر دونوں شخصوں کا نام مع والد کے لے کر دفن کر دے۔ جب تک وہ چاروں دانت نہ نکالے جائیں گے ان کی دشمنی ختم نہ ہو گی۔

دشمن کی ہلاکت و بربادی کے لئے

چوراہے کی خاک لا کر تین رات متواتر آدھی رات کو باوضو اکہتر ۷۱ مرتبہ یہ دعا پڑھ کر اس خاک پر دم کر کے دشمن کے گھر کی طرف اس خاک کو ہوا میں اڑا دے۔ پس یا تو دشمن ہلاک ہو جائے گا یا اگر ایذا رسانی کی نیت سے کیا ہے تو ہمیشہ تکلیف میں مبتلا رہے گا۔ مگر یہ عمل وہ مظلوم کرے جو ظالم کے ظلم سے کسی طرح نجات حاصل نہ ہو سکے۔ ورنہ صبر کرے وہ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ۔

عملیات وتعویذات

واسطے ہر کام کے جو مشکل پیش آئے

يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ اول و آخر درود شریف

تو سو مرتبہ (یا گیارہ گیارہ مرتبہ مع ترک گوشت) ایک وقت معین (مقرر) کر کے بارہ روز تک روزانہ بارہ سو مرتبہ پڑھا کریں اور روزانہ پڑھنے کے بعد دعا کر لیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ مشکل جلد حل ہو گی۔

برائے حصول مقاصد دارین و کشائش رزق
(دلی ارادوں میں کامیابی اور رزق میں فراخی)

اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھے بعد نماز فجر ستر مرتبہ اور بعد نماز مغرب ستر مرتبہ روزانہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دلی مقاصد میں کامیابی حاصل ہو گی۔ کلمات یہ ہیں۔

یَا رَحْمٰنُ کُلَّ شَیْءٍ وَّارْحَمْهُ یَا رَحْمٰنُ۔

حصولِ مقاصد کے لئے

اپنے دلی مقاصد میں کامیابی کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے اور پڑھنے والا اگر بحضور دل پڑھے گا تو بارگاہِ الٰہی سے اس کی حاجت ضرور پوری ہو گی یہ عمل مجرب اور آزمایا ہوا ہے وہ یہ ہے:

یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

مندرجہ بالا کلمات بعد نماز فجر ایک سو مرتبہ پڑھے اور بعد نماز مغرب اکتیس مرتبہ پڑھے اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ۔ اس عمل کو ہمیشہ جاری رکھے ناغہ نہ کرے۔ اور بروز جمعہ عصر کے بعد اول و آخر درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے اس کے بعد بحضور دل عصر سے مغرب تک یہ کلمات پڑھتا رہے درمیان میں کسی سے

کلام نہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ حصول مقصد میں کامیابی ہوگی۔

حصولِ مقصد اور غنیٰ ظاہری و باطنی کے لیے

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اس کے بعد مندرجہ بالا دعا اکتالیس بار پڑھے بعد فرض عشاء قبل وتر اس دعا کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

فہم و سمجھ کی زیادتی کے لیے

یہ دعا اکتالیس روز یا سات دن کالی کچی روشنائی سے لکھ کر بچے کو پلائے انشاء اللہ تعالےٰ اس کا فہم تیز ہوگا اور جو کچھ پڑھے گا وہ یاد رکھے گا وہ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَلَا نُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا بِسْمِ اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

برائے دفع بیماری

اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے نجات ملے گی اور مریض صحت یاب ہوگا وہ درود شریف یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّ دَوَآءٍ وَّ بِعَدَدِ کُلِّ مَرَضٍ وَّ شِفَآءٍ۔

کثرتِ رزق و سامان دنیوی کے حصول کے لئے

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝

حضرت امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ کثرتِ رزق و سامان دنیوی کے لئے جمعہ یا پیر یا جمعرات کے دن شروع کرے افضل یہ ہے بعد از نماز فجر پڑھا جائے ہر روز ایک سو انسٹھ (۱۵۹) مرتبہ چالیس دن پڑھے اور چالیسویں دن ایک سو اناسی (۱۷۹) مرتبہ پڑھے کہ چالیس دن میں چھ ہزار تین سو اناسی (۶۳۷۹) مرتبہ ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمت و کشادگی کے دروازے کھل جائیں گے۔ اس کے پڑھنے کے دوران مندرجہ ذیل باتوں کی پابندی کرے۔

اول وظیفہ شروع کرنے سے قبل غسل کرلے۔

دوم دو رکعت نماز نفل پڑھے۔

برائے محبت زوجین

اگر درمیان زوجین (میاں بیوی) عداوت (دشمنی) پیدا ہو جائے اور کسی طرح اصلاح نہ ہو (محبت پیدا نہ ہو) تو اس تعویذ کو لکھے اور میاں اور اس کی والدہ کا نام اور بیوی اور اس کی ماں کا نام لکھے اور دودھ میں یا شربت میں یا پانی میں گھول کر پلا دے بفضل خدا تعالیٰ دونوں ایک لمحہ کے لئے بھی جدا نہ ہوں گے اور آپس میں دشمنی ختم ہو جائے گی۔ تعویذ یہ ہے؛

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَلِيْقًا مَلِيْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ

مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ علی علی علی علی علی علی علی ودود
ودود ححححححححح لا لا لا لا لا لا لا لا ودود
ححححححح ححح نام شوہر مع والدہ، نام بیوی مع والدہ۔

میاں بیوی میں اتفاق کے لئے

اگر میاں بیوی میں اختلاف رہتا ہو اور اتفاق نہ ہوتا ہو تو اس تعویذ کو مشک و زعفران سے لکھ کر (اگر مشک نہ ملے تو صرف زعفران سے لکھے) دونوں (میاں بیوی) کو پلادے چاہے کھانے میں، شربت میں، دودھ میں یا پانی میں خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے دونوں کے درمیان محبت پیدا ہو جائے گی وہ یہ ہے۔
وَ اَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۘ اَلْمَحَبَّةُ فِيْمَا بَيْنَ فلاں بن فلاں و فلانہ بنت فلانہ۔

میاں بیوی کے درمیان محبت کے لئے

اگر زن و شوہر (میاں، بیوی) میں عداوت و مخالفت ہو اس نقش کو ایک تھال یا کڑاہی لوہے کی بنی ہوئی میں لکھے اور اس میں حلوا تیار کرے اور چمچے سے اس نقش کو حلوے میں ملادے اور میاں بیوی کو کھلادے، محبت و الفت پیدا ہو جائے گی۔

۷۸۶


۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

برائے گریۂ طفل

اگر بچہ بہت روتا ہو اور بظاہر تندرست ہو تو یہ نقش پاک سیاہی سے لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ برے اثرات دور ہوں گے۔

۷۸۶	یا مبدء ح	۷۸۶
یا مبدء ح	اللہ	یا مبدء ح
۷۸۶	یا مبدء ح	۷۸۶

خواب میں ڈرنے والے بچے کے گلے میں یہ تعویذ ڈالیں۔



عدم قدرت بر عورت

ایک شخص نے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ سے عرض کی میں اپنی بیوی سے صحبت کرنے سے قاصر ہوں، حالانکہ میں کمزور نہیں لیکن جب پاس جاتا ہوں تو بند ہو جاتا ہوں آپ نے دو انڈے ابلے ہوئے منگوا کر چھلکا اتار کر ایک انڈے پر یہ آیت لکھی۔

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ

اسے مرد کو کہا تو کھالے۔ دوسرے پر یہ آیت لکھی۔

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ

اسے کہا یہ بیوی کو کھلا دے۔ چنانچہ اس کی رکاوٹ دور ہو گئی۔ یاد رکھیں؟

دیگر قاصر از زن

سورہ بینہ :۔ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (پ ۳۰)

ساری لکھ کر پلانے سے بھی مرد کھل جاتا ہے

دیگر قاصر از اثر سحر وغیرہ

یہ آیتیں لکھ کر قاصر کے گلے میں تعویذ کریں۔ انشاء اللہ ہر طرح کا اثر زائل ہو کر قدرت حاصل ہو گی۔

اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ کُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ۝ بَاطِلٌ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِکَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِیْنَ ۝ قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۝ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ زَهُوْقًا ۔

آگے اخر کے تینوں قل شریف لکھیں اور حاضر زن مسحور کے گلے میں باندھیں ۔ انشاء اللہ حاضر نہ ہوگا ۔

بوجہ سحر عورت پر قادر ہو سکے

مرغ کے تین انڈے ابال کر چھیل لیں ایک پر ۔

قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ

لکھیں اور دوسرے پر

اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ کُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ۝

لکھیں تیسرے پر

وَقَدِمْنَآ اِلٰی مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا

لکھیں اور مسحور کو کھلا دیں انشاء اللہ سحر کا اثر دور ہو کر قدرت حاصل ہو گی ۔

دیگر آسیب دُور ہو

مریض کے کان میں سات بار یہ آیت پڑھ کر پھونکیں۔
وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ۔
نیز سورہ فاتحہ اور اخیر کے ۲ قل شریف اور آیت الکرسی اور سورہ طارق
اور سورہ حشر کی اخیر کی ۳ آیتیں پڑھ کر پھونکنے سے جن کا وجود جل جاتا ہے

دافع اثر سحر ہر قسم

چینی کی صاف طشتری پاک میں یہ آیت پاک سیاہی سے لکھ کر گھی سے سحر کے
مسحور کو چٹا دیں خواہ قدرے شکر بھی چھڑک لیں انشاء اللہ اثر سحر زائل ہو
جائے گا۔ اور مرتے دم تک نہ ہوگا۔

وَمَنْ يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِهِ مُهَاجِرًا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ يُدْرِكْهُ
الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ أَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا۔

باوضو لکھیں صبح چٹائیں ۵۰۳ - یا ۷ دن یہ ورد کریں۔

سحر و مرض مایوسہ

جس پر جادو کا اثر ہو یا جس بیماری سے اطبا عاجز آ چکے ہوں اس کے لیے
ایک چینی کی طشتری سفید میں یہ کلمات لکھ کر پانی سے گھول کر چالیس دن پیئے انشاء اللہ

صحت ہوگی۔ نواب صدیق حسن صاحب لکھتے ہیں میرے والد بزرگ اس سے آگے سورہ فاتحہ بھی لکھتے اللہ صحت دیتا۔

یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَآئِہٖ یَا حَیُّ

آگے بسم اللہ شریف اور الحمد شریف بھی لکھیں اعراب زبر ہی ہوں زور نہیں یقینی صحت ہوگی۔

برائے مرض صبیان مسان

صبح کی نماز کے بعد اکتالیس بار الحمد شریف مع بسم اللہ شریف ملحمدہ کے پڑھے۔

برائے اطفال خاص

مسلم شریف کی حدیث میں ہے کہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسنین رض پر یہ دعا پڑھ کر دم کیا کرتے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَآمَّۃٍ وَّعَیْنٍ لَّآمَّۃٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ الْفِ الْفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ ط۔

لکھ کر بھی تعویذ کے طور پر گلے میں ڈالیں ہر شر شیطان و نظر بد سے حفاظت ہوگی۔ انشاء اللہ۔

برائے زوال شہوت

اگر کسی کو شبہ شائبہ احتمال گناہ ہو تو اللہ کریم کے اسماء جن میں کہ آتی ہے قدیر۔ خبیر۔ بصیر۔ حکیم۔ عزیز۔ عظیم۔ کریم جمیل۔ جلیل۔ رحیم وغیرہ کسی چینی کی طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں۔ سات دن صبح اول پہری بسم اللہ لکھیں۔ انشاء اللہ سکون ہو جائے گا۔

برائے محبت گرفتن

جسے محبت میں گرفتار کرنا چاہیں اسے پانی پر سات سو چھیاسی بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر دم کر کے پلائیں انشاء اللہ اسے شدید محبت ہو جائے گی۔

غلام یا اولاد کہا نہ مانے

اگر چار پایہ شوخی کرے یا اولاد باغی ہو کہا نہ مانے تو یہ آیت پڑھ کر اس کے کان میں پھونکیں اور کئی دن یہ عمل کریں انشاء اللہ مطیع و فرمانبردار ہو جائے آیت یہ ہے۔

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ پارہ تیرا رکوع آخری۔

راہ بھول جانا راہ پانا

چار رہے کی کیلیں لے کر ہر کیل پر پچیس بار یہ آیت۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ط فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا

پڑھ کر دم کریں پہلے بسم اللہ شریف پڑھ لیں ان چاروں کیلوں کو مکان کے چاروں کونوں میں گاڑھ دیں یا چھت پر چاروں کونوں پر گاڑھ دیں انشاء اللہ پھر نہ پڑیں گے۔ ڈر کی صورت میں خود آیت الکرسی اور لاحول ولاقوۃ پڑھا کریں۔ اللہ فضل کرے گا۔

دیگر عدم قدرت بر عورت

یہ آیتیں لکھ کر باندھیں۔

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ پارہ رکوع۔

اور: باطل باطل باطل مَا كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ط فَغُلِبُوْا صٰغِرِيْنَ۔ قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ط اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ پارہ رکوع لکھیں۔ اور وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ط اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا۔

اخیر کے تینوں قل شریف لکھ کر سحور کے گلے میں تعویذ بنا کر ڈالیں

دیگر۔ سورہ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لکھ کر پلانا بھی مفید ہے۔ پارہ نمبر ۳۰

آسیب دور ہو

باوضو سورہ مومنون پارہ ۱۸ کی آخری چار آیتیں اَفَحَسِبْتُمْ سے تا رَاحِمِيْنَ پڑھ کر آسیب زدہ کے کان میں پھونکیں انشاء اللہ آسیب دور ہوگا۔

مال بُری جگہ خرچ نہ ہو

جو شخص یہ آیت ۲ بار ہمیشہ اکثر پڑھا کرے اس کا مال حرام جگہ خرچ نہ ہوگا
پوری آیت یہ ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ
مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ إِنَّمَا يُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَن يُوقِعَ
بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَن ذِكْرِ اللَّهِ
وَعَنِ الصَّلَاةِ ۖ فَهَلْ أَنتُم مُّنتَهُونَ ۝ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ
وَاحْذَرُوا ۚ فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ ع

خرید بہتر ہو

جب کوئی چیز خریدنے کے لیے جائیں۔ تو یہ آیت شریفہ پڑھیں انشاء اللہ چیز اچھی ملے گی۔ اور قرآن پڑھنے کا ثواب مفت۔ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ ۚ إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا ۖ وَإِنَّا إِن شَاءَ اللَّهُ لَمُهْتَدُونَ

پ ۱ ع ۸

برائے محبت گرفتن

جب کہیں سفر میں چلتے چلتے راہ بھول جائیں تو کھڑے ہو کر اذان کہہ دیں بلند آواز سے انشاء اللہ راہ کا علم ہو جائے گا۔

اگر مکان پر انیٹ پتھر پڑیں

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّكِيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا

پڑھ کر دم کریں پہلے بسم اللہ شریف پڑھ لیں۔ ان چاروں فیلوں کو مکان کے چاروں کونوں میں گاڑھ دیں یا چھت پر چاروں کونوں پر گاڑھ دیں انشاء اللہ پھر نہ پڑیں گے۔ ڈر کی صورت میں خود آیت الکرسی اور لاحول ولاقوۃ پڑھا کریں۔ اللہ فضل کرے گا۔

سفر یا خوف کی جگہ امن ہو

اگر سفر کو جاتے وقت یا گھر سے نکلتے وقت یا سفر میں چلتے وقت سورہ یٰسین یا سورہ طٰہٰ یا سورہ لایلاف پڑھ کر چلیں تو انشاء اللہ کوئی خطرہ نہ ہو اور ان میں جو بھی پڑھ سکیں راستہ میں بھی پڑھیں کوئی دشمن گزند نہ پہنچا سکے گا ایسے ہی باہر کسی ایسے مکان میں یا جنگل میں رہنے کا اتفاق ہو جہاں کسی موذی کا خطرہ ہو تو بسم اللہ اور درود شریف پھر آیت الکرسی ۳ بار اور آخری تینوں قل شریف پڑھ کر یہ آیت پڑھیں۔

قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا هُوَ مَوْلٰنَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ

پھر بسم اللہ اور درود شریف پڑھ کر انگلی یا کسی لکڑی سے اپنے گرداگرد گول دائرہ لکیر کھینچ دیں۔ انشاء اللہ محفوظ رہیں گے۔

خوف کی جگہ حفظ و امن

اَللّٰهُ حَافِظِیْ - اَللّٰهُ نَاصِرِیْ - اَللّٰهُ نَاظِرِیْ - اَللّٰهُ مَعِیْ یہ چار

کلمے یاد کر چھوڑیں۔ خوف کی جگہ امن ہو۔ اندھیری رات میں کہیں مقام پر جا رہے ہوں۔ انھیں پڑھتے جائیں انشاء اللہ کچھ گزند نہ پہنچے گا۔ اللہ کی حفاظت ہو گی۔ اسے جس مکان کے دروازہ پر لکھ کر یا تختی پر پڑھ کر لگا دیں گے وہ مکان ہر نقصان سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

گم شدہ چیز ملے

بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر انا للہ وانا الیہ راجعون ط پڑھیں اور چیز تلاش کریں نیز تلاش میں اسے پڑھتے رہیں گے۔ یہ ایک بزرگ کا فرمودہ ہے۔ کہ بسم اللہ کے بعد سورہ والضحیٰ واللیل اذا یغشیٰ سات بار پڑھ کر تلاش کریں۔ انشاء اللہ چیز مل جائے گی۔

حفاظتِ چور

حضور کا ارشاد ہے جو شخص سورہ بنی اسرائیل کی آخری دو آیتیں نصف پ ۱۵ کر صبح و شام پڑھا کرے گا۔ اس کے گھر چور نقصان نہ کر سکے گا آیتیں یہ ہیں۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَلَا تَجْهَرْ بِصَلٰوتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝

حفاظتِ دشمن اور ثوابِ قرآن زاید

رہائی قید سے

قیدی سورہ الطور پ ۲۷ ع ۳ اکثر پڑھا رہے انشاء اللہ جلد رہائی حاصل ہوگی۔

شناختی چور

اس عمل سے چور کے سر کے بال خود بخود منڈ جاتے ہیں۔ شنگرف کی ڈلی لے کر اس پر دس بار درود شریف پڑھ کر پھونکیں اور استرہ سے کر اس پر مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر دم کریں اور اپنی ران کے بال مونڈیں چور جہاں ہوگا اس کے سر کے بال منڈ جائیں گے کلمات یہ ہیں۔

بسم اللہ علیقہ۔ ملیقہ۔ ثلیقہ۔ فلیقہ۔ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ وعلی ولی اللہ۔

دیگر:

ایک کورہ لوٹا یا بدھنی سے کر اس کے چاروں طرف یہ نام لکھیں۔ یا جبرائیل یا میکائیل یا اسرافیل یا عزرائیل اور جن جن شخصوں پر شک ہو ان کے نام ایک ایک پرزہ کاغذ پر لکھیں۔ ایک پرزہ کاغذ پر لکھیں ایک پرزہ کاغذ کسی نام کا بدھنی میں ڈال دیں اور بدھنی کو دو آدمی آمنے سامنے بیٹھ کر دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت سے اٹھائیں اور سورہ یٰسین کو من المکرمین تک پڑھے۔ اگر بدھنی گھوم جائے وہی سارق (چور) ہے

جس کا نام بدھنی کے اندر لکھ کر ڈالا ہوا ہے۔ اگر نہ گھوے تو وہ نام نکال کر دوسرے کا نام ڈالیں ایسے ہی جن پر شک ہو ڈال ڈال کر سورہ یٰسین پڑھیں۔ جس کے نام پر گھوے وہی چور ہے۔

پھٹی دیوار نہ گرے

لگر کسی مکان کی دیوار پھٹ گئی یا ٹیڑھی ہو گئی ہو گرنے کا خطرہ ہو تو یہ شعر سیاہی سے لکھ کر کاغذ دیوار پر چسپاں کر دیں۔ انشاء اللہ دیوار نہ گرے گی۔ مجربات عملیات صوفیہ شعر یہ ہے۔

الٰہی بحرمتِ معروف کرخی رخ
بماند سالہا دیوار تر اخی!

طغیانی دریا سے امن ہو

سات کاغذوں پر یہ دو آیات لکھ کر یکے بعد دیگرے ایک ایک کر کے یہ کاغذ مشرق کی طرف دریا میں پھینک دیں۔ انشاء اللہ طغیانی کم ہو جائے گی۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِیْ نَا كُلَّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ پ ۲۱ ع ۱۲

تلاطم دریا سے خطرہ دور ہو گا

اس آیت کو لکھ کر سات کاغذ پر یکے بعد دیگر ہیں مشرق رخ پھینک دیں

انشاء اللہ موجِ دریا رک جائے گی۔

آیت یہ ہے:

اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ پ ۲۱ ع ۱۲
اور وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ - الَّذِيْنَ تک اور
فَلَمَّا نَجّٰهُمْ اِلَى الْبَرِّ كَفُوْرٌ ط تک پ ۲۱ ع ۱۳
اور کشتی میں بیٹھ کر بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

پڑھیں۔

پسُو دُور ہوں!

آیت:

وَمَا لَنَا اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَا اٰذَيْتُمُوْنَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ - پارہ ۱۳ رکوع ۱۴

پڑھ کر سات بار اور سات بار یہ کہے اے پسوؤں اگر تم اللہ پر ایمان رکھتے ہو تو ہم کو نہ ستاؤ پھر پانی پر دم کر کے اپنے اردگرد اور چارپائی وغیرہ پر چھڑک دو آرام ہوگا۔


برائے دفع پرندگان

جو زراعت سے بیج کھا جائیں۔ یہ آیتیں لکھ کر چار گوشوں میں گاڑ دیں کسی لکڑی کے ساتھ باندھ کر کھڑا کر دیں۔ انشاء اللہ جانور بکری ملخ وغیرہ گزند نہ پہنچائیں گے آیت یہ ہے۔

وَاِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِی الْاَرْضِ لِیُفْسِدَ فِیْهَا وَیُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ط وَاللّٰهُ لَا یُحِبُّ الْفَسَادَ ۔ پارہ ۲ ع ۲۵ ۔

برائے حفاظت کھیت

اس نقش کو لکھ کر لمبے بانس سے باندھ کر کھیت کے چاروں طرف گھما کر پھر اسی جگہ کھیت میں کھڑا کر دیں انشاء اللہ کھیت کیڑے مکوڑے وغیرہ سے اور جملہ آفات سے محفوظ رہے گا۔



سرسبزی باغ و کھیتی

پوری آیت ۱۔ اَلَمْ تَرَ كَیْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَیِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَیِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِی السَّمَآءِ ۔ تُؤْتِیْۤ اُكُلَهَا كُلَّ حِیْنٍۭ بِاِذْنِ رَبِّهَا ط وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَذَكَّرُوْنَ ۔

پ ۱۳ ع ۱۵

کسی چینی کی پیالی میں لکھ کر پانی سے دھو کر اس پانی کو کنوئیں میں ڈال دیں

کہ پانی کھیت یا باغ کے درختوں کی جڑوں میں جاتا ہوں۔ انشاء اللہ پھل کثرت سے لگے گا۔ ایسے ہی یہ آیت :۔

وَهُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَیْءٍ (پ ۷ ع ۱۱)

اگر بارش کے پانی سے دھو کر کنوئیں میں ڈالیں تو زیادہ بہتر ہے۔

دفع طاعون وغیرہ

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَآءِ الْحَاطِمَةِ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةِ

یہ حرز کاغذ پر لکھ کر مکان یا دکان وغیرہ کے دروازے پر لگا دیں انشاء اللہ دخل طاعون ہرگز نہ ہوگا (اجماع صالحین سے ہے)

مکان سے جنات دور ہوں

اگر معلوم ہو کہ کسی مکان میں جنات کا دخل ہے تو اسے اس طرح صاف کریں کہ ایک پانی کا کٹورہ یا کوزہ وغیرہ لے کر اس پر اوّل درود شریف پھر سورہ فاتحہ ۲ بار پھر آیت الکرسی ۳ بار پھر سورہ جن ۲۹ کی پہلی پانچ آیات یعنی

قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ سے عَلٰی اللّٰهِ كَذِبًا تک پڑھ کر دم کریں اور یہ پانی اس مکان کے اندر چھڑکیں انشاء اللہ جن اس مکان سے دور ہو جائیں گے، اور پھر نہ آئیں گے اور یہ ہی پانی آسیب زدہ پر چھڑکیں بے ہوش کو ہوش آجائے گا۔ پھر آیۃ الکرسی کی سب تلاوت کرتے رہیں۔

دیگر مکان تکلیف دہ کیلئے

بعض مکان یا کوئی ایک کمرہ ایسا ہوتا ہے۔ جس میں کسی بزرگ کی روح کا مسکن ہوتا ہے یا کوئی سخت روح یا جن کا گذر ہوتا ہے۔ جس سے اہل مکان کو تکالیف بیماریاں اور موتیں ہوتی ہیں۔ ایسی تکلیف کی جگہ باوضو صحیح وشام کے درمیان کھڑے ہو کر متوسط آواز سے اذان دیں اور اذان کے بعد آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک ماریں پھر دوسری اذان کہہ کر سامنے قبلہ کی طرف پھونک ماریں۔ پھر اذان کہیں اور دائیں طرف شمال کی جانب پھونک ماریں پھر ہوشیار باز اذان کہہ کر جنوب کی طرف پھر پانچویں بار مشرق کی طرف۔ پھر چھٹی بار نیچے زمین کی طرف پھونکیں۔ پھر دعا ورد پڑھ کر دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ خبیث ارواح کے ضرر سے بچائے اور انہیں کسی دوسری جگہ منتقل فرمائے۔ انشاء اللہ ضرور تکلیف رفع ہوگی۔

برائے دفع خیالات فاسدہ

ان آیات کو پڑھ کر تخیل کو دم کریں یا پانی دم کر کے پلائیں یا کاغذ پر لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا۔ وقولہ: فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ فَسَيَكْفِيْهِمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔


لوگوں کی نظروں میں عزت والا بننا

جو شخص چاہے کہ لوگ ہر طرح اس کی عزت کریں اور سر آنکھوں پر بٹھائیں اس کو چاہیے کہ مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا هُوَ یَا مَنْ هُوَ یَا مَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

عمل دردِ دندان بوسیدہ

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دانتوں کے نیچے دبا لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ درد سے فوراً نجات ملے گی وہ نقش یہ ہے۔



قید سے رہائی کے لئے

قیدی کے پاؤں کے نیچے کی مٹی اس قدر لائے کہ ہتھیلی کے برابر ایک ٹکیہ تیار ہو جائے۔ ٹکیہ بنا کر اس پر یہ نقش لکھے جمعہ کے روز ساتویں گھنٹہ میں اور یہ ٹکیہ قیدی کے گھر کے دروازے پر دفن کر دے انشاءاللہ تعالیٰ رہائی مل جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶


۱۸	۱۱	۱۶
۱۳	۱۵	۱۷
۱۴	۱۹	۱۲

نسخہ برائے درد گردہ

ھوالشافی

خربوزہ کے چھلکے پانی میں ابال کر پلائے جائیں انشاء اللہ پتھری اور درد گردہ کے لئے مفید و نافع ہے۔ املی کی چائے بھی بہت فائدہ مند ہے۔

مطلوب کو بلانے کے لئے



مندرجہ بالا طلسم مطلوب اور ان کی والدہ کا نام اور طالب اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر یہ نقش زمین میں دفن کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب ضرور حاضر ہوگا۔

مطلوب کو بلانے اور محبت و دوستی کے لئے

مندرجہ ذیل نقش باوضو زعفران سے لکھ کر کسی شربت میں گھول کر مطلوب کو پلایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب حاضر ہوگا اور محبت والفت سے پیش آئے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

برائے تندرستی و جن بھوت سے حفاظت کے لئے

مندرجہ ذیل نقش یا دھنو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھا جائے اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالےٰ مریض صحتیاب ہوگا۔ تکلیف دور ہوگی اور جنات و انسان کی شرارتوں سے محفوظ رہے گا۔ ہر ضرورت پوری ہوگی اور صحت حاصل ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

برائے ترقی مال و جاہ و حفاظت از خوفِ دشمن

مندرجہ ذیل نقش یا دھنو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد کے دائیں بازو پر باندھے اور عورت کے بائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالےٰ اس کے باندھنے سے مال اور عزت و آبرو میں اضافہ ہوگا۔ دل کو سکون حاصل ہوگا۔ خوف سے دل مطمئن ہوگا اور دشمن کا ڈر خوف دل سے نکل جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

برائے ترقی مال و بھائی بہن اور اولاد میں محبت کیلئے

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد سیدھے بازو پر باندھے اور عورت بائیں بازو یا گلے میں ڈالے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بھائیوں، بہنوں اور اولاد و رشتہ داروں میں محبت بڑھے گی۔ مال میں زیادتی ہوگی اور ہر طرح امن و سکون حاصل ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

مُراد پوری ہونے اور مقصد میں کامیابی کے لئے

اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے انشاءاللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی۔ حاجت برآئے گی۔ مقصد حاصل ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

برائے حفاظت جن، بھوت چڑیل

نقش ذیل برائے حفاظت از جن، بھوت اور چڑیل وغیرہ بہت مفید اور کار آمد ہے۔ یہ نقش سورۃ مزمل (پ ۲۹) کا ہے۔ کیسا ہی اثر شدید جن دپری، آسیب وغیرہ کا ہو، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے فوراً جاتا رہتا ہے۔

نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کپڑے میں سی کر بازو پر باندھے یا گلے میں لٹکائے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۲۶۰۸	۲۲۶۱۱	۲۲۶۱۴	۲۲۶۰۱
۲۲۶۱۳	۲۲۶۰۲	۲۲۶۰۷	۲۲۶۱۲
۲۲۶۰۳	۲۲۶۱۶	۲۲۶۰۹	۲۲۶۰۶
۲۲۶۱۰	۲۲۶۰۵	۲۲۶۰۴	۲۲۶۱۵

جادو، سحر اور نظر سے نجات کے لئے

نقش ذیل سحر، جادو اور نظر سے صحت کے لئے بہت مفید ہے صبح وشام سفید چینی کی رکابی (پلیٹ بغیر پھول والی سادہ) پر لکھ کر پانی

سے دھو کر مریض کو پلائے اور ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے صاف کپڑے میں سی کر چاندی کے تعویذ میں رکھ کر اگر عورت ہو تو گلے میں اور مرد کے بازو پر باندھیں۔ تعویذ یہ ہے:

۷۸۶

۲۱۱۳۴	۲۱۱۴۷	۲۱۱۴۴	۲۱۱۴۱
۲۱۱۴۵	۲۱۱۴۰	۲۱۱۳۵	۲۱۱۴۶
۲۱۱۳۹	۲۱۱۴۲	۲۱۱۴۹	۲۱۱۳۶
۲۱۱۴۸	۲۱۱۳۷	۲۱۱۳۸	۲۱۱۴۳

ہر بلا اور خواب میں ڈرنے سے نجات

نقش ذیل آیۃ الکرسی کا ہے۔ خواب میں ڈرنے یا ڈراؤنے خواب سے حفاظت کے لئے اور ہر قسم کی آفت اور ہر قسم کی بلا سے محفوظ رہنے کے لئے بہت مفید ہے۔ جملہ آسیب و جادو سے بچنے کے لئے بہت مجرب ہے۔ نقش کو موم جامہ کر کے پاک کپڑے میں سی کر عورت کے گلے میں ڈالے اور مرد اور بچہ کے بازو پر باندھے۔ نقش آیۃ الکرسی مندرجہ ذیل ہے:

۷۸۶

۳۵۰۸	۳۵۲۱	۳۵۱۸	۳۵۱۵
۳۵۱۹	۳۵۱۴	۳۵۰۹	۳۵۲۰
۳۵۱۳	۳۵۱۶	۳۵۲۳	۳۵۱۰
۳۵۲۲	۳۵۱۱	۳۵۱۲	۳۵۱۷

استحاضہ کی بیماری کا عمل

یہ عمل عورتوں کی بیماری استحاضہ کے لئے ہے۔ کوئی دشمن جادو کر کے خون جاری کر دے اور خونِ حیض جاری ہو جائے کہ اس کی رکاوٹ نہ ہو سکے (اس بیماری کو ہندی میں پیر جاری ہونا کہتے ہیں) اور بعض عورت کو خلل آسیب ناپاک سے ہوتا ہے اور بعض عورتوں کو بچہ جننے کے بعد بیماری کی وجہ سے خون نفاس کا بند نہیں ہوتا۔ اکثر عورتیں اس میں مرجاتی ہیں۔

یہ نقش صبح دشام پانی میں دھو کر کوئی دوسری عورت پلائے اور ایک نقش موم جامہ کر کے سُرخ یا سفید کپڑے میں سی کر کمر میں باندھے کہ ناف پر قائم رہے۔

بدھ کے دن عطارد کی ساعت میں سانس روک کر، چاہے پینے کے نقش لکھے یا باندھنے کے لکھے۔

اگر جادو آسیب کا خلل ہو تو علاج یہی کرے لیکن ایک نقش فلیتہ میں بھی جلائے اور دوسرے کی دھونی دے اس طرح کہ نقش جلا کر تمام بدن میں دھونی دے۔ فلیتہ ہاتھ میں روشن کرے۔

تعویذ یہ ہے

۷۸۶

۳۰۰	۲۹۹	۳۰۴
۳۰۵	۳۰۱	۲۹۷
۲۹۸	۳۰۳	۳۰۲

اور نقش کمر میں باندھنے کا یہ ہے (اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

	اسرافیل	۷۸۶	عطرائیل	
بنت فلاں بنت	۳۰۰	۲۹۹	۳۰۴	بحق یا قابض خون آمدن
بسم بسم	۳۰۵	۳۰۱	۲۹۷	من قبضك یا قابض
	۲۹۸	۳۰۳	۳۰۲	
	عطفائیل		جبرائیل	

یہ نقش سانس بند کر کے لکھے یعنی لکھتے وقت سانس روک لے۔

دشمن کو خراب کرنے اور ذلت پہنچانے کیلئے


اس عمل کو کرنے سے قبل کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرے اور ناحق کو عمل کرے گا تو سخت گنہگار اور عذاب میں گرفتار ہوگا لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ حتی الوسع صبر و ضبط سے کام لے

یہ نقش طلسم دشمن کو خراب کرنے اور ذلت پہنچانے کے لئے ہے۔

مریخ یا زحل کی گھڑی میں لکھے اور دشمن کے بائیں پاؤں کے نیچے کی خاک نقش پر ڈال کر ہر روز گھڑی گھڑی میں تیئیس ۲۳ ضرب جوتے کے یا بے تعداد دشمن کا نام لے کر اس نقش پر مارتا رہے، ایک ہفتہ میں یا دو ہفتہ میں ظاہر ہو جائے گا یہ عمل چاند کے اخیر مہینہ میں کرے بہت آزمایا ہوا ہے۔

دونوں طرف برابر اور دونوں طرف حوت کی شکل کا خط ہے، برابر کا نقش کی شکل یہ ہے

(اگلے صفحہ پر)




گنڈہ واسطے بند ہونے خون حیض کے قیام حمل کے لئے

جس حاملہ عورت کا حمل گر جاتا ہو تو اس کا گنڈہ اس طرح بنائے کہ ایک تار سوت سُرخ رنگ کا بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے پیشانی کے بال جمنے کی جگہ تک ناپ کر سات تار (سات دھاگے سرخ) ملا کر ایک ڈورہ بنائے اور ایک ایک گرہ پر ایک بار حصار سلیمانی پڑھ کر دم کرے اور تین تین بار چاروں قل (قل یا ایھا الکافرون آخر تک۔ قل ھو اللہ احد آخر تک، قل اعوذ برب الفلق آخر تک، قل اعوذ برب الناس آخر تک) اور ایک بار آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرے اور سات گرہ کا گنڈہ بنائے اور کمر میں باندھے۔ حصار سلیمانی معظم و مکرم یہ ہے:

عَقَدْتُمْ عَقَدْتُمْ عَقَدْتُمْ اُقْرُوْشٍ اُقْرُوْشٍ اُقْرُوْشٍ فَرْقُوْشٍ فَرْقُوْشٍ فَرْقُوْشٍ فَقَائِلُ مَرْقُوْشٍ مَرْقُوْشٍ مَرْقُوْشٍ جَلَسْتَا جَلَسْتَا جَلَسْتَا جَلَسْتَكِ بِقَبُوْدٍ بِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ اے بلا بند شو پانصد آہنی گرفتار شو۔

استقرارِ حمل کے واسطے نہایت مجرب

عورت کے حمل کے لئے یہ عمل نہایت مجرب ہے اور ہزاروں مرتبہ کا آزمایا ہوا ہے۔ اس شکل کو نو چندی جمعرات کو کاغذ پر لکھے اور عورت کے گلے میں باندھے اور جو جمعرات کہ مہینے کے بیچ میں آئے اس کی رات کو ایک چھ نلکی (چراغ چار بتیوں والا) آٹے کا بنائے اور اس میں اصلی گھی اور بتی روئی کی ڈال کر جلائے اُس وقت وہ عورت اپنے دل میں کہے کہ جب بچہ پیدا ہوگا تو اس کے ہاتھ سے مسجد میں چراغ روشن کرایا جائے گا۔ بفضلہ تعالیٰ بیٹا پیدا ہوگا۔



۷۸۶ لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ حمل علے علے علے علے لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ موسیٰ موسیٰ موسیٰ سلیو اھب بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَحْدَہٗ۔

زچگی کے مکان کی حفاظت

جن عورتوں کے بچے زچگی میں بیمار ہوتے رہتے ہیں یا زچگی کے دوران مرجاتے ہیں ان کے تندرست رہنے اور مدت دراز تک زندہ رہنے کے لئے یہ طریقہ کام میں لایا جائے۔

جب بچہ پیدا ہونے والا ہو اس سے دو ایک دن پہلے یہ "دیو نامہ" دو کاغذ پر لکھ کر مکان کے صدر دروازہ پر دوسرا اس دروازہ پر جہاں بچہ پیدا ہونے والا ہو لگا دیا جائے۔ زچہ اور بچہ زچگی کے مکان میں حفاظت سے رہیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ یَمْلِیْخَا مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ تَبْیُوْنَسْ کَشَا فَطْیُوْنَسْ اَذْرَ قَطْیُوْنَسْ یُوَانَسْ یُوْس

وَعَلَيْهِمْ قَطِيْرٌ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ - نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

حمل کی حفاظت کے لئے (۱)

اس عمل کی خوبی یہ ہے کہ اسقاط حمل کی نوبت نہیں آتی اور بچہ پیدا ہونے کے بعد اس کی عمر زیادہ ہوتی ہے۔

کسی عورت کے ایسا ہو کہ حمل سے بچے پیدا ہو جاتے ہیں لیکن کچھ دن بعد ہی مر جاتے ہیں یہ بیماری بھی ایک قسم کے مسان کی ہے وہ اگر یہ چاہے کہ بچے نہ مریں اور عمر دراز ہو تو ان کو چاہیئے کہ اس بیماری کے دفعیہ کا علاج کریں۔

اس کی ترکیب یہ ہے۔

بچوں کے لائق چھوٹے چھوٹے تین کرتے باریک ململ کے آستین دار صرف ایک سیون کے سلائیں۔ جس کو کھڑی سیون کہتے ہیں۔ گلا ان کرتوں کا بلا بلا پھٹا ہوا رہے۔ پھر ان میں سے ایک کرتے پر یہ تعویذ دو دو جگہ لکھے جائیں دو تعویذ کرتے میں دائیں بغل کے نیچے اور دو بائیں بغل کے نیچے اور دو سینہ کے اوپر اور دو پیٹھ کے اوپر لکھے جائیں۔ ایسے دونوں کرتوں کو دھو کر رکھا جائے جس وقت بچہ پیدا ہو جائے تو اس کو نہلا کر ان کرتوں میں سے ایک کرتہ جو پہلے

کھلا ہے وہ پہنایا جائے گیارہ دن تک یہ کرتہ بچہ پہنے رہے، بارھویں دن دوسرا حسل بچہ کو دے کر دوسرا کرتہ تیرہ ۱۳ دن پہنائے رکھے۔ پھر تیسرا کرتہ تیسرا غسل بچہ کو دے کر سترہ ۱۷ دن تک پہنائے رکھے۔ اور ان چالیس دن تک زچہ و بچہ زچہ خانہ ہی میں رہیں۔ اکتالیسویں دن زچہ اور بچہ کو نہلا کر اور کپڑا جو میسر ہو پہنائے اور باہر لائے بعنایت خداوند تعالیٰ بچہ کی عمر دراز ہوگی۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۳۲	۱۲۲۵	۱۲۳۰
۱۲۲۷	۱۲۲۹	۱۲۳۱
۱۲۲۸	۱۲۳۳	۱۲۲۶

حمل کی حفاظت کے لئے (۲)

حاملہ عورت کے دل پر گھبراہٹ یا خفقان اور ہول دل کی شکایت ہو یا پیٹ یا کمر یا پیڑو میں درد پیدا ہوتا ہو تو ایسے درد سے حمل ساقط ہو جایا کرتا ہے پس فوراً ایک سفید بڑی چینی کی پلیٹ (بغیر پھول والی ساہ) لے کر کالی روشنائی (تختی لکھنے کی کچی روشنائی یا زعفران) سے یہ دعا و سورت اور نقش سورۂ مزمل (پ ۲۹) کا لکھے اور پانی سے دھو کر چالیس روز تک پلایا کرے زیادہ وقت نہ ہو تو گیارہ ۱۱ دن صبح نہار منہ روزانہ پلائے انشاء اللہ تعالیٰ ہر شکایت سے حمل محفوظ رہے گا۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۚ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۚ

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝
صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ
وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝ نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

یا غفور یا غفور یا غفور

دشمن کا پیشاب بند ہو جائے

دشمن کا پیشاب بند ہونے کے لئے منحوس ساعت ٹھیک دوپہر کے وقت آخر مہینہ چاند میں انڈے کا خول لے کر اس پر (یعنی انڈے کے چھلکے پر) کالی روشنائی سے سورۃ الکوثر۔ بغیر بسم اللہ شریف کے لکھے۔

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ۝
اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ۝

اس کے بعد جس مرد یا عورت کا پیشاب بند کرنا مقصود ہو اس کا نام اور اس کے باپ کا نام اگر عورت ہے تو اس کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھے اور نوشادر، جائفل اور مرچ سیاہ تینوں کو ملا کر آگ پر جلائے اور اس کا دھواں تعویذ کو دے پھر ایک سرخ رنگ کے کپڑے میں لپیٹے اور چولہے میں آگ جلنے سے زیادہ نیچے دفن کرے تاکہ جل نہ جائے۔ اور دفن کرتے وقت زبان سے کہے کہ فلاں کے بیٹے یا فلاں کی بیٹی کا پیشاب بند ہو جائے۔ ساتویں روز چولہے سے اس تعویذ کو نہ نکالا گیا تو وہ دشمن مر جائے گا۔

ترکیب لکھنے کی یہ ہے

ان ف ص ل ل ر ب ك و ان ح ر

ا ع ط ی ن ا ن ش ا ن ء ك

ك ل ك و ث ھ و ا ل ا ب ت ر

دشمنوں میں نا اتفاقی پیدا کرنا

دشمنوں کی جماعت میں نا اتفاقی پیدا کرنی ہو تو ان اسماء کو پتھر کے ٹکڑے پر لوہے کے قلم سے کندہ کرے (کھود کر لکھے) پھر آگ کی بھٹی میں اس پتھر کو گرم کر کے کتے کو یہ پتھر مارے اور پتھر پھینکتے وقت یہ کلمات پڑھے۔

وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ كُلَّمَا اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَشْعَلَهَا بَيْنَهُمُ الشَّيْطٰنُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْا۔ اور پھر ان لوگوں کے بیچ میں پھینک دے جو برائی کرنے پر اور لڑنے مارنے پر آمادہ ہوں۔ اس پتھر کے پھینکنے میں وہ تاثیر پیدا ہو کہ وہ مجمع آپس میں لڑ کر منتشر ہو جائے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

بِحَقِّ يَا بَارُّ وَيَا طَلْيَا شُوْمَا

دُشمنوں میں عداوت پیدا کرنے کے لئے

یہ تعویذ دشمنوں میں بغض و عداوت پیدا کرنے کے لئے بہت مجرب ہے مگر ان دشمنوں میں کیسی ہی دوستی ہو دشمنی ہو جاتی ہے درخت آک کے تیرہ پتوں پر یہ نقش دوپہر کے وقت آخر مہینہ میں ہفتہ کے دن لکھے اور نقش لکھے ہوئے پتے

دوسری طرف البغض فلاں بن فلاں علی البغض فلاں بن فلاں عداوت و نفرت ہو جائے اور پھر مریخ کی ساعت میں ان کو جلائے۔

منگل، ہفتہ کو سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ بعد تک مریخ کی ساعت ہے۔

تعویذ یہ ہے

۷۷۷۸	۷۷۷۱	۷۷۷۶
۷۷۷۳	۷۷۷۵	۷۷۷۷
۷۷۷۴	۷۷۷۹	۷۷۷۲

مرد کو عورت کا تابعدار بنانا

اگر عورت اپنے خاوند کو اپنا تابعدار اور اپنی محبت میں گرفتار رکھنا چاہے تو وہ یہ عمل کرے۔

دو کاغذ کے ٹکڑوں پر یہ عبارت کچی کالی روشنائی یا زعفران سے لکھوالے۔ ایک ٹکڑا کاغذ لپیٹ کر موم جامہ کر کے اپنے بائیں بازو پر باندھ لے (اگر مرد ہے تو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے) اور دوسرا کاغذ کا ٹکڑا جس پر عبارت لکھی ہے اس کو دھو کر کسی شربت، چائے یا دودھ میں دھو کر پلائے ایک دوسرے میں مرتے وقت تک محبت و الفت برقرار رہے گی۔

وہ عبارت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ عَدَمُ عَلَيْكَ بِقُدْرَةِ الْفِيْلِ وَ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ مُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ بِحُرْمَةِ مُوْسٰى كَلِيْمُ اللّٰهِ وَبِحُرْمَةِ عِيْسٰى رُوْحُ اللّٰهِ ۞ فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں۔

زہر تمام حشرات الارض دور

سانپ، بچھو، بھڑ، زنبور وغیرہ پر میرا مجرب عمل ہے۔ ہر عامل کے زیر کا کافی ہے باذن اللہ جہاں کاٹا ہو وہاں پر پڑھ کر دم کریں ضرورت ہو تو پانی دم کر کے پلائیں۔ فوراً آرام ہوتا ہے۔ اوّل بسم اللہ پھر درود شریف پھر یہ کلمات

مکتبٌ ذنبٌ عقربٌ بقولہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

زہر یکصد و شصت گروہ کژدم فرود آمد زہر ہفتاد گروہ مار ہم فرو آمد زہر یکصد و شصت گروہ غنڈل ہم فرود آید۔ زہر خزندہ و پرندہ ہم فرو دمد۔

بہ حق احبیب میں خیل فقیر بابا

یانوحٌ نبیٌ اللہ یانوحٌ نبیٌ اللہ یانوحٌ نبی اللہ۔

پڑھ کر دم کریں وضو کی شرط نہیں انشاء اللہ فوراً آرام ہوگا۔

دیگر زہر عقرب و زنبور دور

بسم اللہ کے بعد ایک بار درود شریف پھر یہ آیت پڑھ کر دم کریں ڈنک پر انشاء اللہ آرام ہوگا۔

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ

پڑھ کر دم کریں۔ بزرگوں سے منقول ہے۔

دفع زہر سگ دیوانہ

آیت ۷۸۶۔ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۔ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا

ایک ٹکڑا روٹی پر رکھ کر کھلائیں ایسے ہی چالیس روز ایک ٹکڑا لکھ کر کھلائیں بزایک ٹکڑا بانات کاغذ میں لپیٹ کر کھلائیں حضرت مولانا شاہ اسحاق کا فرمودہ ہے اور پہلا عمل حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا فرمودہ ہے۔

دیگر زہر سگ دیوانہ

نمک پر باوضو اوّل درود شریف بسم اللہ پڑھ کر سورہ لایلاف قریش پڑھ گیارہ بار پڑھیں پھر یہ دعا پڑھیں الٰہی بحرمت خواجہ محمد صادق ابن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہند قدس سرہ بحکم خدا ببرکت رسول میں اثر سگ دیوانہ گم شود" اور نمک پر دم کریں۔ مریض گیارہ دن اس نمک کو غذا میں کھائے۔

سگ گزیدہ مار گزیدہ

آدھ پاؤ نمک سالم لے کر اس پر باوضو اوّل درود ۵ بار سورۃ الحمد شریف مع وصل میم رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ یعنی بسم اللہ کے آخری میم سے ۴۱ بار پڑھ کر دم کریں کہ کچھ تھوک بھی نمک پر گرے پھر آخر کے چاروں قل شریف پڑھ کر دم کریں اور قدرے

تھوک برائے نام گرائیں اخیر میں ۵ بار درود شریف بھی، پھیر یہ نمک محفوظ رکھیں۔ ضرورت پر سگ گزیدہ کئی دن چاٹے اور زخم پر ملے۔ مارگزیدہ ۳ دن عمل کرے نمک کی ڈلی کو ایک طرف سے چاٹیں اور دوسری طرف سے زخم ملیں۔

برائے دفع زہر سانپ و بچھو

کسی چھری یا چاقو یا درخت کی شاخ ہاتھ میں لے کر آیت۔

اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا

بغیر بسم اللہ کے پڑھیں اور شاخ وغیرہ سے ڈنک کی جگہ سے اوپر نیچے کو جھاڑیں یعنی اوپر کے مقام سے پھیرتے آئیں اور نیچے تک کر کے جھٹک دیں۔ اگلی آیت نہ پڑھیں زہر دور ہو گا۔ بار بار یہ عمل کریں کہ اثر تمام دور ہو جائے۔

ح

عبدالمالک لاہوری

کر سانپ کے کاٹے کو پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ قطعی ہوگا۔

سانپ کے کاٹے کا علاج

بدن کے پونچھنے کا ایک کپڑا انولیہ یا رومال لے کر اس کو چراغ کے فتیلہ کے طور پر بتی کر کے بیٹھے پھر اس میں سات مرتبہ آیہ کریمہ

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ الخ

پارہ ۶ رکوع آخر) پڑھ کر ہر مرتبہ دم کر کے اس سے مارگزیدہ کے سر پر کسی ایک بار مارنا جاوے اور پوچھا جاوے کہ درد معلوم ہوتا ہے یا نہیں جس بار مارگزیدہ درد معلوم کر کے مارنے سے منع کرے تو کندھے پر کہنی ایک مرتبہ مارے جب وہاں بھی درد معلوم ہو تو پھر دیگر اعضاء داہنا ہاتھ پھر بایاں ہاتھ پشت شکم علی ہذا القیاس بدن کے کل اعضاء پر سر سے لے کر پیر کی انگلیوں تک مارے جائے۔ جب تک عضو مضروب پر زہر رہے گا۔ تب تک وہاں درد معلوم نہیں ہوگا جب وہاں سے زہر دور ہوگا۔ تب درد محسوس ہوگا۔ یہاں تک کہ اسی طرح سارے عضو پر مارنے سے سارے وجود سے زہر دفع ہو جائے گا۔

۲۔ درخت الیشور مول کی جڑ دو اتی وزن بھر لیں اور ہمراہ ڈھائی عدد فلفل سیاہ (گول مرچ) کے پانی میں پیس کر مارگزیدہ کو پلائیں پھر اس درخت کا پتہ زخم کی جگہ مالش کر دیں بہت مفید ہوگا۔ الیشور مول کی شناخت یہ ہے کہ ایک چھوٹا سبلدار درخت ہوتا ہے جس کے پتے سیم دتر کاری کے مشابہ ہوتے ہیں۔

۲- اگر مارگزیدہ پر کسی نے زہر دفع ہونے کا جادو کر دیا ہو تو اس کی
کی تدبیر یہ ہے کہ اولاً سورہ الحمد نو مرتبہ پڑھیں اور ہر بار مارگزیدہ پر دم کریں پھر
بعد کو قل ہو اللہ اور معوذتین ہر تینوں سورتوں کو تین مرتبہ پڑھیں اور ہر بار
مرتبہ ایک بار دم کریں اسی طرح نو مرتبہ کریں جلد سائیس دفعہ پڑھنا ہوگا اور
ہر مرتبہ دم کرنے کے ساتھ یہ کلمہ بھی کہیں۔ اے جادو تو اللہ پاک کے حکم
سے کٹ جا۔

(نوٹ)

درخت نیم کی جڑ زیادہ سے زیادہ دوانی بھر ہونی چاہیے۔ یعنی مارگزیدہ
جتنا کمسن ہوگا اتنی ہی مقدار کم ہونا چاہیئے۔ اور جوان، بڈھے کے لیے دوانی
بھر سے کم نہ ہونا چاہیئے۔ اگر ایک درخت نیم کی جڑ کافی نہ ہو تو دو تین درخت
لے لیں۔

سانپوں کے مکان سے دور کرنیکی ترکیب

اولاً یہ آیۃ تین مرتبہ عَلَيْهِ وَالشَّقِيُّ پڑھ کر داہنے ہاتھ کی شہادت کی انگلی
پر پھونکے اور انگلی کو چاروں طرف گھمائے اور تین مرتبہ زور زور سے تالیاں بجائے
پھر دوبارہ آیۃ مذکور الصدر کو شہادت کی انگلی پر تین مرتبہ پڑھ کر اس کو چاروں طرف
گھمائے اور تین مرتبہ پڑھ کر اس کو چاروں طرف گھمائے اور تین مرتبہ زور زور سے
تالیاں بجائے پھر تیسری بار بھی یہی آیۃ مذکور الصدر کو تین مرتبہ پڑھ کر شہادت
کی انگلی پر پھونکے اور چاروں طرف گھمائے اور تین مرتبہ زور زور سے تالیاں
بجائے کتنے ہی سانپ مکان میں ہوں اور کسی قدر عرصہ کے رہنے والے ہوں گے
مکان سے سب نکل جائیں گے۔

سانپ کی مٹی

اربع - حوا - سنبلہ - سندی - قطع - وزع - یہ الفاظ سات مرتبہ پڑھ کر مٹی پر دے دینا چاہیئے - سانپ مکان سے نکل جائیں گے۔

دیگر

اگر سات مرتبہ مٹی پر الحمد شریف پڑھ کر دیدی جائے تو سانپ مکان سے فوراً نکل جائیں گے۔

بچھو کے کاٹے کا علاج

ایک صحابی نے سورہ فاتحہ پڑھ کر تھوکنا شروع کیا اور سات دفعہ سورہ فاتحہ پڑھی جسکو بچھو نے کاٹا تھا وہ اچھا ہوگیا

پانی میں نمک ملا کر اس پر سورہ کافرون و معوذتین پڑھ کر جائے لدغ پر ملا دے - فوراً آرام ہوگا۔

تولد ذکور

واسطے تولد ہونے بیٹے کے اگر بیج شکم کے در کرے قند سیاہ منگا کر تین گولی کرکے اور ہر گولی کے تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور عورت کو کھلا دے۔

آسیب

اگر کسی کو خلل آسیب کا ہووے اور کسی طرح پر موقوف نہ ہوتا ہو تو چاہیئے کہ اس آیۃ شریف کو لکھ کر اسکو پلا دے مگر ہر روز پلا دے اور چالیس روز برابر

پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دفع ہوگا آیۃ شریف یہ ہے۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم ط۔ حسبنا اللہ نعم الوکیل ط نعم المولیٰ و نعم النصیر ط۔

بچہ کا رونا و بخار دودھ نہ پینا

بچہ کو بخار ہوتا ہو دودھ نہ پیتا ہو تو یہ تعویذ چار ٹکڑوں پر لکھ کر دینا چاہیئے ایک تعویذ بازو کے راست پر باندھے اور تین تعویذ تین روز تک پلائے وقت صبح تازہ پانی کے ساتھ۔

یاذو	الجلا	ل	د
الا	قیوم		کرام
ھاما	بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا حافظ		لئ
الملک	یا	حی	یا

خواب پریشان

اگر عورت دیکھے مرد کو خواب پریشان خوف ناک نظر آتے ہوں اور چونک کر اٹھ بیٹھا ہو تو قل اعوذ برب الناس لکھ کر دے دینا۔

خواب میں ڈرنا

اگر کوئی عورت مرد، بچہ اندھیرے میں ڈرتا ہو تو قل اعوذ برب الفلق کو لکھ کر باندھ

ہی باندھنا چاہیئے۔

چڑیل کا ستانا

اگر کوئی چڑیل بہت پریشان کرتی ہے اور موقوف نہیں ہوتی ہے تو اس تعویذ کو مشک و زعفران سے لکھ کر ایک تعویذ بازو میں باندھ دے اور ایک تعویذ گھول کر پلا دیوے بفضلہ دفع ہووے

انا اعطینا	ک الکوثر
بحق انا شانئک ھوالابتر بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	
فضل	لربک

دردِ زہ

اگر کسی عورت کے دردزہ ہو اور وہ درد موقوف نہ ہوتا ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر اور تازہ پانی میں دھو کر اسکو پلا دے درد دفع ہووے

۷۸۶

اشھد ان	لا الہ
الا اللہ	واشھد
ان محمدًا	عبدہ
ورسولہ	یاحافظ

نظرِ بد: اگر کسی کو نظرِ بد ہو جاوے تو یہ تعویذ لکھ کر پلا دے تعویذ اگلے صفحہ پر ہے

یا حافظ	بحق لا الہ الا اللہ	یا حافظ
یا حفیظ	بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام نظر بد دور ہووے	یا حفیظ
یا حفیظ		یا حفیظ
یا حافظ	محمد رسول اللہ۔	یا حافظ

اثر جن

اگر کسی کو اثر جن وغیرہ کا ہوا سکو لکھ کر پلا دیوے:

یا اللہ	یا رحمٰن
یا رحیم	یا محمد

خلل پری

اگر کسی کو خلل پری وغیرہ کا رہتا ہو تو اس تعویذ کو مشک اور زعفران سے ایک پیالہ چینی میں لکھ کر اور گلاب میں دھو کر پلا دے دفع ہووے

ھو اللہ الذی لا الہ
الا ھو عالم الغیب
والشھادۃ ھو الرحمٰن
الرحیم بحق یا محمد

حب

جس شخص کو یہ بات منظور ہووے کہ فلاں شخص میرا تابعدار ہو جائے اس کو چاہیئے کہ چند پھول خوشبودار لاوے اور ان پھولوں کے اوپر سات بار اس آیۃ کو پڑھے اور اپنے مطلوب کے پاس بھیج دیوے یا آپ لیجائے اور اس کو کسی چیز میں کھلا دے یا اس کو سونگھا دے کھاتے ہی اس کی جان اس شخص کی

کی طرف مائل ہو دے اس طرح پر کہ ایک گھڑی فراموش نہ کرے وہ آیتہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین

مسان کا خلل

اگر کسی بچہ، مرد یا عورت کو مسان کا خلل ہو یا بھوت کا تو اس کو یہ تعویذ دینا چاہیے

قل ھو اللہ	احد	اللہ	الصمد
لم یلد	و	لم	یولد
و	لم	یکن	لہ
کفوا	احد	یا اللہ	یا محمدؐ

عزت و آبرو

یہ تعویذ واسطے عزت اور آبرو اگے امیروں کے بازو سے راست میں باندھ لیوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عزت ہو گی۔

وجعلنا من بین ایدیھم سدا و من
خلفھم سدا فاغشیناھم فھم
لا یبصرون بحق لا الہ
الا اللہ محمد رسول اللہ

درد آدھا سیسی: یہ تعویذ رفع ہونے درد آدھا سیسی کے لکھ کر اور تازہ پانی میں دھو کر پلا دیوے درد رفع

ہووے۔

لا الہ الا اللہ وحدہ لا
شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد
وھو حی لا یموت ابدًا ابدا
بیدہ الخیر وھو علی کل شئ قدیر

بچوں کا کم عمری میں مرجانا

یہ تعویذ اس واسطے لکھا گیا ہے کہ اگر کسی عورت کو یہ مرض ہو کہ بعد بچہ پیدا ہونے کے بچہ اس کا کم زندہ رہتا ہو اور تھوڑی عمر میں مرجاتا ہو تو چاہیے کہ اوّل گنڈ بنا دے اور اس میں گیارہ گرہ دیوے اور ہر گرہ کے گیارہ بار سورہ مزمل پڑھے گلے میں باندھ دیوے اور اس نقش کو لکھ کر اس بچہ کے گلے میں باندھ دیوے۔ فضل الٰہی ہووے۔

یا وھاب	یا باسط	یا حی	یا
بحق لا الہ	الا اللہ	محمد رسول اللہ	
قیوم	م	یا قائم	یا رحیم

عورت پر جن کا عاشق ہونا

اگر کسی عورت پر جن عاشق ہو گیا ہو اور کسی وقت اس کو چھوڑتا نہ ہو اور ایک

وقت معین پر آتا ہو تو چاہیے کہ اس تعویذ کو ہر روز مشک اور زعفران سے لکھے اور اس کو پلا دیوے۔ غرضیکہ چالیس روز تک اسی طرح سے ہر روز لکھا کرے اور اس کو پلایا کرے۔

۷۸۶

اللہ	الصمد	ی	یا
محمد	مد	د	ی
یاخا	لق	یاحافظ	یاکریم
یاعظیم	یاقوی	یاستین	یااللہ

ہر کام کے واسطے

اس آیۃ شریف کو واسطے ہر کام کے بعد نمازِ عشاء کے ایک ہزار دو سو آٹھ مرتبہ پڑھے اور اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کام حاصل ہووے۔ آیۃ شریف یہ ہے۔

ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم

خاوند کا زوجہ سے ناراض ہونا

اگر کسی عورت کا خاوند ناراض ہوا اور عورت سے رضامند نہ ہوا اور ہر وقت خفا رہتا ہو تو اس عورت کو چاہیے کہ بعد نمازِ عشاء کے ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ اس آیۃ شریف کو پڑھا کرے اور اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اور ہر روز بلاناغہ اسی طرح پڑھا کرے اور چالیس روز تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ راضی ہو جائے گا آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ط۔

دشمنِ جان

اگر کسی کا کوئی دشمن سخت ہو اور وہ درپے آزار ہو تو اس دعا کو بعد ہر نماز کے پانچ سو بار پڑھے اور اوّل و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف پڑھے ہرگز ناغہ نہ کرے سیعاد اس کی کچھ نہیں انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اس کا اگر تلوار لیئے پھرتا ہوگا۔ دفع ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنَ الْبَلَاءِ الدُّنْیَا وَالْعَذَابِ الْاٰخِرَۃِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

حمل کا قائم کرنا

اگر لڑکا پیدا ہونا چاہیئے کہ قبل ایک ہفتہ غذائے خوب مرغن اور دو وقت دودھ ہو کے سر تناول کرے جس روز کہ عورت حیض سے فراغت پاوے اسی دن وہی شخص عورت سے مجامعت سے فارغ ہووے اور قبل مجامعت سے اوپر پیڑو زن کے انگشت سے لکھے اس دعا کو وہ دعائے بزرگ ہے۔

اِنْ کَانَ فِیْ ھٰذَا الْبَطْنِ وَلَدًا تُسَمِّیْہِ مُحَمَّدًا ۝

اگر لکھنا نہ جانے اوپر پیڑو کے انگلی اپنی رکھ کر پڑھے اور بعد اس عمل کے اپنے دل میں کہے کہ نام اس کا محمدؐ یا محمودؐ یا احمدؐ یا حامد رکھوں گا اور اگر اس عورت کو حمل رہے تو شروع ماہ اوّل سے تین مہینہ تک گاہے گاہے بطریق مذکور الصدر عمل میں لاوے بفضلہ تعالیٰ فرزند تولد ہوگا۔ صدہا مرتبہ آزمایا ہے۔ مجرب ہے۔

حمل کا خلل

اگر کوئی عورت حاملہ ہو اور اس کو کسی طرح کا خلل ہو جاتا ہو تو چاہیئے کہ اوّل اس

سے سر سے پاؤں تک ناپ کر اس کا گنڈہ بنا دے اور اس میں اکیس گرہ لگا دے اوپر سر گرہ کے اکیس بار سورہ فاتحہ پڑھ کر تیار کرے اور درمیان گنڈھ کے یہ تعویذ لکھ کر باندھے اور اسکی کمر میں باندھ دیوے اور بعد بچہ پیدا ہونے کے اس تعویذ کو کھول کر بچہ کے گلے میں ڈال دے

قالوا انا تطیرنا بکم لئن لم تنتھوا لنرجمنکم ولیمسنکم منا عذاب الیم
قالوا طائرکم معکم ائن ذکرتم بل انتم مسرفون

کشائش رزق

جو کوئی شخص بعد کھانا کھانے کے اسم یا بسط ایک سو گیارہ بار پڑھا کرے نہایت ثواب حاصل ہووے اور نہایت کشائش رزق کی ہووے کمال مجرب اور آزمودہ ہے۔

دشمن کی ہلاکت

سورہ انا اعطینا الکوثر کی تاثیر یہ ہے کہ اگر کوئی دشمن کی خرابی چاہے یعنی دشمن کا تباہ کرنا منظور ہو تو اس کو چاہیے کہ جس وقت بیٹھ گھٹاؤ پر ہووے انہیں دنوں میں اس سورۃ کو شروع کرے اور شروع اس طرح پر کرے کہ ہر روز بعد نماز عشاء کے منہ اپنا بطرف خانہ دشمن کر کے ۲۰۶۰ دو ہزار ساٹھ مرتبہ پڑھے اور اول و آخر اکیس اکیس بار درود شریف پڑھے اور اس عمل کو چالیس روز

تک پڑھے اور اگر ایک چلہ میں کام اس کا بخوبی حاصل نہ ہووے اس
چلہ اور پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس چلہ میں کام بخوبی حاصل ہووے گا
یہ بھی چاہیئے کہ ایسے وقت پڑھے کہ کچھ آواز شور و غل کی سنائی نہ دے
وقت شروع کرے اور وقت پڑھنے کے کسی سے کلام نہ کرے نہایت
التاثیر اور آزمودہ ہے۔

دردِ سر و دردِ دانت و دردِ کان

واسطے درد اور دردِ نیم سر کے اور دردِ کانوں اور دردِ دانتوں کے لکھے
اور اپنے پاس رکھے۔ شفا پاوے وہ یہ ہے اس میں شک نہ لاوے اور
ان ناموں کو اپنے پاس رکھے چشم خلائق ممتاز ہووے۔ یفلطا۔ مکسلینا
کشفوفط۔ تیبونس۔ کشا فطبونس اور قطبونس بوس وبلطیو
قطمیرو علی قصد السبیل نھا جائز

خلل کا دورہ کرتا

اگر کسی کو کوئی خلل ہو دوسرے یا تیسرے یا چوتھے دن یا ہفتہ یا مہینہ
میں غلبہ کرتا ہو تو چاہیئے کہ اس تعویذ کو لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دے انشاء
اللہ تعالیٰ وہ خلل موقوف ہو جاوے گا۔ تعویذ یہ ہے۔

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ		
یا محمدؐ	یا موسیٰ	یا عیسیٰ
یا داؤد علیہ السلام		

خاوند کو مطیع کرنا

اس آیت شریفہ کو بارہ ۱۲ مرتبہ سفید شکر (چینی) پر پڑھ کر اپنے خاوند کو کھلائے شوہر محبت کا دم بھرنے لگے گا۔ بلا اپنی بیوی کے دوسرے کا نام نہ لے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۔

خاوند کو تابع فرمان کرنا

یہ تعویذ جو عورت موم جامہ کر کے اپنے بائیں بازو پر باندھے گی خاوند اس کا تابع فرمان رہے گا (اور اگر مرد اپنے دائیں بازو پر باندھے تو عورت مطیع ہو)۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ بِحَقِّ مُوْسٰى وَ عِيْسٰى بِحَقِّ دَاوٗدَ وَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَ بِحَقِّ جِبْرَائِيْلَ وَ مِيْكَائِيْلَ وَ اِسْرَافِيْلَ وَ عِزْرَائِيْلَ۔

محبّت کے لئے

جس کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا ہو اس کے پاؤں کے نیچے کی مٹی لے کر گیارہ ۱۱ مرتبہ پڑھے اور اس مٹی پر پھونکے پھر وہ مٹی اس پر ڈال دے انشاءاللہ تعالیٰ وہ محبت کرنے لگے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ بِحَقِّ شَمْعُوْنَا الَّذِيْ يُقَلِّبُ الشَّمْسَ مِنَ الْمَغْرِبِ اِلَى الْمَشْرِقِ۔

حُبّ اور ہر مقصد میں کامیابی کیلئے

اس دعائے بشیخ کی حضرت قطب المدار شاہ بدیع الدین مدار الاولیاء الانوار نے دعوت دی ہے اور یہ دعا حضرت عیسٰی السّلام پر نازل ہوئی تھی۔ نہایت مجرب ہے۔ جس کام کی انجام دہی کے واسطے پڑھی جائے وہ کام پورا ہو اور ہر ایک مراد بر آئے۔

ایک سو ۱۰۱ ایک مرتبہ اس کھانے والی چیز پر پڑھی جائے جو آگ پر پکائی گئی ہو جیسے کچا دودھ۔ میوہ۔ انگور۔ بادام۔ کشمش۔ چھوارے وغیرہ پھر ٹھنڈا کر کھلائے وہ اسی کا کلمہ پڑھے گا اور مطیع و فرماں دار ہوگا۔ دعائے بشیخ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ بَشْمَغْ وَالْاَھَا مُوْ شِیْطَیْشُوْنَ اَللّٰھُمَّ۔

کسی عورت کو راغب کرنا

ایک بزرگ کا عطا کردہ مجرب عمل ہے۔ کسی عورت کو اپنی طرف راغب کرنا اور اپنا فریفتہ بنانا منظور ہو تو اس کی پہنی ہوئی کُرتی جو بہت میلی کچیلی پرانی ہو۔ نو ۹ روز تک پاک وصاف ہو کر بعد نماز عشاء پاک جگہ مقرر کر کے ہر روز اسی جگہ اس آیت کو ایک سو ۱۰۱ ایک مرتبہ ہاتھ میں لے کر اس کرتی پر پڑھ کر دم کرے آخر میں نام اپنا اور اپنے باپ کا اور اس عورت کی ماں کا لے۔ پڑھتے وقت لکڑی کے کوئلہ کی آگ اپنے پاس رکھے اور لوبان تھوڑا تھوڑا اس آگ پر ڈالتا جائے۔

جب اول روز پڑھ چکے تو ایک ماشہ گھی گائے پر تین ۳ مرتبہ یہ پڑھے۔ یَاھُوْ یَاھُوْ۔ پھر اس گھی کو آگ پر چھڑکے۔ نو ۹ رات تک پڑھے۔ لوبان

جلائے اور کمی چھوڑ کے۔

دسویں رات کو اس کرتی کے تین ٹکڑے پھاڑے اور تین بتی بنائے ایک بتی آگ پر جلائے اور جلاتے وقت عورت سے محبت بڑھنے اور عشق میں بے قرار ہو کر ملنے کا ذکر کرتا رہے۔ گیارھویں رات کو دوسری بتی اور بارھویں رات کو تیسری بتی جلائے۔ تینوں بتیاں آگ پر ہی جلائے۔ معشوقہ عشق میں بے قرار ہو کر آجائے۔

آیت پڑھنے کی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ۔ (تنبیہ: صرف جائز کام کے لئے کرے۔ حرام اور ناجائز کام کے لئے کرے گا تو دنیا و آخرت میں نقصان اٹھائے گا)۔

برائے حب

بکرے کے شانہ کی ہڈی ثابت جس کے سر کو قصاب لوگ توڑ کر پھینک دیتے ہیں اس واسطے کہ تعویذاتِ حُب وعداوت لکھے جاتے ہیں اور جادو بھی ہوتا ہے وہ نہ لی جائے بلکہ صحیح وسالم ہڈی لے کر گوشت وغیرہ سے بالکل پاک وصاف کر کے ایک دو روز اس کو احتیاط سے رکھے کہ اس کی تری خشک ہو کر لکھنے کے قابل ہو جائے اس پر ساعت وغیرہ دیکھ کر یہ عزیمت لکھے اور گرم تنور میں ڈال دے تین ۳ روز تک تین ۳ ہڈیوں پر لکھے اور ہر روز جلتے تنور میں ڈالے محبوب کے دل میں بے قراری پیدا ہو اور عاشق سے بشوق یا اپنی بے کلی دور کرے۔ لکھتے وقت خوشبو ضرور جلائے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

اھیا اشر اھیا لدرنی الجن والانس ابرالذین

۸۷ ۱۱۰ ۸۷ ۱۱۱۱۸ ۱۱۱ ۹۹ ۱۱۵۵۱۱ ط ۹۷ ط ۱۵ ط الوھا الساعت بفن لعین

تنبیہ: صرف جائز کام کے لئے کرے ورنہ سخت گنہگار اور دنیا و آخرت میں ذلیل ورسوا ہوگا۔

سحر (جادو) شادی

جس لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو یا کسی شخص پر سحر کا اثر ہو تو اس نقش کو مندرجہ ذیل ترکیب سے استعمال کرے۔

زعفران سے سبز ریشمیں کپڑے پر لکھ کر لڑکی کے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شادی مرد صالح سے ہو جائے گی اولادِ نیک پیدا ہوگی۔

اور جو کوئی شخص اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے، انشاء اللہ تعالیٰ سحر سے بچا رہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۹۸۲۰	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۶	۹۹۸۱۳
۹۹۸۲۵	۹۹۸۱۴	۹۹۸۱۹	۹۹۸۲۴
۹۹۸۱۵	۹۹۸۲۸	۹۹۸۲۱	۹۹۸۱۸
۹۹۸۲۲	۹۹۸۱۷	۹۹۸۱۶	۹۹۸۲۷

حب کے لئے

محبت کے لئے سورۃ اخلاص کا نقش لکھے اور اس کے نیچے طالب کا نام بمعہ والدہ اور مطلوب کا نام بمعہ والدہ لکھ کر انار شیریں کے درخت میں باندھ دیں۔ محبت میں بے قرار ہو۔

سورۃ اخلاص یہ ہے:۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

سورۃ اخلاص کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد
احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم
الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن
الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له
لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوا
يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوا	احد

فراخ روزی اور حصولِ مُراد

ذیل کا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے مرد اپنے دائیں بازو پر اور عورت اپنے بائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالےٰ روزی کشادہ ہو اور حصول مراد میں شادکام ہو۔

۷۸۶

بِسْمِ	اللهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
يَا غَفُوْرُ	يَا غَفُوْرُ	يَا غَفُوْرُ	يَا غَفُوْرُ
يَا غَفُوْرُ	يَا غَفُوْرُ	يَا غَفُوْرُ	يَا غَفُوْرُ
يَا غَفُوْرُ	بِرَحْمَتِكَ	يَا اَرْحَمَ	الرَّاحِمِيْنَ

برائے تسخیر مخلوق

روزانہ صبح فجر کی نماز کے بعد "یَا عَزِیْزُ" اکتالیس مرتبہ پڑھ کر

دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کرے اور اپنے منہ پر پھیرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق میں اس کی عزت ہوگی۔

روزی کے لیے

مندرجہ ذیل آیت لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ روزگار ملے گا روزی میں برکت ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔


بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

مطلوبہ جگہ شادی کے لیے

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر طالب اگر مرد ہے تو سیدھے (دائیں) بازو پر اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ جگہ شادی ہو جائے گی اور رکاوٹیں از خود دور ہو جائیں گی۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶



فلاں بن فلاں کی شادی فلاں بنت فلاں کے ساتھ ہو جائے۔

قرضہ کی ادائیگی کے لیے


(اگلے صفحہ پر)

سورۃ کہف (پ ۱۵-۱۶) لکھ کر سوکھی بوتل میں ڈال کر گھر میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قرض سے جلد نجات حاصل ہوگی اور آئندہ قرض سے محفوظ رہے گا۔

برائے حب

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر کسی سبز درخت میں ویران جگہ باندھے تاکہ نقش ہلتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبت پیدا ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶



فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

رزق میں زیادتی کے لئے

نماز پنجگانہ پڑھنے کے بعد سورۃ القارعہ (پ ۳۰) کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی اور تنگی دور ہو جائے گی۔

سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْقَارِعَةُ ۙ مَا الْقَارِعَةُ ۚ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۙ يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۙ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ۙ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۙ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ فَاُمُّهٗ

هَاوِيَةٌ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَاهِيَهْ ۝ نَارٌ حَامِيَةٌ ۝

محبت کے لئے

محبت کے لئے مطلوبہ شخص کو نقش ذیل زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر پینے کے لئے دے انشاء اللہ تعالیٰ محبت میں دیوانہ ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۷۳۱۹	۱۷۳۲۳	۱۷۳۲۶	۱۷۳۱۲
۱۷۳۲۵	۱۷۳۱۳	۱۷۳۱۸	۱۷۳۲۴
۱۷۳۱۴	۱۷۳۲۸	۱۷۳۲۱	۱۷۳۱۷
۱۷۳۲۲	۱۷۳۱۶	۱۷۳۱۵	۱۷۳۲۷

يٰعٓقٓ مٓزّٓمّٓلٓ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ كِفَايَتُنَا حِمَايَتُنَا
فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ۝

تنگی و مفلسی دور کرنا

تنگی اور مفلسی دور کرنے اور قرض سے نجات کے لئے نماز عشاء کے بعد "اَللّٰهُ الصَّمَدُ" روزانہ پانچ سو ۵۰۰ مرتبہ پڑھنا بہت مجرب ہے۔

اَللّٰهُ الصَّمَدُ

برائے حب

یہ اسم مبارک محبت کے لئے لکھا گیا ہے بہت مجرب ہے مگر اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر ایک ایک دانہ کالی مرچ کے اوپر دم کر کے آگ میں ڈالے اور ہر ہر کالی مرچ کے اوپر پڑھ کر پھونکے اور کہے:

موکلان ھذا حروف فلاں بن فلاں کو جلدی حاضر کرو
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بزرگ جبار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ غفور غفار
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کریم ستار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ میں چاہتا ہوں
فلاں بن فلاں کی دوستی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مہربان ہووے فلاں بن فلاں
میرے اوپر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

شیر سے حفاظت کے لئے

اگر کسی کے راستہ میں شیر آجائے تو چاہیئے کہ وہ حضرت شیخ علی بن ہیتبی رحمۃ اللہ علیہ کا نام لے دے شیر واپس چلا جائے گا۔

برائے حُبّ

اتوار کی رات کو ساعت مشتری میں مشک، زعفران اور گلاب سے یہ طلسم لکھے اور ساعت شمس میں اس کا فلیتہ بنا کر خوشبودار تیل میں جلائے محبوب کیسا ہی سنگدل کیوں نہ ہو حاضر ہوگا۔

۱۱۹ ۸۲ ۱۱ای ۱۱۹ای اصط ۱۱ ۸۱ ۸ و ۱۱ ۱۸۷ ۱۱۱۶۱۶ - ۱۱۸۸۱۸ ط
فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں۔

برائے تسخیر

اس نقش کو ٹوپی میں رکھے یا زبان کے نیچے رکھے اور محبوب کے سامنے جائے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور مسخر اور مطیع ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔ نوٹ: یہ نقش آیت سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ہ کا ہے۔

۷۸۶

۲۷۶	۲۶۹	۲۷۴
۲۷۱	۲۷۳	۲۷۵
۲۷۲	۲۷۷	۲۷۰

برائے محبت و دوستی

محبت اور دوستی بڑھانے اور محبوب کو مسخر کرنے کے لئے نقش معہ اسم طالب و مطلوب اور ساتھ ان کی والدہ کا نام لکھ کر بحری کے دل میں رکھ دیں طالب کی خدمت میں مطلوب فوراً حاضر ہوگا اور انشاءاللہ مطیع و فرمان بردار ہوگا۔

۹۱۱ ۱۸۸ ۷۸۶ ۸۱ ۸۱ ۱۱۱ ۱۱ ۱۲

عم ا ط ہ لہ البلاء و جمیع
یہ لو ۱۱ ۱۱ ھع رور حراز
صصصراع وصا السرحرا ھطس

فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں
حرک اک اوک حرک اک اوک کونائن سوا ہا

دوست ط

برائے الفت و محبت

حُب اور محبت کے لئے بحری کے شانہ پر لکھ کر نام طالب بمعہ والدہ اور نام مطلوب بمعہ والدہ لکھے اور چرخے کے نیچے دفن کریں انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب عاجز ہوگا۔

۱۸۵۰۰۲۵۱۷

۲۷۲۲ ط نہ

۶۹۱۱۰۸ ط و ۶ ۶ ۶

۱۱۸ ۱۱ ۱۱ ۱۸۹۷ ط ط

س

ج

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

برائے عشق و محبّت

جمعرات کے روز صبح کے وقت مشتری کی ساعت میں یہ نقش ۴۸ اڑتالیس عدد روزانہ لکھے اور آٹے میں اڑتالیس گولیاں بنا کر چالیس دن (ایک چلہ) تک دریا (سمندر، کنواں، نہر، چشمہ) میں ڈال دے۔ مطلوب مسخر ہو کر حاضر ہوگا۔ آزمودہ ہے۔

۴۰	۳۲۶۷	۱۳۰۳
۲۴۶	۱۶۴	۲۸۶
۲۰۳	نام مطلوب بمعہ والدہ نام محب طالب بمعہ والدہ	۲۸۶

برائے فتوحات و تسخیر زوجہ

نقش سورۃ النساء برائے فتوحات بہت مجرب ہے۔ یہ نقش لکھ کر مکان کے چاروں کونوں میں دفن کر دیں انشاء اللہ تعالےٰ فتوحات کی کثرت ہوگی۔

بیوی کے دل میں شوہر کی محبت و عظمت پیدا کرنے کے لئے یہ نقش لکھ کر موم جامہ کر کے شوہر اپنے داہنے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ بیوی مطیع ہوگی اور شوہر کی خدمت کرے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱۶۴۷۰	۳۱۶۴۸۴	۳۱۶۴۸۱	۳۱۶۴۷۸
۳۱۶۴۸۲	۳۱۶۴۷۷	۳۱۶۴۷۱	۳۱۶۴۸۳
۳۱۶۴۷۶	۳۱۶۴۷۹	۳۱۶۴۸۶	۳۱۶۴۷۲
۳۱۶۴۸۵	۳۱۶۴۷۳	۳۱۶۴۷۵	۳۱۶۴۸۰

برائے حُبّ

مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر کسی وزن دار چیز کے نیچے دبا دے یا کسی بلند جگہ پر لٹکا دے کہ ہلتا رہے انشاء اللہ تعالےٰ محبت میں اضافہ ہوگا نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

یَا بَدُّوْحُ تَبَدُّوْحَتَ مِنَ الْبَدُّوْحِ فِی الْبَدُّوْحِ
بَدُّوْحَکَ یَا بَدُّوْحُ
الٰہی بحرمت این نقشِ معظم
فلاں بن فلاں مستقر شود۔

برائے تسخیر

بروز پنجشنبہ (جمعرات) کو بعد نماز عشاء شروع کرے اور چالیس دن تک روزانہ بعد نماز عشاء ایک تسبیح (تین مرتبہ) روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہو اور مراد حاصل ہو۔ عمل درود شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کَلِمَاتِکَ وَ اَلْطَافِکَ وَ بَارِکْ وَ سَلِّمْ حِرْزِ کردم لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حِصَارِ کردم مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِحَقِّ جبرائیل بِحَقِّ دردائیل بِحَقِّ رقمائیل بِحَقِّ تنکفیل اُحْضُرُوْ قَلْبِ الْمَخْلُوْقَاتِ الْمُسَخَّرَاتِ بِحَقِّ یَا بَدُّوْحُ۔

حاکم کو مطیع کرنے کے لئے

حاکم کو مطیع کرنے کیلئے مندرجہ ذیل آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کرے اور اپنے چہرے پر مل لے اور حاکم کے سامنے جائے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مسخر و مطیع ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

شوہر کو راہ راست پر لانا

شوہر آوارہ ہو، ناراض رہتا ہو، گھر کی طرف رخ نہ کرتا ہو تو مندرجہ ذیل آیت لکھ کر بیوی کی چوٹی میں باندھے اور شیرینی پر پڑھ کر شوہر کو کھلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شوہر راہِ راست پر آجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ

ہر مشکل آسان ہو

ایک تسبیح (۱۰۰ مرتبہ) روزانہ بعد نمازِ عشاء یا جو وقت مل سکے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۚ


مرگی کا علاج

جس کسی کو مرگی کا مرض ہو اس نقش ذیل کو لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحتیاب ہوگا۔

۴	۵	۱۵	۴	۵	۱۰	۴	۵	۱۷
...	۰	...	۰			..	..	..
۳	۵	۱۶	۴	۵	۴	۴	۵	۱۲
...		....	..	..		...		
۴	۵	۱۱	۴	۵	۱۸	۴	۵	۱۳
..			...	...	...	..	..	

دفع نارو (زخم)

حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ نارو کے تین طرف اس طرح سے لکھے انشاء اللہ تعالیٰ زخم نارو سے نجات ملے گی۔ اس طرح لکھے۔



یہ دونوں اسم ملا کر پڑھے جائیں اور پڑھتے وقت مٹی کے برتن میں پانی بھر کر پاس رکھ لیا جاوے اور اس میں اپنے بائیں ہاتھ کو ڈبوئے ہوئے رکھنا چاہیے یعنی جب تک عمل کی تعداد پوری ہو یہاں ہاتھ پانی کے اندر ڈوبا رہے یہ عمل اکیس دن یا اکتالیس دن پڑھنا چاہیے۔ خدا نے چاہا کوئی صورت قرضہ ادا ہونے کی پیدا ہوگی۔

اطمنیان و سکون

کسی مرد و عورت کو دل کے اطمنیان کی ضرورت ہو تو ایک سو ستر مرتبہ اس آیت کو پڑھے خدا نے چاہا فوراً سکون اور اطمنیان پیدا ہو جائے گا وہ آیت یہ ہے وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ یہ عمل تیر بہدف ہے انسان کا دل کیسا ہی مغموم و پریشان ہو اطمنیان ہو جائے گا۔ اسکی پڑھنے کے وقت آنکھیں بند ہوں اور تصور یہ جمایا جائے کہ میں خدا کا بندہ پروردگار کے سامنے حاضر ہوں اور پروردگار کی آواز آرہی ہے کہ اے میرے بندہ پریشان نہ ہو میں تجھے اس فکر سے جلد نجات دوں گا اور غیب سے چیزیں عطا ہونگی کہ تیری سب مشکلیں آسان ہو جائینگی۔ یہ عمل جس مراد کے لئے پڑھا جائے اس سے فائدہ حاصل ہوگا اس عمل کے لیئے کوئی شرط نہیں نہ دن کی قید ہے نہ رات کی پابندی نہ کسی زمانہ کی۔ جو لوگ دعا اور عمل کے قائل نہیں ہیں ذرا اس عمل کو آزما کر دیکھیں اس کو معمولی نہ سمجھنا چاہیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ سے آج تک اس کی تاثیر ہزاروں آدمیوں نے دیکھی ہے اور خود رسول خدا کو بھی اس سے تسکین ہوئی ہے

فضل کی دعا

اس دعا کی تاثیر عجیب و غریب ہے اور دین و دنیا کے ہر کام کے لیئے

نماز کے بعد ایک سو ستر بار وظیفہ پڑھنا چاہیے

سَهِّلْ يَا اِلٰهِيْ كُلَّ صَعْبٍ لِفَضْلِكَ وَبِحُرْمَةِ سَيِّدَاهُ بِرَاهِ

اس کا ترجمہ یوں ہے کہ یا اللہ آسان کر ہر مشکل کو اپنے فضل سے اور رسول کی عزت کے صدقہ میں یعنی عورت مرد اس دعا کے ترجمہ کو دل میں جما کر خدا کے سامنے دونوں ہاتھ اٹھا کر عاجزی سے رو رو کر یہ دعا پڑھے اس کا اثر بہت جلدی ہوگا اور جو مراد اسکی ہوگی خدا اس کو پورا کرے گا۔ اگر کسی ایسی جگہ دعا پڑھی جائے جہاں کوئی موجود نہ ہو تو دل کی مضبوطی بڑھ جائے گی اور دعا میں زیادہ اثر ہوگا۔ اور مراد اللہ تعالیٰ کی درگاہ سے مل جائے گی۔

دفع امراض وسواس

تقویت قلب، دفع وسواس شیطانیہ کے لیئے ہر روز پانچسو بار لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھا جائے اور بعد سو مرتبہ پڑھنے کے ایک بار پورا لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھا جائے

دفع امراض

دفع امراض کے لیئے سورہ فاتحہ اکتالیس بار بنیت شفا پڑھ لینا کافی ہے اور یہ نقش نہایت مجرب ہے۔

یاحفیظ	یاحفیظ	یاحفیظ
یاحفیظ	یاحفیظ	یاحفیظ

ترقی معاش

بعد نماز عشاء کے آیۃ مبارک اللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ پانچ سو مرتبہ پڑھا کرے اور مداومت کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جلد فکر معاش سے نجات پادے

صحتِ جسمانی

قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الناس احد قل اعوذ برب الفلق پڑھ کر اور دونوں ہاتھوں پر دم کرے اور تمام جسم پر پھیرے۔ صحت جسمانی کے لیئے یہ بہترین عمل ہے

طریق استخارہ

داہنی کروٹ سے کر سورۂ والشمس سات مرتبہ اور سورہ واللیل سات مرتبہ اور سورہ قل ہو اللہ احد سات مرتبہ اور دوسری روایت میں قل ہو اللہ کے عوض میں سورۂ والتین سات مرتبہ پڑھے پھر یوں کہے خداوندا مجھکو ایسا دکھلا اور میرے اس حال میں کشادگی اور نکاسی کردے اور وہ چیز دکھلا جس سے اپنی دعا کے قبول ہو جانے کو دریافت کروں

دافع رنج و مصیبت

تین مرتبہ اللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا

دافع بخار

یہ دعا پڑھ کر پھونکنے سے فوراً بخار اتر جاتا ہے۔ اللھم ارحم جلد الرفیق

من شدۃ اللحیق یا ام ملام فکنت امنت باللہ العظیم فلا تصدعی الراس ولا تنتنی انھمر ولا تاکل للحم ولا تشربی الدم وتحولی عنی الی امن اتحذمع اللہ انھا اخر

برائے حفظ حیچک

جب حیچک کی بیماری ظاہر ہو تو نیلا تاگا لے اور اس پر سورہ رحمٰن پڑھے جب کہ فبای الاء ربکما تکذبان پر پہونچے تو ایک گرہ دے یعنی جہاں پر فبای الاء ربکما تکذبان آئے اسی جگہ ایک ایک گرہ دیتا چلا جائے پھر اس تاگے کو بچہ کی گردن میں باندھ دے حیچک کی بیماری کو آرام آجاوے گا۔

تپ و لرزہ

لرزہ کے واسطے جو شخص تین دن برگ پیپل پر آیہ کریمہ قلنا یا نار کونی بردا و سلاما علی ابراھیم ۔ کو لکھے اور برگ کو مریض دیکھے اگر خدانخواستہ بخار آجاے تو برگ مذکور کو میں ڈالے مریض شفا پائے گا۔

دافع بدہضمی

تین بار یہ دعا پڑھنی چاہیئے ۔ الیلۃ الیلہ عبدی یاکرشی ورضی اللہ تعالیٰ عن سیدی ابوعبداللہ القرشی ۔ جس شخص کو بدہضمی کا عارضہ ہو یہ دعا تین بار پیٹ پر دم کرے اور ہاتھ سینہ اور پیٹ پر پھیرے

دافع بخاروں

دو ٹھیکریاں کورے برتن کی لے کر ان پر لکھے اور ہیت اللہ شافی اللہ شافی

اور اس کو پڑھ کر لشکریوں پر دم کرے (شامل جو فوج) پر بازوں پر ان لشکریوں کو بازو دی تین روز تک کھانے کو دانے بازو کی بائیں پر اور بائیں بازو کو دانے بازو پر اس کا فرق نہیں روز تک بدلتا ہے بخار فرار ہو گا۔

کھانا ضرر نہ کرے

جب کھانا سامنے آئے تو ایک مرتبہ اس دعا کو اس کھانے پر دم کرے وہ کھانا ہرگز ضرر نہ کرے گا دعا کے کلمہ یہ ہے۔

بسم اللہ لا یضر مع اسمہ داء اللھم اجعل فیہ رحمۃ وشفاء

پانی ضرر نہ کرے

رات کو جب پانی پیا جاوے اور خوف ہو کہ ضرر کرے گا تو یہ دعا پڑھ لے پانی ضرر کرے گا۔

ایھا الماء ان ماء بیت المقدس علیہ السلام

کشائش رزق

نماز ظہر کے بعد چار چار مرتبہ یا وھاب سورہ اخلاص اور آخر میں تین بار درود شریف کے پڑھے اور بعد تمام ذکر دعا کے دونوں ہاتھ درگاہ حق میں دراز کرے اور سات مرتبہ جو مراد ہو دل کے ساتھ دعا کرے۔

یا وھاب ہو العطوف الکریم۔

در رزق بمن کشادہ گرداں

ادائے قرض

واسطے ادائے قرض کے ہر فرض نماز کے بعد تین تین مرتبہ اوّل و آخر درود شریف اور گیارہ گیارہ مرتبہ دعائے مرقومہ ذیل پڑھا کرے اللہ تعالیٰ غیب سے سامان سبب کردے گا دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا فَارِجَ الْھَمِّ وَیَا کَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَ الْاٰخِرَۃِ اَسْئَلُکَ اَنْ تَرْحَمَنِیْ بِرَحْمَۃٍ مِّنْ عِنْدِکَ تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَّحْمَۃِ مَنْ سِوَاکَ۔

گم شدہ چیز کا مل جانا

برائے گم شدہ چیز مل جانے کے ایکسو انیس مرتبہ یا حفیظ کہے اور آیۃ مندرجہ ذیل ایک سو انیس ۱۱۹ مرتبہ ہے وہ چیز فوراً مل جائے گی اگر چور باہر تک چلی جائے اور یہ حفاظت اور امن و امان خدائے تعالیٰ میں رہے وہ آیت یہ ہے۔ یَا بُنَیَّ اِنَّھَا اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَۃٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِھَا اللّٰہُ۔

فتحیابی مقدمہ

مفید مطلب نقش یا عزیز جاندی کی انگوٹھی کے نگینے کو اس نقش سے شرف قمر کی ساعت میں کندہ کرائے اور مقدمہ میں جائے فتحیاب ہو جائے

ع	ز	ی	ز
ذ	ی	ز	ع
ی	ز	ع	ذ
ذ	ع	ز	ی

برائے حُب

ایک مرتبہ ایک حلوے کے ٹکڑے پر لفظ یا بدّوح لکھ کر کھلاوے جس کو کھلاوے اس کا محب اور فریفتہ ہو بشرطیکہ عامل تہجد گذار ہو۔

برائے حُب

اگر بدوح چھری پر لکھ کر کوئی چیز اس سے کاٹ کر کسی کو کھلادے وہ شخص اس کھلانے والے کا محب صادق ہو جائے۔

واسطے دفع چوری

واسطے دفع چوری کے یہ نام لکھ کر کلام مجید کے درمیان میں رکھے چور کے پیٹ میں بشدت درد ہوگا جب تک مال صاحب مال نہ پہنچے گا اس کا درد نہ جائے گا۔ نام یہ ہیں۔

یا شخنیشا یا شمخیشا اھیا شراھیا یخیشا

اسناد بسم اللہ

بارہ ہزار مرتبہ عروج ماہ میں دو رکعت نماز اوّل پڑھیں اوّل و آخر درود شریف شامل کر کے بسم اللہ ایک مجلس میں پڑھیں بے شک مقصد بر آئے گا۔

ہر سوال کا جواب خواب میں نظر آئیگا

کسی مقصد کا حال معلوم کرنے کے لیئے استخارہ کیا جاتا ہے اور استخارے بہت سے ہیں۔ مگر یہ استخارہ ایسا ہے کہ اگر چالیس دن میں اسکی زکوٰۃ دے دی جاوے

تو زکوٰۃ کے بعد سوتے وقت صرف سات بار پڑھ لینے سے خواب میں ہر سوال کا جواب نظر آتا ہے ترکیب یہ ہے۔ قُمْ بِاِذْنِ اللّٰہ چالیس روز تک بعد نمازِ عشا تاریکی میں پانسو مرتبہ پڑھ لیا کریں چالیس روز پڑھ لینے سے زکوٰۃ پوری ہو جائے گی۔ بشرطیکہ ایک رات کا پڑھنا بھی ناغہ نہ ہو۔ دل میں تصور جما کر سات دفعہ قم باذن اللّٰہ پڑھ کر سو جاؤ اور پڑھنے کے بعد کسی سے بات نہ کرو۔ خدا نے چاہا تو خواب میں اس کا جواب کسی نہ کسی طریقے سے مل جائے گا

حکمی عمل

تہجد میں چار رکعت پڑھنے کے بعد تین یا سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر آیۂ کریمہ لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین۔ اکتالیس مرتبہ معنی پر خیال کر کے معنی توجہ خاص سے پڑھے ہر چہار رکعت میں اسی طرح سے پڑھے جب پوری رکعت ختم ہو جائیں تو اپنے نام کے حرف بحساب ابجد نکال کر جتنے عدد جمع ہوں حاصل جمع کے شمار کے مطابق سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پڑھیں اس کے بعد تین یا سات بار درود شریف پڑھ کر اپنے مطلب کی دعا کریں۔

فوائد:۔ تجربہ ہے کہ انسان کی جملہ ضروریات و خواہشات و تمنائیں و آرزوئیں سخت سے سخت مشکلات حل ہونیکی بظاہر کوئی صورت نہ رہی ہو۔ رزق، معاش، ملازمت، مقدمہ، شادی، نکاح، شیطانی و جناتی پاک الفت، تجارت، غرضیکہ تمام جائز امورات میں بحمد اللہ کامیاب ہو۔ یہ عمل تیر بہدف ثابت ہو چکا ہے۔ ہر موقع پر اس سے کام لیا جاتا ہے۔ دنیا کے جملہ امورات کی تکمیل کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دینی مراتب و عاقبت میں درجات کی بلندی کی بھی توقع ہے۔

اولاد کا عمل

سورہ مریم کی انہیں آیتوں میں سے اولیاء اللہ نے ایک آیۃ کو حصول اولاد کا عمل قرار دیا اور اس کو خاص طریقوں سے پڑھا اور اللہ کے کلام کی برکت سے انھوں نے خود بھی فائدہ اٹھایا اور دوسرے بھی لاکھوں آدمیوں کو فائدہ پہنچایا وہ عمل یہ ہے کہ سات روز تک روزہ رکھا جائے۔ یعنی سات روزے رکھے جائیں اور بیچ میں کوئی دن ناغہ نہ ہو اور رات کے وقت یہ عمل گیارہ سو دفعہ پڑھا جائے عمل پڑھنے کے وقت روشنی نہ ہو اور شور وغل بھی نہ ہو اور یہ عمل بھی آہستہ پڑھا جائے چھ دن کے بعد جب آخری دن یعنی ساتواں دن شروع ہو تو اس دن اور اس رات چپ کا روزہ بھی رکھنا چاہیئے یعنی سحری کے وقت سے لے کر افطار کے وقت تک کھانے پینے کا بھی روزہ ہو اور چپ کا بھی روزہ ہو۔ روزہ رکھنے والا کسی سے بات چیت نہ کرے البتہ ہاتھ کے اشارے سے بات کرنیکی اجازت ہے افطار کرنے کے بعد یعنی کھانے پینے کے بعد بھی کسی سے بات نہ کرے اور وہ ساری رات خاموشی میں گذار دے گویا سحری کے وقت سے لے کر پورا دن اور اس کے بعد کی پوری رات روزہ رکھنے والے کو خاموش رہنا چاہیئے اور جب صبح صادق ہو جائے تو صبح کی اذان سننے کے بعد بات چیت شروع کر دے بس یہ سات روز کا عمل ہے اس میں کسی خاص دن کی پابندی یا کسی خاص تاریخ کی قید نہیں ہے اور یہ صرف سات روز ہوتا ہے اور بعض لوگ تین دن بھی کرتے ہیں اور تیسرے دن چپ کا بھی روزہ رکھتے ہیں جن لوگوں کے اولاد نہ ہو یا اولاد زندہ نہ رہتی ہو ان کو یہ عمل ضرور کرنا چاہیئے۔ خاوند کے لیئے یہ عمل ضروری ہے اور بیوی بھی اس عمل کو کرے تو اچھا ہے۔ لیکن ایک ہی ہفتہ میں دونوں میاں بیوی کا عمل کرنا مناسب نہیں ہے۔ پہلے ہفتہ میں میاں عمل کرے اور دوسرے ہفتہ میں بیوی کرے عمل

عبارت یہ ہے۔

فَهَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ وَلِيًّا يَرِثُنِي وَيَرِثُ مِنْ آلِ يَعْقُوبَ ۔ فرزند عطا فرما جو میرا بھی وارث ہو اور نسل یعقوب کا بھی وارث ہو عمل پڑھنے کے دوران دعا کے ترجمہ کو ذہن میں رکھنا چاہیئے ۔ تاکہ دل پوری طرح اللہ تعالیٰ کی ذات متوجہ ہو جائے اور مراد کا تصور بھی اچھی طرح دل میں ہونا چاہیئے کہ بغیر تصور جائے اس عمل کی تاثیر نہیں ہوگی۔

مقدمہ کی کامیابی کا عمل

مقدمات میں کامیابی تو ثبوت کے کاغذات اور عمدہ وکیل کی محنت اور توجہ سے ہوتی ہے۔ مگر دل کے اطمینان اور دل کی قوت کے لیئے دعا اور عمل بھی اہل مقدمہ کو کامیاب کر دیتے ہیں جن لوگوں کے دل میں غیب کا ایمان نہیں ہوتا یا کمزور ہوتا ہے وہ دعا اور عمل کی تاثیر سے انکار کرتے ہیں ورنہ دعا اور عمل کا اثر ایک یقینی چیز ہے مثلاً قرآن مجید کی یہ آیت ذیل میں لکھی جاتی ہے اگر اہل مقدمہ پڑھ کر مقدمہ کی پیروی کے لیئے جائیں تو لازمی طور پر ان کا دل مضبوط ہو جائے گا اور وہ مقدمہ کے ثبوت کے اظہار میں کسی سے دب کر بات نہیں کریں گے۔ کیونکہ بعض لوگوں میں یہ کمزوری ہوتی ہے کہ وہ دل کی سچی بات کو دباؤ اور خوف کی وجہ سے ظاہر نہیں کریں گے کیونکہ بعض لوگوں میں یہ کمزوری ہوتی ہے کہ وہ دل کی سچی بات کو دباؤ اور خوف کی وجہ سے ظاہر نہیں کر سکتے اور بولنا چاہتے ہیں تو ان سے بولا نہیں جاتا ۔ یہ دعا جو مقدمہ کی کامیابی کے لیئے بہت مفید ہے۔ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا یقیناً مشکل کے ساتھ ہی آسانی ہے عدالت کو جانے سے پہلے سترہ ۱۷ بار پڑھ کر اپنے دل پر دم کر لیا جائے تو خدا نے چاہا تو فوراً اثر ظاہر ہوگا میں اس کی ہر شخص کو اجازت دیتا ہوں جو خدا کو ایک مانتا ہو اور قرآن کو خدا کی سچی کتاب تسلیم کرتا

برادر اس آیۃ کی تاثیر کا یقین بھی ہو۔ دیوانی فوجداری ہر قسم کے چھوٹے بڑے مقدمات میں پھنسے ہوں یہ عمل مفید ہوگا اس کے پڑھنے سے فتحیابی ہو جائے گی وضو کر کے یہ آیۃ پڑھنا چاہیے اور کسی قسم کا پرہیز نہیں۔

سخت مہم درپیش ہو

حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ بیان فرماتے ہیں کہ میں بابا فرید کی خدمت میں حاضر تھا۔ گفتگو دعاؤں کے متعلق ہو رہی تھی آپ نے ارشاد فرمایا کہ حضرت جعفر صادق کو رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہونچا ہے کہ جس شخص کو کوئی ایسی مہم درپیش ہو جسکی اصلاح اُس کی طاقت سے باہر ہو اُس کو لازم ہے کہ صبح کی نماز پڑھ کر سو مرتبہ یہ دعا پڑھے لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ غم دور ہوگا۔ اور مہم انشاء اللہ تعالیٰ انجام کو پہونچے گی۔

تنگی معاش

جس شخص کو معاش کی تنگی ہو اُس کو لازم ہے کہ اکثر اوقات یہ دعا پڑھتا رہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ط یا واحد العز والملک والفخار والبقا یا ذا الجلال والجود الفضل والعطاء یا ودود ذا العرش یا فعال لما یرید۔

فرزند صالح پیدا ہو

جو شخص چاہے کہ فرزند صالح عطا ہو اس کو چاہیے کہ اس آیۃ کو ہمیشہ پڑھتا رہے نہایت مجرب ہے۔ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ۔

عورت و جانور کا دودھ خشک ہونا

اگر کسی عورت کا دودھ خشک ہو گیا ہو اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں باندھ دیوے دودھ اس کا بہت ہووے وہ تعویذ یہ ہے

یاقیت یاقیت یاقیت یاقیت

زچہ کو قند سیاہ پڑھ کر دینا

واسطے تولد ہونے پسر کے اگر شکم میں درد کرے قند سیاہ منگا کر تین گولی کے اوپر تین تین بار سورہ انا انزلنا پڑھ کر دیوے اور عورت کو کھلا دے بفضلِ پسر تولد ہووے گا۔

بانجھ عورت کے بچہ پیدا ہونا

بانجھ عورت کے واسطے جس کے بچہ نہ پیدا ہوتا ہو اس آیہ شریف کو پارہ کاغذ کے لکھ کر اور پانی میں دھو کر پیئے سات دن تک ایک ایک تعویذ پلا دے اور تین تعویذ گلے میں باندھ دیوے لیکن پہلے نیاز حضرت غوث پاک کی قبول کرا لیوے انشاء اللہ تعالیٰ فرزند پیدا ہووے آیہ شریف یہ ہے۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ

کامیابی مقدمہ

اگر کسی کا کوئی مقدمہ درپیش ہوا اور حل ہونا اس کا مشکل ہووے تو چاہیئے کہ چند آدمی جمع ہو کر ایک وقت معین کر کے ایک روز میں یا تین روز میں یا سات روز میں ختم سورہ اخلاص کا کرائیں۔ یعنی ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھ لیویں اور

بعد ختم ہونے کے نیاز حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح پاک کر دیوے انشاء اللہ تعالیٰ کام بخوبی ہو جاوے گا اور چاہیئے کہ پڑھنے کے وقت آدمی باوضو ہوں۔

حمل کا بند ہونا

اگر کسی نے حمل بند کر دیا ہو چاہیئے کہ سورہ اخلاص کو لکھ کر بازو کے راست پر باندھ دیوے اور قل یاایھا الکفرون بازو کے چپ پر باندھ دے اور سورہ قل اعوذ برب الناس ساق چپ پر باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ حمل کھل جاوے گا۔

طریق آیہ قطب

ہر مہم اور مشکل کے لیئے آیۃ مندرجہ (اگلے صفحہ پر ہے) اس طریق پر پڑھیے کہ بیچ شب پنجشنبہ کے کہ جو اوّل ماہ میں واقع ہووے ایک وضو کے ساتھ سو سو بار اوّل درود شریف پڑھے اور سات سو مرتبہ آیت مندرجہ ذیل پڑھے اور فارغ ہونے کے بعد کہے کہ فواب اس آیۃ کا بروح پاک موکلان اس آیت کے میں نے بخشا اس کے بعد سر سجدہ میں لیجا کر جو کچھ کہ مطلب رکھتا ہووے کہے بعد اس کے جانب شمال کھڑا ہووے اور باسم عبدالرشید عرف حضرت آدم علیہ کے فاتحہ پڑھے اس کے بعد جانب مغرب کھڑا ہو کر باسم عبدالکریم عرف محمد الرسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے فاتحہ پڑھے پھر اس کے بعد جانب جنوب کے باسم عبدالجلیل عرف حضرت نوح علیہ السلام کے فاتحہ پڑھے اس کے بعد جانب مشرق کے کھڑا ہو کر باسم عبدالرحیم عرف حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے فاتحہ پڑھے اس کے بعد دست راست سر کے نیچے رکھ کر سو جاوے جو کچھ کہ مطلب رکھتا ہووے خواب میں

پیشاب کی کثرت، حیض کی زیادتی، سینہ سے خون جانے اور تکسیر بند کرنے کے لئے

مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھ کر مریض کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ پیشاب کی کثرت ختم ہو جائے گی۔ اسی طرح حیض کے خون کی زیادتی اور سینہ سے خون جاری ہونا یا نکسیر کو روکنے کے لئے بھی یہ عمل مفید ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ۞ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ۞

بچہ کی شرارت اور بُری عادتوں سے نجات

اگر بچہ شرارت کرتا ہو اور بُری عادتوں میں مبتلا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا چمڑے میں سی کر بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ شرارت اور بے جا ضد اور بری عادتوں سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ۞ يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ

لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ۔

نظر بد دور کرنا

اگر بچہ یا بڑے کو نظر بد لگ جائے تو اس کے لئے تین ہلدی کی گرہ پر تین تین بار یہ کلمہ پڑھ کر پھونکے اور ہلدی کی ان گرہوں کو کوئلے کی آگ میں ڈال کر مریض کو اس کی دھونی دے۔ وہ کلمہ یہ ہے۔

اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّ الْکُفْرُ بَاطِلٌ

برائے چیچک و آکڑے کا کڑے و خسرہ

اگر کسی بچے کو چیچک، خسرہ کا خطرہ ہو تو سورۃ کوثر کو باوضو سات مرتبہ پڑھ کر سات چاول ثابت پر پڑھ کر دم کرے۔ سورۃ کوثر کے اول تین بار درود شریف پڑھے اور تین بار آخر میں درود شریف ضرور پڑھے۔ وہ چاول بچے کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ چیچک و خسرہ سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ کوثر یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْکَوْثَرِ مَکِّیَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّآ اَعْطَیْنٰكَ الْکَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

بُرے ہمسایہ سے نجات کے لئے

اگر کسی کا پڑوسی شرارت کرتا ہو اور طرح طرح سے ستاتا ہو یا لڑکوں کی ایسی ٹولی ہو جو اہل محلہ کو پریشان کرتی ہو اور نقصان پہنچاتی ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرّب ہے۔

سات پُرانی قبروں کی مٹی الگ الگ کاغذ کی تھیلی میں لائے اور باوضو ہر لفافے پر سات بار سورۃ کوثر پڑھے اور دم کرے۔ پھر وہ مٹی یکجا کر کے ایک کپڑے میں باندھ کر ان کے گھر میں ایسی جگہ ڈال دے جہاں جھاڑو نہ دی جاتی ہو تاکہ چند دن پڑی رہے انشاء اللہ تعالیٰ وہ بُرا پڑوسی اور وہ شرارتی لڑکوں کی ٹولی وہاں سے دفع ہو جائے گی۔ یہ عمل منگل کے دن کرے۔ سورۃ کوثر یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْکَوْثَرِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ۝

اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ۝

ف: شرط یہ ہے کہ یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے کرے ورنہ خود نقصان اٹھائے گا بلا وجہ کسی کو ستانے یا اجاڑنے کے لئے کرے گا دنیا اور آخرت دونوں میں سخت مصیبت میں مبتلا ہو گا۔

درد سر سے نجات

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو اس کے لئے باوضو سر پہ انگلی سے یَا بَاسِطُ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد دور ہو گا۔

باہم ناراض لوگوں میں دوستی کے لئے

اگر دو دوستوں یا بھائیوں میں آپس میں ناراضگی پیدا ہو گئی ہو یا اختلافات نے شدت اختیار کر لی ہو تو اس کے لئے روزانہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ایک ہزار بار یَا وَدُوْدُ پڑھے۔ پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ جب تک تعلقات بحال نہ ہوں اور دوبارہ دوستی قائم نہ ہو جائے برابر یہ عمل کرتا رہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے باہم محبت پیدا ہو گی اور اختلافات و دشمنی ختم ہو جائے گی۔

ہر قسم کی حاجت پوری ہونے کے لئے اور غائب کے حاضر ہونے اور بیمار کے صحت یاب ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کو کوئی حاجت پیش آجائے یا کوئی شخص گھر سے غائب ہو جائے یا کوئی شخص بیمار ہو جائے تو اس کے لئے بعد نماز سنت فجر سورۂ فاتحہ اکتالیس ۴۱ بار پڑھے

اس کے بعد فرض نماز پڑھے۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو یہ عمل کرتا رہے۔ اسی طرح جب تک غائب واپس نہ آجائے یہ عمل جاری رکھے۔ اسی طرح بیمار کے شفایاب ہونے تک برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔ سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ؕ

باؤلے کتے کے کاٹے کا علاج

اگر خدانخواستہ کسی کو باؤلا کتا (پاگل کتا) کاٹ لے جس سے پاگل ہونے کا خطرہ ہو تو روٹی کے چالیس ٹکڑوں پر یا چالیس عدد بسکٹ پر یہ آیت باوضو لکھے اور ہر روز ایک ٹکڑا یا ایک بسکٹ مریض کو کھلایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص پاگل ہونے سے محفوظ رہے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۚ فَمَهِّلِ
الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۚ

بچوں کا ہر آفت سے محفوظ رہنا

بچوں کو ہر آفت سے محفوظ رکھنے کے لئے مندرجہ ذیل کلمات کاغذ پر باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر قسم کی بلا و آفت سے محفوظ رہے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطٰنٍ وَّھَآمَّۃٍ وَّعَیْنٍ لَآمَّۃٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفَ اَلْفَ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

حاکم کا ڈر و خوف ختم کرنا

اگر کوئی حاکم ظالم ہو یا کسی شخص کو کمزور دل کی وجہ سے بلاوجہ حاکم سے ڈر لگتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے اور ظالم حاکم کی زبان بندی کے لئے بڑا موثر ہے۔

جب حاکم کے سامنے جائے تو

کٓھٰیٰعٓصٓ کَفِیْتُ

پڑھنا شروع کرے اور ہر حرف پہ دائیں ہاتھ کی انگلی بند کرتا جائے (یعنی ک کہنے پر سب سے چھوٹی انگلی موڑ کر ہتھیلی کی طرف کر لے پھر ھا پڑھے تو اس کے برابر والی انگلی موڑ لے جب یا پڑھے تو اس کے برابر والی انگلی

موڑ لے اور جب ع پڑھے تو کلمے والی انگلی موڑ لے اور جب ص پڑھے تو انگوٹھا موڑ لے)

پھر حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِیْتُ

پڑھے اور ہر حرف (حا۔ میم۔ عین۔ سین۔ قاف) پر بائیں ہاتھ کی سب سے چھوٹی پھر اس سے بڑی پھر اس کے برابر والی پھر کلمے والی اس کے بعد جب ق کہے تو انگوٹھا بند کرے۔

جب حاکم کے سامنے جائے تو سب انگلیاں کھول دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم کے ظلم سے محفوظ رہے گا اور اس کے دل سے حاکم کا ڈر خوف دور ہو جائے گا۔

تمام امراض سے شفاء کے لئے

یہ چھ آیتیں ہیں جو آیاتِ شفاء کہلاتی ہیں ان کو باوضو ایک چینی کی پیالی یا رکابی (پلیٹ) وغیرہ پر لکھ کر پانی سے دھو کر تین دن یا سات دن بیمار کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہوگا۔ وہ آیات شفاء یہ ہیں۔

(۱) وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ۙ

(۲) وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۙ

(۳) یَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ

(۴) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

⑤ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۙ

⑥ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ۙ

ڈوب جانے، آگ میں جلنے اور ڈاکہ چوری سے حفاظت

اصحاب کہف کے بابرکت نام ڈوبنے، جلنے اور ڈاکہ چوری سے حفاظت کے لئے بہت مفید ہیں۔ باوضو لکھ کر مکان میں دروازے کے بالکل سامنے چسپاں کر دے یا فریم کرا کر لٹکا دے یا کشتی میں رکھ دے یا لگا دے یا سامان میں رکھ دے۔ زیورات کے ڈبے میں رکھ دے یا الماری میں رکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حفاظت میں رہے گا اور محفوظ رہے گا۔ وہ نام یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ

يَمْلِيْخَا مَكْسَلْمِيْنَا كَشْفُوْطَطْ تَبْنُيُوْنُسْ اَذْرَفْطِيُوْنُسْ كَشَافَطِيُوْنُسْ يُوَانَسْ بُوْس وَكَلْبُهُمْ قِطْمِيْرٌ ۙ

وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ۙ

ہر قسم کی حاجت پوری ہونے کے لئے

ہر قسم کی حاجت پوری ہونے کے لئے بارہ ۱۲ روز تک باوضو بارہ ۱۲ سو بار یہ کلمات پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ وہ کلمات یہ ہیں (اگلے صفحہ پر)

یَابَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی حاجت جلد پوری ہوگی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

بہت زبردست حاجت کے پورا ہونے کے لئے

اگر کوئی سخت مشکل پیش آگئی ہو یا کوئی سخت پریشانی پیدا ہوگئی ہو تو اس مشکل سے نجات اور حاجت کے پورا ہونے کے لئے چار رکعت نفل نماز پڑھے۔ اس طرح سے کہ:

پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) کے بعد یہ آیت ایک سو بار پڑھے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ ۚ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۚ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَ نَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

دوسری رکعت میں یہ آیت ایک سو بار پڑھے۔

رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۚ

اور تیسری رکعت میں یہ آیت ایک سو بار پڑھے۔

وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ۚ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ۝

اور چوتھی رکعت میں یہ آیت ایک سو بار پڑھے۔

قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ ۝

پھر سلام پھیر کر یہ آیت ایک سو بار پڑھے۔
رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝
اس کے بعد دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل آسان ہو گی اور ہر حاجت ضرور پوری ہو گی۔ یہ عمل چند دن ضرور کرے۔

اگر شیاطین (جنات) گھر میں پتھر پھینکتے ہوں

اگر کسی گھر میں شیاطین پتھر پھینکتے ہوں اور کسی طرح باز نہ آتے ہوں تو ان کے شر کو روکنے کے لئے یہ آیت پچیس ۲۵ بار باوضو پڑھ کر ایک کیل پر دم کرے اسی طرح پچیس ۲۵ پچیس ۲۵ بار پڑھ کر چار کیلوں پر دم کر کے اور گھر کے چاروں کونوں میں گاڑ دے (ٹھوک دے) اس کے سبب سے انشاء اللہ تعالیٰ شیاطین پتھر پھینکنے سے باز آجائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔
اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

گھر سے شیاطین (جنّات) کا اثر دور کرنا

اگر کسی گھر میں شیاطین (جنات کا دخل ہو اور وہاں جنّات اہل خانہ کو نظر آتے ہوں تو ان کے اثر کو دور کرنے اور ان سے مکان خالی کرانے کے لئے اصحاب

کہف کے نام باوضو لکھ کر ہر کمرے کے چاروں کونوں میں چسپاں کر دیں یا فریم کرا کے لٹکا دیں۔ اصحاب کہف کے نام یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اِلٰہِیْ بِحُرْمَۃِ یَمْلِیْخَا مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ تَبْیُوْنُسْ اَذْرَفْطِیُوْنُسْ کَشَا فَطِیُوْنُسْ یُوَاسْ بُوْسْ وَ کَلْبُہُمْ قِطْمِیْرٌ وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْھَا جَآئِرٌ۔

بانجھ عورت کا حاملہ ہونا

بانجھ عورت کے حاملہ ہونے کے لئے یہ آیت باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر ہرن کی جھلی پر لکھے اور موم جامہ کر کے عورت کی کمر میں باندھ دے۔ خدا کے فضل و کرم سے عورت حاملہ ہو گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِہِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِہِ الْاَرْضُ اَوْ کُلِّمَ بِہِ الْمَوْتٰی ط بَلْ لِّلّٰہِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا ط

بانجھ عورت کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اس کے اولاد نہ ہوتی ہو تو چالیس عدد لونگ لے کر ہر لونگ پر یہ آیت سات مرتبہ

پڑھے اور عورت کو دے۔ وہ عورت ایک لونگ روزانہ کھائے اور یہ لونگ حیض کے ختم ہونے سے کھانا شروع کرے اس دوران اس کا شوہر بیوی سے ہمبستری کرے۔

وہ آیت یہ ہے۔

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝

حمل کی حفاظت کے لئے

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو تو اس کے لئے چالیس تار (دھاگے) گلابی سوت کے حاملہ کے قد کے برابر لے کر یہ آیت اور سورۃ کافرون سات بار پڑھ کر سوت پر اس طرح دم کرے کہ آیت اور سورۃ کافرون ایک بار پڑھ کر اس دھاگے میں گرہ دے اسی طرح سات گرہ دے۔ پھر عورت کو دے وہ اپنی کمر میں باندھ لے۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

سورۃ کافرون یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۭ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۧ

عورت کے حاملہ ہونے کے لئے

جو عورت حاملہ نہ ہوتی ہو اس کے لئے تین کاغذوں پر یہ لفظ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کی کمر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عورت حاملہ ہوگی۔ وہ لفظ یہ ہے:

یَا مُبْدِئُ

جس عورت کا بچہ نہ جیتا ہو

جس عورت کے بچے پیدا ہو کر مر جاتے ہوں اس کے لئے تھوڑی سی کالی مرچ اور اجوائن لے کر اس پر پیر کے روز قریب ظہر کے سورۃ والشمس (پ ۳۰) چالیس مرتبہ پڑھے مگر شروع کرنے سے پہلے تین بار درود شریف پڑھے۔ اسی طرح چالیس بار سورۃ "والشمس" پڑھنے کے بعد تین بار درود شریف پڑھے۔

وہ عورت تھوڑی اجوائن اور چند کالی مرچیں لے کر روزانہ

کھالیا کرے اور عورت یہ دونوں چیزیں اس وقت تک کھاتی رہے جب تک بچہ دودھ پیتا رہے۔

جس عورت کے لڑکیاں ہوتی ہوں لڑکا نہ ہوتا ہو

اگر کسی عورت کے لڑکیاں ہی ہوتی ہوں لڑکا نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ جب حمل ٹھہر جائے تو عورت کے پیٹ پر ستر (۷۰) بار شہادت کی انگلی سے بغیر روشنائی کے گول دائرے کی شکل میں گھمائے اور "یَامُبِیْنُ" کہتا جائے۔ ستر مرتبہ انگلی پیٹ پر دائرے کی شکل میں گھمائے گا اور ستر مرتبہ ہی یَامُبِیْنُ کہے گا۔

جس مریض کا علاج مشکل ہو

بہت سے لوگ ایسے پیچیدہ امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں جن کا علاج حکیم ڈاکٹر بھی کرنے سے عاجز ہوتے ہیں ایسے لاعلاج مریض کے علاج کے لئے ایک سفید چینی کی پلیٹ پر باوضو سورۃ فاتحہ کے ساتھ یہ کلمات لکھے اور پھر پانی سے دھو کر مریض کو چالیس روز تک پلائے یعنی روزانہ لکھے اور روزانہ پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کے لاعلاج مرض سے صحت حاصل ہوگی۔ پلیٹ پر اس طرح لکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ
يَا حَيُّ

کوئی چیز چوری ہو جائے، گم ہو جائے یا کوئی آدمی یا جانور بھاگ جائے

اگر کسی کی کوئی چیز چوری ہو جائے یا ڈاکو چھین کر لے جائیں یا کوئی چیز گم ہو جائے یا کوئی آدمی، بچہ، لڑکی، عورت بھاگ جائے یا جانور گم ہو جائے تو اس کے لئے یہ عمل تجربہ شدہ ہے اور بحکم خدا وہ چیز فوراً مل جائے گی عمل شرط ہے۔

سب سے پہلے باوضو درود شریف تین بار پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو اُنّیس (۱۱۹) بار

"یَا حَفِیْظُ"

پڑھے۔ اس تعداد میں کمی یا زیادتی نہ کرے تعداد ایک سو انّیس (۱۱۹) ہی ہو۔ اس کے بعد ایک سو انّیس (۱۱۹) بار یہ آیت پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ چیز، یا شخص فوراً مل جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

یٰبُنَیَّ اِنَّهَا اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ۝ (لقمان ع ۲)

دردزہ (بچہ کی بآسانی پیدائش)

جب بچے کی پیدائش کا وقت قریب اور درد شروع ہو جائیں تو یہ آیت اور کلمات کاغذ پر باوضو لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی بائیں ران میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ بآسانی پیدا ہو گا۔ وہ آیت اور کلمات یہ ہیں۔

وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝

اِهْیَا اَشْرَاهِیَا۔

جس عورت کے ہمیشہ لڑکی ہوتی ہو اس کے لڑکا ہونے کیلئے

جب حمل قائم ہو جائے اور اس پر تین ماہ کا عرصہ گذر جائے تو یہ آیات و کلمات باوضو ہرن کی جھلی پر عرق گلاب میں زعفران حل کر کے اس سے لکھیں اور عورت کی کمر میں باندھیں اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ لڑکا عطا فرمائے گا۔ وہ آیات و کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ

وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝
يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝
اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ بِحَقِّ مَرْيَمَ وَعِيْسٰى اِبْنًا صَالِحًا طَوِيْلَ الْعُمْرِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ وَسَلَّمَ

بخار، سردی کا بخار

جس کسی کو بخار ہو یا سردی سے بخار چڑھتا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سی کر مریض کے گلے میں ڈال دے۔
انشاء اللہ تعالیٰ بخار یا سردی کے بخار سے نجات حاصل ہوگی۔ جب بخار اتر جائے تو اس تعویذ کو سمندر میں پتھر کے ساتھ باندھ کر ٹھنڈا کر دے یا کسی دریا، نہر، کنوئیں، ندی میں ڈال دے یا ایسی جگہ دفن کر دے جہاں کسی کا قدم نہ پڑتا ہو۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ

اَكُنْ بِيَدِ عَائِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝

بخار کے لئے

اگر کسی کو بخار نہ چھوڑتا ہو اور ہر وقت یا روزانہ بخار آتا ہو تو اس کے لئے کلمات ذیل باوضو کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے سر پر باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بخار دفع ہو گا اور صحت حاصل ہو گی۔ اس کے بعد اس تعویذ کو پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر، دریا، نہر، تالاب کنویں میں ڈال دے تاکہ بے حرمتی نہ ہو۔ وہ کلمات مندرجہ ذیل ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ اِلٰى اُمِّ مِلْدَمٍ الَّتِىْ تَاْكُلُ اللَّحْمَ وَتَشْرَبُ الدَّمَ وَتَهْشِمُ الْعِظَامَ اَمَّا بَعْدُ يَا اُمَّ مِلْدَمٍ اِنْ كُنْتِ مُؤْمِنَةً فَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ كُنْتِ يَهُوْدِيَّةً فَبِحَقِّ مُوْسَى الْكَلِيْمِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاِنْ كُنْتِ نَصْرَانِيَّةً فَبِحَقِّ الْمَسِيْحِ عِيْسٰى بْنِ مَرْيَمَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ اَنْ لَّا اَكَلْتِ لِفُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ لَحْمًا وَلَا شَرِبْتِ لَهٗ دَمًا وَّلَا هَشَمْتِ لَهٗ عَظْمًا وَتَحَوَّلِىْ عَنْهُ اِلٰى مَنِ اتَّخَذَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ وَاِلَّا فَاَنْتِ بَرِيْئَةٌ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاللّٰهُ تَعَالٰى بَرِىْءٌ

مِنْكَ۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

گلے میں پھوڑے کے لئے

گلے میں پھوڑے کے لئے ایک پکّے چمڑے کا تسمہ مریض کے قد کے برابر لے کر اس میں چالیس گرہ دے۔ جب بھی گرہ دے مندرجہ ذیل کلمات باوضو پڑھ کر اس گرہ پر پھونک دے پھر دوسری گرہ دے اس پر یہ کلمات ایک دفعہ پڑھ کر پھونک دے اسی طرح چالیس بار پڑھے اور چالیس گرہ دے۔

جب گنڈہ تیار ہو جائے مریض کی گردن میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ قُوَّةِ اللّٰهِ وَعَظْمَةِ اللّٰهِ وَبُرْهَانِ اللّٰهِ وَسُلْطَانِ اللّٰهِ وَكَنَفِ اللّٰهِ وَجِوَارِ اللّٰهِ وَاَمَانِ اللّٰهِ وَحِرْزِ اللّٰهِ وَصُنْعِ اللّٰهِ وَكِبْرِيَآءِ اللّٰهِ وَنَظَرِ اللّٰهِ وَجَلَالِ اللّٰهِ وَكَمَالِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ مَآ اَجِدُ ط

نگاہ کی کمزوری کے لئے

اگر کسی کی نگاہ کمزور ہو اور آنکھوں سے کم دکھائی دیتا ہو اس کے لئے باوضو مندرجہ ذیل آیت ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر لگالے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آنکھوں کی بینائی میں اضافہ ہو گا اور صاف دکھائی دینے لگے گا۔ وہ آیت مندرجہ ذیل ہے۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

مرگی کا علاج

مرگی کا مرض بہت شدید ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ ایک تانبے کی تختی پر اتوار کے دن صبح سورج نکلنے کے بعد ایک طرف یہ کلمات کندہ کرائے اور اس تختی کے دوسری طرف یہ کلمات کندہ کرائے۔ اور مرگی کی گردن میں لٹکا دے انشاءاللہ تعالیٰ مرگی کے مرض سے نجات حاصل ہو گی۔

تختی کی ایک طرف کندہ کرانے والے الفاظ یہ ہیں

يَا قَهَّارُ اَنْتَ الَّذِىْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَهَّارُ

تختی کی دوسری طرف کندہ کرانے والے الفاظ یہ ہیں

(اگلے صفحہ پر)

یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَهْرِ سُلْطَانِهٖ یَا مُذِلُّ

مکان، کھیت، کارخانہ، دوکان کی حفاظت

اگر گھمسان کی جنگ ہو رہی ہو یا بدامنی، لوٹ مار، چوری ڈاکے کا ڈر ہو تو مندرجہ ذیل آیات کو باوضو ایک بڑے کاغذ پر لکھیں اور ایک گتے پر چسپاں کر کے کھیت، مکان، باغ، دوکان، کارخانہ، جہاز، بس، ٹرک، موٹر میں لٹکائیں۔ اسی طرح گاؤں، دیہات میں جگہ جگہ آیتوں کے یہ نقش چسپاں کر دیں اور گھر کے اندر سات نقش چسپاں کر دیں۔ اسی طرح جہاز، بس، ٹرک، موٹر میں بھی یہ نقش لٹکا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جہاز، بس، ٹرک، موٹر ہر قسم کے حادثے، نقصان چوری اور لوٹ مار سے محفوظ ہو جائیں گے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِیَ اَنْ بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ یٰمُوْسٰۤی اِنَّهٗۤ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝

یٰنَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِیَ اَنْ بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ یٰمُوْسٰۤی اِنَّهٗۤ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝

یٰنَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِیَ اَنْ بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ یٰمُوْسٰۤی اِنَّهٗۤ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝

یٰنَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ ۝

یَا وَكِیْلُ یَا وَكِیْلُ یَا وَكِیْلُ یَا وَكِیْلُ یَا وَكِیْلُ یَا وَكِیْلُ یَا وَكِیْلُ

اصلی ڈھال اور حفاظت کا قلعہ

اگر بدامنی کا دور ہو، آدمی جنگل میں رہتا ہو یا کھیت میں رکھوالی کرتا ہو یا جنگل میں جانور چراتا ہو یا کسی مکان یا دوکان کا چوکیدار ہو اس نقش کی برکت سے ہر طرح امن و حفاظت سے رہے گا۔ نقش باوضو اس طرح لکھے۔ موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے۔

سورۃ جن کا نقش حفاظت کے لئے۔

(نقش اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۱۸۵۷۸	۱۸۵۸۱	۱۸۵۸۴	۱۸۵۷۱
۱۸۵۸۳	۱۸۵۷۲	۱۸۵۷۷	۱۸۵۸۲
۱۸۵۷۳	۱۸۵۸۶	۱۸۵۷۹	۱۸۵۷۶
۱۸۵۸۰	۱۸۵۷۵	۱۸۵۷۴	۱۸۵۸۵

سورۂ مزمل کا نقش

۷۸۶

۳۲۵۶۶	۳۲۵۵۹	۳۲۵۶۴
۳۲۵۶۱	۳۲۵۶۳	۳۲۵۶۵
۳۲۵۶۲	۳۲۵۶۷	۳۲۵۶۰

سورۂ مجادلہ کا نقش

۷۸۶

۳۳۳۶۵	۳۳۳۶۸	۳۳۳۷۱	۳۳۳۵۷
۳۳۳۷۰	۳۳۳۵۸	۳۳۳۶۴	۳۳۳۶۹
۳۳۳۵۹	۳۳۳۷۳	۳۳۳۶۶	۳۳۳۶۳
۳۳۳۶۷	۳۳۳۶۲	۳۳۳۶۰	۳۳۳۷۲

سوداگر، تجارت پیشہ افراد کی حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص سوداگری کرتا ہے اور گلی گلی پھرتا ہے یا

شہر شہر جاتا ہے یا اپنی دوکان پر بیٹھتا ہے اس کی حفاظت کے لئے یہ بڑا نقش بہت مفید ہے اس سے ہر طرح حفاظت رہتی ہے۔ اس کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں یا دائیں بازو پر باندھ لے یا دوکان پر دروازے کے سامنے لگالے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸۵۷۸	۱۸۵۸۱	۱۸۵۸۴	۱۸۵۷۱
۱۸۵۸۳	۱۸۵۷۲	۱۸۵۷۷	۱۸۵۸۲
۱۸۵۷۳	۱۸۵۸۶	۱۸۵۷۹	۱۸۵۷۶
۱۸۵۸۰	۱۸۵۷۵	۱۸۵۷۴	۱۸۵۸۵

۷۸۶

۳۲۵۶۶	۳۲۵۵۹	۳۲۵۶۴
۳۲۵۶۱	۳۲۵۶۳	۳۲۵۶۵
۳۲۵۶۲	۳۲۵۶۷	۳۲۵۶۰

۷۸۶

۳۲۳۶۵	۳۲۳۶۸	۳۲۳۷۱	۳۲۳۵۷
۳۲۳۷۰	۳۲۳۵۸	۳۲۳۶۴	۳۲۳۶۹
۳۲۳۵۹	۳۲۳۷۳	۳۲۳۶۶	۳۲۳۶۳
۳۲۳۶۷	۳۲۳۶۲	۳۲۳۶۰	۳۲۳۷۲

یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم
یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم
یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم
یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم
یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم یامقدم

بچہ کا سانس کے مرض سے نجات کیلئے

ایک نیا سرکنڈہ لے یا نئی سینک لے اول اَللّٰہُ شَافِی اَللّٰہُ کَافِی پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ سورۃ لایلاف قریش

سُوْرَۃُ القریش مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۚ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ ۙ الَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۚ

پڑھے اور سینک کو تین انگل چاقو سے کاٹ لے اس کے بعد اسی طرح پڑھتا جائے اور سینک کاٹتا جائے یہاں تک کہ سینک پوری ختم ہو جائے انشاءاللہ تعالیٰ مریض بچہ صحت یاب ہو جائے گا۔

جادو، سفلی، آسیب، جن سے حفاظت

مندرجہ ذیل نقش ہر قسم کے جادو، سفلی، اور آسیب و جن بھوت پریت، دیو، پری سے حفاظت کے لئے بہت مفید اور مؤثر ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری باندھ کر گلے میں ڈال لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر طرح سے حفاظت رہے گی۔ اگر گلے میں نہ ڈالے تو مرد دائیں بازو پر باندھ لے اور عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔

وہ نقش معظم یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶ ۷۸۶

یارقیب یارقیب یارقیب	یارقیب
یارقیب یارقیب یا رقیب	یارقیب یارقیب
یارقیب	یارقیب یارقیب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ عَنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطٰنٍ وَّ هَآمَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّآمَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنٍ اَلْفَ اَلْفَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝
اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ
النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ
الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ
صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

۷۸۶ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِىْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ
يَا حَيُّ

يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ
يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ
يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ
يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ
يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ يَا قَابِضُ
يَا قَابِضُ

يَا حَفِيْظُ يَا حَفِيْظُ يَا حَفِيْظُ يَا حَفِيْظُ يَا حَفِيْظُ يَا حَفِيْظُ
يَا حَفِيْظُ يَا حَفِيْظُ يَا حَفِيْظُ يَا حَفِيْظُ يَا حَفِيْظُ يَا حَفِيْظُ
يَا حَفِيْظُ

تسخیر کا وظیفہ

یہ تسخیر کا وظیفہ بہت مجرّب اور تیر بہدف ہے۔ جو شخص اوّل تین۳ بار درود شریف پڑھے اور اس کے بعد مندرجہ ذیل آیات تین تین۳ بار پڑھے اور آخر میں تین۳ بار درود شریف

پڑھے اس کے بعد ایک سو بار
لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ ط
اور آخر میں ایک سو بار درود شریف پڑھے گا۔ امیر کبیر سب اس کے تابعدار اور حکم کے غلام رہیں گے ہر طرح سے اس کی عزت ہوگی۔ سب مخلوق مہربان ہو جائے گی۔ یہ وظیفہ صبح بعد نماز فجر اور شام کو بعد نماز مغرب تین تین بار پڑھنا ہے۔
وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ط وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ۝
وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۝
يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ط وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط
وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ
فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ز وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ط اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ۝
وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝

دشمنوں کے درمیان اختلاف

اگر چند دشمن مل کر کسی کو ناحق ستاتے ہوں یا نقصان پہنچاتے ہوں تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت و طلسم باوضو لکھے اور اس کے نیچے دشمنوں کے نام ان کی والدہ کے نام کے ساتھ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں میں باہمی نفاق پیدا ہو جائے گا اور ان کے اندر سے یکجہتی ختم ہو جائے گی۔ وہ آیت و طلسم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۪ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ۝

۵۵ ۱۱۱ ۷۷۸۸۱ ۹۶۹۶ ۹۴۱۶ ۱۱۵۵۳۲۶

دشمنوں کے نام معہ نام والدہ

حمل کو گرانے اور ضائع کرنے کے لئے


اگر خدانخواستہ عورت کی جان جانے کا ڈر ہو یا کوئی اور پیچیدہ مسئلہ پیدا ہو گیا ہو جس کے سبب عورت کا حمل گرانا ضروری ہو گیا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے عورت کے بائیں بازو پر

باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ حمل ضائع ہو جائے گا۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے کاغذ یا چینی کی پلیٹ پر یہ نقش باوضو لکھے اور پانی سے دھو کر عورت کو پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ حمل گر جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ها	احا	اه	ما	هو	حا	الی	ها	طل
حا	ه	هو	ول	می	ملا	ماه	ما	ه

۱۲۱ ۱۱ ۸۱۱ ۱۱ ۹ ۱۳ د ۵ ل م ۸۸ ه ۱۹۱ ع نوع



عقیمہ (بانجھ عورت) کے حمل قائم ہونا

اگر کوئی عورت عقیمہ (بانجھ) ہو اور اس کے بالکل اولاد نہ ہوتی ہو تو اس نقش کو باوضو پاک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے مرد اپنی کمر پر باندھ کر بیوی سے

صحبت کرے اس دوران جب وہ حیض سے پاک ہوگی ہو انشاء اللہ تعالیٰ حمل ٹھہرے گا اور لڑکا ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۱۳	۳	۲	۱۶
۸	۱۰	۱۱	۵
۱۲	۶	۷	۹
۱	۱۵	۱۴	۴

بھاگے ہوئے کو واپس لانا

اگر کوئی عورت یا گھر کا فرد غائب ہوگیا ہو یا کہیں بھاگ گیا ہو یا نوکر یا چوکیدار مال چرا کر فرار ہوگیا ہو تو ایک کاغذ پر یہ طلسم باوضو لکھے۔ جس جگہ وہ رہتا تھا اس کمرے کی دیوار پر لگا دے اور نیچے اس کاغذ کے اس کا اور اس کی ماں کا نام لکھے اگر ماں کا نام معلوم نہ ہو تو باپ کا نام لکھے اور جس گھر سے بھاگا ہے اس آدمی کا اور اس کی والدہ کا نام لکھے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا شخص جلد واپس آئے گا یا اسکی موجودگی کا پتہ چل جائے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

ل ۱۱ ۹ ۱۶ ۱۱ ر ا کلے ا ط ط ا

القلب السہیل باسم

فلاں بن فلانۃ علی حب فلاں فلانۃ

مفرور اور بھاگے ہوئے کی واپسی

اگر کوئی شخص گھر سے بھاگ گیا ہو تو اس گرد نامہ کو باوضو لکھ کر لپیٹ کر چرخے میں باندھ کر چرخے کو سات چکر سیدھے اور سات چکر اُلٹے دے۔ اگر چرخہ نہ ملے تو سائیکل کے پہیے میں باندھ کر سات چکر آگے کی طرف اور سات چکر پیچھے کی طرف دے۔ یہ عمل صبح اور شام (سورج نکلنے کے بعد اور سورج غروب ہونے سے پہلے) کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا جلد ہی واپس آجائے گا۔ وہ طلسم یعنی گرد نامہ یہ ہے۔

یا غفور

۴۱۵۱۲۴۶۸۲

یا الٰہی فلاں بن فلانہ جلد بیاید

اگر کسی عورت کا شوہر بھاگ جائے یا کسی کی بیوی بھاگ جائے

اگر کسی عورت کا شوہر بھاگ جائے یا کسی آدمی کی بیوی فرار ہو جائے تو اس کے لئے یہ گرد نامہ باوضو ایک کاغذ پر لکھے اور ایک چرخے میں باندھ کر گھمائے۔ سات چکر صبح دے اور سات چکر شام کو دے یا چرخہ نہ ہو تو کسی سائیکل کے پہیے میں باندھ کر سات چکر صبح دے اور سات چکر شام کو دے۔ اگر سائیکل نہ ہو تو بجلی کے پنکھے کی پنکھڑی میں باندھ کر پنکھا چلا دے اور پنکھا چلتا رہے اگر پنکھا بھی نہ ہو تو گھر میں ایسی جگہ لٹکا دے جہاں

ہوا سے ہلتا رہے۔ وہ گردنامہ یہ ہے۔

۷۸۶

مہر ۱۹۹ اکر کو ۵۱۲

فلاں بن فلانۃ علی حب فلاں بن فلانۃ

آسیب زدہ کے لئے فلیتہ

اگر کسی کو جن بھوت آسیب پری ستاتے ہوں یا ڈراتے ہوں یا بار بار آ کر بے ہوش کر دیتے ہوں تو باوضو یہ فلیتہ لکھے اور لپیٹ کر نئی دھنکی ہوئی روئی میں لپیٹے (پرانی رضائی کی روئی نہ لے بلکہ روئی والے کی دوکان سے نئی روئی دھنکی ہوئی لے) اور نئے مٹی کے چراغ میں جس کو پانی نہ لگا ہو سرسوں کا تیل ڈال کر فلیتہ جلائے اور چراغ کو اونچی جگہ رکھے اور مریض کو وضو کرا کے پاک دری، چادر یا مصلے پر بٹھا دے اور آدھا کلو مٹھائی کا ڈبہ پاس رکھ دے اور جس کمرہ میں چراغ جلائے اگر فرش پکا ہے تو پانی سے دھو لے (پوچہ نہ لگائے بلکہ پانی بہا کر دھوئے) اگر کچا فرش ہے تو پاک مٹی سے پورا فرش لیپ لے۔ اور مریض کو کہے کہ وہ برابر چراغ کو دیکھتا رہے۔ چراغ کی طرف سے نگاہ اِدھر اُدھر نہ کرے بلکہ ٹکٹکی باندھ کر مسلسل چراغ کی لو کو دیکھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض اپنی آنکھوں سے آسیب کو جلتا دیکھے گا۔ یہ رات کو عشاء کی نماز کے بعد کرے اور مٹھائی صبح کو اولیاء

کرام کے ایصال ثواب کی نیت سے معصوم چھوٹے بچوں
میں تقسیم کر دے۔
فلیتہ یہ ہے۔

فلیتہ

فرعون ہامان شداد

517

اھیا اشراھیا 99 اھیا اشراھیا نمود

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

ہر بلائے کہ در
وجود فلاں
بن فلانۃ
مستولی شدہ
اگر نہ گریزد
باخود در فلیتہ
حاضر شدہ سوختہ
شود بحق یا بدوح

(۳) مریض کا حال معلوم کرنا

اگر مریض کا حال معلوم کرنا چاہے تو مندرجہ ذیل عزیمت پڑھکر مریض پر دم کرے اگر مرض بڑھ جاوے۔ آسیب ہے۔ اگر کم ہو جائے تو جادو ہے اور اگر بدستور مرض رہے تو بیماری ہے۔

عزیمت یہ ہے۔

① الحمد شریف (پوری سورۂ فاتحہ) سات مرتبہ
② آیۃ الکرسی ——— سات مرتبہ
③ سورۂ کافرون (قل یایھا الکافرون آخر تک) سات مرتبہ
④ سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) سات مرتبہ
⑤ سورۂ الفلق (قل اعوذ برب الفلق آخر تک) سات مرتبہ
⑥ سورۂ الناس (قل اعوذ برب الناس آخر تک) سات مرتبہ

(۴) مرض معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا (دھاگا) ناپ کر سات مرتبہ سورۂ مزمل (پ ۲۹) پوری سورت پڑھ کر اس دھاگے پر دم کردیں اور سورۂ مزمل کے اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اور اس دھاگے سے مریض کا قد ناپیں اگر بڑھ جائے اور دھاگا چھوٹا رہ جائے شیاطین کے اثر سے بیماری ہے اور قد گھٹ جائے اور دھاگا بڑھ جائے تو سحر ہے یا جن کے اثر سے مرض ہے اور اگر دھاگا قد کے برابر ہے تو مرض جسمانی ہے ڈاکٹر یا حکیم سے علاج کرائے۔

استخارہ کی ترکیب

جب کوئی سخت مشکل پیش آئے یا شادی یا سفر یا کوئی کام کرے تو بے استخارہ کئے نہ کرے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ:۔
"اللہ تعالےٰ سے اپنے کاموں میں اصلاح نہ لینا بدبختی اور کم نصیبی کی بات ہے"

جس کام کو استخارہ کر کے کیا جائے گا تو انشاء اللہ تعالےٰ اس میں ضرور کامیابی ہوگی اور پریشانی نہ اُٹھانی پڑے گی۔ استخارہ کی چند آسان اور زود اثر ترکیبیں لکھی جاتی ہیں جن پر آسانی سے عمل کر کے کرے۔

(۱)

استخارہ کی نیت کر کے دو رکعت نماز نفل بعد نماز عشاء کے پڑھے۔ اس کے بعد خوب دل لگا کر یہ دعا تین مرتبہ پڑھے۔ (اگر زبانی یاد ہو تو بہتر ہے ورنہ دیکھ کر پڑھ لے) دعا یہ ہے:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ۔
اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہٖ

دعا پڑھتے وقت جب هٰذَا الْاَمْرَ کے الفاظ پر پہنچے تو اس کام کو دھیان میں (تصور میں سوچے) لائے جس کام کے لئے استخارہ کیا ہے۔

اس سے فارغ ہونے کے بعد پاک صاف اور ستھرے بستر پر قبلہ کی طرف منہ کر کے باوضو سو جائے (اس طرح کہ سر شمال کی طرف ہو اور پاؤں جنوب کی طرف اور دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے سو جائے سونے کے بعد کروٹ بدل جائے تو کوئی حرج نہیں) جب سو کر اُٹھے اس وقت جو بات دل میں مضبوطی سے آئے وہی بہتر ہے اسی کام کو کرنا چاہیئے۔ اگر ایک دن میں کچھ معلوم نہ ہو اور دل میں خلجان اور تردّد (شک وشبہ) باقی رہے تو پھر دوسری رات اسی طرح کرے انشاء اللہ العزیز سات روز کے اندر اندر اُس کام کی بھلائی یا برائی (یعنی کام کرنے کا جذبہ یا نہ کرنے کی طرف طبیعت کا میلان ہوگا اگر کام کرنے کا جذبہ شدید ہے تو کام کرے اور اگر شک وشبہ ہے تو نہ کرے) معلوم ہو جائے گی۔

ف:- یہ دعا جس کا نام دعاء الاستخارہ ہے۔ مختلف لفظوں کے ساتھ حدیث شریف میں آئی ہے جس کو جو دعا یاد ہو پڑھے۔

(۲)

جب استخارہ کرنا ہو تو بعد نماز عشاء سب سے پہلے پاک کپڑے پہنے۔ پھر وضو کرے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے سیدھی (داہنی) کروٹ لیٹ جائے اور مندرجہ ذیل سورتیں حسب ترتیب ذیل پڑھے۔

① سورۃ الشمس سات مرتبہ (۷، دفعہ) پارہ ۳۰۔ سورۃ والشمس ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝١ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝٢ وَالنَّهَارِ اِذَا

جَلّٰهَا ۝٤ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ۝٥ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۝٦ وَالْاَرْضِ
وَمَا طَحٰهَا ۝٧ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۝٨ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَ
تَقْوٰهَا ۝٩ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ۝١٠ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۝١١
كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَا ۝١٢ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰهَا ۝١٣ فَقَالَ لَهُمْ
رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝١٤ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۝١٥
فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝١٦ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝١٧

(۲) سورۃ اللیل سات مرتبہ (۷ دفعہ) پارہ ۳۰

سورۃ اللیل یہ ہے :-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝١ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝٢ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ
وَالْاُنْثٰى ۝٣ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝٤ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝٥ وَ
صَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝٦ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝٧ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ
وَاسْتَغْنٰى ۝٨ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝٩ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝١٠ وَمَا
يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ۝١١ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۝١٢ وَاِنَّ لَنَا
لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۝١٣ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۝١٤ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا
الْاَشْقَى ۝١٥ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝١٦ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۝١٧
الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ۝١٨ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ
تُجْزٰٓى ۝١٩ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۝٢٠ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝٢١

(۳) سورۃ الاخلاص سات مرتبہ (سات دفعہ) پارہ ۳۰

سورۃ الاخلاص یہ ہے :-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝١ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝٢ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝٣

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

(۴) سورۃ التین سات مرتبہ (۷ دفعہ)

سورۃ التین یہ ہے :-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝۱ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝۲ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝۳
لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝۴ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ
سٰفِلِيْنَ ۝۵ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ
غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝۶ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝۷ اَلَيْسَ اللّٰهُ
بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝۸

مندرجہ بالا سب سورتیں پڑھنے کے بعد عاجزی سے کہے :-

"اے میرے اللہ! مجھے میرے خواب میں وہ چیز دکھادے
اور میرے اس حال میں کشادگی فرمادے اور میں اپنی دعا
قبول ہونے کا حال معلوم کرلوں اور اس کام کے سرانجام ہونے
کی تدبیر میرے دل میں ڈالدے"

انشاء اللہ العزیز اسی رات کو معلوم ہوجائے گا ورنہ اسی طرح دوسری رات کو عمل کرکے سوئے اگر مطلب حاصل ہوجائے ٹھیک ہے ورنہ اسی طرح تیسری رات کو بھی کرے۔ ساتویں رات تک انشاء اللہ تعالیٰ حل کھل جائے گا اور ساتویں رات سے آگے نہ بڑھے گا۔

(۳)

سب سے آسان استخارہ یہ ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو برابر عشاء کی نماز کے بعد سب کاموں سے فارغ ہوکر بسم اللہ

الرحمٰن الرحیم ۳ تین سو مرتبہ پڑھ کر سورۃ الم نشرح معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (پوری سورت) پارہ ۳۰۔ ستر مرتبہ پڑھے۔ سورۃ الم نشرح یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝١ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝٢ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝٣ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝٤ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝٥ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝٦ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝٧ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝٨

اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ:۔

"فلاں کام میں جو ہونے والا ہے وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرا دے"۔

اس کے بعد یہ درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمِكَ.

انشاء اللہ تعالیٰ تینوں راتوں میں سے کسی ایک رات میں مقصد حاصل ہو جائیگا۔

(۴)

پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر باوضو اس نقش کو لکھ کر (اگر لکھنا نہ جانتا ہو تو کسی پڑھے لکھے آدمی سے لکھوائے نقش لکھنے والا باوضو ہو) سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں ہر بات کا جواب ملے گا۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸	۱۱	۸۸۳	۱
۸۸۲	۲	۷	۱۲
۳	۸۸۵	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۸۴

حصار کی ترکیب

بڑا اہم چلہ کرتے وقت یا جنات کے علاج کے وقت حصار کرنا ضروری ہے۔ حصار کی آسان ترکیب یہ ہے۔ مندرجہ ذیل سورتیں حسب ذیل ترتیب سے پڑھیں:۔

(۱) آیۃ الکرسی (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳)

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○

(۲) سورۃ کافرون (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ○ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ○ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ○ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ○ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ○ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ○

(۳) سورۃ اخلاص (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

④ سورۂ فلق (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۂ فلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ
اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ
اِذَا حَسَدَ ۝

⑤ سورۂ ناس (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۂ ناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ
شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

مندرجہ بالا سورتیں پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونکے اور جسم پر دم کرے
اور چاقو پر دم کرکے چاقو سے اپنے چاروں طرف خط (لائن) کھینچے۔

برائے بخار ہر قسم

مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر اس پر آٹھ جوتے گن کر ماریں اور بخار کے دو گھنٹہ قبل مریض کے پاؤں کے ٹخنے میں بندھوا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار نہیں آئے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے:

شداد	ھمزاد	نمرود	مردود
فرعون	ملعون	شیطان	ھامان

دشمن سے مقابلہ کے وقت

اگر کسی دشمن سے مقابلہ پیش آجائے یا دریا میں جائے یا خشکی کا سفر کرے یا کسی بلا کا ڈر خوف ہو تو ان کلمات کو کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر بلا اور مصیبت سے محفوظ اور دشمن پر غالب آجائے گا۔

الٓمٓصٓ ۚ كٓهٰيٰعٓصٓ ۚ قٓ ۚ ق ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۚ
نٓ ۚ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۙ۔

مرگی کا علاج

اگر کسی کو مرگی کا دورہ پڑے تو اس کے کان میں مندرجہ ذیل کلمات زور سے پڑھے کہ اس کے کان میں آواز پہنچے انشاء اللہ تعالیٰ دورہ سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
الٓمٓصٓ ۚ طٰسٓمٓ ۚ كٓهٰيٰعٓصٓ ۚ يٰسٓ ۚ
وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ حٰمٓ ۚ عٓسٓقٓ ۚ نٓ
وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۙ

الحمد شریف (سُوْرَۃُ الفَاتِحَۃ) کی زکوٰۃ کا طریقہ

اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ عامل گیارہ روزے متواتر (بلاناغہ) رکھے۔ سحری اور افطاری میں جَو کی روٹی کھائے اور روزہ مدینہ طیبہ کی کھجور یا آبِ زمزم سے افطار کرے۔ اس گیارہ دن کے عرصہ میں سُورۃ الفاتحہ بسم اللہ شریف کے ساتھ ایک لاکھ دس ہزار مرتبہ پڑھے۔ اگر دس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے تو گیارہ دن میں ایک لاکھ دس ہزار مرتبہ ہو جائے گا۔ عمل باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر کرے اور عمل پڑھنے سے قبل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور اسی طرح عمل ختم کرنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

گیارہویں دن جب عمل ختم ہو فوراً مرگی والے یا دیوانہ مجنون پر دم کرے۔ اگر مریض وہاں موجود نہ ہو تو پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض فوراً تندرست ہو۔ مرگی، جنون اور سارے لاعلاج امراض کے لئے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔

(پارہ ۱) (سورۃ ۲) سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۴۰ آیات ۲۸۶

یہ سُورۃ بے شمار خوبیوں کی مالک ہے۔ آسیب، سحر، جادو، سفلی، جن بھوت سے نجات کے لئے بے نظیر ہے۔ اس کو روزانہ پڑھ کر گھر کے تمام افراد کو پانی پلایا جائے اور بلند آواز سے پڑھنے کی برکت سے جن آسیب اس گھر سے نکل جائیں۔

ہر قسم کی بیماری، جنون، پاگل پن، مرگی، بواسیر، برص، جذام،

سے صحت کے لئے اس کا پڑھنا بے حد اکسیر ہے۔ اگر سورۃ البقرۃ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے۔

اس کے کل اعداد ۹۴۷۶۰۹ ہیں۔ پانچویں خانہ میں چال ہے اور اس کا مربع نقش ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۸۹۴
۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۶
۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۰۰
۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹

ہر مقصد میں کامیابی

سورۃ البقرۃ سات مرتبہ جس مقصد میں کامیابی کی نیت سے پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس میں کامیاب ہوگا۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

اگر کسی شخص کو دشمن سے خوف آتا ہے یا دشمن نقصان پہنچانا چاہتا ہے تو باوضو سورۃ البقرۃ مکمل لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں لٹکائے یا دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ کوئی دشمن اس کو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ مجرب ہے۔

جملہ مہمات میں کامیابی کے لئے

جملہ مہمات میں کامیابی کے لئے روزانہ سورۃ یوسف ایک بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی

قرآن پاک حفظ کرنے کے لئے

جو شخص قرآن پاک حفظ کرنا چاہتا ہے تو سب سے پہلے سورۃ یوسف حفظ کرے انشاء اللہ تعالیٰ قرآن پاک بآسانی حفظ ہوگا۔

(پارہ ۱۳) (سورۃ ۱۲) سُوْرَۃُ الرَّعْدِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۶ آیات ۴۳

اگر بچہ کثرت سے روتا ہے تو اس پر پڑھ کر دم کرنے سے بچہ ہشاش بشاش رہے اس کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص آسیب وجن کے اثر سے محفوظ رہے گا اور ظالم حاکم کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اس کا نقش مثلث ہے۔ اس سورہ کے اعداد ۲۴۴۶۹۲ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۱۵۶۵	۸۱۵۶۰	۸۱۵۶۷
۸۱۵۶۶	۸۱۵۶۴	۸۱۵۶۲
۸۱۵۶۱	۸۱۵۶۸	۸۱۵۶۳

جیل سے رہائی اور بچہ کا رونا موقوف

جیل خانہ سے رہائی کے لئے باوضو مغرب اور عشاء کے درمیان اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھے۔ اور اگر بچہ روتا ہو تو تین ۳ مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کرے۔ مجرب ہے۔

(پارہ ۱۳) (سورۃ ۱۴) سُوْرَۃُ اِبْرَاھِیْمَ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۷، آیات ۵۲

یہ سورۃ سحر سے نجات کے لئے بہت مفید ہے۔ اگر کسی شخص کی قوتِ مردمی سحر کے ذریعہ باندھ دی گئی ہو تو روزانہ تین۳ مرتبہ سورۃ ابراہیم کی تلاوت کرنے سے سحر باطل ہوگا اور اصلی قوتِ مردمی بحال ہو جائے گی۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ مرد اپنی اصلی حالت پر آجائے گا۔

اس سُورۃ کا نقش بچہ کے رونے، نظرِ بد سے نجات اور حصولِ دولت کے لئے بہت اہم ہے۔ اس کا نقش باوضو لکھے اور بچہ کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر قسم کی نظرِ بد، بیماری اور رونے سے محفوظ رہے گا۔ اس کا نقش مربع ہوگا۔ اس کے کل اعداد ۲۴۵۸۱۸ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۱۴۵۴	۶۱۴۵۷	۶۱۴۶۰	۶۱۴۴۷
۶۱۴۵۹	۶۱۴۴۸	۶۱۴۵۳	۶۱۴۵۸
۶۱۴۴۹	۶۱۴۶۲	۶۱۴۵۵	۶۱۴۵۲
۶۱۴۵۶	۶۱۴۵۱	۶۱۴۵۰	۶۱۴۶۱

دُشمنی دُور کرنے کے لئے

جو شخص سُورۃ ابراھیم کو سات۷ مرتبہ پڑھے گا تو اس کے دشمن ذلیل ہوں گے اور دشمنوں سے نجات حاصل ہوگی۔

(پارہ ۱۴) (سورۃ ۱۵) سُوْرَۃُ الْحِجْرِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۶ آیات ۹۹

اگر کوئی شخص سُورۃ حجر کو زعفران کے پانی سے باوضو لکھے اور پاک پانی سے دھو کر عورت کو پلائے تو بحکم خدا اس کا دودھ بہت زیادہ ہو۔ جب کوئی چیز خریدے یا فروخت کرے اگر اس پر سورۃ حجر پڑھ کر

دم کردے تو اس مال میں برکت ہوگی۔ اگر اس سورۃ کا نقش زعفران سے لکھ کر اپنے مال و متاع میں رکھ دے تو انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مال چوری سے محفوظ ہو جائے گا اور چور اسے چرا نہ سکے گا۔

اس کا نقش اعداد کے حساب سے بھرا جائے سب سے پہلے پہلا خانہ جس میں ایک عدد لکھا ہے پھر دوسرا خانہ جس میں ۲ کا عدد لکھا ہے اسی طرح جملہ خانے بھریں۔ ایک سے لے کر ۹ تک کے اعداد کا نقش سے کوئی تعلق نہیں یہ صرف نقش بھرنے کی چال بتانے کے لئے ہیں۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۱۷۶۷۰۹ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸ ۵۸۹۰۶	۱ ۵۸۸۹۹	۶ ۵۸۹۰۴
۳ ۵۸۹۰۱	۵ ۵۸۹۰۳	۷ ۵۸۹۰۵
۴ ۵۸۹۰۲	۹ ۵۸۹۰۷	۲ ۵۸۹۰۰

خرید و فروخت میں برکت

جو کوئی شخص خرید و فروخت کرنے سے قبل تین ۳ مرتبہ سورۃ الحجر پڑھے تو ہر ایک چیز میں برکت و نفع ہو۔ نقصان سے محفوظ رہے۔

(پارہ ۱۴) (سورۃ ۱۶) سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱۶ آیات ۱۲۸

اگر کسی شخص کے دشمن اسے جان سے مارنا چاہتے ہوں اور اسے ہلاکت کا خوف ہو تو سورۃ نحل کو ایک بیٹھک میں ایک آدمی یا کئی آدمی ایک سو ۱۰۰ بار پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اس کے فرماں بردار ہوں گے اگر اطاعت نہ کی تو پریشان اور ذلیل و خوار ہوں گے۔

اگر کوئی شخص اس سورۃ کا نقش اپنے پاس باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے یا دائیں بازو پر باندھ لے تو دشمن اس کا ذلیل ہو اور دشمن اس پر قابو نہ پا سکے۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۵۲۰۱۸۸ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۴

۱۷۳۳۹۷	۱۷۳۳۹۲	۱۷۳۳۹۹
۱۷۳۳۹۸	۱۷۳۳۹۶	۱۷۳۳۹۴
۱۷۳۳۹۳	۱۷۳۴۰۰	۱۷۳۳۹۵

دشمنوں میں تفرقہ ڈالنے کے لئے

اگر کسی کے دشمن جتھا بنا کر اور ایک جگہ ہو کر نقصان پہنچانا چاہتے ہوں تو سورۃ النحل کو تین ۳ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن منتشر ہو جائیں گے۔

(پارہ ۱۵) (سورۃ ۱۷) سُوْرَۃُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱۲ آیات ۱۱۱

سورۃ بنی اسرائیل کا روزانہ باوضو تین ۳ مرتبہ پڑھنا، دو جہان کی ترقی، کامیابی، ترقی مراتب و عزت اور سارے جہان کی مشکلیں حل کرنے کے لئے نہایت مجرب اور مفید ہے۔

حاجت روائی کے لئے

جب کوئی حاجت پیش آئے تو سات بار سورۃ بنی اسرائیل پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو برابر پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے اور نہ بد دل ہو کر چھوڑے، انشاء اللہ تعالےٰ یقیناً کامیابی ہوگی۔

قیدی کی رہائی کے لیے

سورۃ بنی اسرائیل کو قیدی کی رہائی کے لیے روزانہ ۱۲ مرتبہ پڑھنا ناغہ نہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ قیدی جلد ہی قید سے رہا ہوگا۔

حاسدوں اور دشمنوں کی شرارت سے حفاظت

دشمنی اور حسد کرنے والوں کی خبیث اور بدگوئی سے حفاظت کے لیے روزانہ ۱۲ بعد دس بار پڑھنا بہت مجرب ہے۔ اس کا پڑھنے والا دشمنوں اور حاسدوں کی دشمنی اور شرارت سے محفوظ رہتا ہے اور دشمن اور حاسد ناکام رہتے ہیں۔

بچے کی زبان سے لکنت دور کرنا

اگر کسی بچے کی زبان میں لکنت ہے اور وہ بات کرنے میں اٹکتا ہے یا بات کرتے وقت اس کی زبان پھرتی ہے تو عرق گلاب میں زعفران کو ملا کے ایک کاغذ پر سورۃ بنی اسرائیل کو لکھے اور پانی سے گھول کر بچہ کو پلائے تو کچھ عرصہ کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بچے کی زبان کی لکنت ختم ہو جائیگی۔

شکار یا دشمن پر یقینی حملہ

اگر کوئی شخص سبز کپڑے پر باوضو سورۃ بنی اسرائیل کو تحریر کرکے اور کمان کے قبضے پر باندھے یا بندوق یا پستول کی نال پر باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ نشانہ ٹھیک لگے گا کبھی خطا نہ ہوگا۔

کُند ذہن بچے کا ذہن کھولنا

اگر لڑکا یا لڑکی کند ذہن ہو اور سبق یاد نہ ہوتا ہو یا یاد کرکے بھول جاتا

ہو تو سورۃ بنی اسرائیل کو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران کو حل کر کے اس سے پوری سورۃ لکھے اور پانی میں گھول کر روزانہ بچے کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا ذہن کھل جائے گا اور حافظہ بحال ہو جائے گا۔ جو پڑھے گا یاد رہے گا۔ مجرب ہے۔

دشمن کی شرارت سے حفاظت

اگر دشمن زبان دراز ہو اور اپنی شرارتوں سے باز نہ آتا ہو تو باوضو سورۃ بنی اسرائیل کا نقش لکھے اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بند ہو جائے گی اور وہ اپنی شرارتوں سے باز آجائے گا۔ کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

اس سورۃ مبارکہ کے کل اعداد ۳۸۶۱۳ ہیں اور چال خانہ پنجم میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۶۵۳	۹۶۵۶	۹۶۵۹	۹۶۴۵
۹۶۵۸	۹۶۴۶	۹۶۵۲	۹۶۵۷
۹۶۴۷	۹۶۶۱	۹۶۵۴	۹۶۵۱
۹۶۵۵	۹۶۵۰	۹۶۴۸	۹۶۶۰

(پارہ ۱۵) (سورۃ ۱۸) سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱۲ آیات ۱۱۰

سورۃ کہف کا جمعہ کے دن پڑھنا زمین سے آسمان تک نور پیدا کرتا ہے اور آٹھ دن تک وہ نور برابر قائم رہتا ہے پھر اس کے پڑھنے والے کو یہ سارا نور قبر میں اور قبر کے بعد قیامت میں دیا جائے گا۔ اس سورت کا روزانہ تلاوت کرنا ایمان کی قوت کو زیادہ کرتا ہے اور نورِ ایمان میں ترقی بخشتا ہے۔

شیطان اور چور سے حفاظت

جس مکان میں سورۂ کہف پڑھی جائے گی اس مکان میں کوئی شیطان یا چور داخل نہ ہو سکے گا اور نہ اس گھر والوں کو کوئی نقصان پہنچا سکے گا۔

وقت مقررہ پر جاگ اٹھنا

اگر کسی شخص کو رات کے وقت جاگنا منظور ہو اور کوئی جگانے والا نہ ہو اور خود بھی اُٹھنے کی امید نہ ہو تو وہ شخص نمازِ عشاء کے بعد سورۂ کہف پڑھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جس وقت اٹھنے کا ارادہ کرے گا بحکم خدا اسی وقت آنکھ کھل جائے گی۔ مجرب عمل ہے۔

قرض سے نجات

اگر اولاد نہ ہوتی ہو کسی عورت کے تو امتحان اس کا اسطرح کرے کہ اکیس ۲۱ دانہ گندم پر ایک ایک بار سورۃ الحمد شریف پڑھ کر ان دانوں کو دودھ میں ڈال کر اس دودھ کو پکنے کو رکھدے۔ اگر وہ دودھ پھٹ گیا تو جان لے کہ اس عورت پر عمل فائدہ نہ کرے گا۔ اور اگر نہ پھٹا تو اس دودھ پر تین سو ساٹھ ۳۶۰ بار الحمد شریف دم کر کے گیارہ روز تک ہر روز عورت کو پلا دیا کرے انشاء اللہ اولاد ہوگی۔ مجرب ہے۔

دمہ کھانسی کا علاج

اول و آخر ایک بار درود شریف درمیان میں قل اعوذ برب الناس اس طرح پڑھے کہ ہر "ناس" پر تین بار کہے۔ ناس۔ ناس۔ ناس۔ اور چاقو کی نوک سے زمین پر لکیر کرتا رہے۔ جب گیارہ بار پڑھ لے مریض کے سینہ شکم پر دم کرے۔ اس طور پر تین بار عمل کرے انشاء اللہ تعالےٰ دمہ کھانسی چند روز میں زائل ہو جائے گی۔

گرمی کے بخار کے دفعیہ کے لئے

مندرجہ ذیل طلسم لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ اور سوا روپے کی الائچی دانے برائے ایصال ثواب حضرت سلطان احمد کبیر قدس سرہٗ۔ قرآن شریف پڑھنے والے بچوں میں تقسیم کر دے۔ آرام ہونے پر تعویذ کھول کر تھوڑی شکر اور خوشبو کے پھول (گلاب یا چنبیلی کے ہوں تو بہتر ہے ورنہ جو میسر ہو جائیں) ملا کر اس تعویذ کے ساتھ کنویں میں ڈال دیں۔ وہ طلسم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۴۱۱۱

۱۱۱۱

جاڑے کے بخار کے واسطے

یا ایسا بخار جو روز آتا ہو یا دوسرے، تیسرے، چوتھے دن آتا ہو یہ کلمات لکھ کر مریض کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بخار سے فوراً نجات حاصل ہوگی۔

۱	۲	۳
نمرود علیہ اللعنۃ	فرعون علیہ اللعنۃ	شداد علیہ اللعنۃ
فرعون علیہ اللعنۃ	ہامان علیہ اللعنۃ	ہامان علیہ اللعنۃ
ہامان علیہ اللعنۃ	نمرود علیہ اللعنۃ	فرعون علیہ اللعنۃ
نمرود علیہ اللعنۃ	فرعون علیہ اللعنۃ	شداد علیہ اللعنۃ

آدھا سیسی کا درد

یہ نقش آدھا سیسی کے درد کے لئے بہت مجرب ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے سر میں باندھے انشاءاللہ تعالےٰ آدھا سیسی کے درد سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

لف لف لف لف لف

الٰہی درد نیم سر و برگردش دوران و سر درد و نیم سر دفع شود

م م م م م

سارے سر کا درد

نقش ذیل سر کے جملہ درد کا شافی علاج ہے۔ موم جامہ کر کے سر میں باندھ لے۔ جب درد سر اس نقش سے دور ہونے لگے تو جیسے جیسے دوسری طرف جائے نقش کو ہاتھ سے اسی جگہ کر دے۔ انشاءاللہ تعالےٰ درد رفع دفع ہو جائے گا۔ اور مریض صحت یاب ہوگا۔

(نقش اگلے صفحہ پہ ملاحظہ فرمائیں)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ ۸	اللہ ۸	اللہ ۴
۱۴۴ ۱	۱۴۴ ۵	۱۴۴ ۹
اللہ ۶	اللہ ۷	اللہ ۲

یا موح یا لوخ یا سُبّوخ

جن پری آسیب سے حفاظت کیلئے

مندرجہ ذیل نقش جن، بھوت، پری چڑیل، آسیب سے حفاظت کیلئے بہت تیر بہدف ہے۔ یہ نقش سورۃ مزمل کا ہے۔ کیسا ہی شدید اثر جن بھوت کا ہو اس نقش کو موم جامہ کر کے کپڑے میں سی کر گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ جن، بھوت، چڑیل، آسیب سے نجات حاصل ہو گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۶۰۸	۲۲۶۱۱	۲۲۶۱۴	۲۲۶۰۱
۲۲۶۱۳	۲۲۶۰۲	۲۲۶۰۷	۲۲۶۱۲
۲۲۶۰۳	۲۲۶۱۶	۲۲۶۰۹	۲۲۶۰۶
۲۲۶۱۰	۲۲۶۰۵	۲۲۶۰۴	۲۲۶۱۵

جادو، سحر، نذر سے حفاظت کیلئے

مندرجہ ذیل نقش صبح و شام سفید چینی کی رکابی (بغیر پھول دار پلیٹ)

پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں۔ اور ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے عمدہ کپڑے میں سی کر چاندی کے تعویز میں رکھ کر عورت کے گلے میں پہنائے۔ اور مرد کے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ مریض صحتیاب ہو گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱۱۳۴	۲۱۱۴۷	۲۱۱۴۴	۲۱۱۴۱
۲۱۱۴۵	۲۱۱۴۰	۲۱۱۳۵	۲۱۱۴۶
۲۱۱۳۹	۲۱۱۴۲	۲۱۱۴۹	۲۱۱۳۶
۲۱۱۴۸	۲۱۱۳۷	۲۱۱۳۸	۲۱۱۴۳

خواب میں ڈرنے اور جادو آسیب سے حفاظت کیلئے

یہ نقش خواب میں ڈرنے سے نجات دیتا ہے۔ تمام بلاؤں سے محفوظ رکھتا ہے۔ اور ہر قسم کے جادو، آسیب اور آفت سے حفاظت کرتا ہے۔ عورت کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈالے۔ اور مرد اور بچہ کے دائیں بازو پر باندھے۔ یہ نقش آیۃ الکرسی کا ہے انشاء اللہ تعالیٰ اسکے باندھنے سے مکمل حفاظت ہو گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵۰۸	۳۵۲۱	۳۵۱۸	۳۵۱۵
۳۵۱۹	۳۵۱۴	۳۵۰۹	۳۵۲۰
۳۵۱۳	۳۵۱۶	۳۵۲۳	۳۵۱۰
۳۵۲۲	۳۵۱۱	۳۵۱۲	۳۵۱۷

عورتوں کے استحاضہ (خون بند نہ ہونے) کی بیماری کا علاج

اگر کوئی شخص دشمنی سے کسی عورت کا جادو کر کے خون حیض جاری کر دے جس کو ہندی میں پیر جاری ہونا کہتے ہیں۔ اور بعض عورت کو آسیب کے خلل سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ اور بعض عورت کو بچہ جننے کے بعد بیماری کی وجہ سے خون نفاس بند نہیں ہوتا۔ اکثر عورتیں اس صورت میں مر جاتی ہیں۔

یہ نقش صبح و شام لکھ کر پانی میں گھول کر کوئی دوسرا پاک شخص پلائے ناپاک عورت خود نہیں گھول سکتی۔ ایک نقش لکھ کر موم جامہ کر کے سرخ یا سفید کپڑے میں سی کر کمر میں باندھے کہ ناف کے مقابل نقش قائم رہے یہ نقش بدھ کے دن لکھنا ہے اور سانس روک کر لکھنا ہے۔ پینے اور باندھنے کا تعویذ سانس روک کر لکھے۔ اور اگر باد و یا آسیب کا خلل ہو تو ایک نقش فلیتہ میں جلائے اور ایک نقش کی دھونی تمام بدن میں دے انشاءاللہ صحت حاصل ہو گی۔ سانس روک کر لکھے اور لکھتے وقت بات نہ کرے۔ پینے کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰۰	۲۹۹	۳۰۴
۳۰۵	۳۰۱	۲۹۷
۲۹۸	۳۰۳	۳۰۲

نقش ذیل کمر میں موم جامہ کر کے باندھے۔ نقش یہ ہے۔ یہ نقش سانس روک کر لکھے۔ اور کسی سے بات نہ کرے۔

۳۰۴	۲۹۹	۲۰۰
۲۹۷	۳۰۱	۲۰۵
۳۰۲	۳۰۳	۳۹۸

یا عطرائیل ۷۸۶ یا اسرائیل

یا جبرائیل یا عطفائیل

بحق یا قابض خون آمدن فلاں بنت فلاں بند شود مِنْ قَبْضِكَ یا قابِضُ بستم بستم

حمل قائم رہنے اور خون حیض بند ہونے کا گنڈہ

گنڈہ اس حاملہ کیلئے جس کا حمل ضائع ہو جاتا ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ سرخ رنگ کا دھاگہ لے اور بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے پیشانی (ماتھے) کے بال (سر کے) شروع تک ناپ لے۔ اور سات تار (دھاگوں) کا ایک ڈورہ بنالے۔ گنڈے کی سات گرہ ہوں گی۔ ہر گرہ سے پہلے مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر گرہ لگادے اور اس پر پھونک دے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

تین تین بار مع بسم اللہ چاروں قل۔ (قل یاایہا الکفرون آخر تک۔ قل ہو اللہ احد آخر تک۔ قل اعوذ برب الفلق آخر تک۔ قل اعوذ برب الناس آخر تک اور ایک بار آیۃ الکرسی پوری پڑھے۔ اسکے بعد کلمات حصار سلیمانی پڑھے۔ کلمات یہ ہیں۔

عَقَدْتُمْ عَقَدْتُمْ عَقَدْتُمْ اُفْرُوشٍ اُفْرُوشٍ اُفْرُوشٍ اُفْرُوشٍ نَرْقُوشٍ نَرْقُوشٍ نَرْقُوشٍ فَقَائِلُ مَرْقُوشٍ مَرْقُوشٍ مَرْقُوشٍ جَلَسْتَا جَلَسْتَا جَلَسْتَا جَلَسْتَا بِقَيُّوْمِ بِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ اے بلا بند شو یا نصد بند آہن گرفتار شو۔

اُمُّ الصِّبیان

اگر بچہ کوتے اور دست آتے ہوں اور آنکھیں اندر کو بیٹھ گئی ہوں تو یہ شکایتیں بھی رفع ہو جاتی ہیں اور بچہ قوی الجثہ ہو جاتا ہے۔ کچی گھانی کا پاؤ بھر تیل تلوں کا لے کر اس پر اکیس مرتبہ یہ دعا پڑھ کر وہ تیل سر پر اور بچہ کے بدن پر اکیس دن تک مالش کریں۔ اور یہی دعائیں تین مرتبہ دونوں کانوں میں پڑھ کر دم کریں وہ دعائیں یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عِیْسٰی صَفِیًّا وَّمُوْسٰی نَجِیًّا وَّمُحَمَّدًا نَبِیًّا اِرْتَفِعْ اَیُّھَا اللَّیْلُ بِالَّذِیْ رَفَعَ اِدْرِیْسَ مَکَانًا عَلِیًّا وَّبِالَّذِیْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ائْتِیَا طَوْعًا اَوْ کَرْھًا قَالَتَا اَتَیْنَا طَآئِعِیْنَ ۔ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

اُمُّ الصِّبیان کے واسطے اکسیر

اونٹ کی دم کے بالوں کا گنڈہ بنائے اور اس پر اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل (پوری سورت) پارہ ۲۹، پڑھ کر بچہ کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالےٰ بچہ فوراً صحت یاب ہوگا۔ بالوں کا گنڈہ بنانے سے قبل ان کو دھو کر پاک کرلے۔

(۱) کیڑوں سے حفاظت

اگر سورہ " وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ " پوری سورت پڑھ کر غلہ وغیرہ پر دم کر دیا جائے تو وہ غلہ کیڑے سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۲)

"سورہ مجادلہ" اگر کسی کاغذ پر باوضو لکھ کر غلہ میں رکھ دیا جائے تو اس غلہ کو کیڑا وغیرہ نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۱) مچھروں سے حفاظت

اگر کہیں مچھروں کی کثرت ہو تو چار کاغذوں پر الگ الگ یہ عدد لکھ کر مکان یا باغ یا کمرہ کے چاروں کونوں پر چپکا دیں انشاء اللہ سب بھاگ جائیں گے۔ مجرّب ہے۔

" ۱۲ ۱۲ ۱۱ "

(۲)

اگر مچھروں کی کثرت ہو تو سات مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے چارپائی کے چاروں طرف چھڑک دے انشاء اللہ مچھر پریشان نہیں کریگا۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَمَا لَنَآ اَنْ لَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ۭ وَ لَنَصْبِرَنَّ عَلٰي مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ

اور پانی چھڑکنے کے وقت یہ پڑھتا رہے۔

اِنْ کُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ اَیَّتُھَا الْبَرَاغِیْثُ فَکُفُّوْا عَنَّا شَرَّکُمْ وَاَذَاکُمْ۔

چیونٹیوں سے حفاظت

اگر کسی برتن میں میٹھی چیز رکھی ہو اور اس میں چیونٹی کے گھسنے کا اندیشہ ہو تو اس برتن کے چاروں طرف ہاتھ پھیرتے ہوئے اس دعا کا پڑھنا مفید ہے انشاء اللہ چیونٹی اس برتن کے قریب بھی نہ جائے گی وہ دعا یہ ہے:۔

ھٰذَا لِوَکِیْلِ الْقَاضِیْ اَوْ ھٰذَا لِرَسُوْلِ الْقَاضِیْ اَوْ ھٰذَا لِغُلَامِ الْقَاضِیْ۔

سہولت ولادت

دردزہ کے وقت عورت کے بائیں ران میں یہ لکھ کر باندھنے سے ولادت میں سہولت ہوتی ہے۔ وہ دعا یہ ہے:۔

یاخالق النفس من النفس ویامخرج النفس من النفس خلصھا۔ ولادت کے فوراً بعد اس دعا کو کھول کر پاک جگہ دفن کر دیں۔

مال کا گم ہو جانا

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو یہ دعا پڑھ کر اپنی گمشدہ چیز کے مل

جانے کی دعا کرے انشاء اللہ بہت جلد وہ چیز مل جائے گی۔

یَاجَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّارَیْبَ فِیْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَایُخْلِفُ الْمِیْعَادَ اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ کَذَا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَجْمَعُ بَیْنَکَ وَبَیْنَ ذَالِکَ الشَّیْءِ ذَالِکَ الشَّیْءَ کی جگہ اپنی گمشدہ چیز کا تذکرہ کرے۔ اسی طرح اگر کسی انسان کو اپنی طرف مائل کرنا چاہے تو "ذالک الشیء" کی جگہ اس شخص کا نام لیوے (ناجائز کام کے لئے نہ کرے ورنہ وبال ہوگا)

گمشدہ چیز ملجانے کے لئے

گمشدہ چیز کے ملجانے کے لئے اس دعا کی کثرت کرے۔

یَاجَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّارَیْبَ فِیْهِ اِجْمَعْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ انشاء اللہ اس دعا کی برکت سے وہ چیز مل جائے گی۔

مفرور کی واپسی کیلئے

دو رکعت نفل نماز پڑھ کر ایک سو انیس ۱۱۹ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دعا مانگے انشاء اللہ بھاگا ہوا شخص واپس آجائے گا۔ یہ عمل چالیس روز تک جاری رکھے۔ آیت یہ ہے:-

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّکَ اِلٰی مَعَادٍ

زوجین کی محبت

اگر شوہر و بیوی میں ناراضگی ہو تو اس نقش کو تعویذ بنا کر موم جامہ

کر کے زوجین میں سے جس کو ضرورت ہو اپنے داہنے بازو میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام اختلافات دور ہو جائیں گے

۷۸۶

۲۵۰ د	۲۵۳ و	۲۵۶ د	۲۲۳ و
۲۵۵ د	۲۴۴ و	۲۴۹ و	۲۵۴ د
۲۴۵ و	۲۵۸ د	۲۵۱ و	۲۴۸ د
۲۵۲ د	۲۴۷ و	۲۴۶ د	۲۵۷ و

یا ودود الحی القیوم دارندہ ایں نقش معظم سورۂ اخلاص را قلّب قَلْبَ فلاں بن فلاں (فلانۃ بنت فلانۃ) علیٰ حب فلانۃ بنت فلانۃ (فلاں بن فلاں) حبا شدیدا مطیعا عاشقا دائما ابدًا ابدًا ابدًا یا مقلّب القلوب والابصار۔

نس بندی سے نجات کیلئے

اگر کسی نے جادو وغیرہ کے ذریعہ نس بندی کر دی ہو جس کی وجہ سے وہ جماع پر قادر نہ ہو تو ایک تلوار (چھری) کے اوپر یہ عمل لکھ کر اس تلوار (چھری) سے سیاہ مرغی کا ایک انڈا ٹھیک درمیان سے کاٹ کر اس کے دو حصّے کرے۔ ایک حصّہ عورت کھالے اور دوسرا مرد کھالے انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے اُس کی نس بندی کھل جائے گی۔ مجرّب ہے۔

یکصد لا لا دم عاما لا لا لا ۷۸۶

نس بندی کھولنے کیلئے

نس بندی کھولنے کی غرض سے اس آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر مرد کے گلے میں لٹکایا جائے انشاء اللہ فائدہ پہنچے گا۔

فَفَتَحْنَا اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ وَ حَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ۔

اولاد نرینہ کیلئے

جس عورت کے یہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں لڑکا نہ ہوتا ہو تو یہ دعا لکھ کر دھو کر حاملہ کو پلائے انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَاءِلَا الاوس وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ حیت یلون بالحق دہ فاہ ح ص د

چوپایہ کی سرکشی

اگر کوئی جانور سرکشی کرتا ہو تو یہ دعا پڑھ کر اس کے کان میں پھونکے انشاء اللہ وہ تابع ہو جائے گا۔ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ط

آسیب سے نجات کیلئے

آسیب زدہ پر یہ دعا پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ فوراً اچھا ہو جائے گا۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ الٓمّٓ الٓمّٓصٓ طٰہٰ طٰسٓمٓ کٓہٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ

خوف سے نجات کیلئے

اس دعا کو بکثرت پڑھنا خوف و ڈر کے واسطے نہایت مفید ہے فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّ ھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

دشمنوں سے حفاظت کیلئے

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ یہ آیت دشمنوں سے حفاظت کے لئے اکسیر ہے۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ کَذٰلِکَ یُوْحِیْ اِلَیْکَ وَاِلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکَ اللّٰہُ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ

نظر بد کے لئے

دو تین ہلدی کی گرہ پر تین تین مرتبہ یہ کلمہ پڑھ کر پھونکے اور پھر آگ میں ڈال کر اس کی دھونی اس شخص کو دے جسے نظر بد ہو گئی ہو انشاء اللہ اچھا ہو جائے۔ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْکُفْرُ بَاطِلٌ

سانپ کے ڈسے ہوئے کا عمل

سانپ کے ڈسے ہوئے کو یہ عمل کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلانے سے انشاء اللہ سانپ کا زہر اس سے زائل ہو جائے گا نہایت مجرب ہے۔

سارا سارا الی سارا امالی یرن یرن الی
بامال و اصال باطوطو کالعومار اساب یا
فارس اردو باب ھاکان ما ابین لھا
تارا انار کاس متمس نا کاطن صلوبیرص
صاروب اثاوین ددی

سانپ کے کاٹے کا اثر زائل کرنا

جس شخص کو سانپ نے کاٹ لیا ہو اگر وہ فوراً یہ دعا پڑھ لے تو انشاء اللہ سانپ کا زہر اثر نہیں کرے گا۔

نُوْدِیَ اَنْ بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا
وَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

زہریلے جانور کے زہر سے نجات کا عمل

اگر کسی زہریلے جانور مثلاً سانپ وغیرہ نے کاٹ لیا ہو تو جس جگہ پر کاٹا ہو اس کے اردگرد گھماتے ہوئے سات مرتبہ یہ آیت ایک ہی سانس میں پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ اس کا زہر ختم ہو جائے

گا۔ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ

بچھو کے کاٹے کا عمل

اگر کسی کو بچھو نے کاٹ لیا ہو تو یہ عمل پڑھ کر جھاڑنا مفید ہے انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

شَجَّةٌ قَرِيْنَةٌ مِلْحَةٌ بَحْرٍ قَفْطًا

بچھو کے زہر سے نجات

جس شخص کو بچھو نے ڈنک مار لیا ہو اگر وہ فوراً یہ دعا پڑھ لے تو زہر اثر نہیں کرے گا۔

نُوْدِيَ اَنْ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

کتے کے کاٹنے سے حفاظت کیلئے

اگر کسی کے اوپر کتا حملہ کرے تو گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ لے انشاء اللہ اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ۔

کتے کے کاٹے کا زہر ختم کرنا

اگر کسی کو کتے نے کاٹ لیا ہو تو یہ عمل کسی نئے برتن پر لکھ کر روغن زیتون سے دھو کر اس شخص کو پلانے سے انشاء اللہ کتے کا زہر

ختم ہو جائے گا مجرب ہے۔

اب ج اع ہ ہ د باب اللہ

درد سر کے لئے

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو یہ حروف لکھ کر سر میں باندھا جائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا مجرب ترین عمل ہے۔

د م ہ م ل ہ

آدھے سر کے درد کا علاج

جس کے آدھے سر میں درد ہو اس کے سر میں یہ آیت زعفران سے کپڑے پر لکھ کر باندھنے سے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ
یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

جنون (پاگل پن) کے لئے

سات کنوؤں کے پانی پر یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ شفایاب ہوگا بہت مجرب ہے۔

سورہ جن ابتداء سورت سے رَشَدًا تک

جنون دور کرنے کا دوسرا عمل

سورۃ معوذتین بھی سات کنوؤں کے پانی پر دم کر کے مریض کو

پلایا جائے انشاء اللہ جنون دور ہو جائے گا۔

موتیا بند کے ازالہ کیلئے

سورۃ یٰسین پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے آنکھوں پر لگایا جائے تو انشاء اللہ موتیا بند جاتا رہے گا۔

رتوندا دور کرنے کیلئے

اگر کسی کو رتوندا ہو گیا ہو تو سورہ قیامہ سرمہ پر دم کر کے آنکھوں میں لگائیں انشاء اللہ مرض دور ہو جائے گا۔

درد کان کے لئے

اگر کسی کے کان میں درد ہو تو یہ آیت سرسوں کے تیل پر پڑھ کر کان میں ٹپکایا جائے درد جاتا رہے گا۔

اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا۔

کان کے درد کا دم

جس کے کان میں درد ہو اس کے کان میں اسم باری تعالیٰ یَا سَمِیْعُ اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے انشاء اللہ شفا ہو گی۔

کان کے درد کیلئے

کسی کے کان میں درد ہو تو یہ آیت پڑھ کر دم کیا جائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا مجرب ہے۔

كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْ اُذُنَيْهِ وَقْرًا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ۔

کان کا بہنا

اگر کسی کا کان بہتا ہو تو سورۃ اعلیٰ تین بار پڑھ کر کان میں دم کیا جائے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

کان کا بہنا

جس کا کان بہتا ہو اس کے کان پر ہاتھ رکھ کر یہ آیت پڑھی جائے انشاء اللہ کان بہنا بند ہو جائے گا۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ
الی آخر سورہ تک (سورۃ حشر)

بہرا پن

اگر کوئی شخص اونچا سنتا ہو تو یہ آیت سات بار پڑھ کر دم کیا جائے

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ۔

نکسیر کے لئے

جسے نکسیر ہو اُسے یہ آیت گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے انشاء اللہ خون کا آنا بند ہو جائے گا۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ۔

نزلہ وزکام کے ازالہ کیلئے

اگر کسی کو نزلہ کی وجہ سے چھینکیں بکثرت آتی ہوں تو گیارہ بار یہ آیت کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر مریض کو کھلایا جائے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَ لَمْ یَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا۔

نزلہ زکام کے لئے

تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر نزلہ وزکام کے مریض پر دم کیا جائے انشاء اللہ اچھا ہو جائے گا۔

دانت کا درد

جس کے دانت میں درد ہو وہ اس آیت کو کاغذ پر یا کپڑے پر لکھ کر دانت کے نیچے دبائے انشاء اللہ دانت کا درد جاتا رہے گا۔

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ۔

داڑھ کا درد

کسی کے داڑھ میں درد ہو تو یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے دانتوں کے اوپر ملیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمّٓصٓ طٰسٓمٓ کٓہٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اُسْکُنْ۔

دانتوں کا ہلنا

لَا یَعْلَمُوْنَ۔ ہلتے ہوئے دانتوں کے نیچے لکھ کر رکھنا اور اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرنا مفید ہے۔

زبان کی سوجن کیلئے

اکتالیس ۴۱ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کیا جائے زبان کی سوجن ختم ہو جائے گی۔ اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ج وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ م بَعْدِہٖ ط

لقوہ

جس شخص کو لقوہ ہو گیا ہو اُسے یہ آیت لکھ کر تعویز بنا کر گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ شفا ہو گی۔

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ط یا اسی آیت کو ایک سو ایک بار پانی پر دم کر کے نفوہ کے مریض کو پلائیں۔

حلق کی خراش اور درد

حلق کی خراش اور درد کے لئے ایک سو ایک بار یہ آیت گائے کے مکھن پر دم کر کے حلق کے اندر لگائیں اور اسی آیت کو سات بار نمک پر بھی پڑھ کر لگائیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا مجرب ہے۔
فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ۔

گلے کی تمام بیماریوں کیلئے

یہ آیت لکھ کر پہننا گلے کی تمام بیماریوں کیلئے مفید ہے۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مُغِيْثُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

ہچکی بند کرنے کیلئے

تین سانس میں پانی پئیں اور ہر سانس پر سات مرتبہ یَا حَفِيْظُ پڑھا جائے انشاء اللہ ہچکی بند ہو جائے گی۔

درد سینہ

سینہ کے درد کے لئے یہ آیت لکھ کر گلے میں پہننا بہت مفید ہے۔

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ

کھانسی کے لئے

اگر کسی کو کھانسی ہو گئی ہو تو یہ آیت اکیس ۲۱ مرتبہ سیاہ نمک پر دم کر کے چٹایا جائے۔

وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ۔

کھانسی سے نجات کیلئے

سورۃ اخلاص اکتالیس ۴۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلانا کھانسی کے لئے بہت مفید ہے۔

درد پھیپھڑہ کیلئے

اگر کسی کے پھیپھڑہ میں درد ہو یا پانی بھر گیا۔ تو اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور گیارہ بار یہ آیت پانی پر دم کر کے اکتالیس ۴۱ روز تک مسلسل مریض کو پلایا جائے۔ نہایت مجرب ہے۔

اَلرَّحْمٰنُ ۙ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۚ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ عَلَّمَهُ

الْبَيَانَ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ وَّالنَّجْمُ وَ
الشَّجَرُ يَسْجُدَانِ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ
الْمِيْزَانَ سے مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ تک (سورۃ رحمٰن)

پھیپھڑے کے مرض کا ازالہ

پھیپھڑے کے مریض کو "السلام المؤمن" تین سو ۳۰۰ مرتبہ مٹھائی پر دم کر کے کھلایا جائے۔

دمہ کے مریض کیلئے

سورۃ فاتحہ چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر سات یوم تک مسلسل دمہ کے مریض کو پلایا جائے بہت مفید ہے۔

درد دل کے لئے

اگر کسی کے دل میں درد ہو تو یہ آیت لکھ کر تعویز بنا کر گلے میں اس طرح لٹکایا کہ تعویز دل پر لٹکا رہے۔ انشاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔

يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ
فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ۔

دل کے درد کا علاج

دل کے درد کے لئے چینی کی پلیٹ پر سورۃ فاتحہ لکھ کر پانی سے

سے دھو کر وہ پانی دل کے مریض کو پلایا جائے۔ درد بفضلہٖ تعالیٰ جاتا رہے گا۔

دل کا دھڑکنا

اگر کسی کا دل دھڑکتا ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں اس طرح پر لٹکایا جائے کہ تعویذ ہمیشہ دل ہی پر پڑا رہے۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

درد معدہ کا علاج

جس کے معدہ میں درد ہو اُسے بعد نماز فجر اکیس۲۱ مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے اکیس۲۱ دن تک پلایا جائے۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔

معدہ کے درد کیلئے

معدہ کے درد کے مریض کو یہ آیت لکھ کر گلے میں ڈالیں اور چینی کی رکابی پر لکھ کر دھو کر پلایا بھی جائے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ۔

فم معدہ کے درد کیلئے

جسے فم معدہ میں درد ہو اسے سات دن تک تین سیاہ مرچ اکیس ۲۱ بار سورۃ اخلاص پڑھ کر کھلانا بہت مفید ہے۔

بدہضمی کے ازالہ کیلئے

سات مرتبہ یہ آیت نمک پر دم کر کے کھلایا جائے۔ بدہضمی کے لئے بہت مفید ہے۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا

پیٹ کے درد کیلئے

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو سات مرتبہ یہ آیت نمک پر دم کر کے چٹایا جائے۔

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

خونی دست کے ازالہ کیلئے

خونی دست کے ازالہ کے لئے اسم باری تعالیٰ یَا حَفِیْظُ ۳۰۰ تین سو بار پانی پر دم کر کے پلانا مفید ہے۔

□

درد جگر کے لئے

جگر میں درد، زخم اور پتھری وغیرہ ہو تو اس دعا کو لکھ کر مقام درد پر باندھنا بہت مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا قُوَّۃُ یَا مَنْ قَوِیَّ یَا مَنْ اَمَنَ بِاِذْنِ اللّٰہِ۔

پتہ کی بیماری کیلئے

پتہ کی بیماری کے لئے گیارہ بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا مفید ہے۔ اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی

یرقان کے لئے

ایک سو ایک بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا مفید ہے۔ سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔

درد گردہ کے لئے

سورۃ لِاِیْلٰفِ کھانے پر دم کر کے کھلانا درد گردہ کو نافع ہے

درد مثانہ کیلئے

مثانہ کے درد میں اکتالیس ۴۱ مرتبہ یہ آیت عرق گلاب پر دم کر کے پلانا بہت مفید ہے۔

اَلَمْ نَجْعَلْ لَّہٗ عَیْنَیْنِ وَلِسَانًا وَّشَفَتَیْنِ وَھَدَیْنٰہُ النَّجْدَیْنِ

پیشاب کی بندش

اگر پیشاب آنا بند ہو گیا ہو تو یہ آیت لکھ کر باندھنے سے فوراً پیشاب جاری ہو جائے گا۔

فَفَتَحْنَا اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۝ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ۔

سوزاک کے مرض کیلئے

سوزاک کے مریض کو یہ آیت لکھ کر عرقِ گلاب میں گھول کر پلانا بہت مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ اِذْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ وَّنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ۔

آتشک کیلئے

سورۂ تکویر (اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ الخ) آبِ زمزم پر دم کر کے پلانا آتشک کے لئے بہت مفید ہے۔

جریان

جریان کے مریض کو سورۃ حجرات تین بار پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک پلایا جائے انشاء اللہ شفا ہو جائے گی۔

کثرت احتلام

سوتے وقت شہادت کی انگلی سے اپنے سینے پر یا عمس اس طرح لکھے کہ پڑھنے والے کے سامنے سیدھا ہو۔ بفضلہ تعالیٰ کثرتِ احتلام کا مرض جاتا رہے گا۔

دودھ کی کمی

اگر عورت کے پستانوں میں دودھ کی کمی ہو تو اسم باری تعالیٰ هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ تین سو مرتبہ پڑھ کر دم کرنا دودھ کی کمی کو دور کرنے کے لیے بہت نافع ہے۔

سیلان الرحم

سیلان الرحم کی بیماری ہو گئی ہو تو تین سو مرتبہ یہ آیت عرق گلاب پر دم کر کے اکتالیس روز تک پلایا جائے انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔

بچوں اور بڑوں کی مرگی کیلئے

یہ عمل مرگی کے لیے بہت مفید اور زود اثر ہے۔ ایک پاک کاغذ پر یہ آیت لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں لٹکائے۔ اور ایک مرغ بالکل سفید یا بالکل سیاہ رنگ کا ذبح کر کے اس کا گوشت نمازی آدمیوں کو کھلا دے اور اس کا ثواب شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو بخشے۔ وہ آیت یہ ہے۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۔

ڈبہ کی صحت یابی کے لئے

جس بچہ کو ڈبہ کا مرض ہو اس کے لئے یہ جھاڑ الحمد للہ بہت مجرب ہے۔ ہفتہ، اتوار اور منگل تین روز تک روزانہ بچے کو اٹھا کر تین مرتبہ پڑھے اور بچہ کے منہ پر دم کرے۔ اور تین ہی مرتبہ ایک کپڑا یا رومال بچہ کے تمام جسم پر پھیر کر ماتھے (پیشانی) سے جھٹکا دے۔ جھاڑ کے الفاظ یہ ہیں۔

عالم چند پلٹیا منہ ملتے تھرائے ڈبہ ڈبی کانٹے سر بھری جنگا رے خدائے

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

بچہ کی پسلی چلنے سے نجات

بچہ کی پسلی چلے اور پیٹ میں پسلی کے نیچے گڑھا پڑے۔ سانس جلدی جلدی آئے تو سر کنڈہ جڑ کی طرف سے نو انگل لمبا لیا جائے

اوپر پسلی کی طرف سے نیچے کو جھاڑے اور جھاڑتے وقت یہ جھاڑ سات مرتبہ پڑھے۔ پڑھنے کے بعد سر کنڈہ کو ناپے جتنا بڑھ گیا ہو چاقو سے کاٹے اور پھر پڑھے اور جھاڑے اور پھر ناپے غرضکہ جب تک سر کنڈہ بڑھتا رہے کاٹتا رہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے آرام ہو جائے گا۔ جھاڑ کے الفاظ یہ ہیں۔

"نو انگل کا سر کنڈہ کاٹوں دس انگل ہو جائے۔ ڈوبہ جھاڑوں پالی پت کو جائے۔ دائی حضرت شاہ نور قطب عالم کی۔"

چھوٹے بچہ کا رونا دھونا

جو بچہ بہت زیادہ روتا ہو کسی طور چپ ہی نہ ہوتا ہو ان کلمات کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈالے اور بچہ کو پاک صاف رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کا رونا ختم ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا حَافِظُ يَا نَاصِرُ يَا مُعِيْنُ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ وَبِحَقِّ اَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهَارُوْنَ وَسُلَيْمَانَ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا بِحَقِّ طٰهٰ وَيٰسٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ؕ

بچہ کا گریہ موقوف کرنا

سات مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر بچہ پر پھونکے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کا رونا موقوف ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ وَلَیْسَ الذَّکَرُ کَالْاُنْثٰی وَاِنِّیْ اُعِیْذُھَا بِکَ وَذُرِّیَّتَھَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط

بچوں کے مچلنے اور بات بات پر روٹھ جانے کیلئے

مندرجہ ذیل عمل بچوں کے مچلنے اور بات بات پر روٹھ جانے کا شافی عمل ہے۔ بچوں کے رونے اور غصہ ہونے کو دور کرنے کیلئے لوہے کی چھری پر یہ کلمات لکھے اور وہ چھری آگ میں گرم کر کے پانی میں ڈالیں اور وہ پانی بجھا ہوا بچہ کو پلائیں۔ نہایت مجرب ہے وہ کلمات یہ ہیں۔

حَقٌّ حَقٌّ بَارٌّ حَسِیْبٌ حَکِیْمٌ مُعِیْدٌ حَفِیْظٌ حَلِیْمٌ قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا وَّسَلٰمًا

بچہ کے رونے چلانے اور ایک پل چپ نہ ہونے کیلئے

بچہ چلانے سے ایک پل چپ نہ ہو تو یہ حروف باوضو پاک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ سمت پاکر ہر طرح سے اچھا رہے گا۔ وہ حروف یہ ہیں۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط
ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی

بچہ کا دودھ نہ پینا

جو بچے کسی وجہ سے دودھ نہ پیتے ہوں ان کیلئے مجرب علاج یہ ہے کہ مندرجہ ذیل تعویذ روزانہ سات دن تک کاغذ پر باوضو لکھ کر اس کے حروف پانی سے دھو کر ذرا سا پانی بچے کو پلایا جائے۔ ذرا سا پانی اس کی ماں کو پلایا جائے۔ اور بقیہ پانی سے اس کی ماں کی دونوں چھاتیاں (پستان) دھو دیں۔ لیکن دھونے کا پانی تعویذ والے پانی میں نہ گرے انشاء اللہ تعالےٰ بچہ جلد دودھ پینے لگے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

معرفت	عطا
ضامن	لوء
یاحی	یاقیوم

بچہ کا سوکھا اور دبلا پن

جو لڑکا، لڑکی دبلا اور روز بروز سوکھتا جاتا ہو اس کے موٹا تازہ ہونے کا یہ عمل بہت مفید ہے۔ مکھن (مسکہ) گائے کا اصلی چھاچھ بنا کر نکالا گیا ہو۔ آدھ پاؤ (سوا سو گرام) لے کر کانسی کی مقال (یا جو تری میسر ہو)

میں ڈالے اور ایک مرتبہ سورۂ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ (پوری سورت) پڑھ کر دم کرے اور پانی اس بچھن میں ڈالے اور دونوں ہاتھ سے خوب ملائے پھر اس کا پانی نتھارے (نکال دے) اور برتن کسی بچھن میں رکھ لے۔

اس بچھن میں سے تھوڑا سا بچھن لے کر بچے کے بدن پر ملے کہ کوئی جگہ باقی نہ رہے۔ اگر سردی کا موسم ہو تو مالش کے بعد پانی سے نہلا کر کپڑے پہنا دے۔ اور اگر جاڑے (سردی) کا موسم ہو تو ٹھنڈی ہوا سے بچا کر نہلائیں۔ بچہ کو روزانہ نہلانا ضروری نہیں ہے۔

بچہ کی لاغری اور کمزوری

بچے کی لاغری اور کمزوری دور کرنے کیلئے یہ عمل مجرب ہے۔

املی کے پتے بیری کے لے کر ان پر گیارہ مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ (پوری سورت) - ایک مرتبہ (اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ (پوری سورت) ایک مرتبہ (قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ (پوری سورت) ایک مرتبہ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) (پوری سورت) ایک مرتبہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (پوری سورت) ایک مرتبہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (پوری سورت) ایک مرتبہ الحمد شریف (پوری سورت) ایک مرتبہ آیۃ الکرسی (پوری) اور گیارہ بار درود شریف (نماز والا درود شریف زیادہ بہتر ہے) پڑھے اور پھر ان پتوں پر دم کر دے۔

پتے اگر تازہ ہرے ہوں تو ان کو پیس کر چالیس گولی بنا کر رکھ دے اور پتے سوکھے ہوں تو تھوڑا پانی ملا کر پیس کر گولی بنا لے۔ پھر ایک

کورا گھڑا (مٹکا) لے کر اس میں کنویں (ٹیوب ویل) ہینڈ پمپ، نہر، دریا، چشمے، سمندر) کا پانی بھر کر لائیں اور اس پانی کے گھڑے (مٹکے) میں ایک گولی ڈال کر اس کو گرم کیا جائے (چولہے پر)۔

بچے کی ماں اپنے بچہ کو گود میں لے کر اس پانی سے دونوں غسل کریں۔ ہر روز۔ چالیس روز تک اسیطرح کریں۔ ہر روز پانی بدلوا کر گرم کیا جائے۔ اور پانی میں گولی ملائی جائے اور ماں اور بچہ ایک ساتھ اپنے جسموں پر پانی بہائیں انشاء اللہ تعالےٰ بچہ کی لاغری ختم ہو گی اور بچہ تندرست و توانا ہو جائے گا۔

نظر کا علاج اور اس کی پہچان

نظر کا علاج اور اس کا پہچاننا کہ مریض کو نظر لگی ہے یا کوئی بیماری پیدا ہوئی ہے ایک انڈہ مرغی کا لے کر اس پر یہ کلمات سات جگہ لکھیں اور پھر انڈہ کو اپنی ہتھیلی میں لے کر سبز دھنیا (ہرے دھنیے) کی جو خشک (سوکھا) کیا ہوا ہو کوئلے کی آگ جلا کر اس دھنیے کی دھونی انڈے کو دیں۔ اور دھونی دیتے وقت قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (پوری سورت) پڑھتے رہیں۔ جب تک وہ انڈہ خود بخود ہتھیلی پر کھڑا نہ ہو جائے دھونی اور سورت پڑھنا جاری رکھیں۔

جب وہ انڈہ خود بخود کھڑا ہو جائے تو پھر اس انڈے کو توڑ دیں اس کے اندر سے خون کے سُرخ نقطے نظر آئیں گے تو جان لے کہ نظر لگی ہے۔ اسکے بعد اسی انڈے کی زردی وغیرہ سے کچوکے کر نظر لگے ہوئے بچے کی پیشانی (ماتھے) پر مل دیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ اسی وقت نظر اتر جائے گی۔

اور بچہ اچھا ہو جائے گا۔

انسان یا جانور سے نظر کا اثر دور کرنا

سورۃ العصر (پوری سورت) لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ (پوری سورت) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (پوری سورت) کاغذ پر باوضو لکھ کر دھوم جار کر کے کالے کپڑے میں سی کر نظر لگے ہوئے انسان یا جانور وغیرہ کے سر پر باندھنے سے نظر کا اثر نہیں رہتا۔ اور الحمد للہ وہ جانور یا انسان صحیح ہو جاتا ہے۔

نظر کیوجہ سے کھانا نہ کھا سکے

جس کھانے پہ نظر لگی ہو وہ کھانا اچھا معلوم نہ ہو اور اس کے کھانے کو دل نہ چاہے۔ یا کسی آدمی کو کھانا کھاتے وقت نظر لگی ہو اور وہ کھانا کھانے سے مجبور تو مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر اس کھانے پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ کھانے کی نظر اور کھانیوالے کی نظر فوراً دور ہو جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط

بچہ کو ہر بلا اور نظر سے محفوظ رکھنے کا حرز

اس حرز کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا اور اس کو کسی کی نظر بھی نہ لگے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّعَیْنٍ لَّامَّۃٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝

جانور کی نظر دور کرنا

اگر کسی جانور پر نظر کا اثر ہو تو چار مرتبہ داہنی طرف ناک کے سوراخ میں اور تین مرتبہ بائیں طرف کے ناک کے سوراخ میں پھونکے۔

اَللّٰھُمَّ اذْھِبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبَھَا، قُمْ بِاِذْنِ اللّٰہِ۔ لَا یَامَنُ اَذْھِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا یَکْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ

کسی بیمار کی حالت معلوم کرنا کہ جلد اچھا ہو گا یا نہیں؟

آیاتِ ذیل کو کاغذ پر باوضو پاک حالت میں لکھے اور ایک طشت (تھال) میں پانی بھر دے اور اس میں وہ کاغذ ڈال دے۔ اگر کاغذ

اوپر تیرتا رہے تو سمجھنا چاہیے کہ مریض بہت جلد اچھا ہو گا۔ اور اگر وہ کاغذ پانی کے درمیان رہے تو جاننا چاہیے کہ مریض دیر میں صحت یاب ہو گا۔ اور اگر وہ کاغذ پانی کے درمیان تہہ میں بیٹھ جائے تو سمجھ لیا جائے کہ یہ اچھا نہ ہو گا اس کی موت کے دن قریب آ گئے ہیں۔

وہ آیات یہ ہیں :-

وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ۝ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۝ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۝ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ ۝

مریض کی حالت جاننے کا عمل

مُرغی کے تازہ انڈے پر یہ دعا لکھے اور مریض کے سر کے پاس لے جا کر اس کو توڑے۔ اگر اس میں سے خون نکلے تو مریض کی بیماری زیادہ دن تک رہے گی۔ اور اگر اس خون میں سیاہی بھی ہو تو مریض جلد مر جائے گا۔ اور اگر انڈے کی زردی اور سفیدی میں فرق نہ آیا ہو اور وہ انڈہ اصلی حالت پر ہو تو سمجھ لو کہ مریض بہت جلد اچھا ہو جائے گا۔ انڈے پر لکھنے کی دعا یہ ہے :-

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ۭ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِنَا ۭ وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ بَيِّنْ لِيْ وَاعْلِمْنِيْ بِصِفَةِ هٰذَا الْمَرِيْضِ فِيْ هٰذِهِ الْبَيْضَةِ بِحَقِّ نُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ ط بِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ط

حافظہ کی ترقی اور ذہن کی تیزی کیلئے

جس شخص کو بھول جانے کی عادت ہو اور حافظہ ساتھ نہ دیتا ہو اس کیلئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک نام "محمدؐ" باوضو چالیس مرتبہ کاغذ پر لکھے اور پانی سے اس پرچہ کو دھو کر شہد ملا کر وہ پانی چالیس دن پیئے اور یہ دعا کرے کہ اے اللہ! اس نام پاک کی برکت سے جو میں نے پیا ہے میرے حافظہ میں ترقی عطا فرما۔ پس اللہ تعالیٰ اس کا حافظہ بے مثل بنا دے اور ظاہر و باطن اس پر کھول دے گا۔ یہ عجیب رمز ہے۔

کند ذہن کے لئے

جس کا ذہن کام نہ کرتا ہو اور کند ذہن ہو اسکے واسطے ایک ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ حرف (ا) الف ریشمی کپڑے پر لکھ کر اسکے سینہ پر باندھ دیں۔ انشاء اللہ اس کا ذہن کھل جائے گا اور جو کچھ سنے گا وہ یاد رہے گا۔

عملیات وتعویذات

ان چیزوں میں سے کہ ان کے پڑھنے سے تمام دن عافیت رہے اور مصیبت سے بچے۔
صبح سویرے اگر تین بار پڑھ لیا تو تمام دن آرام وعافیت میں رہے گا۔ اور اگر شام کو پڑھ لیا تو ساری رات امن وامان میں گذرے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

ترجمہ: پناہ لیتا ہوں نام اس اللہ تعالیٰ کے ساتھ کہ نہیں ضرر کرتی ذکر کرنے نام اس کے کوئی چیز زمین اور نہ آسمان میں اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے ہر چیز کا ــــ اوّل آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھ لے بہتر ہے۔

فائدہ: جو چیز اس رسالہ میں پیشِ خدمت ہوگی اس کے اوّل آخر درود شریف پڑھنا تین تین بار ایک ایک بار بہتر وافضل ہے اور زیادہ مقبولیت اور تاثیر کے موجب ہے۔

اسی طور اگر یہ صبح یا شام کو پڑھ لیوے تو ساری رات اور سارا دن امان میں رہے گا۔ نیز جس مکان اور منزل میں رہے گا ہر شر جن وانس ودد وآب وغیرہ سے امن امان میں رہے گا:

اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝

ترجمہ: پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ کلموں اللہ تعالیٰ کے اور کتابوں اتری ہوئی کے کہ پوری اور کامل ہیں نقصان اور برائی اس چیز سے کہ پیدا کی ہے۔
تین بار صبح کو اور تین بار عصر کی نماز کے بعد اوّل آخر درود شریف تین تین

اسی طرح پر آیۃ الکرسی ۳ بار و معوذتین ۴ بار اور سورۃ المومن فی اول آیت اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ۔ تک پڑھنا، اور سورہ انعام کی اول تین آیتیں، اور سورہ حشر کی تین آیتیں آخیرہ پڑھنے سے جیسے حفاظت من الافات کا فائدہ ہے ویسے فرشتوں کی دعا و ثواب آخرت کا بھی فائدہ ہے۔

ہر ملاقاتی سے خیر آنے کیلئے وظیفہ

جو شخص صبح کو یہ دعا پڑھے جو بھی اس دن اس کے ساتھ ملاقات کرے گا اس کے حق میں خیر ہوگا:

اَللّٰھُمَّ اِنَّ مَنْ یَّدْخُلُ عَلَیْنَا فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ اِنْ کَانَ خَیْرًا فِیْ حَقِّنَا فَادْخُلْہُ وَاِنْ کَانَ فِیْ حَقِّنَا شَرًّا فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ ۔

ترجمہ: اے اللہ! جو بھی ہم پر آوے اس دن میں اگر اس کا آنا ہمارے حق میں بہتر ہے تو آوے اور اگر اس کا آنا ہمارے لیے بُرا ہے تو اس کو ہم سے پھیر دے۔

ناگوار آدمی کے اٹھانے کا وظیفہ

اگر کوئی مجلس میں ناگوار آدمی آجاوے اور اس کا اٹھانا مطلوب ہو تو دل میں چند مرتبہ یہ آیت پڑھے:

تَذْرُوْہُ الرِّیَاحُ وَکَانَ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا

ثوابِ عظیم اور وسیع حاصل کرنے کا طریقہ

اگر چاہتا ہے کہ ہر مومن جوان و عورت کی گنتی کی مقدار ثواب ملے تو یہ دعا پڑھے ، اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ، یک صد بار ، اوّل آخر درود شریف تین تین بار پڑھتا رہے تو تمام مومنین کے برابر اس کو ثواب ملتا رہے گا اور اس کی ہر مشکل آسان ہو گی ۔

مغفرت کیلئے اعلیٰ نسخہ

حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ مختصر کلمات عطا فرمایئں تو فرمایا ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ دس بار سُبْحَانَ اللّٰہِ دس بار ۔ ان دونوں میں اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ یہ میرے لئے ہیں ۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ دس بار ، اللہ تعالےٰ فرمائیں گے کہ یہ تیرے لئے ہیں اور میں نے بخش دیا ۔ اگر درود شریف اس کے اوّل آخر ہو دے ایک ایک بار تو بہتر ہے ۔

عافیت کیلئے دعا

حضرت حاجی امداد اللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ مہاجر مکی سے منقول ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَا اَحْتَمِلُ عَلٰی نِعْمَۃِ الْمَرَضِ فَاَبْدِلْہُ بِنِعْمَۃِ الْعَافِیَۃِ ، اے اللہ ! میں نعمت مرض کی برداشت نہیں کر سکتا اس کے بدلے نعمت عافیت کی دے ۔ بیمار پڑھتا رہے رہے عافیت ہو جاوے گی ۔ اور عافیت والا پڑھے دکھ سے محفوظ رہے گا ۔ نیز :
اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِی الدِّیْنِ

وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

ہر نماز کے بعد تین بار اوّل آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھے۔

وہ دُعائیں متبرکہ کہ جو صالحین سے منقول ہیں

حضرت علیؓ کی دُعا حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے یہ دعا منقول ہے،

اَللّٰهُمَّ احْمِلْنِيْ عَلٰى عَفْوِكَ وَلَا تَحْمِلْنِيْ عَلٰى عَدْلِكَ ۔ اے اللہ میرے ساتھ معاملہ عفو کا فرماویں اور عدل و انصاف کا نہ کریں۔

دُعا حضرت احمد بن حنبلؒ کی

اَللّٰهُمَّ كَمَا صُنْتَ وَجْهِيْ مِنَ السُّجُوْدِ لِغَيْرِكَ فَصُنْهُ عَنْ ذُلِّ السُّؤَالِ لِغَيْرِكَ ۔ اے اللہ جیسے تو نے میرے منہ کو غیر کے سجدے سے محفوظ رکھا اسیطرح غیر سے سوال کرنے کی ذلت سے بھی محفوظ فرما۔

حضرت ابراہیم بن ادہمؒ کی دُعا

اَللّٰهُمَّ اَنْقِذْنِيْ مِنْ ذُلِّ مَعْصِيَتِكَ اِلٰى عِزِّ طَاعَتِكَ ۔ اے اللہ مجھے گناہوں کی رسوائی سے نکال کر اپنی طاعت کی عزت کیطرف لے جا۔

حضرت عبدالسلام بن مشیشؒ کی دُعا

اَللّٰهُمَّ اجْمَعْ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ وَحُلْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ غَيْرِكَ

اے اللہ! مجھے اپنے پاس رکھ لے اور آپ ہی میرے اور تیرے غیر کے درمیان حائل ہو جا۔ یعنی مجھے شاہی دربار میں حاضری دے اور غیر سے بچالے۔

دعا حضرت مولانا حسین علی صاحبؒ :

اَللّٰھُمَّ کُنْ لِیْ کَمَا کُنْتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اے اللہ! میرے لئے ایسا مہربان ہو جا جیسے حضرت محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کیساتھ مہربان تھا۔

دعا امام الحرمینؒ

اَللّٰھُمَّ لَا تَمْنَعْنِیْ عَنْ قُرْبِکَ بِمَانِعٍ

اے اللہ! اپنے قرب سے مجھے نہ روک کسی روکنے والی چیز کے سبب۔

حضرت مجد الدین بغدادیؒ کی دعا :

اَللّٰھُمَّ تُبْ عَلَیَّ حَتّٰی اَتُوْبَ وَاعْصِمْنِیْ حَتّٰی لَا اَعُوْدَ وَحَبِّبْ اِلَیَّ الطَّاعَاتِ وَکَرِّہْ اِلَیَّ الْمَخْلِیَاتِ ؛

اے اللہ! مجھ پر رحمت سے رجوع کر تاکہ تائب ہو جاؤں اور بچا مجھ کو تاکہ گناہ کی طرف نہ پھروں اور اپنی بندگی کو میری طرف محبوب کر دے اور گناہوں کو مکروہ کر دے۔

دوسری دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَا اَقْوٰی شَرَائِطِ التَّوْبَۃِ فَاغْفِرْ لِیْ بِلَا شَرَائِطِ التَّوْبَۃِ ؛ اے اللہ میں شرائط توبہ پر قوی نہیں ہوں مجھے بخش دے سوائے شرائط توبہ کے۔

تیسری دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَعْلَمُ اَنَّ مَطْعَمِیْ حَرَامٌ وَمَلْبَسِیْ حَرَامٌ وَمَشْرَبِیْ حَرَامٌ فَاسْتَجِبْ دُعَائِیْ بِلَا شَرَائِطِ الْاِسْتِجَابَۃِ ۔ اے اللہ تو بے شک جانتا ہے کہ میری خوراک حرام ہے اور میری پوشاک حرام ہے اور میرا پینا ناجائز چیزوں سے ہے میری

دعا قبول فرما شرائط قبولیت کے نہ ہوتے ہوئے بھی۔

حکایت بزرگِ کامل و تعویذ او

ایک بزرگ تھے جب کوئی ان سے دعا منگواتا یا تعویذ لکھواتا تو یہ کہتے اور تعویذ میں بھی یہی لکھتے ۔ اَللّٰھُمَّ لَا تُعَذِّبْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِذُنُوْبِیْ ۔ اے اللہ امتِ (سیدنا) محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو میرے گناہوں کے باعث عذاب نہ دے۔

تعویذ منقولہ از بزرگ کامل لعلہ معروف کرخیؒ

جب کوئی تعویذ لکھتے یہ لکھا کرتے " ہر چند کند خدا کند بندۂ عاجز چہ کند و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم" ہر چیز کے لیے یہی لکھ دیتے۔

ایک بزرگ جب صبح کو اٹھتے تو یہ پڑھتے ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَخْسِفْنِیْ فِی الْاَرْضِ وَلَمْ یُغَیِّرْ وَجْھِیْ فِیْ صُوْرَۃِ الْخِنْزِیْرِ وَالْکَلْبِ ۔ اس اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے میرے گناہوں کے سبب مجھے زمین میں نہیں دھنسایا اور میرے منہ کو صورتِ خنزیر اور کتے میں نہیں بدلا۔

حضرت علی خواصؒ سے دعا منقولہ

جب کوئی نعمت ملتی یا کوئی نیکی کرتے تو یہ دعا کرتے ؛

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَا اَسْتَحِقُّ ذَرَّۃً وَّاحِدَۃً مِّمَّا اَنْعَمْتَ بِہٖ عَلَیَّ ۔ اے اللہ میں کسی ایک ذرہ کا بھی مستحق نہیں ہوں جو

کچھ تونے مجھ پر نعمت کی ہے۔ (اس کے پڑھنے سے بڑے درجات حاصل ہوتے ہیں)۔

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے منقول اُن کی دُعا یہ ہے :۔
كَفٰى بِيْ عِزًّا اَنْ تَكُوْنَ لِيْ رَبًّا وَّ كَفٰى بِيْ فَخْرًا اَنْ اَكُوْنَ لَكَ عَبْدًا اَنْتَ لِيْ كَمَا اُحِبُّ فَوَفِّقْنِيْ لِمَا تُحِبُّ ۔
مجھے یہ عزت کافی ہے کہ تو میرا رب ہے اور مجھے یہ فخر کافی ہے کہ میں تیرا بندہ ہوں۔ تو میرا ہے جیسا کہ میں چاہتا ہوں پس مجھے توفیق دے اُن کاموں کی جو تو پسند فرماتا ہے۔

غلبۂ نیند کے دفعیہ کے لیے دُعا

نیند کم ہونے کے لیے یہ دُعا پڑھے :
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَيْنٍ لَّا تَشْبَعُ مِنَ النَّوْمِ
اللہ تعالیٰ کی پناہ لیتا ہوں ایسی آنکھ سے کہ سیر نہ ہو نیند سے۔

بُرے خیال وسوسے کے دفع کا نسخہ

حضرت ابوالحسن شاذلیؒ فرماتے ہیں جب کوئی وسوسہ یا بُرا خیال دل سے نہ مٹے تو اپنے بائیں پستان کے نیچے ہاتھ رکھ کر یہ آیت اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے وہ خیال دور ہو جاویں گے یہ بڑی اہم چیز ہے
فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝
پس دور کرتا ہے اللہ جو کچھ ڈالا ہے شیطان نے پھر محکم و مضبوط کرتا ہے

اپنی نشانیوں کو اور اللہ تعالیٰ جاننے والا اور حکمت والا ہے۔

پختہ عقیدہ کرنے کے لئے بہترین دُعا

حضرت ابو الحسن شاذلیؒ سے منقول ہے جو یہ دُعا نماز کے بعد پڑھتا ہے گا اس کا عقیدہ پختہ رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ تَوْحِیْدًا لَا یَشُوْبُہٗ ضِنَّۃٌ وَیَقِیْنًا لَا یُخَالِطُہٗ شَکٌّ۔

اے اللہ آپ سے سوال کرتا ہوں ایسی توحید کا جس کے خلاف کی ملاوٹ نہ ہو اور ایسے یقین کا جس میں شک نہ کرے۔

سفر کے حوادثات کے لئے دُعا

جو چاہے کہ تمام سواریوں ریل موٹر وغیرہ کے حوادثات سے بچے تو وہ یہ دُعا پڑھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝

پاک ہے وہ ذات جس نے ہمارے کام میں لایا اس سواری کو اور نہ تھے ہم اس پر طاقت پانے والے اور تحقیق ہم طرف رب کے جانیوالے ہیں۔

اور پھر یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ کُنْ لَنَا صَاحِبًا فِیْ سَفَرِنَا وَخَلِیْفَۃً فِیْ اَھْلِنَا وَاطْمِسْ عَلٰی وُجُوْہِ اَعْدَائِنَا۔

انشاء اللہ تمام حوادثات سے محفوظ رہے گا۔

ہر تنگی سے بچنے کی دعاء

اَللّٰھُمَّ نَجِّنِیْ مِنْ کُلِّ ضَیْقٍ بِجَاہِ الْمُصْطَفٰی مَوْلَی الْجَمِیْعِ
فَھَبْ لِیْ فِیْ مَدِیْنَتِہٖ قَرَارًا حَیَاتًا ثُمَّ دَفْنًا فِی الْبَقِیْعِ

سات بار ہر نماز کے بعد اوّل آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھا کرے۔

مُقدّمہ میں فتح پانے کا نسخہ

یہ شعر صبح و شام یک صد ویک بار اوّل آخر درود شریف ۳ ۳ بار پڑھا کرے:

تعالی اللہ زہے قیوم و دانا تو انائی وہ ہر نا توانا

مقدمہ بھی فتح ہوگا دشمن بھی رد ہوں گے اور پڑھنے والے کو غلبہ بھی رہے گا۔

محبت الٰہی تعالیٰ کیلئے اور دفع شر مساری کیلئے

تڑپنے پھڑکنے کی توفیق دے دل مرتضیٰ سوز صدیق دے
مرا شرمساری زروئے تو بس وگر شرمسارم مکن پیش کس

بعد نماز عشاء اکیس ۲۱ بار اول، آخر درود شریف سلسلہ، سلسلہ بار پڑھتا رہے۔

دیگر مختصر نسخہ محبتِ الٰہی

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حَرَکَاتِیْ وَسَکَنَاتِیْ کُلَّھَا فِیْ مَحَبَّتِکَ وَتَقْوَاکَ۔

ترجمہ: اے اللہ! میرے ہر چلنے پھرنے اور آرام کو اپنی محبت کے لئے اور

اپنے قانون پر عمل کرنے کے لئے۔
سات بار صبح و شام اول، آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھا کرے۔

اللہ تعالیٰ کی محبت کے لئے


صبح کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس بار اول آخر درود شریف سات سات بار پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس کو اپنی محبت کے طریق کمان فرما دے گا،

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ
تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَحَبَّتِکَ وَمَعْرِفَتِکَ اَبَدًا یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ

اے ہمیشہ سے زندہ رہنے والا اے تمام دنیا کے حافظ، رازق سوائے تیرے کوئی معبود نہیں۔ آپ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے دل کو اپنی محبت اور معرفت کے نور سے زندہ فرما دے۔

نیز ذکر کی کثرت محبت کے غلبہ کی موجب ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شمار زیادتی محبت کا موجب ہے۔ اور قرآن مجید کی تلاوت اور معنی کا تدبر و تفکر زیادتی محبت کا موجب ہے۔ اور تفکر اللہ تعالیٰ کی خلقت میں اور اپنے وجود کے حالات میں غلبہ محبت کا موجب ہے۔

بسم اللہ دی کماں منہ ساں اکھ نظر ہیٹھ میرا جیب
سر اہل سچی شوہاں شبھ گر ہکاں مت ہکاں کو
دا ہاں لجیا چیر چیرے تا چیر بیں ڈوڑ کلیجے
شاں ہاں ہے کوں ڈیکھن نہ سڑاں
قسم صلاں حضیر دی بھیم سوں اللہ
لے حمد میری مدد کرے


عظیم اینڈ سنز
کی روحانی کتابیں
اسرار النجوم
اسرار الجفر
عالم قلندری
محفلِ تسخیرات
AZEEM & SONS PUBLISHERS
Al-Meraj Center 22-Urdu Bazar Lahore. Tel.: 042-37231806


تعویذ برائے محفوظ دکان و مکانات


(خیر و برکت کے لئے)


یَا اَللّٰہُ	یَا رَحْمٰنُ	یَا رَحِیْمُ
یَا مَالِکُ	یَا رَزَّاقُ	یَا قَادِرُ
یَا رَزَّاقُ	قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ	یَا رَزَّاقُ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ	یَا رَزَّاقُ	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
یَا رَزَّاقُ	اَللّٰہُ الصَّمَدُ	یَا رَزَّاقُ

دیگر




روحانی عملیات کی سرورق کتاب
روحانی عملیات
کی سب سے بڑی
کتاب
مؤلف
پیر سید اتضی علی کرمانی


Ufone
68%
1:15 pm
روحانی عملیات کی سردار کتاب
روحانی عملیات
کی سب سے بڑی
کتاب
مؤلف
پیر سید اقتضی علی کرمانی
عظیم اینڈ سنز پبلشرز
المعراج سنٹر 22 اردو بازار لاہور
042-37231806, 37211207


Ufone
68%
1:15 pm
التماس خصوصی
معزز قارئین کی خدمت عالیہ میں نہایت مودبانہ گزارش ہے کہ کتاب ھذا میں
درج شدہ اعمال کو کرنے سے قبل اپنے استاد محترم یا مرشد صاحب سے اجازت
ضرور حاصل کر لیں تاکہ آپ کسی بھی قسم کے مضر اثرات سے محفوظ رہ سکیں۔
اگر کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع کریں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے۔
(ادارہ)
جملہ حقوق محفوظ ہیں
حاجی محمد عظیم بٹ عظیمی قادری
نے جون 2011ء میں رانا عنایت
پریس سے چھپوا کر اُردو بازار لاہور سے شائع کی۔
قیمت: 400/-